ہندوستانی زبان

سال ۹ جنوری - اپریل سنہ ۱۹۷۷ء نمبر ۱ - ۲

اپنی بات

بمبئی کی پارسی برادری نے ہندوستان کی تجارتی اور اُدھوگک زندگی میں بہت بڑا رول ادا کیا ہے ڈاکٹر دادا بھائی نوروجی ہمارے بہت بڑے قومی لیڈر ہیں جنھوں نے ہندوستان کی آزادی میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ہندوستانی زبان و ادب کی ترقی میں پارسیوں کی خدمت خاص طور سے اہمیت رکھتی ہے۔ اُردو ڈراما اور تھیٹر کو انھیں کے ہاتھوں بڑھاوا ملا اور مختلف پارسی ناٹک منڈلیوں نے ہندوستان کے دورے کیے اور اُردو ڈرامے کو سارے ہندوستان میں پھیلا دیا۔ ہندوستانی پرچار سبھا، بمبئی میں پارسیوں کی ہندوستانی سے محبت اور پریم کی ایک مستقل اور اہم یادگار ہے۔ جسے گاندھی جی کے مارگ درشن میں ڈاکٹر دادا بھائی نوروجی کی پوتیوں شریمتی پیرین بہن کیپٹن اور شریمتی گوشسپ بہن کیپٹن نے قائم کیا۔

شریمتی گوشسپ بہن جو گوسی بہن کے نام سے مشہور ہیں، اردشیر دادا بھائی نوروجی کی لڑکی ہیں۔ وہ ۱ جون سنہ ۱۸۸۳ع کو بمبئی میں پیدا ہوئیں۔ ان کی ابتدائی تعلیم کیتھیڈرل گرلس اسکول بمبئی اور چھیلنہم (انگلستان) میں ہوئی۔ اور سنہ ۱۹۰۸ع سے سنہ ۱۹۱۱ع تک انھوں نے آکسفورڈ میں تعلیم حاصل کی۔ اس زمانہ میں دستور کے مطابق عورتوں کو یونیورسٹی میں داخلہ نہیں دیا جاتا تھا بلکہ مہمان کی حیثیت سے انھیں تعلیم دی جاتی تھی۔ انھیں اگرچہ امتحان دینا لازمی رہتا، لیکن انھیں ڈگری نہیں دی جاتی تھی چنانچہ آکسفورڈ میں گوشی بہن کی تعلیم بھی اسی رائج قانون کے مطابق ہوئی۔

سنہ ۱۹۱۷ع میں گوسی بہن کی شادی بمبئی کے مشہور سالسٹر (solicitor) شری مانک جی ہرام جی کیپٹن سے ہوئی۔ انھوں نے ۴۹ سال کی زندگی پائی اور اپنے دیش اور وطن کے لئے انیک چھیتروں میں کام کئے۔ وہ راشٹریہ استری سبھا اور دیش سیویکا سنگھ کی نائب صدر تھیں۔ سنہ ۱۹۳۱ع میں مسز سروجنی نائڈو کے استعفے کے بعد انھیں ان دونوں انجمنوں کا صدر چن لیا گیا اور جب سنہ ۱۹۳۲ع میں

انگریز سرکار نے ان سنستھاؤں کو غیر قانونی ٹھرایا تو اس کے ممبروں نے گاندھی سیوا سینا کی بنیاد رکھی جو اب بھی گاندھی جی کے آدرشوں کو عام کرنے کی کوششوں میں لگی ہوئی ہے۔ گوسی بہن کیپٹن آخری دم تک اس کی صدر رہیں۔

گوسی بہن سب سے پہلی بار سنہ ۱۹۰۶ع میں گاندھی جی سے ملیں اور سنہ ۱۹۱۹ع میں گاندھی جی کے ہندوستان واپس آنے کے بعد ان سے زیادہ قریب ہوئیں۔ انھیں سنستاؤں میں گوسی بہن کے ساتھ ان کی چھوٹی بہن شریمتی پیرین کیپٹن بھی کام کرتی تھیں۔ گاندھی جی ڈاکٹر دادا بھائی نوروجی کی پوتیوں کے ان قومی کاموں اور خاص طور سے بدیسی چیزوں کے بائکاٹ اور شراب بندی کی حمایت سے جو اس زمانہ میں ان کی زندگی کا عزیز ترین مقصد تھا، بہت خوش تھے۔ گوسی بہن شروع ہی سے ہندوستانی پرچار سبھا کی مینیجنگ کمیٹی کی ممبر رہی ہیں۔ وہ گاندھی جی کی قائم کی ہوئی آل انڈیا ویلیج انڈسٹریز اسوسی ایشن کی ممبر، بامبے پروونشیل ولیج انڈسٹریز بورڈ کی چیرمن، کملا نہرو میموریل ہاسپٹل الہ آباد کی مینیجنگ ٹرسٹی اور کستوربا گاندھی نیشنل میموریل ٹرسٹ کی ٹرسٹی بھی رہی ہیں۔

جیسا کہ اوپر ذکر ہوچکا ہے، گوسی بہن شروع ہی سے ہندوستانی پرچار سبھا سے سمبندھ رہی ہیں، لیکن جب سنہ ۱۹۵۸ع میں ان کی چھوٹی بہن شریمتی پیرین بہن کا دیہانت ہوا تو ہندوستانی پرچار سبھا کی باگ ڈور بھی گوسی بہن نے سنبھالی اور انتھک محنت لگن اور خلوص سے ہندوستانی پرچار سبھا کے کام میں مصروف ہوگئیں۔ مہاتما گاندھی میموریل بلڈنگ ان کی اسی محنت اور خلوص کی یادگار ہے۔ انھوں نے ہندوستانی پرچار سبھا ٹرسٹ کی اس عمارت کے بننے کے بعد نئے سرے سے ہندوستانی پرچار سبھا کے کام کو پھیلانا شروع کیا اور سنہ ۱۹۶۷ع میں ہندوستانی، اُردو، ہندی، ریختہ، دکنی، گجری، اودھی اور برج وغیرہ پر شودھ کام کے لئے مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ کی بنیاد رکھی۔

گوسی بہن ریسرچ سینٹر میں اکثر آتی تھیں اور ہندوستانی اور ہندی اُردو کے تعلق سے مشورے دیتی تھیں کہ ہندوستانی کے ناطے اُردو اور ہندی دونوں سے برابر

کا انصاف هونا چاهیے - ایک مرتبہ انهوں نے هندوستانی کے بارے میں گاندهی جی کے وچاروں کو جو اُردو اور هندی لکهاوٹ میں خوبصورتی کے ساته لکه کر دیواروں پر لگائے گئے تهے دیکه کر کہا «ممکن هے دیوناگری لکهاوٹ سائنٹفک هو مگر اُردو لکهاوٹ بہت خوبصورت هے اور اسے زنده رهنا چاهیے - وه اکثر تاکید کرتیں کہ اُردو کو نظر انداز نہ کیا جائے» -

گوسی بہن کو سنہ ۱۹۷۲ع میں بهارت سرکار کی طرف سے «پدم بهوشن» کا خطاب بهی دیا گیا - افسوس کہ آزادی کی جنگ میں برابر کی شریک، گاندهی جی کے آدرشوں کا پالن کرنے والی اور هندوستانی زبان کی عاشق اور پریمی گوسی بہن نے ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۷۶ع کو زندگی کی ۹۳ بهاریں دیکهنے کے بعد وفات پائی - خدا ان کی روح کو چین اور آرام نصیب کرے - اور هندوستانی پرچار سبها اور مهاتما گاندهی میموریل ریسرچ سینٹر کے چراغ کی روشنی کو دور دور تک پهیلانے میں هماری مدد کرے - هندوستانی کے تعلق سے سچائی، لگن اور ایمانداری کے ساته کام کر کے هی هم گوسی بہن کو شردهانجلی پیش کر سکتے هیں -

* * *

شاعر مشرق
[تحریک آزادی کے پس منظر میں]

علی سردار جعفری

عروس لالہ مناسب نہیں ہے مجھ سے حجاب
کہ میں نسیم سحر کے سوا کچھ اور نہیں

همہ حاوراں بخوابے کہ نہاں زچشم انجم
سرود زندگانی سحر آفریدہ ام من

۱۴ اور ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کی درمیانی رات کو حب هندوستان کی آزاد مجلس قانون ساز (Constituent Assembly) میں آزاد هدوستان کا ترنگا جھنڈا پیش کیا گیا تو شریمتی سوچترا کرپلانی نے اِقبال کا ترانۂ هندی گایا ـ اس وقت تک آزاد هندوسان کے قوی گیت کا فیصلہ نہیں هوا تھا ـ اس واقعہ کے سترا سال بعد جب مئی ۱۹۶۴ء میں پنڈت حواهرلال نہرو کی راکھ الہ آباد میں گنگا جمنا کے سنگم میں ڈالی حارهی تھی تو کسی کو پھر اِقبال کا ترانۂ هندی یاد آگیا اور فضا اس شعر سے گونج اٹھی —

اے آب رود گنگا وہ دن ہے یاد تجھکو
اُترا ترے کنارے جب کاروان همارا

اس کو فلم ڈویژن نے اپنی ڈاکومنٹری میں همیشہ کیلئے محفوظ کرلیا ہے ـ لیکن اسکے باوجود پچیس سال تک آزاد اور سیکولر هندوستان نے اپنے عظیم شاعر اِقبال کو نظر انداز کیا اور یہ کوئی حیرت کی بات نہیں ہے —

همارے عہد کے شاعر ادیب اور قوی رهنما اکثر مختلف قسم کی تاویلوں کے شکار هوتے رهتے هیں ـ اس سے مہاتما گاندهی اور جواهرلال نہرو تک محفوظ نہیں هیں ـ ۴۹-۱۹۴۸ء میں بنگال کے کمیونسٹ رهنما بھوانی سین نے اپنی اِنتہا پسندی میں ٹیگور کو رجعت پرست ثابت کردیا تھا اور ایک پورا گروہ اس پر اِیمان لے آیا تھا ـ اسی طرح هندوستان کے ایک گروہ نے سیاست کے نشے میں اِقبال پر مسلم فرقہ پرستی کا الزام لگاکر انہیں قابل مذمت قرار دیا اور یہ بات پچیس سال تک مستند سمجھی جاتی رهی اب اسکی تلافی کسی حد تک اندر کجرال کی رهنمائی میں

آل انڈیا ریڈیو نے کی ہے لیکن چند سال کے اندر اقبال کے جشن ولادت پر پورے ہندوستان کو اس کی تلافی کرنی چاہیئے۔ عظیم شاعری ایک تیز تلوار کی طرح ہوتی ہے جسے ظلمت پسندوں کے ہاتھ میں نہیں دیا جاسکتا۔ جرمن میں ہیگل کے فلسفے نے متضاد فکری رجحانات کو متاثر کیا۔ اس کا اثر قبول کرنے والوں میں کارل مارکس بھی شامل ہے—

ہندوستان اور پاکستان میں اقبال نے تین قسم کے ذہنوں کی تربیت کی ہے۔ ایک انقلابی ذہن ہے۔ جسکی مثال فیض۔ مخدوم اور دوسرے ترقی پسند شعرا کے یہاں ملتی ہے اور ان میں میں بھی شامل ہوں، دوسرا اس بیدار مغز نیشنلسٹ کا ذہن ہے جسکا بہترین نمونہ ڈاکٹر ذاکر حسین، خواجہ غلام السیدین، شیخ محمد عبداللہ اور ڈاکٹر عابد حسین کی شخصیتیں ہیں۔ ان کے یہاں گاندھی، نہرو اور اقبال کی آمیزش ہے۔ اور تیسرا مسلم فرقہ پرست ذہن ہے جس نے اقبال کی شاعری کا غلط استعمال کرکے اپنے لئے جواز تلاش کیا ہے۔ ان کیفیتوں کا سرچشمہ ایک ہی ہے – اقبال کی شاعری اور فکر کے یہ تینوں رنگ ایک مخصوص تاریخی دور کی دین ہیں – اور یہ تاریخی دور ایک طبقاتی سماج کے کرب اور اضطراب کا دور ہے—

۱۹۱۱ء میں جب یہ مسئلہ زیر بحث تھا کہ بنارس یونیورسٹی کا نام ہندو یونیورسٹی ہو یا نہ ہو اور اس کے ساتھ ایک الگ مسلم یونیورسٹی قائم کی جائے یا نہیں تو اس وقت ٹیگور نے ۲۹ اکتوبر کو کلکتہ کے ایک جلسے میں ایک مقالہ پڑھا اور اسی سال نومبر ۱۹۱۱ء میں اسے «تتوبودھنی پتریکا» میں شائع کیا – اس مقالے کا انگریزی ترجمہ جو میرے پیش نظر ہے ایک کتاب "Towards Universal Man" میں شائع ہوا ہے جو ٹیگور کے مضامین پر مشتمل ہے اور جس کا دیباچہ پروفیسر ہمایوں کبیر نے لکھا ہے – [ایشیا پبلشنگ ہاؤس ۱۹۶۱ء] اس مقالے میں ٹیگور نے دونوں یونیورسٹیوں کے الگ الگ قیام کی تائید کی [صفحہ ۱۵۰] اور ہندو مسلم تعلقات کے سلسلے میں یہ کہا—

"There is a very real difference between the Hindu and the Muslim which it is not at all possible to ignore If in our preoccupation with our own needs, we do not recognise that difference, neither will it recognise our needs." (Page 145)

اس خیال کی مزید وضاحت کرتے ہوئے گرودیو نے فرمایا—

"Some time ago this cleavage between Hindus and Muslims was hardly as pronounced as now. We were so mingled together that we did not perceive our difference. The absence of a *feeling* of separa-

teness was, however, a negative, not a positive fact. In other words we were not concious of our differences, not becuase there were none. The fact was that we were much in a torpor which had bread a lack of awareness. A day came when the Hindu started being concious of the glory of Hinduhood. He would no doubt have been highly pleased if the muslims had then acknowledged his glory and kept quiet but the Muslimhood of the Muslim started assertings itself for the same reason as the Hinduhood of the Hindu. Now he wants to be strong, not by merging with the Hindu, but by being a Muslim."

(Page 145–146)

بہت سے حضرات گرودیو کے اس خیال سے اختلاف کریں گے لیکن اس خیال کو آسانی سے نطر انداز نہیں کیا جاسکتا - دراصل اس اقتباس میں جس طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ انگریز کے لائے ہوئے دور علاوی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے احساس بیداری کی نفسیات ہے اور اس نفسیاتی کیفیت کا اظہار ہدو احیاء پرستی (Hindu Revivalism) اور مسلم احیاء پرستی (Islamic Revivalism) کی شکل میں ہوا ہے جسے ٹیگور نے ہندو کے ہدوپن کی شان اور مسلمان کے مسلم پن کی شان کہا ہے- اس احیاء پرستی کے دوہرے رجحان کے زیر اثر ایک دھن رام راجیہ کی طرف جارہا تھا اور دوسرا دور رسالت اور حلافت راشدہ کی طرف - ایک ذہن رانا پرتاپ اور شیواجی سے انسپریشن حاصل کر رہا تھا اور دوسرا اس دور آزادی کو یاد کر رہا تھا جب ہندوستان کے مسلم بادشاہوں کی حکومتیں اپنے شباب پر تھیں - ایک ذہن ویدوں اور اُپنی شدوں سے کسب نور کر رہا تھا اور دوسرا قران سے کسب ضیا کررہا تھا - ایک ذہن سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان کو نطر انداز کرنے اور غاصب کہنے پر اصرار کر رہا تھا اور دوسرا ذہن انہیں قوی شہیدوں کا درجہ دے رہا تھا -

[ملاحظہ ہو بھارتیہ ودیا بھون بمبئی کی مطبوعہ کتاب —
["The History and Culture of the Indian People". (جلد ۹ اور ۱۰)

ٹیگور کے نقطۂ نگاہ اور میری وضاحت کی تائید میں پنڈت جواہرلال نہرو کا یہ بیان اہم ہے —

"Thus it is interesting to note that the early waves of nationalism in India in the nineteenth Century were religious and Hindu. The Muslims naturally could take no part in Hindu nationalism. They kept apart. Having kept away from the English education the

new ideas affected them less and there was far less intellectual ferment among them Many decades later they began to come out of their shell, and, then, as with the Hindus their nationalism took the shape of a Muslim nationalism, looking back to Islamic traditions and Culture and fearful of losing these because of the Hindu majority."

Glimpes of World History, Lindsay Drumn & Ltd and Kitabistan, Allahabad,

(Page No 437)

غرض ہندو احیاء پرستی اور مسلم احیاء پرستی کا عمل فطری تھا لیکن اسکے باوجود بات خطرناک بھی تھی کیونکہ اس سے علیحدگی پسندی کے راستے پیدا ہو رہے تھے —

ہندوؤں اور مسلمانوں کی الگ الگ متوازی ذہنی کیفیتوں کو ایک مشترکہ قومی شعور میں تبدیل کرنے کے لئے ایک ایسی انقلابی تحریک آزادی کی ضرورت تھی جس میں سیری کیڈ پر ہندوؤں اور مسلمانوں کا خون ایک ساتھ بہا ہوتا اور خون کے اس اتحاد سے ایک نئے شعور کا آفتاب پیدا ہوتا، یہ احیاء پرستی کے دو متوازی دھاروں کا نقطہ اتصال ہوسکتا تھا — لیکن ملک کے مخصوص حالات میں ہماری تحریک آزادی اصلاح پسند رہی جو درخواستوں تجویزوں اور سمجھوتوں کو زیادہ اہمیت دیتی تھی — ہماری تحریک آزادی اور نیشنلزم نے ان دونوں رجحانات کے درمیان ایک توازن قائم کرنے کی کوشش کی لیکن اس میں جذباتی اپیل زیادہ تھی حقیقت سے دست و گریباں ہونیکی صلاحیت ذرا کم — یہی وجہ تھی کہ اتحاد کی کوشش کو ٹیگور نے ناکامی کی شکل میں دیکھا اور اس علیحدگی کو فطری سمجھکر اس کی تائید کی اور انتہائی شاعرانہ دلیلوں سے اس کو تقویت پہونچائی — یہاں گرودیو کا ایک ذرا طویل اقتباس میرے بیان کی وضاحت کے لئے ضروری ہے —

"The fact of the matter is that when separateness is a reality a blind attempt to wipe it out in order to secure the advantage of a larger unity is not in consonance with truth A suppressed separateness is a terrible explosive force, some time or other it would create a mighty upset by blowing up suddenly under pressure The best way to union is to honour the separateness of what is really separate.

"It is only when man feels his individuality that he has the urge to be great, without this feeling he loses himself in the many. There are no distinctions among sleeping men, but as soon as they wake up the identity of each shows itself in various ways. All development means the unfolding of diversity in unity. There is no diversity in the seed In the bud all the petals are closely fused into one, it is only when they are differentiated from each other that the bud unfolds into a flower. The flower reaches fulfilment only each of the petals fulfils itself in a different direction in a distinctive way........ No mind that is alive can accept as greatness the largeness obtained through self oblitration Even a small entity as soon as it gets to be aware of its true individuality tries hard to preserve itself in tact --such is the law of life. In fact it would rather live in its smallness than die in largeness."

(Page 142–143)

اس طرح ٹیگور نے مسلمانوں کے مخصوص تعلیمی اور معاشی مسائل کی طرف بھی اس مضمون میں نگاہ ڈالی جنھوں نے اقبال سے شکوہ جیسی نظم اور اس قسم کے سعر کہلوائے ھیں- «کیوں مسلمانوں میں ھے دولت دنیا نایاب» گرو دیو کے الفاظ یہ ھیں-

"Lack of timely attention to modern ecduction has put the Indian Muslim behind the Hindu in many fields He must come up level in that respect. To get rid of this disparity he has started demanding more than the Hindu on every point. His demands ought to have our whole hearted consent It is good for the Hindus themselves that Muslims become their equals in education dignity and status."

(Page 146)

اس تاریخی صورت حال کا اثر اقبال کی ذھنی کیفیت پر ناگزیر تھا- جس طرح سوامی ویویکانند اور آربندو گھوش کی حب الوطنی میں ھندو روحانیت کی آمیزش تھی- اسی طرح اقبال کی حب الوطنی میں اسلامی روحانیت کی آمیزش تھی - اس کے برعکس عمل ممکن نہیں تھا- اس لئے ان کے سامنے ھندوستان کی غلامی اور آزادی کے سوال کے ساتھ سب سے اھم مسئلہ ھندوستانی مسلمانوں کی نئی بیداری اور احیائے اسلام کی نئی صورت تھی- لیکن اھم بات یہ ھے کہ یہ بیداری تحریک آزادی کا ایک حصہ تھی اور اقبال کا ذھن فرقہ پرستی سے بلند تھا- اور انھوں نے کبھی

هندوؤں کے خلاف ایک حرف نہیں لکھا اور کبھی مسلمانوں کے روحانی نشاۃ ثانیہ کو ہندوستان کی آزادی سے الگ نہیں کیا۔ ہاں ان کی شاعری اکثر و بیشتر اسلامی استعارے میں آفاقی حقیقتیں پیش کرتی ہے۔ (ٹیگور نے ہندو استعارے میں آفاقی حقیقتیں پیش کی ہیں*) میں یہاں دو تین مثالوں پر اکتفا کروں گا:

حقیقت ابدی ہے مقام شبیری
بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی

اس شعر میں ساری روایت واقعہ کربلا کی ہے جو اسلام کی تاریخ میں صداقت اور آزادی کے لئے سب سے بڑی قربانی ہے لیکن جو بات کہی گئی ہے وہ مسلمانوں تک محدود نہیں ہے اس کو نثر کی زبان میں یوں بیان کیا جائیگا کہ سب سے بڑی حقیقت صداقت کے لئے قربان ہونا ہے۔ یہ حقیقت کبھی نہیں بدلتی۔ البتہ ڈپلومسی اور سیاست نئے نئے چولے بدلتی رہتی ہے۔ اس طرح بعض اوقات اقبال نے قرآن مجید کی بعض آیتوں کے ترجموں سے آفاقی حقیقتیں پیش کی ہیں:

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

یہ سورۃالفتح کی ایک آیت کا ترجمہ ہے اسی خیال سے یہ خوبصورت شعر حاصل ہوا ہے —

گزر جا بن کے سیل تند رو کوہ و بیاباں سے
گلستاں راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں بن جا

اپنی ایک نظم مرد مسلمان میں اقبال نے اس شعر میں مرد کامل کی خصوصیت بیان کی ہے —

جس سے جگر لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم
دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفان

کیا یہ شعر لیس، گاندھی، نہرو اور مارٹن لوتھر کنگ پر صادق نہیں آتا، اس کا سر چشمہ بھی سورۂ الفتح کی وہ آیت ہے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔

---

* جو تم لکھو گے سچائی ہوگی/ جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب/ سب سچ نہیں ہے/ تمہارے تخیل کی سر زمین شاعر/ رام کی جائے پیدائش ہے/ اجودھیا سے زیادہ سچی
(ٹیگور کی حیات — پردیپ کمار مکرجی — انگریزی — ہند پاکٹ بکس صفحے ۸–۹)

اس کے بعد یہ سمجھنے میں کوئی دشواری نہیں ہونی چاہیئے کہ اقبال کا پیام صرف ملت اسلامی تک محدود نہیں ہے۔ وہ عالمگیر آفاقی اقدار سے مالا مال ہے۔

میرے لئے تحریک آزادی سے اقبال کے رشتے کو ظاہر کرنے کے لئے بہت آسان نسخہ یہ تھا کہ میں ترانۂ ہندی اور نیا شوالہ کے حوالوں سے ابتداء کرتا اور بال جبریل اور ضرب کلیم کے ان شعروں تک حوالے دیتا چلا جاتا، جن میں ہندوستان کی غلامی کا ماتم اور آزادی کی امنگ ہے اور کسی ایسے شعر پر اپنے بیان کو ختم کر دیتا ــــ

شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے
دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

لیکن یہ محدود نقطۂ نگاہ ہے اور اس سے اقبال کی آفاقیت پر روشنی نہیں پڑتی اس لئے میں نے دوسرا طریقہ کار اختیار کیا ہے تاکہ اقبال کی شاعری میں انسانی عظمت کے پہلو روشن ہوسکیں۔ عظمت انسانی کا اتنا بڑا علمبردار کسی منزل پر برطانوی شہنشاہیت سے سمجھوتہ نہیں کر سکتا تھا اس لئے اقبال کی شاعری کا ایک تابناک پہلو اسکی حب الوطنی اور سامراج دشمنی ہے، جس میں مغربی شہنشاہیت کی اقتصادی معاشرتی اور اخلاقی اقدار پر سخت نکتہ چینی کی گئی ہے۔

ابھی تک آدمی صیدزبون شہر یاری ہے
قیامت ہے کہ انساں نوع انساں کا شکاری ہے

نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیب حاضر کی
یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

تدبر کی فسوں کاری سے محکم ہو نہیں سکتی
جہاں میں جس تمدن کی بنا سرمایہ داری ہے

اقبال کی شخصیت کی تعمیر میں کشمیری برھمن کا دماغ، مسلمان کا دل، قرآن کریم کی تعلیمات، مغربی علوم، ھندو فلسفہ، جلال الدین رومی اور غالب کی شاعری اور مارکس اور لینن کے انقلابی تصورات سب شامل ہیں ــــ

خرد افزود مرا درس حکیمان فرنگ
سینہ افروخت مرا صحبت صاحب نظراں

[مغربی مفکروں کے پڑھائے ہوئے سبق نے میری عقل میں اضافے کئے۔ لیکن میرے سینے کو عارفوں کی نگاہ نے روشن کیا ہے]

حکیمان فرنگ کی ترکیب، شعرا، فلسفی اور سائنسدان سب کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اقبال نے صرف اپنی شاعری میں جن کا ذکر کیا ہے ان میں طالستائی شیکسپیر، ہیگل، نیٹشے، گوئٹے، برگساں، بائرن، براؤننگ، لانگ فیلو، ٹیبی‌س، مارکس، لیس، آئنسٹائن وغیرہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ اور مشرق صاحب نظروں میں اسلامی ہستیوں کے علاوہ رام، گوتم بدھ، شیو، بھرتری ھری، شنکر اچاریہ، گرو نانک وغیرہ۔ اقبال نے اپنی نثر کی ایک کتاب میں ویدوں کی مرعوب کن عظمت کا اعتراف کیا ہے اور بھگوت گیتا کی مدح میں یہ کہا ہے کہ ھندو اس کتاب کی وجہ سے قابل مبارکباد ہیں۔ (فکر اقبال، از خلیفہ عبدالحکیم - صفحہ ۳۷۰) بانگ درا میں جو پہلی بار ۱۹۲۴ع میں شائع ہوئی گائتری کا ترجمہ ہے اور بال جبریل جس کی اشاعت کا سن ۱۹۳۴ع ہے بھرتری ھری کے اس شعر سے شروع ہوتی ہے:

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

ایک شعر میں اقبال نے اپنے جسمانی اور ذہنی وجود کا پتہ اس طرح بتایا ہے:

تنم گلے ز خیابان جنت کشمیر
دل از حریم حجاز و نوا ز شیراز است

[میرا جسم جنت کشمیر کے باغ کا ایک پھول ہے۔ مجھے دل حریم حجاز سے ملا ہے اور ہونٹوں کا نغمہ شیراز سے]

یہاں غالب کی طرح ایرانی شاعرانہ مزاج ذہن ھندی سے ہم آہنگ ہے (اپنی ایک نظم طلوع اسلام میں اقبال نے ذہن ھندی کو نطق اعرابی کی طرح عظیم اور حسین سمجھا ہے) اقبال کو اپنی فلسفہ دانی پر بلا کا ناز تھا اور اس کو وہ اپنے برہمن آبا و اجداد کی دین اور ذہن ھندی کی خصوصیت سمجھتے تھے۔ محض قدیم ہندو فلسفے اور جدید مغربی فلسفہ کی حد تک ہی نہیں بلکہ مولانا جلال الدین رومی کے فلسفیانہ مزاج کو سمجھنے کے لئے بھی اقبال نے اپنی برہمن زادگی کو خصوصیت قرار دیا ہے۔

مرا بنگر کہ در ہندوستان دیگر نمی بینی
برہمن زادۂ رمز آشنائے روم و تبریز است

[میری طرف دیکھو سمیں ہندوستان میں کوئی اور ایسا نظر نہیں آئے گا جو برہمن کی اولاد ہے اور رومی اور شمس تبریزی کے فلسفیانہ رموز کو سمجھتا ہے]

ظاہر ہے کہ اس مزاج کے شاعر کو نہ تو ہندو تنگ نظری سمجھ سکی اور نہ مسلم عصبیت اور دونوں نے ملکر ایک عظیم آفاقی شاعر کو نہ جانے کیا بنا دیا – اقبال کی شاعری کو ترانۂ ہندی اور ترانۂ ملی کے پیمانوں سے تول کر اسکی قدر و قیمت متعین کرنا اچھا خاصا مسخراپن ہے – نیشنلزم جب اپنی سمجھ بوجھ کا دائرہ محدود کر لیتی ہے جس کے خلاف جواہرلال نہرو نے آگاہ کیا ہے، تو وہ فرقہ پرستی کی طرح تنگ نظر ہو جاتی ہے – اقبال کی طرح کے شاعر صرف جغرافیائی اعتبار سے کسی ایک ملک یا کسی ایک مذہب کے شاعر کہے جا سکتے ہیں ورنہ ان کا ذہنی دائرہ آفاقی اور عالمگیر ہوتا ہے، تنگ نظری اور عصبیت کے بطن سے بڑا شاعر کبھی پیدا نہیں ہوتا :

زاہد تنگ نظر نے مجھے کافر جانا
اور کافر یہ سمجھتا ہے مسلمان ہوں میں

دیکھ اے چشم عدو مجھ کو حقارت سے نہ دیکھ
جس پہ قدرت کو بھی ہے ناز وہ انسان ہوں میں

اقبال کے اسلامی نقطۂ نگاہ کے باوجود ٹیگور نے ان کے پیام کی آفاقی قدروں کو محسوس کر لیا تھا جس کا اظہار اقبال کی وفات پر ان لفظوں میں کیا —

"India whose place in the world is too narrow can ill afford to miss a poet whose poetry has such universal value"

میرے دل میں اکثر یہ خیال آیا ہے کہ جدید ہندوستان کا بیدار مغز شہری جو ہزاروں سال کی غیر آریائی روایت کا وارث ہوگا، جس کے خزانے میں ہندو اور اسلامی، قدیم یونانی اور جدید مغربی افکار کے جواہرات ہوں گے وہ جواہرلال نہرو اور اقبال کی آمیزش اور امتزاج کے بغیر وجود میں نہیں آسکتا [وہ شہری ابھی تک عالم تخلیق میں ہے] اور یہ دونوں تحفے بیسویں صدی کے ہندوستان کو کشمیر نے عطا کئے ہیں – جواہرلال اور اقبال دونوں نسلی لحاظ سے کشمیری برہمن تھے – [اقبال کا خاندان دو تین پشت پہلے مسلمان ہوگیا تھا] اور اس مشترک خصوصیت کے ساتھ کہ دونوں ہندوستان کی نجات کے لئے سوشلزم کو ضروری سمجھتے تھے – پنڈت جواہرلال نہرو نے اقبال سے اپنی ملاقات کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے —

"During his last years Iqbal turned more and more towards socialism. The great progress that Soviet Russia had made attracted him. A few months before his death as he lay on his sick bed, he sent for me and I gladly obeyed the summons. As I talked to him

about many things. I felt that in spite of differences, how easy it would be to get on with him. He was in reminiscent mood and he wandered from one subject to another and I listened to him, talking little myself. I admired him and his poetry and it pleased me greatly to feel that he liked me and had a good opinion of me"

(Discovery of India – Jawaharlal Nehru – The signet press, Calcutta–Page 305)

جواہرلال اور اقبال کی ملاقات جنوری یا فروری ۱۹۳۸ء میں ہوئی تھی – اس سے سات یا آٹھ سال پہلے اقبال کی طویل فارسی نظم جاوید نامہ شائع ہوئی جو دانتے کی طربیہ خداوندی کے انداز کی نظم ہے [دونوں کا انسپریشن اسلامی روایات ہیں] اس نظم میں جب شاعر ایک بلند آسمان پر شاہجہانی عہد کے شاعر ملا طاہر غنی سے ملتا ہے تو غنی ان الفاظ سے اقبال کو مخاطب کرتا ہے —

هند را این ذوق آزادی که داد
صید را سودائے صیادی کہ داد

آن برہمن زادگان زندہ دل
لالۂ احمر ز روئے شان خجل

تیز بین و پختہ کار و سخت کوش
از نگاہ شان فرنگ اندر خروش

اصل شان از خاک دامن گیر ماست
مطلع این اختران کشمیر ماست

خاک ما را بے شرر دانی اگر
بر درون خود یکے بکشا نظر

این ہمہ سوزے کہ داری از کجاست
این دم باد بہاری از کجاست

این ہمہ باد است کز تاثیر او
کوہسار ما بگیرد رنگ و بو

[ترجمہ : ہندوستان کو آزادی کا ذوق کس نے عطا کیا، شکار کو شکاری بننے کی ادا کس نے سکھائی، یہ ان زندہ دل برہمن زادوں کی دین ہے جن کے چہرے کے حسن کے سامنے لالے کا سرخ پھول شرمندہ ہوجاتا ہے، وہ تیز بین، پختہ کار اور سخت کوش ہیں، اور ان کی نگاہوں کی تاب نہ لاکر فرنگی فریاد کررہا ہے — ان برہمن زادوں کی

اصلیت اس خاک سے ہے جس نے میرا دامن پکڑ رکھا ہے۔ یہ ستارے میرے کشمیر کے اُفق سے طلوع ہوئے ہیں۔ اگر تو سمجھتا ہے کہ میرے کشمیر کی رعنائی میں چنگاریاں نہیں ہیں تو ذرا اپنے وجود کے اندر ایک نگاہ ڈال کر دیکھ کہ یہ سوز جو تیرے اندر ہے کہاں سے آیا ہے اور یہ بادبہاری جو تیرے سانس میں ہے کہاں سے آئی ہے۔ یہ وہی ہوا ہے جسکی تاثیر سے کشمیر کے پہاڑ رنگ و بو میں ڈوب جاتے ہیں]

اس نغمہ میں جن برہمن زادگان زندہ دل کے ساتھ اقبال نے اپنا شمار کیا ہے ان میں جواہرلال نہرو کے خاندان کو خارج نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس خاندان کے سوا کسی دوسرے کشمیری برہمن خاندان کی طرف نگاہ جا ہی نہیں سکتی۔ اس نظم کی تخلیق کی تاریخ اور مکمل آزادی کی لاہور والی تجویز کی تاریخ دور دور نہیں ہیں اور ۱۹۳۰ء میں جواہرلال کی شہرت اور مقبولیت اور آزادی کا ہنگامہ دونوں اپنے اپنے شباب پر تھے۔ از نگاہ شان فرنگ اندر خروش۔ اس لئے یہ نغمہ سلطان شہید ٹیپو کے پیغام پر ختم ہوتا ہے جو شاعر کے ذریعہ سے جہاد آزادی کا مژدہ سناتا ہے (یہ نظم ایک الگ مضمون کا مطالبہ کرتی ہے)۔

جواہرلال نہرو کی اقبال سے ملاقات کا ذکر ۱۹۴۳ء میں میاں افتخارالدین اور ۱۹۴۴-۴۵ء میں ڈاکٹر امیہ چکرورتی مجھ سے زبانی کرچکے تھے۔ اس ملاقات کے وقت یہ دونوں حضرات وہاں موجود تھے۔ جب میں ڈاکٹر امیہ چکرورتی سے کلکتہ میں ملا تو انہوں نے مجھے دو باتیں اور بتائیں۔ ایک یہ کہ علامہ اقبال اور گرودیو ٹیگور دونوں ایک دوسرے سے ملنا چاہتے تھے لیکن اتفاق ایسا ہوا کہ وقت اور تاریخ طے ہوجانے کے بعد بھی ملاقات نہ ہوسکی اور دوسری بات یہ کہ اقبال میں فرقہ پرستی کی ذرا سی بھی بو نہیں تھی۔

یہاں میں یہ بات خاص طور سے کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح مہاتما گاندھی اور ٹیگور ہندو تھے اس طرح اقبال مسلمان تھے۔ لیکن ان بزرگوں کے دل میں ساری نبی نوع انسان کا درد تھا جیسا کہ اقبال نے جاوید نامے میں کہا ہے۔

حرف بد را برلب آوردن خطاست
کافر و مومن ہمہ خلق خداست

آدمیت احترام آدمی
باخبر شو از مقام آدمی

آدمی در ربط و ضبط تن بہ تن
برطریق دوستی گامے بزن

بندۂ عشق از خدا گیرد طریق
می شود بر کافر و مومن شفیق
کفر و دیں را گیر در پہنائے دل
دل اگر بگریزد از دل وائے دل
گرچہ دل زندانی آب و گل ست
ایں ہمہ آفاق، آفاق دل ست

[ترجمہ: برا لفظ زبان سے نکالنا غلطی ہے۔ کافر اور مومن سب خدا کی مخلوق ہیں۔ آدمیت آدمی کے احترام کا نام ہے۔ تجھے آدمی کے بلند مقام سے باخبر ہونا چاہیئے۔ ایک آدمی کا دوسرے آدمی سے ربط و ضبط ہونا چاہیئے۔ اس لئے دوستی کے راستے پر چلنا انسانیت ہے۔ جو بندہ عشق ہے وہ اپنے طور طریقے خدا سے حاصل کرتا ہے اور کافر اور مومن دونوں پر مہربان ہوتا ہے۔ کفر اور دین کو دل کی وسعتوں میں رکھکر دیکھو، دل اگر دل سے دور بھاگتا ہے تو اس دل پر افسوس ہے۔ اگرچہ کہنے کے لئے انسانی دل آب و گل میں اسیر ہے لیکن دراصل یہ آفاق آفاق دل ہے] ۔ (دل کی دنیا میں نہ دیکھے میں نے شیخ و برھمن) ۔

اقبال نے کافر اور مومن کے الفاظ لغوی معنوں میں بھی استعمال کئے ہیں لیکن فکر کی اعلیٰ سطح پر ھندو اور مسلمان کے معنوں میں استعمال نہیں کئے ہیں۔* ان کے نظام فکر میں خدا کی تخلیق کی ہوئی یہ دنیا نا تمام ہے اور تخلیقی عمل جاری ہے۔ اس لئے انسان بھی چھوٹے سے پیمانے پر ایک خالق ہے۔ یہ تخلیقی قوت اسے «بندۂ مولا صفات» بناتی ہے (مسجد قرطبہ) جس نے اپنی قوت تخلیق کو پا لیا اس نے اپنی خودی تلاش کرلی جاویدنامہ میں اقبال نے کافر کی یہ تعریف کی ہے جو جمال الدین افغانی کی زبان سے بیان ہوئی ہے۔

بندۂ آزاد را آید گراں
زیستن اندر جہان دیگراں
ہرکہ او را قوت تخلیق نیست
پیش ما جز کافر و زندیق نیست

---

* اقبال ھندو کو کافر نہیں سمجھتے تھے۔ نظم زھد و رندی (بانگ درا) میں ایک مولوی صاحب کی زبانی یہ شعر ہے۔

سنتا ہوں کہ کافر نہیں ھندو کو سمجھتا
ہے ایسا عقیدہ اثر فلسفہ دانی

مرد حق برندہ چوں شمشیر باش
خود جہان خویش را تقدیر باش

[ترجمہ: بندۂ آزاد کو یہ بات گراں گذرتی ہے کہ اسے دوسرے کی دنیا میں جینا پڑے۔ وہ شخص جس کے پاس قوت تخلیق نہیں ہے میرے نزدیک کافر و زندیق ہے۔ مرد حق کو تلوار کی طرح تیز ہونا چاہئے اور اپنی دنیا کی تقدیر خود بننا چاہئے]

اس کو دوسری جگہ کافر و مومن کے الفاظ کے بغیر یوں کہا گیا ہے۔

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

جس نے اپنی خودی حاصل نہیں کی وہ خدا کی تلاش نہیں کر سکتا۔

خودی میں گم ہے خدائی تلاش کر غافل
یہی ہے تیرے لئے اب صلاح کار کی راہ

از ہمہ کس کنارہ گیر صحبت آشنا طلب
ہم ز خدا خودی طلب ہم ز خودی خدا طلب

[خدا سے خودی کا مطالبہ کرو اور خودی سے خدا کو حاصل کرو]

اور ایک قطعہ میں اقبال نے خودی کے احساس کو احساس پیغمبری اور احساس کبریائی قرار دیا ہے۔

خودی کی جلوتوں میں مصطفائی
خودی کی خلوتوں میں کبریائی

زمین و آسمان و عرش و کرسی
خودی کی زد میں ہے ساری خدائی

مسلمان اور کافر میں یہی فرق ہے کہ ایک کی خودی آشکار ہے اور دوسرے کی پنہاں۔

اگر ہو عشق تو ہے کفر بھی مسلمانی
نہ ہو تو مرد مسلماں بھی کافر و زندیق

صرف کلمہ پڑھنا کافی نہیں ہے۔

کافر کی یہ پہچان کہ آفاق میں گم ہے
مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہے آفاق

ایسا ہی مومن وہ عارف ہندی بھی ہے جس کو اقبال نے جاوید نامے میں «جہاں دوست» کہا ہے۔ جو وشوامتر کا لفظی ترجمہ ہے لیکن جس کے بیان میں اقبال نے

شیو کی بعض خصوصیات شامل کردی ہیں۔ اس عارف ہندی سے جو شاعر کو خبر دیتا ہے کہ «ہنگام طلوع خاورست» سوال و جواب کے بعد یہ شعر آتا ہے۔

از کلامم لذت جانش فزود
نکتہ ہائے دلنشیں برمن کشود

[ترجمہ: میرے کلام سے اسکی لذت جان بڑھ گئی اور اس نے یہ دل نشیں نکتے بیان کئے]

اور ان نکتہ ہائے دل نشیں میں یہ بھی دو نکتے ہیں۔

کافری مرگ است اے روشن نہاد
کے سزد با مردہ غازی را جہاد

مرد مومن زندہ و با خود بجنگ
بر خود افتد ہم چو بر آہو پلنگ

کافر بیدار دل پیش صنم
بہ ز دیندارے کہ خفت اندر حرم

[ترجمہ: اے روشن دل! کافری موت ہے اور مردے کے ساتھ جہاد کرنا غازی کو زیب نہیں دیتا۔ مرد مومن زندہ ہے اور خود اپنے آپ سے جنگ کرتا ہے اور اس طرح جنگ کرتا ہے جس طرح شیر ہرن پر جھپٹتا ہے۔ مورتی کے سامنے بیٹھا ہوا زندہ دل کافر اس دیندار سے بہتر ہے جو حرم میں جاکر سو جائے] ۔

اس مقام سے گذر کر شاعر طاسین مسیح اور طاسین محمد تک پہنچتا ہے لیکن وہیں پر طاسین گوتم اور طاسین زرتشت ہے۔ اس طرح خودی کی بیداری کی وجہ سے ان دونوں کو بھی اقبال نے پیغمبری کا درجہ دے دیا ہے۔

غالب کا ایک خوبصورت شعر ہے ۔

وفاداری بشرط استواری اصل ایماں ہے
مرے بت خانے میں تو کعبہ میں گاڑو برہمن کو

اقبال نے اس وفاداری کو خودی کی شرط قرار دیا ہے۔ چنانچہ اپنی طویل مثنوی اسرار خودی میں جہاں شاعر نے اپنے فلسفے کو تفصیل کے ساتھ پیش کیا ہے ایک مکالمہ شیخ و برہمن کے درمیان ہوتا ہے اور بنارس کے برہمن سے شیخ کہتا ہے ۔

من نہ گویم از بتاں بیزار شو
کافری شایستۂ زنار شو

اے امانت دار تہذیب کہن
پشت پا بر مسلک آبا مزن

گر ز جمعیت حیات ملت است
کفر هم سرمایۂ جمعیت است

تو کہ هم در کافری کامل نۂ
در خور طوف حریم دل نۂ

مانده ایم از جادۂ تسلیم دور
تو ز آذر من ز ابراهیم دور

قیس ما سودائی محمل نہ شد
در جنون عاشقی کامل نہ شد

مرد چوں شمع خودی اندر وجود
از خیال آسمان پیما چہ سود

[ترجمہ: میں یہ نہیں کہتا کہ تو بتوں سے بیزار ہوجا۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر کافر ہے تو اپنے آپ کو زنار پہننے کے قابل بنا۔ اے پرانی تہذیب کے وارث اپنے آبا و اجداد کے مسلک پر ٹھوکر نہ مارنا۔ اگر قومی زندگی اجتماعیت سے ہے تو خود کفر میں اجتماعیت کا سرمایہ ہے۔ توکہ اپنی کافری میں کامل نہیں ہے۔ حریم دل کے طواف کے قابل نہیں ہے۔ هم دونوں جادۂ تسلیم و رضا سے دور ہورہے ہیں۔ تو نے آذر سے منہ موڑا اور میں نے ابراہیم سے۔ میرا قیس محمل کے پیچھے دیوانہ نہیں ہوا۔ اس لئے اس کا جنون عاشقی کامل نہ ہوسکا۔ جب وجود کے اندر شمع خودی گل ہوجائے تو آسمان پیما خیالات سے کیا فائدہ]

اقبال کے فلسفے میں سارا نظام عالم اور تسلسل حیات خودی کے استحکام پر منحصر ہے۔ وہ پیکر ہستی کو آثار خودی اور اسرار خودی کہتا ہے جس سے عالم پندار آشکار ہوتا ہے۔ اثبات اور نفی دو جدلیاتی قوتیں ہیں جن کی تکرار اور کشمکش سے خودی ترقی کرتی ہے اور اپنی قوت سے آشنا ہوتی ہے (یہاں یہ نکتہ اہم ہے کہ ہیگل اور مارکس سے پہلے اس جدلیاتی حقیقت کو جو نظام عالم اور فطرت کے کارخانے میں مضمر ہے یزداں اور اہرمن، خدا اور شیطان کے استعاروں میں سمجھا گیا ہے) وہ تمام شیطانی طاقتیں اور نظام جو انسانی خودی کو نقصان پہنچاتے ہیں غیر خود میں شامل ہیں قوت تخلیق اور قوت عمل خودی کے مظاہر ہیں انہیں سے مقاصد کی تولید اور تخلیق ہوتی ہے۔ وہ نقطہ نور جسکا نام خودی ہے عشق و محبت سے پائندہ تر اور تابندہ تر ہوتا ہے۔ مگر

خودی سوال سے کمرور ہوتی ہے یہاں ترک دنیا دراصل ترک ہوس کا نام ہے اور ساری کائنات خودی کی طاقت سے مسحر کی جاتی ہے اور خدا کی تحلیق کو انسان کی قوت عمل اور قوت تحلیق تکمیل اور آرائش کی طرف لے جاتی ہے۔

این مہ و مہر کہن راہ بجائی نہ برند
انجم تازہ بہ تعمیر جہان می بائیست

گفت یزدان کہ چنیں ست و دیگر ہیچ مگو
گفت آدم کہ چنین است وچنان می بائیست

[ترجمہ: یہ پرانے سورج اور چاند کوئی راستہ نہیں دکھا سکتے ۔ تعمیر جہان کے لئے تازہ ستاروں کی ضرورت ہے۔ خدا نے کہا کہ صورت حال یہ ہے اور اسکے سوا کوئی دوسری بات نہیں کہی جاسکتی انسان نے کہا کہ صورت حال یہ ضرور ہے لیکن دوسری ہونی چاہئے] ۔

اقبال نے جرمن شاعر گوئٹے کی کتاب دیوان معربی (West Ostlicher Diwan) کے جواب میں فارسی کتاب پیام مشرق لکھکر ۱۹۲۳ع میں شائع کی تھی اسمیں ایک نظم ہے «محاورہ مابین خدا و انسان» جس میں خدا کے مقابلے میں انسان کی تخلیقی برتری کو اسطرح پیش کیا گیا ہے ۔

خدا

جہان را ز یک آب و گل آفریدم
تو ایران و تاتار و زنگ آفریدی
من از خاک پولاد ناب آفریدم
تو شمشیر و تیر و تفنگ آفریدی
تبر آفریدی نہال چمن را
قفس ساختی طائر نغمہ زن را

انسان

تو شب آفریدی چراغ آفریدم
سفال آفریدی ایاغ آفریدم
بیابان و کہسار و راغ آفریدی
خیابان و گلزار و باغ آفریدم

من آنم کہ از سنگ آئینہ سازم
من آنم کہ از زہر نوشینہ سازم

[ترجمہ : خدا انسان سے کہتا ہے میں نے اس دنیا کو ایک آب و گل سے بنایا تھا تونے اس سے ایران و تاتار و زنگ کے الگ الگ علاقے بنائے - میں نے زمین سے خالص لوہا پیدا کیا تونے اس سے تلوار تیر اور بندوق بنالی - درختوں کے کاٹنے کے لئے تونے کلہاڑیاں بنائیں اور چڑیوں کو قید کرنے کے لئے قفس بنالیا -

اسکے جواب میں انسان کہتا ہے کہ اے خدا تونے رات بنائی میں نے چراغ بنایا - تونے مٹی بنائی تھی میں نے اس سے پیالے بنائے - تونے جنگل اور پہاڑ بنائے تھے میں نے گلزار اور باغ بنائے ہیں - میں وہ ہوں جو پتھر سے آئینے بناتا ہے - میں وہ ہوں جو زہر سے نوشینہ تیار کرتا ہے]-

انسان کی تخلیقی قوت میں باغیانہ سرکشی بھی ہے - اسلئے اقبال کے یہاں عیسائی تصور گناہ کے برعکس جس سے ٹی-ایس-ایلیٹ کی شاعری گرانبار ہے آدم کا پہلا گناہ «شعور کا جام آتشیں» بن جاتا ہے (نظم سرگذشت آدم، بانگ درا) اور اس جام کو پینے کے بعد جب انسان جنت سے اس جہان خاک و باد میں آتا ہے تو اس پر اسکی عظمت کے دروازے کھلنے لگتے ہیں - فرشتے اسکو رخصت کرتے وقت اسکی تعریف میں گیت گاتے ہیں اور روح ارضی ان الفاظ میں اسکا استقبال کرتی ہے -

کھول آنکھ زمیں دیکھ، فلک دیکھ، فضا دیکھ
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ

اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ
ایام جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ

بیتاب نہ ہو معرکۂ بیم و رجا دیکھ

ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل یہ گھٹائیں
یہ گنبد افلاک یہ خاموش فضائیں

یہ کوہ، یہ صحرا، یہ سمندر، یہ ہوائیں
تھیں پیش نظر کل تو فرشتوں کی ادائیں

آئینۂ ایام میں آج اپنی ادا دیکھ

خورشید جہاں تاب کی ضو تیرے شرر میں
آباد ہے ایک تازہ جہاں تیرے ہنر میں

جچتے نہیں بخشے ہوئے فردوس نظر میں
جنت تری پنہاں ہے ترے خون جگر میں
اے پیکر گل کوشش پیہم کی جزا دیکھ

انسان کے پیکر گل میں جو کوشش پیہم کا شعلہ ہے وہی اسکو راکب تقدیر جہاں بناتا ہے۔ اور خدا کی کائنات میں اشرف المخلوقات کا درجہ عطا کرتا ہے۔ یہ درجہ فرشتوں سے بلند تر ہے۔ کیونکہ فرشتوں کی تن آسانی انہیں صرف «ذکر و تسبیح و طواف» میں مصروف رکھتی ہے جبکہ انسان کو اس «سوز و ساز، درد و داغ، آرزو و جستجو» نے تسخیر کائنات کا بلند منصب عطا کیا ہے۔ اس وجہ سے اقبال اپنی بندگی کو خدا کی خدائی سے تبدیل کرنے کو تیار نہیں۔

متاع بے بہا ہے درد و سوز آرزو مندی
مقام بندگی دے کر نہ لوں شان خداوندی

مولانا شبلی نعمانی کے الفاظ میں تصوف کے مقامات میں دو مقام آپس میں متقابل ہیں۔ فنا و بقا، مقام فنا میں سالک پر خضوع، مسکینی اور انکساری کی کیفیت غالب ہوتی ہے۔ برخلاف اسکے مقام بقاء میں سالک کی حالت جلال اور عظمت سے لبریز ہوتی ہے۔ (سوانح مولانا روم از شبلی نعمانی۔ مجلس ترقی ادب لاہور۔ صفحہ ۷۱–۷۲) اس کی مزید تشریح میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ مقام فنا وہ ہے جہاں قطرہ دریا میں ملکر دریا ہوجاتا ہے اور مقام بقا وہ ہے جہاں قطرہ دریا کو اپنے اندر جذب کرلیتا ہے (قطرۂ مئی باش و بحر آشام باش) یہ پہلا مقام عجز و انکسار کا ہے اور دوسرا مقام پندار خودی کا جہاں عاجزی کی جگہ سربلندی ہے۔ اقبال مقام بقا کا شاعر ہے۔

یہ شعر اقبال اور اس کے عہد کے مزاج کا ترجمان ہے۔ انہیں الفاظ میں اس کے برعکس میر کا شعر ہے۔

سراپا آرزو ہونے نے بندہ کردیا ہم کو
وگرنہ ہم خدا تھے گر دل بے مدعا ہوتے

یہ شعر میر کے مزاج اور عہد کا ترجمان ہے۔ آرزومندی ہماری بیسویں صدی کے عہد کی نمایاں انقلابی خصوصیت ہے۔

باغ بہشت سے مجھے حکم سفر ملا تھا کیوں
کار جہاں دراز ہے اب مرا انتظار کر

در دشت جنون من جبریل زبون صیدی
یزدان بکمند آور اے ہمت مردانہ

[ترجمہ: میرے دشت جنون میں جبریل ایک حقیر شکار ہے۔ اے ہمت مردانہ اپنی کمند میں خدا کو گرفتار کر] اس شعر کا انسپریشن براہ راست رومی کے یہاں سے آیا ہے۔

بہ زیر کنگرۂ کبریاش مردانند
فرشتہ صید و پیمبر شکار و یزداں گیر

[ترجمہ: بام کبریائی کے نیچے ایسے مرد موجود ہیں جو فرشتے اور پیمبر کو شکار کرتے ہیں اور خدا کو بھی شکار کرلیتے ہیں] یہ اقبال کے فلسفہ خودی کا بڑا اہم نکتہ ہے۔

اقبال نے ایک بڑے فنکار کی طرح اس خودی کی روح کو کائنات کے ذرے ذرے میں جاری و ساری دیکھا ہے۔ چنانچہ چاند، سورج، ستارے، دریا، پہاڑ، پھول، ہوائیں، سمندر، بیابان، چڑیاں، جانور انسان سب کے سب اس جذبے سے سرشار ہیں۔ رائی زور خودی سے پربت بن رہی ہے۔ بلبل ذوق نوا سے منقار حاصل کر رہی ہے۔ انسان کائنات پر حکمرانی کررہا ہے۔ خودی کمزور ہے تو کوئلہ ہے اور مضبوط ہے تو ہیرا۔ قطرۂ شبنم سے چڑیاں اپنی پیاس بجھا لیتی ہیں لیکن ہیرے کی کنی کو کوئی نہیں نگل سکتا۔

اس منزل پر پہنچ کر اقبال کی شاعری بے انتہا حسین اور زوردار ہوجاتی ہے۔ اسمیں سیلاب کا بہاؤ اور آبشاروں کی روانی آجاتی ہے اور ایک ایسا آہنگ پیدا ہوتا ہے جسکی مثال ایک ہزار برس کی فارسی اور اردو شاعری کی روایت میں نہیں ہے۔ اسکے سامنے کوئی منزل منزل نہیں۔ کوئی حد حد نہیں۔ بیقراری اور تڑپ آگے بڑھے جانے کا بے پناہ جذبہ، جب کسی حسین چہرے پر نظر پڑتی ہے تو دل اس سے زیادہ خوبصورت محبوب کے لئے تڑپ اٹھتا ہے شرر سے ستارے اور ستاروں سے آفتاب بن رہے ہیں، فقط ذوق پرواز ہے زندگی، سکون و قرار موت کا دوسرا نام ہے۔

اقبال تغیر کا خیر مقدم کرتے ہیں اور تغیر پیدا کرنے کے عمل میں انسان کی شرکت چاہتے ہیں۔

بہر نفس کہ برآری جہان دگر گون کن
درین رباط کہن صورت زمانہ گذر

[ترجمہ : تو اپنی ہر ہر سانس سے اس دنیا کو دگرگوں کرتا ہوا چل - اس حاد
سے زمانے کی طرح گزر]

اب تغیر آسمان کی گردش اور تقدیر کا چکر نہیں بلکہ انسان کی اجتما
کوششوں کا نتیجہ ہے اور اقبال کی شاعری کا سینہ رجائیت سے بھر جاتا ہے۔
صرف موضوع کی حد تک نہیں بلکہ ہیئت میں بھی بلا کا جادو ہے اور بیان میں بھ
تیز رفتاری پیدا ہو جاتی ہے - پرانی بحریں جنہیں اساتذہ استعمال کرچکے ہ
اقبال کی شاعری میں نیا ترنم اختیار کرلیتی ہیں جیسے شاعر کے نفس نے ان
اندر کوئی کیمیاوی تبدیلی پیدا کردی ہو - یہ حسن موضوع اور فکر سے الگ
اپنا کوئی وجود نہیں رکھتا - یہ معنوی اور داخلی حسن کا خارجی روپ ہے۔

اقبال نے ہندوستان کی تحریک آزادی اور اشتراکیت کو بھی اپ
فلسفہ خودی کا ایک حصہ بنا کر دیکھا - یہ غالباً ۲۱-۱۹۲۰ع کی بات ہے
کسی انگریزی سرکار پرست اخبار میں ایک کارٹون شائع ہوا جسمیں مادرِ ہ
ایک عورت کی شکل میں ہے - اسکی آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی ہے اور مہاتما گاندھ
ایک طوفانی سمندر کے کنارے ایک چٹان پر اسکا ہاتھ پکڑے ہوئے آگے بڑ
رہے ہیں گویا اسے یقینی موت کی طرف لے جارہے ہیں - مولانا ظفر علی خان کے دفتہ
کے کوئی صاحب وہ اخبار لے کر اقبال کے پاس گئے - اقبال نے اسکے نیچے چار مصرع
لکھ دیئے جس سے کارٹون کا مفہوم بدل گیا - یہ قطعہ پیام مشرق میں شامل ہے۔

میارا بزم بر ساحل کہ آنجا
نوائے زندگانی نرم خیز است
بہ دریا غلط و با موجش درآویز
حیات جاوداں اندر ستیز است

[ترجمہ : دریا کے ساحل پر بزم آرائی نہ کرو کہ وہاں زندگی کا نغمہ بہت نرم ہوتا
ہے - دریا میں کود جاؤ اور اسکی موج سے دست و گریباں ہوکر دیکھو - لافانی
زندگی جد و جہد میں پنہاں ہے] -

اقبال کا فلسفہ خودی ہندوستان کی تحریک آزادی کی عطا کی ہوئی بیداری سے
ہم آہنگ تھا - جس سے انفرادی اور اجتماعی خودشناسی اور خودنگری پیدا ہورہی
تھی - «مرد میداں گاندھی درویش خو» اقبال نے رسماً نہیں کہا تھا - شاعر مشرق
کی نظروں میں وہ اس لئے قابل احترام تھا کہ وہ ہندوستان کی بیدار ہوتی ہوئی
خودی کی علامت تھا - حالانکہ اقبال مہاتما گاندھی کے فلسفے کے بعض حصوں سے
متفق نہیں تھے -

یہی انداز نظر تھا جس نے اقبال کو انقلاب روس۔ لینن اور مارکس کی طرف متوجہ کیا۔ جن ہندوستانی شاعروں نے سب سے پہلے انقلاب روس کا خیر مقدم کیا مثلاً ٹیگور، بھارتی، ولاتھول ان میں اقبال بھی شامل ہیں اور غالباً اقبال کو ان سب پر سبقت حاصل ہے۔

نغمۂ بیداری جمہور ہے سامان عیش
قصۂ خواب آور اسکندر و جم کب تلک

آفتاب تازہ پیدا بطن گیتی سے ہوا
آسماں ڈوبے ہوئے تاروں کا ماتم کب تلک

توڑ ڈالیں فطرت انساں نے زنجیریں تمام
دوریٔ جنت سے روتی چشم آدم کب تلک

(بانگ درا)

اس کے زیر اثر شاعر مشرق نے یہ پیام دیا۔

خواجہ از خون رگ مزدور سازد لعل ناب
از جفائے دہ خدایان کشت دھقانان خراب
انقلاب اے انقلاب

(زبور عجم)

اس انقلاب میں بھی اقبال کو خودی کی بیداری نظر آرہی تھی۔ اسکے بعد سے شاعر کی کوئی کتاب مارکس اور لینن کے ذکر سے خالی نہیں ہے لیکن اقبال کے مخصوص انداز نظر کے ساتھ کیونکہ وہ اشتراکیت کے معاشی نظام میں مذھبی روحانیت کی آمیزش کے قائل تھے۔ اسلئے انھوں نے کارل مارکس کو «کلیم بے تجلی» اور «مسیح بے صلیب» کے خطابوں سے یاد کیا جو پیغمبر نہ ہونے کے باوجود بھی صاحب کتاب ہے (نیست پیغمبر و لیکن در بغل دارد کتاب) اشتراکیت اور روحانیت کی آمیزش کے سلسلے میں اقبال کا یہ بیان بہت دلچسپ ہے۔

"Since Bolshevism plus God is almost identical with Islam, I should not be surprised if in the course of time either Islam would devour Russia or Russia Islam'."

Quoted in "Khilafat to Partition by Moin Shakir Page 107).

اس خیال کی وضاحت «ضرب کلیم» (۱۹۳۶ء) کی نظم «اشتراکیت» میں اسطرح ہے

قوموں کی روش سے مجھے ہوتا ہے یہ معلوم
بے سود نہیں روس کی یہ گرمیِ رفتار

اندیشہ ہوا شوخیِ افکار پہ مجبور
فرسودہ طریقوں سے زمانہ ہوا بیزار

انساں کی ہوس نے جنہیں رکھا تھا چھپا کر
کھلتے نظر آتے ہیں بتدریج وہ اسرار

قرآن میں ہے غوطہ زن اے مرد مسلمان
اللہ کرے تجھ کو عطا جدت کردار

جو حرف قل العفو میں پوشیدہ ہے اب تک
اس دور میں شاید وہ حقیقت ہو نمودار

اس نظم میں اشتراکیت کے معاشی نظام کے پیش نظر اقبال نے قرآن مجید کی اس آیت کو پیش کیا ہے۔ یسئلونک ماذا ینفقون ○ قل العفو ○ [ترجمہ: لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں کیا یا کسقدر مال خرچ کیا جائے۔ آپ کہہ دیجئے کہ جو آپ کے ذاتی خرچ سے بچے] — (آربری کے انگریزی ترجمے میں «اللہ کی راہ» کے الفاظ نہیں ہیں لیکن وہ آیت کے مفہوم میں پوشیدہ ہیں اور ان سے مراد دوسروں کی بھلائی کے لئے خرچ کرنا ہے) اس بات کو جاوید نامہ میں اس طرح دوہرایا گیا ہے۔

با مسلماں گفت جاں بر کف بنہ
ہرچہ از حاجت فزوں داری بدہ

[مسلمان سے کہا گیا کہ اپنی جان ہتھیلی پر رکھ لے اور جو کچھ تیری حاجت سے زیادہ ہو وہ دے ڈال]۔

بال جبریل میں جس کی پہلی اشاعت ۱۹۳۵ء میں ہوئی، ایک مقام پر تین نظمیں ہیں۔ پہلی نظم کا عنوان لینن ہے جو خدا کے حضور میں انسان کی محدود خرد کا ذکر کرنے کے بعد پوچھتا ہے کہ تو آخر کس کا معبود ہے۔ مشرق نے فرنگی کو خدا بنا رکھا ہے اور مغرب نے سائنس کو خدا تسلیم کر رکھا ہے اور نتیجہ یہ ہے کہ:

رعنائی تعمیر میں رونق میں صفا میں
گرجوں سے کہیں بڑھ کے ہیں بنکوں کی عمارات

طاہر میں تجارت ہے حقیقت میں ہے جوا
سود ایک کا لاکھوں کے لئے مرگ مفاجات

یہ علم یہ حکمت یہ تدبر یہ حکومت
پیتے ہیں لہو دیتے ہیں تعلیم مساوات

بیکاری و عریانی و میخواری و افلاس
کیا کم ہیں فرنگی مدنیت کے فتوحات

وہ قوم کے فیضان سماوی سے ہے محروم
حد اس کے کمالات کی ہے برق و بخارات

ہے دل کے لئے موت مشینوں کی حکومت
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

نظم ایک سوال پر ختم ہوتی ہے:

کب ڈوبے گا سرمایہ پرستی کا سفینہ
دنیا ہے تری منتظر روز مکافات

خدا کی طرف سے اس کا کوئی جواب نہیں ملتا لیکن اس کے بعد ہی دوسری نظم «فرشتوں کا گیت» ہے جو ایک طرح سے یونان کے کلاسیکی ڈرامے کے کورس کا کام دیتی ہے:

عقل ہے بے زمام ابھی عشق ہے بے مقام ابھی
نقش گر ازل ترا نقش ہے نا تمام ابھی

خلق خدا کی گھات میں رند و فقیہہ و میر و پیر
تیرے جہاں میں ہے وہی گردش صبح و شام ابھی

تیرے امیر مال مست، تیرے فقیر حال مست
بندہ ہے کوچہ گرد ابھی خواجہ بلند بام ابھی

دانش و دین و علم و فن بندگی ہوس تمام
عشق گرہ کشائے کا فیض نہیں ہے عام ابھی

یعنی اس نا تمام نقش کی تکمیل صرف اس قوت تخلیق سے ہو سکتی ہے جسے عشق کہتے ہیں اور یہ جسمانی اور روحانی عظمت کی آخری منزل ہے۔ فرشتوں کے اس گیت کے بعد تیسری نظم آتی ہے «فرمان خدا فرشتوں کے نام»:

اٹھو مری دنیا کے غریبوں کو جگا دو
کاخ امراء کے در و دیوار ہلا دو
گرماؤ غلاموں کا لہو سوز یقیں سے
کنجشک فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو
سلطانی جمہور کا آتا ہے زمانہ
جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو
تہذیب نوی کارگہ شیشہ گراں ہے
آداب جنوں شاعر مشرق کو سکھا دو
میں ناخوش و بیزار ہوں مرمر کی سلوں سے
میرے لئے مٹی کا حرم اور بنا دو

جس زمانہ میں ہندو دھرم کا احیاء اور اسلام کا احیاء ہندوستانی سیاست میں ملا ہوا تھا اس زمانے میں اگر اقبال نے سیاست کے ساتھ دین کی آمیزش پر زور دیا تو کوئی حیرت کی بات نہیں تھی۔ اقبال کے اس شعر کے ساتھ کہ:

جلال پادشاہی ہو کہ جمہوری تماشا ہو
جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

یہ دو اقتباسات بھی ذہن نشین رہنے چاہئیں، اقبال کے ہم عصر سوامی وویکانند کے یہاں جدید ہندوستان کا یہ تصور تھا۔

"Make a European Society with India's religion . . . . . . Become an Occidental of Occidentals in your sprit of equality, freedom, work and energy and at the same time a Hindu to the very back bone in religious culture and instincts."

(Quoted in Discovery of India by Jawaharlal Nehru - The signet Press. Page 292).

اور مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے رومیں رولاں نے یہ الفاظ لکھے ہیں۔

"This is the man who has stirred three hundred million people to revolt, who has shaken the foundation of British Empire and who has introduced into human politics the strongest religious impetus of the last two thousand years."

(Mahatma Gandhi by Romain Rolland Paper Back by the Publication Division, Govt. of India Page 27)

سیاست میں مذہب کی یہ آمیزش دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ اقبال اور ان کے ہم عصر بزرگ دانشوروں اور قومی رہنماؤں کے پاس اخلاق اور سیاسی نظام کا کوئی سیکولر تصور نہیں تھا- سیکولر تصور صرف جواہر لال نہرو کے پاس تھا اور ان کا شمار مستثنیات میں ہے- اس ذہنی کیفیت کو ڈاکٹر رادھاکرشنن نے ۱۹۵۶ع میں اپنے اور اقبال کے حوالے سے اس طرح بیان کیا ہے-

«میں نے علامہ اقبال کی بعض انگریزی تصانیف کا مطالعہ کیا ہے* اور میرے دل میں ان کی بڑی قدر و منزلت ہے- ۱۹۳۷ع میں الہ آباد یونیورسٹی کی گولڈن جوبلی کے موقع پر انھیں اور مجھے دونوں کو اعزازی ڈگریاں ملی تھیں- اسکے علاوہ ہم دونوں میں ایک اور بات بھی مشترک ہے اور وہ یہ کہ اس دور میں جبکہ ہر طرف اوہام پرستی اور معارف دشمنی کا بازار گرم ہے ہم دونوں کو ایک عقیدے یعنی روحانی مذہب کی ضرورت کا شدید احساس ہے- اقبال کی رائے میں مذہب کا مقصد یہ ہے کہ انسان ایک فکر و ضمیر سے بہرہ‌ور ہوجائے- اقبال نے پروفیسر نکلسن کو لکھا تھا کہ «اگرچہ مادی اور روحانی اعتبار سے انسان حیات کا کافی بالذات مرکز ہے مگر ابھی تک وہ فرد کامل نہیں بن سکا- اسے خدا سے جسقدر بعد ہوگا اسی قدر اسکی انفرادیت ناقص ہوگی- فرد کامل وہی شخص ہے جسے خدا سے انتہائی قرب حاصل ہو- خودی اس وقت حریت سے بہرہ‌ور ہوتی ہے جب وہ اپنے راستے سے ساری رکاوٹوں کو دور کردے- وہ فی‌الحال ایک حد تک آزاد ہے اور ایک حد تک مجبور- حریت کامل اسوقت حاصل ہوگی جب وہ اس شخص کا قرب حاصل کرے گا جو سب سے زیادہ مختار ہے اور آزاد ہے یعنی خدا» -

ڈاکٹر رادھاکرشنن اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے فرماتے ہیں- «شاعری کا مقصد بلند نگاہی کی تلقین ہے اور اعلیٰ درجہ کی شاعری صرف اعلیٰ درجہ کی نگاہ سے پیدا ہوتی ہے- ایسی شاعری آدم کو نیا مطمح نظر عطا کرتی ہے اور قوموں کے امراض کا ازالہ کرسکتی ہے- اقبال نے اپنی نظموں میں ایسے ہموار اور غیر طبقاتی عمرانی نظام کا نقشہ پیش کیا ہے جس میں تونگر و مفلس، اعلیٰ و ادنیٰ کا

* اس مطالعہ میں اقبال کی مثنوی اسرار خودی شامل ہے جسکا ترجمہ پروفیسر نکلسن نے انگریزی میں کیا ہے- (سردار)

کوئی امتیاز نہیں ہے- سچا إنسان وہ ہے جو اپنے آپ کو مساکین کی سطح پر لائے اور ان کے دکھ درد میں شریک ہوسکے اور کسی بے گناہ کی دل آزاری نہ کرے»-

«اس تاریک اور پرخطر دور میں ہمیں مذہب کی زندگی بخش اور حیات افروز صداقتوں کو دوبارہ دریافت کرنا لازمی ہے- فکر و عمل کے ان عظیم نمونوں کو، ان عظیم اخلاقی اور روحانی قدروں کو یعنی توحید ایزدی اور اخوت إنسانی کو دنیا میں قائم کرنا ہے جو إسلام کا طغرائے امتیاز ہے-»

(یہ اقتباسات پروفیسر یوسف سلیم چشتی کے مضمون «رادھا کرشنن اور إقبال» سے لئے گئے ہیں جو ارمغان مالک کی پہلی جلد میں شائع ہوا ہے (صفحہ ۳۰۰ سے ۳۰۳ تک)

چونکہ إقبال نے فلسفے اور مذہب کی طرح اعلیٰ شاعری پر إنسان اور إنسانیت کے باہمی رشتے کو تلاش کرنے کی ذمہ داری عاید کی تھی اس لئے زندگی کا کوئی پہلو ان کی شاعری سے خارج نہیں تھا- وہ ساری دنیا کو مخاطب کرنا چاہتے تھے- اس لئے انہوں نے أردو، فارسی اور انگریزی تین زبانوں میں لکھا- أردو ہندوستان کے لئے تھی، فارسی شاعری مشرق وسطیٰ کے إسلامی ممالک کے لئے- إقبال کی نظر میں یہ نکتہ تھا جس کا إظہار انہوں نے ایک گفتگو میں کیا تھا کہ ہندوستان کو غلام بنانے کے لئے پورے مشرق بعید کو غلام بنانا فرنگی کے لئے ضروری تھا اور اس طرح ہندوستان کی آزادی إسلامی ممالک کی آزادی کے ساتھ وابستہ ہے- یہی وجہ ہے کہ انہوں نے فارسی کو بھی إظہار اور شاعری کا ذریعہ بنایا- نثر میں بہت کچھ انگریزی میں لکھا اور آخر میں وہ The Book of a Forgotten Prophet کے نام سے ایک طویل نظم انگریزی میں بھی لکھنا چاہتے تھے لیکن بیماری اور موت نے انہیں مہلت نہ دی- پھر بھی إقبال کا کلام ساری دنیا کی مہذب زبانوں میں ترجمہ ہو رہا ہے اور اس بھولے ہوئے پیغمبر کو سمجھنے کی کوشش کی جا رہی ہے-

إقبال کے مطالعے میں اب تک صرف إسلامی اور مغربی روایات و علوم کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے لیکن میرا خیال ہے کہ اس سلسلہ میں ہندوستان کی قدیم روایات اور ویدانت اور أپنشد کی طرف بھی متوجہ ہونے کی ضرورت ہے- إقبال یقیناً اس قومی سرمایہ سے باخبر تھے جسمیں انفرادی بیداری اور خودی کا ایک شدید احساس موجود ہے-

اسی طرح پنجاب کے ماحول کے اعتبار سے یہ بھی تلاش کرنا چاہیئے کہ بابا فرید اور گرونانک اور بلھے شاہ کے اثرات بھی إقبال کے یہاں مل سکتے

ہیں اقبال کے یہاں دو آریائی مزاجوں کی آمیزش ہے ایک ایرانی مزاج جسکا تخیل اقبال کی زبان میں تتلی کی طرح بیتاب ہے جو ایک پھول سے دوسرے پھول پر اُڑتی رہتی ہے اور دوسرا ہندوستانی مزاج جسکا فلسفہ گہرا اور گمبھیر ہے اور ایک ماورائیت لئے ہوئے ہے۔ اقبال کے کلام میں کہیں کہیں جو دنیا کے غیر حقیقی ہونے کی جھلک نظر آتی ہے وہ قدیم ہندوستانی اثرات کا نتیجہ ہے جو ہندوؤں کے فلسفہ سے ایرانی تصوف میں شامل ہوئے اور وہاں سے اُردو شاعری کے راستے سے پھر ہندوستان واپس آئے۔

میں نے ہندوستان کی تحریک آزادی کے پس منظر میں فلسفہ خودی کی صرف ایک جھلک پیش کی ہے یہ مکمل اقبال نہیں ہے۔ اسے کسی ایک انداز فکر میں محدود نہیں کیا جاسکتا۔ وہ خود اپنے ایک شعر کے مطابق « شمع محفل کی طرح سب سے جدا سب کا رفیق » ہے۔ ہندوستان کا بھی اور پاکستان کا بھی اور ساری عالم انسانیت کا۔

بارہ ماسہ "دستور ہند"

ڈاکٹر تنویر احمد علوی

یہ بارہ ماسہ منشی کاظم علی جوان کی ایک نادر شعری تخلیق ہے جو فورٹ ولیم کالج کلکتہ کے ممتاز اہل تصنیف میں سے تھے۔ اصلاً دھلی کے رہنے والے تھے اپنے اس اجڑے دیار کو چھوڑ کر لکھنؤ چلے گئے تھے۔ شعر وشاعری سے کافی دلچسپی رکھتے تھے نواب ابراھیم علی خاں صاحب «گلزار ابراھیم» نے اپنے تذکرہ میں بحیثیت ایک شاعر انکا ترجمہ شامل کیا ہے اور اس ضمن میں لکھا ہے۔

> «جوان دھلوی، اسمش کاظم علی، الحال کہ سنہ ۱۱۹۶ ھجری است در لکھنؤ می گذارند در سنہ مذکور اشعار ایشاں از لکھنو بہ بنارس
>
> طلبیدہ تحریر پذیرفت»[1]

جوان کے ایک معاصر منشی بینی نراین جہاں نے اپنی تالیف «دیوان جہاں» میں ان کے اشعار کا ایک اچھا خاصہ طویل انتخاب دیا ہے لیکن ان کے ترجمہ احوال پر کوئی توجہ نہ دی اور صرف اتنا لکھنے ھی کو کافی سمجھا۔

> «جوان تخلص، نام مرزا کاظم علی، دھلی کے رہنے والے ھیں کلکتہ میں تشریف رکھتے ھیں اور اس فقیر کو بھی آنکی خدمت عالی میں نہایت بندگی ہے»[2]

بینی نرائن جہاں کے اس بیان سے مترشح ھوتا ہے کہ میر کاظم اپنے معاصرین اور ھم چشموں میں فی الجملہ عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے، دیوان جہاں کا سال تصنیف سنہ ۱۸۱۲ع ہے جس کے یہ معنی ھیں کہ اس سنہ تک جوان کلکتہ میں موجود تھے۔

ڈاکٹر رام بابو سکسینہ نے اپنی تاریخ ادب اُردو میں ان کے بارہ میں لکھا ہے

---

1 تذکرہ «گلزار ابراھیم» مع تذکرہ گلشن ہند: ۹۳

2 تذکرہ دیوان جہاں: ۱۲۸

«اصل میں دهلی کے باشندے تھے مگر لکھنو میں سکونت اختیار کرلی تھی جہاں سنہ ۱۷۸۴ء مطابق سنہ ۱۱۹۶ع میں وہ موجود تھے، سنہ ۱۸۰۰ع میں کرنل اسکاٹ نے اُنکو منشی گری کی ایک جگہ دیکر لکھنو سے کلکتہ روانہ کیا- سنہ ۱۸۱۵ع میں جو مشاعرے فورٹ ولیم کالج میں ہوئے تھے جوان ان میں موجود پائے جاتے ہیں [1]

مولوی عبدلحق نے تذکرہ گلشن ہند کے مقدمہ کے ضمن میں لکھا ہے

کاظم علی جوان بھی دهلی کے تھے بعد ازاں لکھنو میں آئے اور وہاں سے سنہ ۱۸۰۰ع میں کلکتہ کے فورٹ ولیم کالج میں آئے انھوں نے سنہ ۱۸۰۲ع میں شکنتلا کا قصہ اُردو میں لکھا نوازکبیشر نے جو برج بھاکا میں (سنہ ۱۷۱۶ع) شکنتلا کی کہانی لکھی تھی اس کا یہ ترجمہ ہے انھوں نے ایک بارہ ماسہ بھی لکھا ہے اور اس میں هندو مسلمانون کے تہواروں کا ذکر ہے جس کا نام دستورهند ہے اور جو سنہ ۱۸۱۲ع میں چھپا [2]

جوان کے حالات پر ان کے اپنے اِس بیان سے مزید کچھ روشنی پڑتی ہے جو اُنکی کتاب شکنتلا کے دیباچہ میں شامل ہے جسکا اقتباس، محمد عتیق صدیقی نے اپنی کتاب «گل‌کرسٹ اور اس کا عہد» میں شامل کیا ہے —

«یہ هیچ مداں هر صغیر و کبیر کی دریافت کے لئے، اس روزگار کے سررشتہ سے کہ سرکار کمپنی بہادر دام اقبالہ، کے مقرر ہوا، بیان کرتا ہے- کرنل اسکاٹ صاحب جو لکھنو کے بڑے صاحب (ریزی ڈینٹ) ہیں انھوں نے حسب الطلب گورنر جنرل بہادر دام ملکہ، کے سنہ ۱۸۰۰ میں کتنے شاعروں کو سرکار عالی کے ملازموں میں سرفراز فرما کر اشرف البلاد کلکتہ کو روانہ کیا انھوں میں احقر بھی یہاں وارد ہوا اور موافق حکم حضور خدمت میں مدرس هندی کے جو صاحب والا مناقب جان گل کرسٹ صاحب بہادر دام ظلہ ہیں شرف اندوز ہوا دوسرے دن انھوں نے نہایت مہربانی و الطاف سے فرمایا کہ سکونتلا (سکنتلا) ناٹک کا ترجمہ کر اور للوجی کب (कवि) کو حکم کیا کہ بلا ناغہ لکھایا کرے...

---

1 تاریخ ادب اُردو (ترجمہ عسکری) حصہ نثر : ۱۱
2 گلشن هند طبع اول : ٦

اگرچہ کبھی سوا نظم کے نثر کی مشق نہ تھی لیکن خدا کے فضل سے بخوبی انصرام ہوا کہ جس نے سنا پسند کیا اور اچھا کہا ۔ بہت سا پڑھنے لکھنے میں آیا اور کچھ چھپ کر اتفاقات سے رہ گیا ان دنوں میں کہ سنہ ۱۸۰۳ عیسوی ہیں اور احقر قرآن شریف کے ہندی ترجمہ کا محاورہ درست کرتا ہے، ممدوح نے فرمایا ہم چاہتے ہیں کہ اس کتاب کو سر نو چھپوا دیں نظر ثانی لازم ہے اور اُسی کمب کو فرمایا کہ تم بھی اس کتاب سے مقابلہ کرو اگر کہیں مطلب کی کمی بیشی ہوئی ہو، نہ رہے، چنانچہ ہم اُنکا فرمان بجالائے، پھر موافق حکم کے بندے نے تھوڑا سا دیباچہ اور بھی لکھا و الا نہ اگلا یہی ہے ۔ »[1]

یہ گفتگو سکنتلا سے متعلق ہے جس کے وہ مترجم تھے مگر اس سے کچھ دوسری باتوں پر بھی روشنی پڑتی ہے وہ یہ کہ برج بھاشا سے اس کتاب کے ترجمے میں للولال جی «کبی» سے انکو بہت کچھ مدد ملی تھی اور قرآن پاک کے ترجمہ کے سلسلہ میں، جو دراصل گل کرسٹ کا کرنا تھا، انہوں نے محاورہ کی درستی کا کام انجام دیا تھا ۔ نیز یہ کہ گل کرسٹ کی زیر نگرانی کام کرنے کے لئے بعض دوسرے منشیوں کے ساتھ ان کا انتخاب کرنل اسکاٹ نے انگریز کمپنی بہادر کے افسران عالی کے ایما پر کیا تھا ۔ اس تقرر کے زمانے کی وضاحت کرنل اسکاٹ کے ایک خط سے ہوتی ہے جو اس نے چیف سیکریٹری کے نام لکھا تھا اور جسے خود میر کاظم علی کے بدست کلکتہ بھیجا گیا تھا ۔

«یہ خط میر کاظم علی آپ کی خدمت میں پیش کرینگے جو منشی اور شاعر ہیں ان کو اسی روپیے ماہوار پر کالج کے لئے ۱۰ تاریخ ماہ حال (نومبر ۱۸۰۰ء) سے میں نے بھرتی کیا ہے، دو سو بیاسی روپیے اُنکو بطور پیشگی دیے گئے ہیں جس سے اُنکی فروری سنہ ۱۸۰۱ء تک کی تنخواہ ادا ہو جاتی ہے ۔ یہ دہلی کے رہنے والے ہیں »[2] ۔ صاحب کتاب نے اس تقرری کے سلسلہ میں مرزا علی لطف کا یہ بیان بھی درج کیا ہے ۔

---

1 گلکرسٹ اور اس کا عہد : ۲۲۳

2 » » » ۱۶۰

«جن ایام میں کہ درخواست صاحبان عالی شان کی زبان ریختہ کے مقدمہ میں کلکتہ سے لکھنؤ گئی تو کرنیل اسکاٹ صاحب کے روبرو پیشی میر (تقی میر) کی ہوئی، لیکن علت پیری سے بہ بیچارے مجھول کے محمول رہے اور نوجوان نو مشق کاظم علی جوان اور مظہر علی خان ولا مربی گری سے قوت بدنی کے مقبول ہوئے»[1]۔

اس سے کچھ ایسا مترشح ہوتا ہے کہ انتخاب کے وقت کاظم علی جوان چاہے نو مشق و نو عمر نہ ہوں لیکن جوان سال تھے۔ فورٹ ولیم کالج میں رہتے ہوئے ایک ترجمہ نگار کی حیثیت سے ان کا بڑا کارنامہ سکنتلا ناٹک کا ترجمہ ہے جس میں للولال جی اُن کے ایک معاون کی حیثیت سے سریک رہے، یہی صورت اُن کے ترجمہ «سنگھاسن بتیسی» کی بھی ہے۔ انھوں نے خاندان بہمنی سے متعلق تاریخ فرشتہ کا بھی ترجمہ کیا تھا، علاوہ بریں «خرد افروز» اور میر و سودا کے کلام کے کچھ منتخبات بھی شایع کئے تھے، صاحب تاریخ ادب اُردو نے اسکی طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ ان کے دو بیٹے عیاں اور ممتاز بھی کچھ مشہور ہوئے[2]

ان کا شعری کارنامہ بارہ ماسہ دستور ہند ہے جو تہذیبی مطالعہ کے نقطہ نظر سے ایک وقیع ادبی کامُ ہے زیر نظر تخمینہ اسکی اشاعت اول ہے یہ نسخہ محب مکرم ذکی الحق صاحب کی ذاتی لائبریری کی زیبت ہے۔ اور انھیں کی بدولت راقم الحروف کے مطالعہ میں آیا ہے۔ اس سے پیشتر یہ رام انعام بہادر سکسینہ کے ذاتی ذخیرہ کتب میں شامل تھا جس کااندازہ آفتابی شکل کی ایک مہر سے ہوتا ہے جو صفحہ ۶۰ پر موجود ہے اس کا رنگ گلابی ہے اور اس میں دیوناگری حروف میں «رام انعام بہادر سکسینہ دیوان محلہ پٹنہ سٹی» لکھا ہوا ہے۔ اس نسخہ کی پیشانی پر سیاہ روشنائی سے کتاب قصہ اور ۳۹۰ کا عدد بھی لکھا ہوا ملتا ہے۔ ذکی الحق صاحب کی اپنی تحریر کی روشنائی سبز ہے اور انگریزی حروف میں ان کے نام کی مہر اودی روشنائی میں ثبت ہے جلد نئی مگر قدرے کرم خوردہ ہے۔ اسے بجا طور پر اُردو زبان کی بہت نادر وکم یاب کتب میں شمار کیا جاسکتا ہے ایک مرتبہ سنہ ۱۸۱۲ ع میں فورٹ ولیم کالج کی طرف سے اشاعت پذیر ہونے کے بعد شاید دوبارہ اس کے چھپنے کی نوبت نہیں آئی۔

---

1 گل کرسٹ اور اس کا عہد : ۱۶۱

2 تاریخ ادب اُردو (حصہ نثر) : ۱۱

صفحہ آغاز پر کسی نوع کی تزئین کاری موجود نہیں۔ دو سادہ خط کھینچ کر صفحہ کی بیاض پیشانی کو زینت دی گئی ہے اس سے قدرے فاصلے پر چھوٹے چھوٹے پھول جیسے نشانات سے ایک مستطیل نما خانہ بنایا گیا ہے جس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا ہوا ہے اس کے بعد ایک تزئینی نشان دیا گیا ہے جس کے بعد «حمد باری تعالٰی عزاسمہ کے» عنوان کے ساتھ متن نگاری کا سلسلہ آغاز ہوا ہے اس صفحہ پر صرف ۷ شعر آئے ہیں باقی صفحات کا مسطر ۱۶ سطری ہے ہر آٹھ صفحے کے بعد پائین صفحہ انگریزی حروف میں سے ایک حرف درج ہے جسکی تفصیل اس طور پر پیش کی جاسکتی ہے–

A/۱ — B/۹ — C/۱۷ — D/۲۵ — E/۳۳ — F/۴۱
G/۴۹ — H/۵۷ — I/۶۵ — K/۷۳ — L/۸۱ — M/۸۹
N/۹۷ — O/۱۰۵ — P/۱۱۶

ان میں انگریزی حرف J کو شامل نہیں کیا گیا بظاہر یہ جزبندی کرنے والوں کی سہولت کے لئے ہوا ہے اس کے علاوہ ان حروف کی موجودگی کے اور کوئی معنی سمجھ میں نہیں آتے –

چونکہ شروع سے آخر تک تمام کتاب فورٹ ولیم کالج کے خاص ٹائپ میں چھپی ہے اس لئے جلی اور خفی قلم کا امتیاز موجود نہیں، یائے معروف [ی] اور یائے مجہول [ے] کا فرق موجود ہے، گ پر دوسرا مرکز بھی آیا ہے، مجھے اور تجھے کو ہائے مخلوط کے بغیر مجے اور تجے لکھا گیا ہے جو قدیم تحریر کی ایک خصوصیت ہے، بعض الفاظ کو جو آج کی طرز نگارش کے مطابق الگ الگ لکھے جاتے ہیں ملا کر لکھا ہے یہ روش بھی قدیم تحریر کی یاد دلاتی ہے جسکی پیروی اس کے بعد بھی کی جاتی رہی اسی قدیم روش کے مطابق اس سے کو «اسے» لکھا گیا ہے، ضمہ کی حرکت کو «و» سے ظاہر نہیں کیا گیا لیکن «اِک» لکھتے وقت کسرہ کی حرکت «ی» سے واضح کی گئی ہے اور «ایک» لکھا گیا ہے، ٹ کو ت سے ممتاز کرنے کے لئے دو نقطوں پر ایک لکیر نما علامت دی گئی ہے، ڈ اور ڑ کی آوازیں بھی اسی (—) سے ظاہر کی گئی ہیں، جہاں ں سے پہلے [ے] ایک ماترا کے ساتھ آئی ہے جیسے (हैं) اس کے لئے ایک چھوٹا سا آپ نما نشان [ہ] لفظ کے اوپر سا دیا ہے جس سے نیم اِدغامی صورت کو ظاہر کرنا مقصود ہے اس کے مقابلہ میں دو ماتراؤں کے ساتھ آنے والی ہے (हैं) کو ایک چھوٹے سے ہلالی نشان سے واضح کیا گیا ہے، ی کو جب ے کی جگہ استعمال کیا گیا ہے تو اُسے قدرے پھیلا دیا گیا ہے، سواد خط امتداد زمانے کے باعث اب کچھ دھندلا سا گیا ہے کاغذ کے رنگ پر بھی یہ اثر موجود ہے–

بعض صفحات نمی خوردہ ہونے کی وجہ سے بھی زیادہ کہنہ نظر آتے ہیں جگہ جگہ سے کرم خوردگی کے باوجود متن تقریباً محفوظ ہے –

جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے یہ ایک بارہ ماسہ ہے لیکن اس کا مقصد کسی زن مہجور کے لمحات فراق کی الم انگیز کہانی بیان کرنا نہیں بلکہ ہندوستانی موسموں اور مہینوں کی مناسبت سے ریت رواجوں اور تیج تہواروں کو انکی نوع بنوع دلچسپیوں کے ساتھ پیش کرنا ہے –

ہر ماہ کے ذکر کے شروع میں مصنف نے اسکی وضاحت کی ہے کہ یہ ہندوستانی مہینہ چھ رتوؤں میں سے کس رت سے تعلق رکھتا ہے اور علم نجوم کے اعتبار سے اس ماہ میں آفتاب کس برج میں ہوتا ہے اس برج کی شکل اور اس کا خاص رنگ کیا ہے اس کا خاص ستارہ کون ہے اور سعد و نحس کے اعتبار سے اس کی نوعیت کیا ہے، نیز یہ کہ اس کے ساتھ کتنے ستارے وابستہ ہیں اور وہ اپنی جنس اور دوسرے حواص کے لحاظ سے کیا ہے –

مصنف نے یہ بھی بتایا ہے کہ اس ماہ میں علم نجوم کی رو سے کتنے دن ہوتے ہیں – ہندی مہینوں کے ساتھ جانے والے عربی مہینوں کا بھی ذکر کیا ہے اور مسلمانوں میں ان مہینوں سے متعلق جو رسومات اور مذہبی و نیم مذہبی تقریبات ہیں ان کے بارہ میں خاص اہتمام سے کچھ ضروری تفصیلات پیش کی ہیں یا مسلمان حواتین ان عربی مہینوں کو جن ناموں سے یاد کرتی ہیں انکا بھی ذکر آگیا ہے –

ہندوستانی موسموں، مہینوں اور ان سے وابستہ رسوم و تقریبات کا کہیں تفصیل اور کہیں قدرے اختصار کے ساتھ بیان مصنف کی شعوری کوشش کا نتیجہ ہے – بارہ ماسہ میں ریت اور رواجوں کا ذکر قدیم سے چلی آئی ہوئی ایک روایت تھی لیکن جو رنگا رنگی جوان کے یہاں ملتی ہے وہ اس روایت کی ایک ایسی توسیع ہے جسکی کوئی دوسری مثال کم ازکم ہماری زبان میں موجود نہیں، اس صورت حال نے اسے اُردو زبان اور بارہ ماسائی شعری روایت کی ایک منفرد تحقیق بنادیا ہے –

ماہ بماہ فصول و بروج کا تعارف اور ان کے ذیل میں آنے والے ریت رواجوں اور رسوم و تقریبات وغیرہ کی جو تفصیلات جوان نے پیش کی ہیں ان سب کا تفصیلی جائزہ چند صفحات میں ممکن نہیں اس موقعہ پر کچھ جستہ جستہ حصوں ہی کا ذکر کیا جاسکتا ہے –

میر کاظم علی جوان اچھے خاصے ایک پڑھے لکھے آدمی تھے اس کا اندازہ ان کے سلسلہ تصانیف سے بھی ہوتا ہے اور خود ان کے اس «بارہ ماسہ دستور ہند»

سے بھی- ان کے مطالعہ اور مشاہدے میں اچھا خاصہ تنوع ہے اور انہوں نے جو کچھ اپنی اس شعری تصنیف میں لکھا ہے بظاہر دید و دریافت کے ساتھ لکھا ہے اور اُسے کافی دلچسپ انداز میں پیش کیا ہے- اگرچہ جگہ جگہ جزئیات نگاری، بیان کی سادگی اور مشاہداتی وضاحت پر زور دینے کی وجہ سے اُنکی یہ مثنوی ان شعری خوبیوں سے بہت محروم نظر آتی ہے جو بہت سی اچھی یا مخصوص کلاسیکی شعری تخلیقات میں ملتی ہیں مگر ان کے دلچسپ تہذیبی مطالعے نے اس کمی کی تلافی کر دی ہے-

متن کا آغاز مثنوی نگاری کی عام روایت کے مطابق حمد و ثنا کے اشعار سے ہوتا ہے- ان میں صاحب مصنف نے ستاروں کی گردش اور آسمانی بروج کا بطور خاص ذکر چھیڑ کر آنے والے مضامین کی طرف چشم سخن سے اشارہ کر دیا ہے-

جو برج اس میں ہیں بارہ ان میں تاثیر
عطا کی ہے جو محمل سن لو تقریر

اور اسکو دل لگا کر کیجئے غور
کہ جس میں نیر اعظم کا ہو دور

بدل جاتا ہے رب کا رنگ اسی دم
سمجھ لو اس سے ہر موسم کا عالم

ان اشعار میں «جو انداز تخاطب» ہے ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس تصنیف کے ساتھ جو تدریسی مقاصد وابستہ تھے ان سے بھی صاحب تصنیف شعوری یا نیم شعوری طور پر متاثر ہے، محمد عتیق صدیقی نے ایک موقع پر اس کا بھی ذکر کیا ہے کہ گل کرسٹ نے اس امر کی کوشش کی تھی کہ فورٹ ولیم کالج میں منشیوں کے ساتھ ایک داستان گو کا تقرر بھی عمل میں آئے جس سے کالج کے طلبا کو قصہ گویانہ انداز تخاطب سے واقف کرایا جاسکے-

جوان کا اسلوب ایک کامیاب داستان گو کا اسلوب بہر حال نہیں ہے- مناجات میں اپنی شیریں زبانی، عذب البیانی اور مقبولیت کے لیے دعا کی ہے- نعت میں واقعہ معراج، معجزۂ شق القمر اور جسم اطہر کا سایہ نہ ہونے کی طرف خصوصیت سے اشارہ ملتا ہے جس سے رسالت مآب کے معجز نما کردار کے کچھ مختص پہلوؤں کی طرف توجہ دلانا مقصود ہوسکتا ہے، سبب تالیف کے ضمن میں مصنف نے ظاہر کیا ہے کہ وہ دو کتابیں تالیف کر چکے تھے جب اُنہیں صاحب والا مناقب (جان گلکرسٹ) نے یہ مشورہ دیا کہ وہ ایک منظوم بارہ ماسہ لکھیں- خاطر جمعی کے ساتھ اس کے لئے

مضمون فراہم کریں اور اسکی اجازت دی کہ وہ اپنے گھر میں رہتے ہوئے اس شعری تصنیف کا کام انجام دیں۔

ولے چھوٹے نہ اس میں کوئی تہوار
موافق مہر و مہ کے کیجو اظہار

اور اس میں رسمیں جو گبرو مسلمان
بجا لاتے ہیں لکھیو اس کے عنوان

بروج اور کوکب و ہر رت کا احوال
لکھا میں نے بہ تفصیل و باجمال

فراقیہ بھی کہکر کتنے اشعار
لکھے ہیں ہر مہینے میں ہر اک بار

زبس دستور ہند اس میں لکھا ہے
یہی اب نام بھی میں نے رکھا ہے

اس طرح خود مصنف نے اسکی وضاحت کردی ہے کہ اس شعری تخلیق کا موضوع اور اس کے مشتملات کیا ہیں۔

سب سے پہلے «فصل تاستانی» کے زیر عنوان بسنت رت کی بہار اور چیت ماس کا ذکر آتا ہے۔ بنگالی بارہ ماسے بھی بالعموم چیت ہی سے شروع ہوتے ہیں۔

اس ماہ میں آفتاب جس برج میں رہتا ہے اُسے «حوت» یا مچھلی کہتے ہیں جسکا ہندی نام مین (मीन) ہے، اس کا ستارہ مشتری ہے جو اپنے خواص کے اعتبار سے سرد و تر ہے، یہ مادہ ہے، بطیء السیر ہے اور وجہ سعادت ہے۔ اس کے ذیلی ستارے چونتیس ہیں ان میں سے چار خارج اور باقی داخل ہیں، چیت آمد بہار کا مہینہ ہے جسے ہم رنگوں خوشبوؤں اور خوشیوں کا مہینہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس موسم میں فطرت کی رعنائیوں اور دل آسائیوں کی تصویرکشی مصنف نے جس رنگ میں پیش کی ہے اس میں ہندی ایرانی اثرات یک جا ہوگئے ہیں۔ اپنے محبوب کو یاد کرتے ہوئے شاعر کہتا ہے۔

جہاں تک باغ میں ہیں مول سریاں
بچھائے پھول انھوں نے اس لئے یاں

خوش آوے گھری گیری آنکی جو چھاؤں
تو شاید تو رکھے اپنے یہاں پاؤں

یہ ترشادا جو اب پھولا ہوا ہے
دماغ اس سے معطر ہو گیا ہے

نہیں دیکھا کبھو پھولا یہ کرنا
کہے ہے دل یہیں کی سیر کرنا

گل اورنگ کا تختہ نظر کر
ہوا ہے خون دل یاقوت احمر

ہے قمری نعرہ‌زن دالکی طپش سے
رواں ہے آب جو ہر ہر روش سے

لبالب آب سے ہرسو ہیں نہریں
ہوا کی جھوک سے لیتی ہیں لہریں

چھٹے ہیں ان میں فوارے جو کر زور
تو ہے کیا خوش صدا پانی کا یہ شور

چھٹے ہیں چادریں، ہیں حوض معمور
جہاں دیکھو تہاں ہے موجزن نور

بہار کا یہ رنگ اور اسکی تصویر کسی کا یہ اسلوب بہت کچھ فارسی شاعری سے متاثر نظر آتا ہے اور مغلوں کے عہد کے حسین باغات کی یاد دلاتا ہے جس میں ہندوستانی پھول بھی اپنی تیر اورکہیں دھیمی دھیمی خوشبو کے ساتھ مہک رہے ہیں۔

اس مرقع نگاری میں صاحب اشعار نے محبوب کے سراپا کو بھی شامل کیا ہے یہ سراپا بھی بہار باغ کی طرح ایرانی موقلم سے کھینچی ہوئی تصویر کا عکس معلوم ہوتا ہے۔ یہ سراپا شاعرانہ انداز نظر کے ساتھ پیش کیا گیا ہے اس کا کچھ اندازہ ان تشبیہات و استعارات سے بھی ہوسکتا ہے جن سے مختلف اعضا کی دلکشی اور حسن و آرایش کے لیے خوبصورت رنگوں کا کام لیا گیا ہے۔

جب معشوق اپنی زلفوں کو سنوارتا ہے تو سنبل شانے کی طرح بلائیں لیتا ہے قوس قزح بھوؤں کو دیکھ کر شرماتی ہے، چشم فتاں کے سامنے آئینہ رویوں کی نظر بھی حیران نظر آتی ہے۔

صفوں کی طرح آراستہ اسکی پلکیں، ہاتھوں میں تیز چھریاں لیے رہتی ہیں، اس کے پھولوں جیسے نازک کانوں کو دیکھ کر صدف اپنے موتی بھول گیا، اسکی

بینی (ناک) الف کی تصویر کی طرح کھنچی ہوئی ہے- اس کے رخسار جمیل کی صفائی کا یہ عالم ہے کہ مہر و ماہ اس کے گل تکیے بنا دیے جائیں، اُنکی دل آویزی اور حسین رنگت کا یہ حال ہے کہ بلبل نے کبھی چمن کے پھولوں میں یہ رنگ نہ دیکھا-

اس کے دہان تنگ اور لعل لب کی نزاکت کو کیسے بیان کیا جائے کہ وہ موج تبسم کے بار سے پستے کی طرح نظر آتے ہیں- زلیخا، چاہ زنخداں کو دیکھ کر باولی ہوجاتی ہے، بر و دوش اور ساعد و دست ایسے سڈول ہیں جیسے سانچے میں ڈھلے ہوئے ہوں- اسکی ہتھیلی کف آئینہ کی طرح چمکتی ہے- اسکی انگلیوں کے ہر پورو ے میں عشوے بھرے ہوئے ہیں، ہلال و بدر کو کسی نے یک جا نہ دیکھا ہوگا مگر اس کے ناخنوں میں وہ ساتھ ساتھ دکھائی دیتے ہیں اسکی بغلیں رنگ و بو میں صندل سے بہتر ہیں اس کا سینہ ایسا صاف ہے کہ آئینہ بھی اسکی برابری نہیں کرسکتا، شکم ایسا نرم و نازک اور خوبصورت ہے کہ مخمل کو بھی اس سے نسبت نہیں، اسکی ناف گرداب بحر حسن ہے- کمر رگ جاں سے بھی نازک ہے- اسکے سرین خرمن گل کی طرح حسین و رنگین ہیں- اسکی ایڑیوں کی دلکشی یہ ہے کہ چاند بھی ان کے مقابل حزف ریزہ معلوم ہوتا ہے- کف پا کو دیکھ کر برگ گل کو رشک آتا ہے، اس مرقع کشی کا اختتام ان شعروں پر ہوتا ہے-

ہے موے سر سے تُو تا ناخن پا
سراپا ناز و حسن اے جلوہ پیرا
قد موزوں کہاں سے سرو یہ لائے
خرام ناز کبک ایسا کہاں پائے
و لیکن دل میں تیرے اے پری چہر
نہیں ہے ایک ذرہ بھی کہیں مہر

یہ ایک ایسا سراپا ہے جس میں معشوق کے ساتھ جنس کا تصور مشکل ہی سے کیا جاسکتا ہے اسی کے ساتھ یہاں بھی غزل کی سی نیرنگی اور حسن کاری موجود ہے-

اس کے بعد مصنف نے رام نومی کے تہوار کا ذکر کیا ہے جو ہندوؤں میں کنہیا جی کے جنم دن ہی کی طرح منایا جاتا ہے-

بھوانی کی بسنتی ہے جو پوجا
کرے ہیں اس مہینہ میں ہر اک جا
رکھے ہے شہرہ جو گھاٹوں کا میلا
رہے ہے اک مہینہ تک تماشا

چرخ پوجا یا گھاٹوں کا میلا بنگال کا خاص جشن ہے جس کے راگ رنگ اور کھیل تماشوں کا جیتا جاگتا خاکہ صاحب تالیف نے بڑے جیتے جاگتے انداز سے پیش کیا ہے :

سراپا تن بدن چھدوا کے اپنا
یہ بنگالی دکھاتے ہیں تماشا

کہ ہر اک چاک میں ڈلوا کے ڈورے
ہوا کی طرح لیتے ہیں جھکورے

بدن میں کانٹے اور سیاں چبھو کر
اچھلتے کودتے ہیں شاد ہو کر

زباں کے پار کر کے برچھی اور سانگ
دکھاتے کونکو پھرتے ہیں یہ سوانگ

چبھو کر بکھلیوں میں سیخچے وو
سروں پر انکے رکھ کر آگ کو وو

اُڑاتے مٹھیاں بھر بھر کے ہیں رال
تماشا یہ نظر آتا ہے ہر سال

نٹوں اور بازیگروں کی بعض دوسری کلاؤں کا بھی اس موقع پر ذکر آیا ہے۔

یہی مہینہ دستور ہند میں ربیع الاول کا مہینہ بھی ہے جسے بارہ وفات یا عوام الناس کی زبان میں «بارہ وفاتیں» کہا جاتا ہے یہ حضور کی رحلت کے دن ہیں جو الگ الگ مقرر کیے گئے ہیں۔

ہر اک نے ایک دن کر کے مقرر
نیاز و نذر کی صلواۃ پڑھکر

اس کے مقابلہ میں اہل تشیع ماہ صفر میں حضور کی رحلت مانتے ہیں جس کے لئے صاحب تالیف نے کہا ہے :

صفر کی بست و ہشتم شیعہ مذہب
نبی کا روز رحلت کہتے ہیں سب

اس کے بعد بیان بیساکھ مہینے بسنت رت کا اور نوروز کا شروع ہوتا ہے، نوروز کے دن آفتاب برج حمل میں داخل ہوتا ہے جسے ہندی میں میکھ (فارسی میش) کہتے ہیں یہ مینڈھے سے مشابہ ہے اس کا رنگ سرخ ہے اور مریخ اس کا خاص ستارہ

ہے اس کے کواکب تیرہ ہیں- ان میں سے پانچ خارج اور باقی داخل ہیں اپنے خواص کے اعتبار سے یہ مشرقی، منقلب، سعد اور سریع السیر ہے اس مہینہ میں سورج کی تابش اور گرمی بڑھ جاتی ہے -

جنوں کا شور ہے غل ہے صدا ہے
جو ہے موج ہوا زنجیر پا ہے

اڑے ہیں گونجتے بھونرے جو ہرآن
رہا ہے گونج سارا ہی گلستان،

چمن میں گل نے جو جھاڑا ہے داماں
خیاباں در خیاباں ہے زر افشاں

حمل میں خسرو خاور جو آیا
سبھوں کو یہ خوشی کا دن دکھایا

اس موسم اور اشعار میں جوان کے یہاں «رت بہار» تو ملتی ہے لیکن «رتو سنہار» سے وہ کچھ زیادہ واقف نہیں نظر آتے- بہر حال یہ «جشن نورور» کا مہینہ ہے جسکی وجہ سے اسکی رونقوں اور رنگ رلیوں کا انداز ہی کچھ اور ہے- مگر اس سے پہلے کہ مصنف اسکی خوشیوں اور شادمانیوں کی رنگا رنگ پھولوں سے سجی تصویر پیش کرے وہ اس ماہ کی سعادتوں کا اس پہلو سے ذکر کرتا ہے کہ اس دن حضرت علی وارث مسند نبوت ہوئے تھے-

امیرالمومنین تخت نبی پر
اسی ساعت بچندیں زینت و فر

ہوئے ہیں فضل حق سے جلوہ فرما
یہ دن ہے اس لئے عشق و طرب کا

نیاز و نذر اس شہ کی کرے ہیں
خوشی ہو ہو کے دسترخوان دھرے ہیں

نشاں اعجاز سے پڑتا ہے جس دم
مبارک باد دے ہیں خوش ہو باہم

مغلوں کے آخری دور میں ہم یہ دستور دیکھتے ہیں کہ جشن نوروز کے موقع پر منجم جو رنگ بتاتے ہیں اہل جشن اسی رنگ کے ملبوسات زیب تن کرتے ہیں، اس موقعہ پر صاحب تالیف نے سبز رنگ کے ملبوسات کا ذکر کیا ہے-

نظر آیا ہے اس سے سبز یہ رنگ
زمرد دیکھ کر جسکو ہوا دنگ

وہ پہنی گلرخوں نے سبز پوشاک
جسے سرو گلستاں رہگیا تاک

اس موقعہ پر گلی کوچے دکانیں اور بازار سبھی صاف ستھرے اور سجے سجائے نظر آتے ہیں۔

دکانداروں نے آرایش یہ کی ہے
بساط عیش پر ہرشے چنی ہے

ہر طرف مہوشوں کے جلوے اور پری پیکروں کے جھرمٹ ہیں، جو امیر دولت مند ہیں ان کے مکانوں کی رونقوں اور رنگ رلیوں کا سماں دیکھنے کے لائق ہے –

تجمل جشن نوروزی کا سب ہے
نشاط و شادی و عیش و طرب ہے

سراپردے وہ پر زر لگ رہے ہیں
شعاع مہر سے بھی جگمگے ہیں

ادھر درواروں پر نوبت بجے ہے
ہراک خوش ہو مبارکباد دے ہے

محل میں اس طرف ہے راگ اور رنگ
بجے ہیں نیں و قانوں و دف و چنگ

ایک گوشہ بساط کا رنگ دیکھ لیا اب دوسری طرف بھی ایک نظر ڈال لی جائے–

بچھی ہیں مسندیں تکیے لگے ہیں
چنگیر اور پاندان آگے دھرے ہیں

مہک پھولونکی کوئی لے رہا ہے
کسی کو کوئی بیڑے دے رہا ہے

چنے ہیں شیشے طاق و تاندان میں
دھری ہیں ڈالیاں ہر ہر مکاں میں

اس موقعہ پر طرح طرح کے کھیلوں سے بھی لوگ دل بہلاتے ہیں –

لگا کر طفل سے پیر و جواں تک
خوشی سے کھیلتا ہے کھیل ہر یک

لڑاتا کوئی انڈے سربسر ہے
کوئی چنتا قطاریں یک دگر ہے

شعاع مہر میں دیکھے ہے کوئی
اور اپنے دانت پر چکھ لے ہے کوئی

فقط ماتھے پہ کوئی دیکھتا ہے
کوئی کہتا ہے اس میں کچھ بھرا ہے

نیا سال آج کے دن سے مقرر
ہوا ہے خلق میں اے نیک اختر

یہی وہ موقع ہے جب بادشاہوں کے درباری نجومی آنے والے سال کے بارے میں تمام حالات لکھ کر حضور سلطانی میں نذر گذرانتے ہیں – ان دنوں میں جو بارش ہوتی ہے اسے کنیا دانی مینہ کہا جاتا ہے –

اسی ماہ میں میر کاظم علی کے بیان کے مطابق ربیع الثانی کا مہینہ بھی شامل ہو گیا تھا جس میں حضرت غوث الاعظم کی فاتحہ دی جاتی ہے، اس ماہ کو عورتوں کی زبان میں «میران جی» بھی کہتے ہیں اہل تسنن میں جو لوگ پیری مریدی کے سلسلہ سے وابستہ ہیں وہ اپنے اپنے مقدور کے مطابق کھانے پکاتے، مٹھائیاں منگواتے اور اُنکی فاتحہ دیتے ہیں، ان سے عقیدت میں بعض اہل تشیع بھی شریک ہیں –

چلن پیری مریدی کا انہیں سے
ہوا ہے صاحب تحقیق سن لے

مشایخ اور بعضے شیعہ مذہب
جناب اُنکی میں ہو ہو کر مؤدب

مطالب دین اور دنیا کے باہم
بخواہش مانگتے رہتے ہیں ہردم

کوئی کھانے پہ اُنکی فاتحہ دے
کرے ہے جا بہ جا تقسیم حصے

اس کے ساتھ ساتھ قوالیوں کی محفلوں کا رنگ جمتا ہے :

ہیں جتنے ڈوم ڈھاڑی اور قوال
طوایف اور ہریک صاحب حال

کریں ہیں بزم آرائی ہرایک جا
سو اس کا میں بیاں کرتا ہوں نقشا

ادھر مجرا طوایف کا اُدھر کو
گویوں کے بھی گانے کو سنو تو

بجاکر ڈھولکی سارنگی کے ساتھ
اور اسپر تال دے دے کر اُٹھا ہاتھ

وہ قوالوں کا کہنا «گاہے گاہے»
گدائے مبتلائے بادشاہے

اسپر صوفیوں کو حال آتا ہے — کوئی وجد و دوں میں ناچنے لگتا ہے، کوئی ہو حق کرتا ہے، کوئی زار و قطار روتا ہے، کوئی کسی کو سنبھال رہا ہے، کوئی کسی کے قدموں پر سر رکھے ہوئے ہے —

کسی کے گرد ہی کوئی پھرے ہے
کسی کے قدموں پر کوئی گرے ہے

یہ ہے معمول مجلس کہ، کہہ و مہ
کھڑے رہتے ہیں جبتک حال ہے یہ

«نقیب الاولیا» بھی ہے مقرر
کرے خدمت اُنھوں کی جو سراسر

یہ سب تفصیلات جنھیں میر کاظم علی نے «جسم جستہ» لکھا ہے صاحب والا نشان کی فرمایش سے لکھی گئیں — ان دو مہینوں کے ساتھ ایک رت تمام ہوگئی پنڈتوں نے جسطرح رتوںکی تقسیم کی ہے مصنف نے اسی کا اتباع کیا ہے —

سوامس ان کے میں نے یہ لکھا ہے —

اس کے بعد «بیان جیٹھ مہینے گریکھم رت» شروع ہوتا ہے —

اس ماہ میں مہر درخشاں برج ثور میں آتا ہے اس کو ہندی میں برکھہ کہتے ہیں اسکی شکل بیل جیسی ہے رنگت سفید ہے زہرہ اس گھر کا ستارہ ہے وہ مادہ، سعد، خاکی

اور سرد ہے۔ اسی کے ساتھ ثابت ہے خشک ہے اور چلنے میں بطی ہے اس کا تعلق جنوبی دائرۂ فلکی سے ہے اس کے ستارے تعداد میں تینتیس (۳۳) ہیں جن میں گیارہ خارج اور باقی داخل ہیں یہ جیسا کہ سر عنوان سے ظاہر ہوتا ہے « گریشم رتو » ہے۔

فلک سے آگ اب کیونکر نہ برسے
ہوا میں چمکے ہیں ذرے شرر سے
درختوں کے ہوے ہیں خشک تھالے
گئے ہیں سوکھ ندی اور نالے
پرندوں سے چرندوں تک جہاں میں
پھرے ہیں ڈھونڈتے روکھونکی چھائیں

اس موسم میں جب جھلس دینے والی لوئیں چلتی ہیں اہل دولت اپنے گھروں کو خس خانوں میں بدل دیتے ہیں اور گلاب و بید مشک چھڑکواتے ہیں، اس بیان میں رتو سہنار کا ایک ہلکا سا عکس بھی ملتا ہے۔

کوئی تہ خانے کی تیاری کروا
گلاب و مشک سے حوض اس میں بھروا
لگا خوشبوئیاں کھچوا کے پنکھا
مزا لیتا ہے ہر دم زندگی کا
بہت خس خانوں میں بیٹھے رہے ہیں
حلاوت زیست کی سب اس میں لیں ہیں

مگر یہ سب امیروں کا حصہ ہے غریب لوگوں کی زندگی میں یہ راحتیں کہاں اس موسم میں ایک فراق زدہ عاشق کے جذبات کی یہ تصویر ملاحظہ ہو۔

جگر پر داغ سوز غم سے یک لخت
سدا اخگر نمط خاکستری رخت
دم آتش فشان و نالۂ گرم
کرے ہیں سنگ اور آہن کو جو نرم

مگر مصنف کا مقصد شعر نالۂ دل کی عکاسی نہیں اپنے عہد کے تہذیبی ماحول کی عکاسی ہے اس لیے اُسکی توجہ بہت جلد [اس ماہ میں] بالے میاں کی چھڑیوں کے بیان کی طرف مبذول ہوجاتی ہے جسکو بعض مسلمان طبقے جانتے ہیں۔

انھوں کا اس مہینے میں ہے دستور
کھڑی کرتے ہیں چھڑیاں ہو کے مسرور

کہیں ہیں پیر کا نیزہ وہ اسکو
کھڑا کرتے ہیں اک جھنڈا سا جب وو

مگر احلاف یکسر سانتے ہیں
اور اپنا پیر آنکو جانتے ھیں

کوئی مسعود غاری اور سالار
انھوں کا نام لیتا ھے بہ تکرار

کوئی بالے میاں اُنکو کھے ھے
انھی کے آسرے میں نت رھے ھے

مصنف نے اس ضمن میں یہ اطلاع بھی دی ھے کہ آصف الدولہ اپنے زمانۂ حکومت میں ہر سال اُس میلے میں شریک ھوا کرتے تھے جو بھرائچ میں ھوتا ھے۔ وھاں اس لکھ داتا نواب کی طرف سے کسی کو حلعت کسی کو شمشیر اور کسی کو گھوڑا انعام میں دیا جاتا تھا۔ یہ سب سپہ سالار مسعود غازی کا صدقہ ھے۔ عرس کے زمانہ میں بے طرح اندھیاؤ چلتا ھے اور بگولے اٹھتے ھیں حں کے بارے میں بھولے بھالے اور توھم پرست عوام یہ کہتے ھیں کہ یہ مکنا دیو جھاڑو دینے آیا ھے۔

چلے ھے اس مہینے میں وہ اندھیاؤ
بندھے ھے آسمان تک جسکی یک باؤ

چلے ھے روز عرس اُن کے اگر وو
کہیں ھیں معتقد ان کے ھیں حو جو

کرشمہ یہ انھوں نے ھے دکھایا
کہ جھاڑو دینے مکنا دیو آیا

جب تیز آندھیاں چلینگی تو لوگ یہ بھی سوچینگے کہ یہ طوفانی ھوائیں جب سمندروں پر چلتی ھونگی تو بادبانی کشتیوں اور جہازوں کا کیا حال ھوتا ھوگا۔

کسی کی ناؤ وھاں دریا کے اندر
ڈبو دیتی ھے باد تند چل کر

سفر دریا کا اس موسم میں کرنا
مثل یہ ھے کہ جوں بن آئی مرنا

ایک زمانہ تک اھل ہنود سمندر کے سفر کو برا سمجھتے تھے اس کے پس منظر میں اسی نوع کے توھمات اور خطرات کو دخل ھونا چاھئے۔

اس ماہ میں صاحب دستور ہند نے ماہ جمادی الاول کا بھی ذکر کیا ہے جسے عوام «شاہ مدار» کہتے ہیں [عورتوں میں خصوصاً یہ مہینہ اسی نام سے یاد کیا جاتا ہے] شیخ بدیع الدین شاہ مدار سے نسبت کی وجہ سے اسے یہ نام دیا جاتا ہے، یہ شاہ مدار کے عرس اور اُن کی چھڑیاں کھڑی کرنے کا مہینہ ہے جن کا کچھ حال مصنف کی زبان سے سنیے :-

بجاتے ہیں ہراہی ڈھول آکر
ملنگ اچھلے ہیں اور کودے ہیں یکسر

کہے ہے «دم مدار» ایک ایک خوش ہو
عجائب اک تماشا ہے جو دیکھو

ہزاروں دم فقیر ان کے بھرے ہیں
وہاں «دھمال» وے ملکر کرے ہیں

ہوا جس شہر میں مدفن ہے انکا
مکن پور اس جگہ کا نام ہیگا

یہ چھڑیوں کا میلہ ہو یا ایسے ہی دوسرے خوشیوں کے موقعے ان میں عاشقوں کی بن آتی ہے مشتاقوں کو دیدار نصیب ہوتا ہے بچھڑے دل ملتے ہیں، من کے مرجھائے کنول کھلتے ہیں– رات کے وقت روشنیوں سے زمین پر جیسے چاند ستارے اتر آتے ہیں–

لگا کر شام سے تا صبح اس جا
رہے ہے ٹھاٹھ بس کچھ روشنی کا

میر حسن نے بھی اپنی ایک مثنوی میں مکن پور کی چھڑیوں کا ذکر کیا ہے، جو شاہ مدار کے مزار پر لیے جائی جاتی ہیں–

اس کے بعد گریکھم رت کے اساڑھ مہینے کا ذکر آتا ہے–

اس ماہ میں سورج جوزا نامی برج میں آتا ہے، اسے ہندی میں متھن کہتے ہیں اسکی شکل نر و مادہ کی سی ہے، شاید اسی سے احتلاط جنسی کو متھونا کہا جاتا ہے، اس کا رنگ زرد ہے، یہ تینتیس دن کا مہینہ ہے، ستارۂ عطارد (جو منشی یا دبیر فلک کہلاتا ہے) اس گھر کا مالک ہے، اپنے مزاج کے اعتبار سے خشک ہے بادیٔ ہے اور مساوی السیر ہے اور چونکہ دو وجود ایک ساتھ ہوتے ہیں اس لئے یہ «ذوجسد» کہلاتا ہے اس کے ساتھ اس میں بدی اور نیکی دونوں شامل ہیں، اس سے متعلق ستارے اٹھارہ ہیں جن میں آٹھ خارج ہیں–

اساڑھ میں بے طرح تپش ہوتی ہے، کم سے کم آدھا مہینہ تو اس طرح سے گذرتا ہے کہ لوگ بلبلا اُٹھتے ہیں باقی آدھا مہینہ بھی ضرور ایسا ہوتا ہے کہ دونگڑے برستے ہیں اور ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چلنے لگتی ہے۔ اس ماہ میں کہ آسمان سے آگ اور بھوبھل برستی ہے، اگر کہیں اسی کے ساتھ جنگ کے شعلے بھی بھڑکنے لگیں تو قیامت ھی آجائے۔ صاحب تالیف نے اس موقعے پر ایک جنگ کا بھی ذکر کیا ہے جو اچھی خاصی شدید جنگ تھی۔ لیکن یہ جنگ کس مقام پر لڑی گئی یہ نہیں بتایا۔

حرارت اس طرف سورج کی تسپر
چمک تلواروں کی بجلی سی یکسر

ادھر بان اور جزائر رہکلے کی
صدا یہ جسکو سن جاتا رہے جی

ہر ایک دم باڑھ کے چھٹنے کا وہ شور
مفر جس سے نظر آوے نہ جز گور

اور اس کے ساتھ یوں توپوں کے گولے
چلیں، جس طرح سے پڑتے ہیں اولے

یہ گرمی اور تسپر یہ لڑائی
جو میں نے اب سبھونکو کہہ سنائی

گرمی کی شدت کے بارے میں بھی یہ چند شعر ملاحظہ ہوں جن میں بدلی کا ٹکڑا بھی آسمان پر کہیں دکھائی پڑجاتا ہے تو جلتی ہوئی روئی معلوم ہوتا ہے۔

کبھی سورج پہ گر بدلی کا ٹکڑا
نظر آجائے تو لگتا ہے ایسا

کہ آتش مشتعل دامن سے کردیں
روئی کو آگ پر یا جیسے دھر دیں

جلے ہے طائروں کا آشیانا
مگر ہے چین کی جا سرد خانہ

جسے مقدور کچھ حق نے دیا ہے
سر انجام اس نے اس رت کا کیا ہے

مکاں میں ٹٹیاں لگوا وہ خس کی
اور ان پر کر کے حکم آب پاشی

سماں برسات کا سا دیکھتا ہے
ہوا گرمی میں ٹھنڈی لیے رہا ہے

ہوا اس میں سے جو آتی ہے ٹھنڈی
حلاوت اب یہی ہے زندگی کی

یہ تو خوش حال اور تن آسان طبقے کی بات ہوئی، جیسے ہی اس مہینے کے نصف آخر میں دونگڑے برستے ہیں کھیتوں کی مٹی نم ہو جاتی ہے کسان اس میں خریف کی فصل بوتے ہیں [یہ مشرقی علاقوں کی بات ہے مغربی علاقہ میں اساڑھ کے ساتھ ساونی بونے کا رواج نہیں] -

خریف اس فصل میں ہوتی زبس ہے
زمیں جوتے ہے جس کو دسترس ہے

زمیں ہوتی ہے جس دم خوب تیار
کرے ہیں تخم پاشی اس میں یکبار

کہیں بوتے ہیں سانواں اور منڈوا
کہیں دھان اور کودوں ساتھ مکڑا

کہیں سن اور تل کے ساتھ ارہر
جوار اور باجڑا بھی ہے مقرر

اس طرح شاعر اس موسم میں بوئی جانے والی فصلوں کی مناسب تفصیل دے گیا ہے، جب کھیتوں میں ہریالی جھلکنے لگتی ہے تو کھیتوں کی نرائی ہوتی ہے - اور جنگل میں منگل نظر آنے لگتا ہے -

نظر آتی ہے جب کھیتی ہری سی
نراتا ہے اُسے ہر اک لگا جی

تبھی سے ہووے ہے سرسبز صحرا
پھرے ہے ہر کوئی واں سیر کرتا

یہ تو کھیت اور کسان کی بات تھی گرامین جیون کا دوسرا اہم حصہ وہ چرواہے ہوتے ہیں جو صبح سویرے اپنے ڈھور ڈنگروں کو لیکر ہرے بھرے میدانوں کی طرف نکل جاتے ہیں -

چراتے پھرتے ہیں خوش اور خرم
تماشا ہے اگر دیکھو وہ عالم

وہ سبزی کا نمو اور انکا چرنا
اُٹھا کر منھہ نظر ہر طرف[1] کرنا

اس پر معصوم چرندوں کا کبھی رام ہونا کبھی وحشت خوردگی کے ساتھہ رم کرنا چرواہوں کا ان پر نظر رکھنا اور اگر کبھی کوئی خطرہ ہو تو شور مچا مچا کر جنگلی جانوروں کو بھگانا ان کے کتوں کا بھونکنا اور درندوں پر جھپٹنا اور اپنے گلے اور گلہ بان کی حفاظت کے لئے بھیڑیوں اور بھگیلوں سے نہ ڈرنا غرض کہ «مختصراً» سبھی باتوں کی شاعر نے ایک چلتی پھرتی تصویر پیش کی ہے —

سچ یہ ہے کہ اُردو شاعری کے لئے یہ جھلکیاں اس وقت بالکل نئی تھیں اور میر کاظم علی نے اپنی اس نظم میں اُن کو شامل کر کے جن جیون کا ایک نہایت ہی مسورم چتر پش کیا ہے جو ان کا ایک کریڈٹ ہے، چونکہ صاحب تصنیف نے اس ماہ کو تیسیں دن کا قرار دیا ہے اور کسی ایسے کلنڈر کا سہارا لیا ہے جس میں بارہ ماس کے چکر کے ساتھہ لوند کا مہینہ نہیں ہوتا، اساڑھہ ماہ کی اسی اضافی مدت کے باعث اس میں جمادی الاول کے ساتھہ جمادی الثانی بھی شامل ہوگیا، جو حواجہ معین‌الدین سے نسبت رکھنے کی وجہ سے «خواجہ جی» کہلاتا ہے —

جو تھے خواجہ معین‌الدین چشتی
ہوئی اس چاند میں رحلت انہوں کی

انکا مزار شریف اجمیر میں ہے جہاں ہر سال میلہ لگتا ہے — حضرت سلطان الہند کے بارہ میں مصنف کو جو معلومات تھیں وہ یہ کہکر پیش کردی ہیں «کہا میں نے سنا ہے جسطرح سے» اس کے بعد کچھہ اور اشعار کے ساتھہ یہ شعر بھی آئے ہیں —

جہاں اہل جہاں جانیں نہ مانیں
چڑھی ہیں شاہوں کی از خود کمانیں

ہر اک اس چاند میں چھڑیاں انہوں کی
کھڑی کرتا ہے ہر اک جا یہ صوفی

جو ہے معمول میلے کا وہ کر کے
اُدھر کو ہوتے ہیں عازم سفر کے

آگے چل کر مصنف نے فراق یار میں ایک «واسوخت» بھی قلمبند کیا ہے جس کے لیے ایک عشقیہ انداز کی نظم میں بہر حال گنجایش نکل سکتی تھی یہ ایک

---

1 بہ سکون رائے مہملہ

ترکیب بند ہے جس کا ہر ٹکڑا چار شعروں پر مشتمل ہے تین شعر ہم قافیہ و ردیف لائے گئے ہیں اور چوتھے شعر میں ردیف و قوافی بدل گئے ہیں۔

اس کے بعد «بیان ساون مہینے پاوس رت کا» شروع ہوتا ہے اس ماہ میں خورشید خاور برج سرطان میں جلوہ گر ہوتا ہے جسے ہندی میں «کرک» کہتے ہیں، اس کی شکل کیکڑے سے مشابہ ہے اس کا رنگ سفید ہے۔

شمالی اور سریع السیر و آبی
ہے مادہ، سرد تر اور انقلابی

چاند اس برج کا خاص ستارہ ہے اور بقول مصنف نجوم و رمل کے حساب سے اس کے آٹھ ستاروں میں سے چار داخل اور چار خارج ہیں یہ مہینہ اکتیس (۳۱) دن کا ہوتا ہے، یہ ہندوستان کا موسم بہار ہے۔

آسمان پر ہر طرف بادل چھائے ہوئے ہیں بجلی چمک رہی ہے بادل گرج رہے ہیں رم جھم رم جھم بوندیں پڑ رہی ہیں جھڑیاں لگی ہیں بادہ کشوں کی بن آئی ہے اور لوگوں کے من میں ایک نئی امنگ اور تازہ ترنگ جاگ اُٹھی ہے۔

ہنڈولے انگنت ہرجا کھڑے ہیں
جہاں دیکھو تہاں جھولے پڑے ہیں

جھلاتا ہے کھڑا کوئی کسی کو
بہم چہلیں کرے ہے کوئی خوش ہو

کوئی لیتا ہے جھونٹا کوئی پینگیں
ہیں چرچے ہر طرح کے جا بجا میں

گلوں میں سکے ہیں پوشاک رنگیں
پھرے ہیں ناز کرتے وے، بتنزئین

بدن کا گورا گورا رنگ ان کا
اندھیرے میں ہے (چھب) اُنکی اُجالا

جڑاؤ اسپہ گہنوں کی چمک نے
دکھائے ہیں ہر ایک دم ایسے جلوے

کہ سورج کے ہوں کرنیں گرد جیسی
نظر آتی ہے ہر صورت وہ ایسی

اس موسم میں کھیتوں میں بہار آجاتی ہے دور دور تک ہریالی ہی ہریالی دکھائی دیتی ہے طرح طرح کے پنکھ پکھیرو ملکر ناچتے اور چہچہاتے ہیں—

لپک سبرے کی اور وہ جدول آب
ہر ایک کھیت اس سے خرم اور شاداب

نظر جاوے جدھر ہے سبز یکسر
لگا ہر کھیت سے تا دشت اور در

کہیں ساونی کی تیاری ہو رہی ہے کوئی تلاوا کر رہا ہے اور کہیں پکوان پک رہے ہیں—

کوئی تیاری میں ہے ساونی کی
کہ ہے یہ طور پیش از رسم شادی

تلاوے کوئی یکسو کر رہا ہے
کسیکو قصد یوں پکوان کا ہے

اندر سے کوئی سرخ و سبز تل کر
رکھے ہے گولیوں سے تھال بھر بھر

کوئی پٹو کوئی بارانی اوڑھے
پھرے ہے بھیگتا ہردم خوشی سے

یہ موسم سیر کی بے طرح دعوت دیتا ہے اور مصنف کا جی چاہتا ہے کہ وہ بے اختیار گھر سے نکل پڑے اور بیاض چشم پر اس موسم کا نقشہ کھینچے—

لبالب جا بجا تالاب دیکھے
جہاں تک کھیت تھے سیراب دیکھے

جہاں تک نظر کام کرتی تھی سبزہ لہلہاتا نظر آتا تھا ان ہریالیوں پر اودی اودی بدلیوں کا گھر کر برسنا اور ہواؤنکا تار بارش میں بجائے پانی کی بوندوں کے موتی پرونا دل کو لبھاتا تھا—

جب بادل برس کر کھلا تو دیکھا لوگ شکار کے لیے نکل کھڑے ہوئے ہیں—

کوئی لیے باز و جرہ تک رہا ہے
کوئی بندوق چھتیا لیے کھڑا ہے

کلنگ اور قرقرے جو جھیل پر تھے
کسی کے دور سے زیر نظر تھے

کوئی دام بچھائے ہوئے تھا کوئی مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹا ڈالے تھا، من چلے لوگوں کا چھل بازیوں کو جی چاہ رہا تھا- گاؤں کے لڑکے بالے پانی میں کود کے اور پانی کی سطح پر کتلیں پھینک پھینک کے اپنا کمال دکھا رہے تھے-

کوئی دم باندھ کر غوطے لگاتا
کسی کو کوئی چھو کر بھاگ جاتا

مزے کوئی کسی سے لے رہا تھا
کسی کو کوئی چھچھلی دے رہا تھا

لگا پانی پہ کوئی کتلوں کو
صفائی ہاتھ کی کہتا تھا دیکھو

ہیں میرے، کتلیں ہاتھوں میں جتنی
کھلاتا چھچھلیاں ہوں اُن کو اتنی

پانی کے ان کھیلوں کے ساتھ دوسرے کرتب بھی دکھائے جا رہے تھے، بھربھری مٹی میں اکھاڑا تیار کیا جارہا ہے- کوئی ڈنڈ بیٹھک لگا رہا ہے کوئی زورکر رہا ہے-

فن ورزش میں افزوں، ایک سے ایک
کوئی گج بیلیں کرتا اور سری ٹیک

کوئی مگدر کوئی لیزم ہلاتا
کسی سے کوئی ہاتھ آکر ملاتا

اسی کے ساتھ ادھر بھی اک نظر ڈال لیجئے یہ بھی اکھاڑا ہے مگر یہاں پٹے باز جمع ہیں-

کوئی بلم چلاتا کوئی بانا
ہر ایک کا تھا عرض ہر ایک بانا

پھری گرکا کوئی لے اُڑ رہا تھا
کسی سے چھوٹ کوئی لڑ رہا تھا

پٹا کوئی لگاتا اس چمک سے
کہ اک بجلی نظر آئی جھلک سے

انہوں میں چھوٹے چھوٹے تھے جو لڑکے
وہ سب مل اس طرح سے کھیلتے تھے

چـکٹی کـوئی کـوئی پھرکی پھراتا
کوئی لٹو پھرا گنڈلا تیا تا

کوئی واں کھیلتا تھا گولیاں ھـی
کوئی کچھ بولتا تھا بولیاں ھـی

کوئی کھیلے تھا اس جا گلـی ڈنڈا
کسی کا کھیل تھا واں گیڑیوں کا

یہ سب دیکھتے ہوئے بھی صاحب اشعار کو اپنا محبوب یاد آرہا تھا –

مجھے اس لعب چیں کا جو تھا دھیان
وھی آنکھوں میں پھرتا تھا ھر یک آن

بچشم حسرت آلـودہ نظر کر
گیا آگے وھاں سے میں گذر کر

اب شاعر کا گذر ایک ایسے مقام پر ھوتا ہے جہاں سبزہ و ریاحین کی سیر کے علاوہ وہ طرح طرح کے خوبصورت جنگلی جانور بھی دیکھتا ہے –

ھرن پاڑھے چکارے چرتے پھرتے
پرندوں کے وھاں جھنڈ آکے گرتے

درختوں پر جانور اس طرح پیار کی بولیاں بول رہے تھے جیسے گرفتہ دلوں کے عقدے کھول رہے ھوں – فاختہ کچھ اس طرح کوکو کر رھی تھی کہ جس کو سنکر آدمی وجد کرنے لگے، پپیہا پی کہاں پی کہاں کی رٹ لگائے ھوئے تھی جیسے اس سے زیادہ کوئی محب کا دم نہیں بھر سکتا قمریاں فریاد و فغاں سے بھری بیٹھی تھیں اور اُنکی «حق سرہٗ» کی صدا احساس جنوں کو جگاتی تھی، کوکلا کی دلکش آواز نے الگ اپنی ھوا باندھ رکھی تھی، طوطیوں کی شیریں سخنی کے آگے جیسے ناطقہ سر بگریباں تھا –

اگس، چنڈول، پدا اور شامـاں
پریوا ابلقا اور جـانور وھاں

کلول ایسی ھی ھر ایک کر رھا تھا
ھزاروں دم خـوشی کے بھر رھا تھا

جس کو سات سکھیوں کا پی کہتے ھیں وہ اپنی سکھیوں کو لئے پھر رھا تھا، بیے اُڑ اُڑ کر آرہے تھے اور ھزاروں طرح کی کاریگری دکھا کر اپنے جھونج بنا

رہے تھے - چکور اس ناز سے چلتے تھے کہ اُنکی ایک ایک ادا پر دل لوٹ پوٹ ہوے جاتے تھے - مور ایسے ناچ رہے تھے کہ چاند ستاروں سے سجا ہوا آسمان بھی اسے دیکھہ کر اپنی چال پر شرمندہ ہو جاے - وہیں سیر کرتے ہوے شاعر نے ایک نورانی ڈھیر بھی دیکھا جو درختوں سے گھرا ہوا تھا اور اس کے قریب میلا لگ رہا تھا -

« بیان میلے کا »

اس میلے کی سیر بھی اس عہد کی معیشتی اور معاشرتی زندگی ھی کی ایک سیر ہے وہ سارا جنگل لوگوں کے ہجوم سے بھر گیا تھا، درختوں میں جھولے پڑے تھے اور ہنڈولے گڑے ہوے تھے، چاروں طرف بازار لگا ہوا تھا اور خریدار ٹوٹے پڑتے تھے ان میں سے زیادہ بھیڑ مٹھائی والوں کی دکان پر تھی -

مٹھائی والوں کی پالیں جو رنگین
کھڑی تھیں اُونچی اُونچی وہاں بترئین

بنیں اقسام کی لوزیں وہ خوش رنگ
کہ جن کو دیکھہ کھل جاوے دل تنگ

ورق سے سونے اور رُوپے کے لپٹیں
چمکتے خوانچوں میں یوں دھریں تھیں

طبق حلواے مقراضی سے لبریز
کہ جن پر جان شیریں تھی شکرریز

جو تھی سان عروس اور پستہ مغزی
لپیٹی کاغدوں میں یوں دھری تھی

شکر لب تھے شکرپاروں پہ مایل
انھوں کا ان پہ ہردم لوٹتا دل

جلیبی شیرہ جاں سے بھری تھی، کھاجا یا کھجلا دیکھہ کر بے اختیار جی چاہتا تھا کہ اسے کھا جائیں -

بیاں کیا لڈو اور پیڑوں کا کیجے
مزا جب تک نہ اُن کا خوب لیجے

مٹھائی کا جو میں لوں نام بالکل
بجا ہے گر مٹھائی کا کہوں پل

میر کاظم علی دہلی کے تھے اس لئے انھیں مٹھائیوں کے ذکر کے ساتھ «مٹھائی کا پل» بھی یاد آگیا، حلوائی سورج کی شعاؤںکی چھیپی یا موری ھاتھ میں لیے اچھی اچھی مٹھائیوں کی مگس رانی کرتا تھا – ان کے برابر برابر کچھ دکانیں پکوان والوں کی تھیں، نان بائی کی دکان پر نہ جانے کتنی شیرمالیں رکھی تھیں چھاک کے چھاک نان نعمت کے لگے تھے اور انھیں میں تنکیاں اور نان پاو بھی ڈھیر کے ڈھیر موجود تھے کلچوں اور گاودیدوں کے ساتھ باقرخانیوں کے بھی خوان کے خوان بھرے رکھے تھے –

کباب اقسام کے تیار دیکھے
مصالحے کے لگے انبار دیکھے

نہاری کے کھڑکتے دیگچے تھے
مرے کے تھے طاقوں میں دو پیازے

پلاؤ قلیہ و زردہ مزعفر
متنجن زیر بریانی پکا کر

ہر ایک باورچی واں اور خاص پر بھی
خریداروں سے باتیں کر مزے کی

طاقوں میں نکال اور مول کر کے
ہر ایک کو بیچتا تھا خوان بھر کے

جہاں فالودے والوں کی دوکان تھی
نظر آتی عجب خلقت وہاں تھی

ادھر اُدھر ایسے دکاندار بھی تھے جو خشک و تر میووں کے ڈھیر لیے بیٹھے تھے – ہزاروں خوانچے والوں نے اپنے اپنے خوانچے طرح طرح کی کھانے کی چیزوں سے بھر رکھے تھے ہر ایک تنبولی اپنی دکان پر بیٹھا پانوں کی ڈھولیاں الٹ پلٹ رہا تھا اس کے سامنے بہت سارے بیڑے لگے ہوئے رکھے تھے اور اسی کے ساتھ پھول والے ہر آنے والے سے یہ کہتے تھے کہ میاں نذر کے پھول لیتے جاؤ پھل لیتے جاؤ– کھلونے والے الگ اپنی اپنی دستکاریوں اور صنعتوں کے نمونے لئے ہوئے یہاں اور وہاں کھڑے تھے اور کھلونوں کی دھڑا دھڑ بکری ہورھی تھی –

تماشا دیکھنے اور دکھانے والے لوگ الگ غول کے غول موجود تھے اور طرح طرح کے کرتب دکھائے جارہے تھے –

تماشا دیکھنے والوں کے تھے غول
بجاتے تھے براھی جا بجا ڈھول

کہیں ہوتی تھی لای اور کہیں نٹ
کلا یک یک نئی کرتے تھے جھٹ پٹ

ڈفالی اپنے ساز (رباتیں) بجاتے تھے اور اپنی بےسری کی تانیں لے رہے تھے-

خوشی کی جھانجھ میں آ گا رہے تھے
بدا قسمت کا اپنی پا رہے تھے

کسی جا دکھنیوں کا ناچ دیکھا
اور اُن کا تھا تماشا ہی نرالا

سگھڑ جو رنڈیاں تھیں ان میں ہردم
دکھاتی تھیں ہزاروں ہی وہ عالم

کبھی منہہ میں کوئی بھر اپنے موتی
زباں سے ناچنے میں تھی پروتی

کوئی پاؤں تلے دھر اپنے تھالی
کھڑی لیتی تھی گت ہی اک نرالی

کوئی تلواروں کی دھاروں کے اوپر
تھرکتی بھاؤ چتون سے بتا کر

کوئی اپنوں پہ اپنی دھر کف پا
دکھاتی تھی تماشا اور کیا کیا،

کسی جا رام جنیوں سے مزا تھا
کوئی وھاں شیشہ بازی کر رھا تھا

تماشا کرتیاں تھیں بھان متیاں
سماں دکھلاتیاں تھیں اک نیا واں

کسی جا چونہ پزنی اور نٹنی
کسی جاگہ تھی سنگت ھیجڑونکی

ان ناچنے گانے والوں کے طائفوں میں سب سے زیادہ بےتکلف ھیجڑونکی ٹولی تھی جنکے لیے صاحب اشعار نے لکھا ہے-

زنانے اک طرف لڑتے تھے پھکڑ
کہیں اُڑتا تھا کانجا اور ککڑ

ان کے فن کی داد دینے والے بھی ایسے ہی تھے کوئی سبزی (بھنگ) کا پیالہ چڑھائے ہوئے تھا کوئی چرس کا دم لگا رہا تھا، وہ ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنستے تھے اور آنکھ ملا کر آوازیں کستے تھے کہیں شراب و کباب کا دور تھا اور نشہ میں لوگ شور مچا رہے تھے – کسی گوشے میں کوئی دھمدھمی بجانے میں لگا ہوا تھا اور یاروں کو ساتھ لئے ٹپا گا رہا تھا –

اس ھنگامے اس شور و غل اور اس ناچ رنگ سے گذر کر اس نورانی ڈھیر کو دیکھا جو کسی بزرگ کا مزار تھا جہاں سال کے ان دنوں میں میلہ لگتا تھا اور جنگل میں منگل نظر آتا تھا جہاں کوئی مٹھائی اور پھول چڑھا کر منت مان رہا تھا کوئی رو رہا تھا کوئی مس کے دھاگے باندھ رہا تھا کوئی کہتا تھا جب سے میرا یار مجھسے جدا ہوا ہے ایک لمحے کے لیے نہ مجھے چین ہے نہ آرام – مصنف کا دل بھی اس وقت غم آشنائے فراق تھا –

نہ مجھکو ہے کسی جا ٹھور نے ٹھاؤں
کبھی ہیں خار صحرا اور مرے پاؤں

اس ہجوم اور ہنگامہ میں «دیا بتی» کا وقت آگیا –

ہزاروں شمعیں روشن ہو گئیں وہاں
کنول اور قمقمے سرو چراغاں

ہوئے یوں جلوہ گر نزدیک اور دور
نظر آنے لگا ایک عالم نور

رات کو طوائفوں کا مجرا ہوا اور سحر تک قوالیاں ہوتی رہیں اور صبح کے وقت قل ہوا –

ہوئی جس وقت واں قل سے فراغت
تو پھر طوف و زیارت کر کے خلقت

چلی گھر اپنے اپنے ملکے یکسر
رہا منہہ دیکھتا میں ان کا ششدر

مصنف بھی با دل داغ داغ اُن کے ساتھ روانہ ہوا اسپر فراق محبوب اور عالم شوق و شیفتگی نے دیوانگی کی سی ایک حالت طاری کردی تھی –

مجھے اس دشت میں ہر چند ہر دم
مرقع کا نظر آتا تھا عالم

کہ تھے کوسوں تلک وے جھاڑ بوٹے
جنہیں سیاح کہتے تھے انوٹھے

وہ طرح‌طرح کے جنگلی پھولوں کے درمیان سے گذر رہا تھا مگر غنچہ کی طرح دل تنگ اور اپنے چمن دل کی سیر میں کھویا ہوا تھا کہ اس نے سر راہ ایک شہر دیکھا۔ ایسا شہر جنت کو بھی جسکا پریکھا رہے۔

بہم گنجان درخت ایسے تھے پر بار
کہ تھے ہر شاخ میں خروار خروار

کوے تالاب جھیلیں جا بہ جا تھیں
نہایت خوب و دلکش خوشنما تھیں

اسی کے ساتھ وہاں خوب رویوں کا جھمگھٹ اور سر طلعتوں کا بڑا مجمع تھا عاشق و معشوق ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ساتھ ساتھ پھر رہے تھے۔

کہ ہر سو پھرتے ہیں بےزحمت غیر
بہم معشوق و عاشق دیکھتے سیر

اور ایسا شہر تھا مُطبوع و دلکش
کہ رضوان دیکھ کر جسکو کرے عش

جو لوگ میلے میں گھومنے اور پیر کے مزار کی زیارت کرنے گئے تھے یہ شہر والے ان کے منتظر تھے جیسے ہی انہوں نے دور سے آتے ہوے اس مجمع کو دیکھا وہ اُنکی طرف بڑھے کسی نے کسی کے ہاتھ چومے کوئی کسی کے قدموں پر گرا۔

گلے میں ہار لا ڈالا کسی نے
نثار ان پر کیا کچھ آ کسی نے

اس موقع پر ایک خوبرو نے صاحب تالیف کو دعوت دی کہ وہ ان کے ساتھ چلے اور ایک دو روز ان کے گھر مہمان رہے۔

[باقی دارد]

سیہ پوش

ڈاکٹر حامداللہ ندوی

[۱]

کہتے ہیں کہ محمود کو راتوں میں بھیس بدل کر گھومنے اور اپنی رعایا کا حال معلوم کرنے کی عادت تھی ۔ ایک رات وہ حسب معمول بھیس بدل کر چلا جا رہا تھا کہ اس نے وزیر کے محل کے قریب ایک نوجوان کو دیکھا جو ہاتھ میں کمند لئے کھڑا ہے اور اوپر چڑھنے کی فکر میں ہے، محمود نے للکارا اور اپنے آپ کو کوتوال ظاہر کر کے اس کو گرفتار کرنے کی کوشش کی، نوجوان نے کہا میں چور نہیں ہوں، ایک شریف باپ کا بیٹا ہوں تمہیں یقین نہ ہو تو میرے ساتھ چلو اور میرے باپ سے مل لو۔ محمود اس کے ساتھ ہولیا۔

جب دونوں گھر پہنچے تو اس کا باپ قرآن مجید کی تلاوت میں مصروف تھا۔ اس نے محمود کو کوتوال سمجھا اور اتنی رات گئے لڑکے کو حراست میں لینے کی وجہ دریافت کی۔

محمود نے بتایا کہ میں اس شہر کا نگہبان ہوں۔ تمہارا یہ لڑکا چور ہے اور میں نے اس کو گرفتار کیا ہے لیکن چونکہ ابھی دوپہر رات باقی ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ تم اس کی ضمانت دو۔ صبح اس کا فیصلہ ہو گا۔ باپ نے زر و جواہر کی پیش کش کی، محمود نے نہ مانا تو اس نے کہا یہ میرا بیٹا ضرور ہے لیکن نافرمان ہے۔ اب میرے اور اس کے درمیان کوئی رشتہ باقی نہ رہا۔ چونکہ اس نے میرا حوالہ دیا ہے اس لئے میں نے زر و جواہر کی پیش کش کی۔ ورنہ سچ یہ ہے کہ کسی حالت میں میں اس کی ضمانت دینے کے لئے تیار نہیں ہوں۔

باپ کی طرف سے مایوسی ہوگئی تو نوجوان نے اپنے ایک دوست یعقوب کا حوالہ دیا، اور محمود سے کہا کہ وہ ضرور میری مدد کریگا میرے ساتھ چلو۔ دونوں وہاں پہنچے، یعقوب اپنے محل میں آرام کر رہا تھا، انہوں نے آواز دی، وہ تلوار لیے کر باہر نکلا اور اپنے دوست کو کوتوال کی حراست میں دیکھا تو فوراً معاملے کو سمجھ گیا اور بغیر کسی پس و پیش کے اپنی ضمانت پیش کردی، اور اپنے دوست کو لے کر محل میں چلا گیا۔

محمود دیوار کی آڑ میں کھڑے ہوکر دونوں کی باتیں سننے لگا — نوجوان اپنے دوست سے کہہ رہا تھا : میں وزیر کی لڑکی کی محبت میں گرفتار ہوں — اس کے حسن کی کیا تعریف کروں — عجب نازنین اور نازک اندام ہے — اس کے ابرو کھنچ کر عید کا چاند ہوگئے ہیں اور رخسار باغ ارم کے دو آتشیں پھول، اس کے ہونٹوں سے آبحیات بہتا ہے — جب وہ آنگن میں اٹھلا کر چلتی ہے تو ایسا لگتا ہے جیسے گگن میں پونم کا چاند جلوے بکھیر رہا ہو، جب وہ سیر کے لئے نکلتی ہے تو پھول بھی باغوں سے نکل کر اس کے درشن کے لئے چلے آتے ہیں — مجھے اس کی محبت نے دیوانہ بنا دیا ہے، اور اُسے میری محبت نے — لیکن ہماری محبت پاک ہے — آج میں اس سے ملنے کے لئے جا رہا تھا کہ پکڑا گیا —

رات تیزی سے گذر رہی تھی اور صبح ہونے کو آئی تھی اس کی زندگی اور موت کے درمیان چند ہی لمحات کا فاصلہ باقی رہ گیا تھا — نوجوان نے اپنے دوست سے اجازت لی اور اپنی محبوبہ سے آخری بار ملنے کے لئے روانہ ہوگیا — اس وقت تک اس کی محبوبہ نے رو روکر اپنا برا حال کرلیا تھا جب نوجوان نے اپنی گرفتاری اور ضمانت کی خبر سنائی تو وہ اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی — نوجوان نے دلاسا دیا اور آخری درخواست صرف یہ کی کہ میرے قتل کے وقت تم میرے سامنے حاضر رہو — کم ازکم آخری وقت میں تمہارے دیدار کرلوں، اور میری جان آسانی سے جائے —

صبح ہوئی، موذن بولا، پرندے چہچہائے، دربار لگا، بادشاہ نے سپاہیوں کو حکم دیا، جاؤ اور اس نوجوان کو پکڑ لاؤ — نوجوان انتظار ہی میں تھا، ساتھ ہولیا، محل پہنچ کر دیکھا کہ بادشاہ، وزیر، امیر اور سارے درباری جمع ہیں اور باہر ایک بھیڑ لگی ہوئی ہے —

نوجوان قتل گاہ میں کھڑا ہے سب کی نظریں بادشاہ کی طرف لگی ہوئی ہیں، آخری حکم کا انتظار ہے — اتنے میں لوگوں نے دیکھا کہ ایک سیہ پوش مجمع کو چیرتا ہوا قتل گاہ کی طرف بڑھ رہا ہے — بادشاہ نے اس کو دیکھا، درباریوں نے اس کو دیکھا، تماشائیوں نے اس کو دیکھا، لیکن وہ سب سے بےپروا اس نوجوان کی طرف بڑھتا چلا گیا — سب کے دل تیزی سے دھڑکنے لگے، سب کے ذہن میں ایک ہی سوال تھا، یہ سیہ پوش کون ہے؟ اس نوجوان سے اس کا کیا رشتہ ہے اور ایسے خطرناک موقع پر اس کو یہاں آنے کی جرأت کیسے ہوئی؟

بادشاہ مسکرایا، اس نے پہلے وزیر سے اور پھر درباریوں سے مخاطب ہوکر پوچھا، کیا تم جانتے ہو کہ یہ سیہ پوش کون ہے اور یہ نوجوان کون؟ اور کس جرم کی پاداش میں آج اس کو یہاں لایا گیا ہے؟ سب خاموش رہے — پھر بادشاہ کی

آواز خاموش فضا میں گونجی اور دھیرے دھیرے سب نے رات کا ماجرا سنا ، اب ان کا ذہن صاف تھا ، سیہ پوش وزیر زادی ہے ، اور یہ نوجوان اس کا عاشق ، عشق کے جرم میں اس کو قتل کیا جا رہا ہے ـ

بہ جرم عشق تو مارا کشند و غوغای ست
تو نیز بر سر بام آ عجب تماشای ست

اب جیسے جیسے آخری لمحہ قریب آرہا تھا لوگوں کی ہمدردیاں اس نوجوان جوڑے کے ساتھ بڑھتی جا رہی تھیں ـ ان کی دعا بس یہی تھی کہ نوجوان بچ جائے ـ بادشاہ نے سب کی صورتوں کو بہ غور دیکھا اور ایک لمحہ توقف کرنے کے بعد اعلان کیا : یہ دونوں اپنی محبت میں سچے ہیں ـ ان کی سزا موت نہیں زندگی ہے ـ اس لئے ہم ان کو معاف کرتے ہیں ـ ان دونوں کی شادی خاص ہماری نگرانی میں ہوگی ـ

[۲]

اس قصے کو بنیاد بنا کر شاہ رحمان نے سیہ پوش کے نام سے ایک مثنوی موزوں کی ہے، شاہ رحمان کون تھے اور کس سنہ میں انھوں نے یہ مثنوی لکھی اس کا خود مثنوی سے کوئی پتہ نہیں چلتا ، انھوں نے مثنوی کے صرف آخری شعر میں اپنا نام لیا ہے شعر یہ ہے:

کیا شاہ رحمان نے قصہ تمام
بحرمت محمد علیہ السلام

لیکن بعض بیرونی ذرائع سے ان کے کچھ حالات سامنے آتے ہیں ، پہلا ذریعہ ایک خط ہے جو کوکن کے مشہور عالم اور محقق مولوی محمد یوسف کھٹکھٹے نے ۱۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء کو ڈاکٹر عبدالحق کو لکھا ، وہ لکھتے ہیں :

جناب مکرم و محترم مولوی عبدالحق صاحب بی. اے. سکریٹری انجمن ترقی اُردو دام لطفہ ـ

السلام علیکم و رحمہ اللہ و برکاتہ ، اوراق ولی پہنچے ، جن کے لئے ممنون ہوں ، یوسف زلیخا بے امین انشاء اللہ روز دو شنبہ بصیغہ رجسٹری وصول ہوگی ، شاہ رحمان کے چند اشعار جو اس مجموعہ یوسف زلیخا سے نقل کئے ہیں مع انتخاب قصائد علقمہ و محمود سیہ پوش کے جو اور جگہ سے نقل کئے ہیں آج خدمت عالی میں بھیجتا ہوں ، یہ ایک مستقل مضمون ہے متعلق شاہ رحمان ، اگر مناسب جانیں تو ریویو میں طبع فرما دیں ـ

اس کے بعد دو دکھنی شعرا فراق اور ہاشم کے متعلق کچھ معلومات ہیں اور پھر لکھا ہے :

«بسم تعالی، شاہ رحمان، شاہ رحمان کی طرف دیوان سراج میں جو سنہ ١١٥١ میں مصنف نے جمع کیا ہے ان اشعار میں اشارہ ہے-»

کیا روشن چراغ دل کو میرے
سراج اب فضل رحمانی یہی ہے

گنج مخفی سے آشنا ہے سراج
جب سیں ہوئی ہے نگاہ رحمانی

مرشد کے نور حسن کا قربان ہے سراج
ہے ذات پاک حضرت رحمان کی قسم

یار کا دیدار پاکر اے سراج
شکر رحمان کر کہ تو واصل ہوا

خود شاہ رحمان شوق کے معاصر ہونے کا اشارہ اس شعر میں کرتے ہیں :

اگر اس شعر کو یاراں پڑھو دکن منے جاکر
کہے شوق مگر رحمان مرا ہمکار آیا ہے

یہ تو معلوم ہے کہ شوق ولی سے پہلے انتقال کر چکا ہے، کیونکہ ولی کہتا ہے -

برجا ہے اگر جگ میں ولی پھر کے دوجے بار
رکھ شوق مرے شعر کا شوق حسن آوے

ان اشعار سے معلوم ہوا کہ شاہ رحمان، شوق، ولی، اور سراج کے ایک معاصر ہیں، شاہ رحمان و شوق تو معاصر ہیں، سراج شاید شوق سے متاثر ہیں اور اسی طرح ولی، لیکن سب قریب العصر ہیں- بہر حال آپ کے چند اشعار جو دستیاب ہوے ہیں، ذیل میں مندرج ہیں-

(١) یہ اشعار بچوں کے رسم آمین خوانی کے متعلق ہیں جن کے چند شعروں کے آخر میں تو مصرع چہارم «اے شاہ دوجہانی» ہے اور چند شعروں کے آخر میں «سبحان من یرانی»

(٢) دوسری نظم نصیحت میں، اس کا عنوان کتاب منقول عنہ میں «مولود» ہے، غالباً تقریب مولود شریف میں یہ پڑھی جاتی تھی -

(۳) اور (۴) دو غزلیں ہیں، یہ سب ایک ہی مجموعے سے نقل کی گئی ہیں جو بخط قدیم ہیں۔

(۵) قصہ علقمہ کا انتخاب ہے؛ حاصل مقصد یہ کہ علقمہ پر سخت جان کندنی تھی اور ان کی روح تب ہی پرواز کرگئی جب ان کی والدہ نے بحضور سرور کائنات علیہ و علی الہ الصلوۃ والتسلیمات ان کی نا فرمانی کی خطا معاف کی۔ ابتدائی اشعار ہی عمدہ ہیں، خاتمہ کے اشعار میں شاہ صاحب کی عاشقانہ طبیعت کا ذکر اور تخلص ہے۔ وہ اشعار یہ ہیں:

دل میں مرے گر نا ہوتا
اِن خوبرویاں کا مرا

لکھتا قلم میرا یقیں
ساری عمر ماں کی میا

ماں کی رضامندی منیں
حاصل ہے حوری بہشت کی

رحماں ہوا مقبول تب
لیتے ہیں جب ماں کی دعا

(۶) انتخاب قصہ محمود سیہ پوش ہے، حاصل مقصد یہ کہ وہ کسی شب کو شہر کا تجسس کرتے وقت ایک شخص کو وزیر کے محل کے نیچے کمند لئے ہوئے دیکھ کر گرفتار کرتا ہے، ایک دوست صبح تک کا اس کا ضامن رہتا ہے کہ صبح کو اس کو حوالۂ محمود کرے۔ یہ دوسرے قیدی سے اس کا قصہ سن کے اجازت دیتا ہے کہ وہ وزیرزادی کو جو اس کی معشوقہ ہے وداع کرکے آئے، صبح کو جب پہرہ دار ضامن کے پاس آتا ہے تو وہ ضامن کہتا ہے کہ میں خود ملزم ہوں اور اور قتل گاہ میں جاتا ہے، قیدی جب بیدار ہوتا ہے تو وہ بھی پہنچ جاتا ہے اور وزیرزادی بھی قتل گاہ میں حاضر ہوتی ہے۔ محمود جو قیدی کے پیچھے شب بھر گھومتا تھا اور قصہ سے واقف ہوا تھا، اس کی شادی معشوقہ سے کر دیتا ہے، شاہ رحمان لکھتے ہیں کہ اس کا عشق عصمت و پاکی پر مبنی تھا والسلام؛ یہ دونوں قصے ایک اور مجموعہ سے نقل کئے گئے ہیں جو اواخر صدی سیزدہم میں لکھا گیا ہے۔

تواریخ نامہ میں دیکھا ہمن
جو سر بستہ تھا سلطنت کا سخن

کہ سلطان محمود صاحب نظر
ہوس کے لیؤں میں نگو کی خبر
کئے کالے کپڑے نما شام کوں
مگر دیکھوں اس روم ہور شام کوں

جب محمود قیدی کو اس کے دوست کے پاس ضمانت کے لئے لے گیا تھا اس وقت دوست آرام میں سوتا پڑا تھا:

یکی یار ہے ناز آنند میں
دگر یار کوتوال کے بند میں
یکی یار مدپی کے بدمست تھا
دگر یار کا بند میں دست تھا
یکی یار یاذوں خوشحال تھا
دگر یار کے سر پہ جنجال تھا
یکی یار کا دل بغل بیچ تھا
دگر یار کا دل محل بیچ تھا

بعد ضمانت قیدی اپنے دوست کو خود کا قصہ سناتا ہے، وزیرزادی کی تعریف میں کہتا ہے:

عجب نازنیں سر لنبے کیس ہے
نجانوں کہ جگ دیس کے بھیس ہے
نہیں خنجر و تیر پولاد کے
پلک نت سو خونی ہیں صیاد کے
بھی دار سر سوں ہے دامن ستیں
رفو کیا کیا جاوے سوزن ستیں
بھنواں کھنچ کماناں کہ ماہ عید ہے
تمارے ہمارے کا کیا دید ہے
دو رخسار جیوں آتشیں گل دسے
ارم بہشت کے باغ کا پھل دسے
دونوں لب مدور چشمہ آب ہے
کہ اب جیو لینے کو گرداب ہے

اِسی چاہ کے بیچ غرقاب ہوں
زمانے کے رستم کا سہراب ہوں

نہایت لٹک چال میں نار ہے
کہ گجراج گیتی گرفتار ہے

برس چودھویں بیچ دلبند ہے
کہ جوں چودھویں رات کا چند ہے

زراین سجے موتی کندن اتھے
کیتے پر تکلف کے ابرن اتھے

دریا اس کے موتی کا چاکر ہوا
یہ زیور زراین کا زرگر ہوا

بشر یا پری یا اپے حور کہوں
رکھو مجھکو معذور تو نور کہوں

اگر وہ لٹکتی چلے گھر آنگن
کہ پھرتا پونم چاند بھیتر گگن

قیدی جب وزیرزادی سے اس شب ملتا ہے اور اس کو خبر دیتا ہے کہ صبح کو وہ قتل کیا جائے گا تب وزیرزادی نے:

حقیقت سنی نازنیں یار کی
گئی بھول تب بات سب پیار کی

کٹی جاری انجواں وو گالاں اوپر
انے ماری ہاتھاں دو گالاں اوپر

پکڑ چوٹی بالاں کے کر تار تار
اساساں بھری دل میں ای بار بار

دھواں آہ کا لب سوں ایسا چلا
عجب ہے کہ سارا شہر نا جلا«

دوسرا ذریعہ کلیات سراج ہے جس کو سنہ ۱۹۴۰ میں عبدالقادر سروری نے مرتب کرکے مجلس اشاعت دکنی مخطوطات حیدرآباد کی طرف سے شائع کیا تھا، اس کے مقدمے میں انہوں نے شاہ رحمان کو سراج اورنگ آبادی کے پیر و مرشد کے طور پر پیش کیا ہے، وہ لکھتے ہیں:

«جب انہیں (سراج کو) افاقہ ہوا تو صاحب باطن بزرگوں اور فقیروں کی صحبت کی خواہش دامنگیر ہوئی، اسی تلاش و جستجو میں حضرت شاہ عبدالرحمان چشتی انہیں مل گئے، ان کی خود نوشت کا اقتباس حسب ذیل ہے:

بعد انقضائے مدت مذکورہ تلاش لذت تحقیق محرک جاں گردید، تا بہ آں وساطت بجناب حامی شریعت غری، سالک طریقت الاخفی ... حضرت خواجہ سید شاہ عبدالرحمان چشتی قدس اللہ سرہ العزیز کہ وصال مقدسش در سنہ احدی ستین و مایتہ و الف اتفاق افتاد مستعد ارادت گشتہ فیض یاب ارشاد گردید ـ

... حضرت شاہ عبدالرحمن کے متعلق تذکرے بھی ساکت ہیں، صرف قاقشال ہی کے بیان سے اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ وہ اورنگ باد کے صاحب کمال بزرگوں میں شمار ہوتے تھے ـ اور چشتیہ گھرانے سے تعلق رکھتے تھے، لیکن جس تلاش اور جستجو کے بعد سراج نے انہیں اپنی دنیوی اور دینی رہبری کے لئے منتخب کیا تھا اور جو اثر ان کے فیضان کا سراج پر پڑا اس کے لحاظ سے حضرت شاہ عبدالرحمان کی روحانی قوتوں کا پتہ چل سکتا ہے، اس کے علاوہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہایت متشرع بزرگ تھے چنانچہ اپنے انتقال سے چند سال پہلے آپ نے سراج کو غالباً ان کی روحانی ضرورت کے مد نظر شاعری سے منع کردیا تھا، اور سراج نے ایک سچے عقیدت مند کی طرح مرشد کے احکام کی تعمیل کی... سراج نے سنہ ۱۱۴۶ تا ۱۱۴۷ ھ میں حضرت شاہ عبدالرحمان سے بیعت کی اور یہی زمانہ ان کی اُردو شاعری کے آغاز اور عروج کا ہے ـ غالباً اسی لئے وہ اپنے شعر کی تاثیر کو مرشد کے فیض کا اثر بتلاتے ہیں ـ

مشعل سوز جگر ہے ہر غزل میری سراج
شمع دل روشن ہے فیض شاہ رحماں کے طفیل

سنہ ۱۱۶۱ھ میں حضرت شاہ عبدالرحمان چشتی کا وصال ہوگیا، سراج کو ان سے جو ارادت تھی اس کے مد نظر یہ جانکاہ صدمہ ان کے لئے یقیناً بہت تھا فقر و درویشی وہ پہلے ہی اختیار کر چکے تھے اس حادثہ کے بعد وہ بھی گوشہ گریں ہوگئے ـ (ص ۳۲ - ۴۲) ـ

تیسرا ذریعہ خود کلیات سراج ہے، سراج نے اپنی غزلوں میں جگہ جگہ اپنے پیر و مرشد شاہ رحمان کا نام بڑے عزت و احترام کے ساتھ لیا ہے ـ اس کے کچھ حوالے مولوی محمد یوسف کھٹکھٹے اور سروری کے بیانات میں موجود ہیں، ان کے علاوہ ان کے کلیات میں ایک مستقل قصیدہ بھی حضرت شاہ رحمان کی شان میں موجود ہے جس میں خود سراج کا لکھا ہوا یہ نوٹ ہے ـ

«آتش رسیدہ، احوال دیدۂ غم دیدہ و دل ہجراں کشیدہ، خطاب بہ قاصد آہ، مناجات بجناب مرشدالہ» —

اس کے خاتمہ کے بعض شعر ہیں:

مری اُمید کوں برلا شتاب یا رحماں
کہ جانتا ہوں تجھے اپنی بے کسی پہ رحیم
جمال مجھ کو دکھا اپنے یار جانی کا
کہ قلب صاف سے کرتا ہوں میں دعائے صمیم
(ص ۵۴۳)

اِن تینوں ذرائع سے سیہ پوش کے مصنف شاہ رحمان کے جو حالات زندگی سامنے آتے ہیں وہ یہ ہیں:

شاہ عبدالرحمان اورنگ آباد کے رہنے والے تھے اور خانوادۂ چشتیہ سے ان کا تعلق تھا، سنہ ۱۱۳۶ھ میں سراج اورنگ آبادی نے ان سے بیعت کی تھی، ان کے قریب العہد شاعروں میں سراج کے علاوہ شوق اور ولی کا بھی ذکر کیا جاسکتا ہے — خود بھی اعلیٰ درجہ کے شاعر تھے، سیہ پوش کے علاوہ بعض نظمیں، غزلیں، اور مثنویاں بھی انھوں نے یادگار چھوڑی ہیں، سنہ ۱۱۶۱ھ میں اِنتقال کیا —

[۳]

لیکن بات یہیں ختم نہیں ہوتی کیونکہ شاہ رحمان کے نام سے بعض اور بزرگوں کے حالات بھی دکنی ادب کی تاریخوں میں ملتے ہیں جو تقریباً اسی عہد کے ہیں جس عہد کے سراج کے مرشد شاہ رحمان تھے - چنانچہ دکن میں اُردو میں ہاشمی صاحب نے شاہ رحمان کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

«شاہ عبدالرحمان قادری اسی دور کے شاعر ہیں بیجاپور کی تباہی کے بعد برار کا رخ کیا، اورنگ زیب عالمگیر کے فرزند شاہ عالم کے مقربین میں کچھ دن رہے، پھر دہلی چلے گئے، وہاں کے قیام کے زمانے میں روز جمنا کی سیر کو جاتے، وہاں اِمام حسین کے حالات میں درد انگیز فارسی اشعار سنتے، اس کا اس قدر اثر ہوا کہ ایک طویل مثنوی جو سولہ ہزار شعر پر مشتمل ہے قلمبند کردی، اس کا نام «باغ حسینی» رکھا (۱۱۴۱ھ)، اس کا ایک مخطوطہ کتب خانۂ خانقاہ عنایت اللّٰہی میں موجود ہے» —
(بحوالہ دکنی ادب کی تاریخ، ڈاکٹر زور ص ۱۱۲)

اسی طرح محمد اکبرالدین صدیقی نے بھی اپنے دکھنی مضامین کے مجموعے «بجھتے چراغ» میں رحمان شاہ کے نام سے ایک بزرگ کا تذکرہ کیا ہے۔ چنانچہ سہیلا-رحمان شاہ کے نام سے دکنی ادب میں متداول خوشی کے گیتوں پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے:

«حضرت علی پیر اپنے دادا کے حین حیات پیدا ہوئے اور حضرت بابا شاہ حسینی کے وصال کے بعد سنہ ۱۱۱۹ھ میں مسند آرائے سجادگی ہوئے۔ آپ کے ایک مرید اور درگاہ کے فقیر رحمان شاہ نے اس جلوس کا ایک منظوم مطر پیش کیا ہے یہ رحمان شاہ تعلیم یافتہ تھے۔ اور حضرت علی پیر کے خاص خادم تھے (درگاہ امین الدین اعلیٰ تک پہنچنے سے پہلے درگاہ شریف کے علاقے میں ان کا اور ان کے ہم نام پوتے کا مزار ہے جہاں ان کی اولاد ان کا عرس کرتی ہے) وہ درگاہ شریف کے کتب خانے کے لئے کتابیں بھی لکھتے تھے۔ اور خود بھی شاعر تھے، ان کی تحریر کردہ کتابوں کے علاوہ ان کا ایک سہیلا (۵۴) مصرعوں کا دستیاب ہوا ہے جس پر رسالہ رحمانی لکھا ہوا ہے۔ اس کا ایک مکمل اور ایک ناقص مخطوطہ موجود ہے، یہ دونوں نسخے درگاہ حضرت امین الدین کے کتب خانہ کے مخزونہ ہیں»۔
(ص ۵۵-۵۶)

اس سلسلہ میں رحمان شاہ پر حاشیہ میں نوٹ دیتے ہوئے انھوں نے مزید لکھا ہے: «واضح رہے کہ ایک رحمان شاہ حافظ میر شجاع الدین خلیفۂ حضرت شاہ رفیع الدین قندھاری کے مرید ہیں جنھوں نے قصۂ سیہ پوش لکھا ہے»۔

ہاشمی اور صدیقی کے مذکورہ دو حوالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سیہ پوش کے مصنف شاہ رحمان کے حالات کی تعیین اتنی آسان نہیں ہے جتنی کہ نہ طاہر کھٹکھٹے اور سروری کے بیانات سے معلوم ہوتی ہے، کیونکہ تقریباً ایک ہی عہد میں ایک ہی نام کے تین تین بزرگوں کا تذکرہ تاریخوں میں ملتا ہے۔ جو حالات، ذہنی رجحان اور کارناموں کی رو سے ایک دوسرے سے الگ معلوم دیتے ہیں، اور کسی ایک کے متعلق یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ سیہ پوش کا مصنف ان میں سے کون ہے۔ سراج کے مرشد یا کوئی اور۔

اس مسئلہ کے حل کے لئے جب ہم نے اکبرالدین صدیقی کی طرف رجوع کیا تو انھوں نے تحریر فرمایا:

«شاہ رحمان کی شخصیت کے بارے میں مجھے شک ہے۔ سراج کے مرشد شاہ عبدالرحمان چشتی، سیہ پوش کے مصنف شاہ رحمان دونوں ایک ہیں یا علٰحدہ، شاہ عبدالرحمان چشتی کی مرادالاسرار اور سیہ پوش میں کوئی مناسبت ہے یا نہیں۔

ڈاکٹر زور تذکرہ کی پہلی جلد میں صفحہ ۲۰۸ پر شاہ رحمان کو مولانا شاہ رفیع الدین قندھاری کا خلیفہ بتاتے ھیں، شاہ رحمان کے ایک خلیفہ شاہ حیدر (فقیراللہ) نے ایک نظم تناول لکھی ہے، تذکرہ جلد اول صفحہ ۱۶۰ میں لکھا ہے، «فقیراللہ شاہ بن محمد سنگی عفی عنھما پا بوس سلسلہ عالیہ قادریہ بوساطت یداللہ فوق ایدیھم کے قدم گیر حضرت رحمان شاہ بن محمد شبیر قدس سرہ خوبہذیر؟ حضرت شاہ رفیع الدین بن شمس الدین الدکھنی القندھاری رحمتہ اللہ علیہ»۔

پھر صدیقی صاحب نے لکھا ہے «مگر ڈاکٹر صاحب نے بھی یقین کے ساتھ نہیں لکھا ہے کہ یہ مولانا رفیع الدین کے مرید رحمان شاہ کی تصنیف ہے»۔
(خط مورخہ ۱۳ جولائی ۷۶)

اِن متنازعہ فیہ تفصیلات سے نظر ھٹا کر جب ھم شاہ رحمان کے کلام اور سراج کے کلام کا ایک ساتھ مطالعہ کرتے ھیں تو معلوم ھوتا ہے کہ کم از کم سبہ پوش کے مصنف کو تو یقیناً سراج کا استاد ھونا ھی چاھیے۔ کیونکہ سبہ پوش میں بھی جذبات کی شدت، بیان کی تاثیر اور زبان کی خوبیاں تقریباً اسی بلندی پر نظر آتی ھیں جس بلندی پر ھمیں سراج کا کلام ملتا ہے۔

اس کے علاوہ بمبئی یونیورسٹی کے ایک مخطوطے میں اور شعرا کے کلام کے ساتھ رحمان کی دو غزلیں بھی ملتی ھیں جن سے ظاھر ھوتا ہے کہ وہ بھی سراج ھی کی طرح ایک قادرالکلام شاعر تھے، انھیں بھی سراج کی طرح مثنویوں کے علاوہ غزلیں لکھنے میں بھی کافی مہارت حاصل تھی۔ یہاں ھم ان کی صرف ایک غزل نقل کرتے ھیں جو ھمارے دعوی کے ثبوت کے لئے کافی ہے۔

تجھ مکھ جھلک جھلکار سیں بجلی کے جھلکارے چھپے
تیرے زلف کے مشک سیں عنبر کے مہکارے چھپے

نرگس تحیر باغ میں بھی سب ھرن حیران ھیں
تیرے نین کے تاب سیں بادل میں سب تارے چھپے

دل یہ مرا کوہ طور ہے جل بل رھا سرمہ مگر
جلنا مرا یہ دیکھ کر اس غم کے جلنارے چھپے

نیناں پلک سیں جیو ڈھلک دیسے فلک کے جگ اوپر
جن کے جھلک سیں سور چندر ھور مشتری تارے چھپے

جب عشق کے میدان میں رحمان کھڑا آزاد ھو
آزادگی یہ چھوڑ کے بے قید تب سارے چھپے

[۴]

شاہ رحمان کا دعویٰ ہے کہ یہ واقعہ انھوں نے تاریخ سے لیا ہے کیونکہ مثنوی کا پہلا ھی شعر ہے :

توا ریخ نامے میں دیکھا ھمن
جو سربستہ تھا سلطنت کا سخن
کہ سلطان محمود صاحب نظر
ہوس کے لیوں میں نگر کی خبر
کٹے کالے کپڑے نماشام کوں
مگر دیکھوں اس روم ہور شام کوں

اب سوال یہ پیدا ھوتا ہے کہ یہاں محمود سے کونسا محمود مراد ہے - کیونکہ محمود نامی تاریخ ساز ھستیاں ایک دو نہیں بیسیوں ھیں - لیکن مثنوی کے لب و لہجہ سے اندازہ ھوتا ہے کہ یہاں محمود سے شاعر کی مراد محمود غزنوی ہے کیونکہ اسی کے زیر نگیں ایک وقت ایشیا کا بڑا علاقہ تھا اور وھی اپنی رعایا کا حال معلوم کرنے کی غرض سے راتوں میں بھیس بدل کر گھومنے کے لئے مشہور بھی ہے- لیکن محمود غزنوی کے حالات زندگی میں ھم کو یہ واقعہ کہیں نہ مل سکا البتہ نصیرالدین ھاشمی نے «کتب خانہ نواب سالارجنگ کی اُردو قلمی کتابوں کی فہرست» میں ایک جگہ ایک نا معلوم دکنی مصنف کی مثنوی «قصہ سلطان محمود غزنوی» کا تعارف کراتے ھوئے اس کے جو ابتدائی اشعار دیے ھیں وہ یہ ھیں :

کہوں تجھ کوں یو نقل نادر نوی
جو سلطان محمود شہ غزنوی

عجب بادشاہ او اتھا دیندار
کرے او سدا دینداری کے کار

سخی ہور عادل بھوت نیک تھا
حسن میمندی اس کا وزیر ایک تھا

اور پھر اس مثنوی کا جو پلاٹ دیا ہے وہ وھی ہے جس کو شاہ رحمان نے بھی اپنا موضوع بنایا ہے اس سے صاف ظاھر ہے کہ شاہ رحمان کی اس مثنوی میں بھی محمود سے مراد سلطان محمود غزنوی اور وزیر سے مراد غزنوی کا وزیر حسن میمندی ہے- اور سیہ پوش اسی میمندی کی لڑکی ہے-

بہر حال شاہ رحمان نے جہاں سے بھی یہ کہانی لی ہو اس کو انھوں نے مثنوی میں بڑی خوبصورتی اور نتیجہ خیز طریقہ پر ڈھالا ہے، کہانی مختصر مگر مسلسل اور مربوط ہے، کردار کم سے کم ہیں، کہانی کی ساری فضا نوجوان عاشق اور اس کی معشوقہ کے جذبات کو گوندھ کر تیار کی گئی ہے۔ طرز بیان سادہ اور رواں ہے، کہیں کوئی فضول رعایت لفظی نہیں، قاری کو ہر قدم پر یہ احساس ہوتا ہے کہ جیسے وہ بھی اس واقعہ کا ایک حصہ ہو۔ احساسات و جذبات کی تصویرکشی میں تو ان کو کمال حاصل ہے۔ وہ جس کردار کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہیں بڑی خوبی اور سچائی کے ساتھ کرتے ہیں۔

شاہ رحمان کی جذبات نگاری کے کچھ نمونے کھٹکھٹے صاحب کے اقتباسات میں آچکے ہیں، یہاں کچھ اور نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

صبح ہونے کو ہے، اور عاشق زار آخری ملاقات کے لئے اپنی محبوبہ کے پاس پہنچتا ہے۔ اور وہ ساری داستاں کہہ سناتا ہے جو اس پر رات بھر بیتی۔ محبوبہ کا دل غم سے پھٹ پڑتا ہے۔ وہ روتی ہے۔ بال نوچتی ہے، سینہ کوبی کرتی ہے اور پاپی فلک کو مخاطب کرکے کہتی ہے:

ای پاپی فلک تیں نے یہ کیا کیا
رکھا مجھ اکیلی مرا جیو لیا

ہووے تجھے نیکی دوراں منے
جدائی تو کیتا دو یاراں منے

اگر جانتی میں تری گھات کوں
ترے دند دعل باز اور دات کوں

نہ دیتی کسی شخص کو دل مرا
نہ ہوتا اپنا آج مشکل مرا

مجھے تونے ظالم یہ بھوگن کیا
دونوں جگ منے مجھ کو جوگن کیا

ترے اے فلک منہ کے اوپر ہے کوڑ
جواں یار سے مجھ کو ڈالا ہے توڑ

ترے راز کا کوئی ماہر نہیں
ترے کوئی پکڑنے سوں باہر نہیں

موذن نے بانگ دی ۔ پرندے ٹہنیوں پر بولے، صبح ہوگئی، چکور چاند سے جدا ہوا، اور وہ نوجوان بادشاہ کے حکم سے قتل گاہ میں لایا گیا، لوگ بادشاہ کے آخری حکم کے منتظر ہیں۔ ایسے میں ایک سوار سیہ کپڑوں میں ملبوس نہایت تیزی کے ساتھ اس نوجوان کی طرف بڑھتا ہے ۔ اس وقت کا منظر ملاحظہ ہو:

کہا بادشاہ نے کہ اس کو لے جاو
قتل واسطے آپ حد تل بٹھاو

بٹھایا قتل کرنے بازار میں
بسے دل جوان کا اسی نار میں

موکل فکر کر کے تلوار کا
جوان منتظر ہے فقط یار کا

اسی وقت اس کو سو هووی خبر
کیا صاف پانی سے خود چشم تر

کیا بر میں جامہ کہ شب رنگ دار
کمر باندھ گھوڑے پر هووی سوار

اپس یار کے آح ماتم چلی
کہ گوھر جواھر لٹاتی چلی

هیرے اور جواھر کے دو ھاتھ بھر
دو طرفاں اڑاتی چلی بے خبر

کتک چیر صف توڑ چلی شہ پری
مقابل اپس یار کے جا اڑی

نظر چار کر کر روئی زار زار
رگوں رگ اٹھا شور میں یار یار

اٹھا دزدمندی کا دونوں پہ حال
بجز بادشاہ بن نپایا خیال

نظر جو پڑا شہ کا اس ٹھار پر
کھڑا ہے اسی دوست کا جان دلبر

تبسم کیا شاہ سلطاں امیر
ادا سوں لگا پوچھنے با وزیر

سیہ پوش صفت میں کھڑا کون ہے
مقابل جواں کے سو وہ کون ہے

اٹھا بول دستور معلوم نئیں
یہ مخفی سخن مجھ کو مفہوم نئیں

ندستور پھر شاہ عادل کہا
معمہ یہ مشکل کو کر حل کہا

فلانی سیہ پوش دختر تری
کرن آئی ہے یار کی دلبری

بادشاہ کا فیصلہ :

کیا میں جواں کو اس اپنا پسر
ساتھ اس نار کے کد حدائی تو کر
جواں چور نئیں بلکہ عشاق ہے
سیہ پوش دختر کا مشتاق ہے

اور آخری نظارہ ہے :

نکاح کر دیا شرط اسلام ہے
کرم شاہ کا اور انعام ہے
ہوا ہر طرف سے نثارا نثار
برائے مبارک پکارا پکار

حوالے: مثنوی سیہ پوش مخطوطہ نمبر (۹۱۶) بمبئی یونیورسٹی لائبریری –
نقل خط محمد یوسف کھٹکھٹے مخطوطہ نمبر (۳۷۲) "
کلیات سراج مرتبہ عبدالقادر سروری
دکن میں اُردو از نصیرالدین ہاشمی
بجھتے چراغ از اکبرالدین صدیقی
استفسار کا جواب "
کتب خانہ نواب سالارجنگ کی اُردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست از نصیرالدین ہاشمی –

یکرنگ

عبدالرزاق قریشی

ان کا نام تذکروں میں عموماً مصطفی خاں ملتا ہے۔ خود انہوں نے بھی ایک شعر میں اپنا نام اسی طرح لیا ہے:

اس کو مت بوجھو سجن اوروں کی طرح
مصطفی خاں آشنا یکرنگ ہے

لیکن سراج الدین علی خاں آرزو اور شاہ حاتم نے ان کا نام غلام مصطفی بتایا ہے[1] بعد کے تذکرہ نگاروں میں قدرت اللہ قاسم اور خوب چند ذکا نے بھی غلام مصطفی لکھا ہے۔ میر حسن، عشقی، مبتلا لکھنوی، لطف وغیرہ انہیں مصطفی قلی خاں کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ گارساں دتاسی نے قاسم غلام مصطفی لکھا ہے۔ مگر آرزو اور حاتم کے بیان کے مقابلے میں میر حسن، عشقی، گارساں دتاسی وغیرہ کے بیان کو ترجیح نہیں دی جا سکتی کیوں کہ اول الذکر دو ہم عصر تھے۔ اس لئے ان کا نام غلام مصطفی خاں ہی ماننا ہوگا۔ رہا خود یکرنگ کا اپنے شعر میں مصطفی خاں باندھنا، اس کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ یہ ضرورت شعری کی بنا پر تھا۔

خاندانی حالات:

یکرنگ کے خاندانی حالات، تعلیم و تربیت اور مشاغل سے متعلق تذکرہ نگار خاموش ہیں۔ قائم نے صرف اتنا لکھا ہے کہ وہ خان جہاں لودی[2] کے نواسے تھے اور شاہی ملازمت سے منسلک تھے۔[3] عشقی نے کچھ اس سے زیادہ معلومات دی ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ یکرنگ خان جہاں لودی کے نواسے تھے۔ اعلیٰ خاندان تھے اور محمد شاہ کے منصب داران ذی شان میں سے تھے۔ انہیں بادشاہ کی قربت و

---

1 امام بخش صہبائی، قول فیصل، لکھنؤ، نول کشور پریس، ص ۱۳۹ منقول از تنبیہ الغافلین مصنفہ سراج الدین علی خاں آرزو، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، شاہ حاتم، لاہور، مکتبہ خیابان ادب، ۱۹۶۳ء، دیباچۂ دیوان زادہ، ص ۶۲

2 عہد شاہ جہانی کے ایک رئیس تھے۔

3 مخزن نکات، مرتبہ مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن ترقی اردو، ہند، ۱۹۲۹ء، ص ۶۷

منزلت حاصل تھی- وہ بڑی فراخی اور مال و منال کی کثرت کے ساتھ زندگی گذارتے تھے -[1]

خواجہ خان حمید اورنگ آبادی نے انھیں «درویش صاحب کمال» کہا ہے -[2] ممکن ہے کہ انھیں تصوف سے بھی لگاو رہا ہو- میرزا مظہر کی مدح میں ان کا یہ شعر مشہور ہے :

یکرنگ نے تلاش کیا ہے بہت ولے
مظہر سا اس جہاں میں کوئی میرزا نہیں

میرزا مظہر عمر میں یکرنگ سے بہت چھوٹے تھے لیکن سلوک کی منزلیں بہت تیزی سے طے کر کے رشد و ہدایت میں مشغول ہوگئے تھے - ممکن ہے یکرنگ میرزا مظہر سے بیعت رہے ہوں یا کم از کم ان سے عقیدت ضرور رکھتے تھے-

تلمذ :

ان کے تلمذ سے متعلق دو رائیں ہیں- قائم کا بیان ہے کہ وہ خان آرزو کی خدمت میں مشق سخن کرتے تھے -[3] لیکن مصحفی کہتے ہیں کہ «مولی شاگرد خان آرزو و مولی میاں آبرو- از فحوای کلامش چنین می تراود کہ شاگرد میرزا مظہر خواهد بود -»[4] انھوں نے مندرجۂ ذیل شعر دلیل کے طور پر پیش کیا ہے :

یکرنگ نے تلاش کیا ہے بہت سنو
مظہر سا اس جہاں میں کوئی میرزا نہیں

(مولانا) محمد حسین آزاد مصحفی کی اس رائے سے اتفاق کرکے[5] اس شعر کو بھی اسی تسلسل کا مانتے ہیں:

جس کے درد دل میں کچھ تاثیر ہے
گر جواں بھی ہے تو میرا پیر ہے

---

1 کلیم الدین احمد، مرتبہ، دو تذکرے، پٹنہ، لیبل لیتھو پریس، ۱۹۶۳ع تذکرۂ عشقی، جلد دوم، ص ۳۳۳

2 گلشن گفتار، مرتبہ سید محمد، حیدرآباد، سلسلۂ مطبوعات مکتبۂ ابراھیمیہ، ۱۳۲۹ف، ص ۲۳

3 مخزن نکات، ص ۱۷

4 تذکرۂ ھندی، مرتبہ مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن ترقی اُردو، ھند، ۱۹۳۳ع، ص ۲۷۸

5 آب حیات، لاھور، نول کشور کیس پرنٹنگ ورکس، ۱۹۰۷ع، ص ۱۰۱

قدرت‌الله قاسم اور میر محمد بہادر خان سرور[2] کی بھی یہی رائے ہے کہ وہ میرزا مظہر کے شاگرد تھے۔

مصحفی نے جو کچھ کہا ہے محض قیاساً کہا ہے۔ انھوں نے دلیل میں جو شعر پیش کیا ہے اس سے بھی یکرنگ کا میرزا مظہر کا شاگرد ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ اسی طرح (مولانا) آزاد کے پیش کردہ شعر سے بھی یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وہ میرزا مظہر سے تلمذ رکھتے تھے۔ ہاں، جیسا کہ اوپر کہا جاچکا ہے، ان سے عقیدت رکھتے تھے۔ قدرت الله قاسم اور محمد سرور کی تائید بھی کوئی وزن نہیں رکھتی کیوں کہ قائم کو ان دونوں پر تقدم زمانی حاصل ہے۔ قائم یکرنگ کے معاصر تھے۔ اس لیے ان کا بیان مذکورہ بالا تینوں تذکرہ نگاروں کے بیانات کے مقابلے میں زیادہ مستند مانا جائے گا۔ اس کے علاوہ اس سلسلے میں خود آرزو کا بیان ہے کہ «مدت بست و چند سال پیش ازیں شاہ مبارک آبرو و شیخ شرف‌الدین مضمون و غلام مصطفی یکرنگ کہ ہر سہ اوستاد و مستعد اند در فن ریختہ ... (اشعار خود) پیش این احقر برای اصلاح می آوردند و این عاصی مغالطۂ ایشان بر آوردہ تصحیح اشعار ایشان می نمود۔»[3]

خان آرزو کے اس واضح بیان کے بعد اس باب میں کوئی شک و شبہہ نہیں رہ جاتا کہ یکرنگ میرزا مظہر کے نہیں بلکہ خان آرزو کے شاگرد تھے۔

سال وفات:

«فراخی حال و فراوانی مال و منال» کے ساتھ زندگی گذارنے کے بعد «بلدۂ شاہ جہان‌آباد میں انھوں نے اس سرائے فانی سے سفر کیا اور دلوں پر احباب کے داغ حرمان کا دیا۔»[4] ان کا سال وفات کسی تذکرے نے نہیں دیا گلشن گفتار میں جو ۱۱۶۵ھ کی تصنیف ہے، ان کے لئے زمانۂ ماضی استعمال ہوا ہے۔ نکات الشعرا کا زمانۂ تالیف مولانا عرشی کی تحقیق کے مطابق ۱۱۶۱ھ اور ۱۱۶۵ھ کے مابین ہے۔[5]

---

1 مجموعۂ نغز، مرتبہ محمود خان شیرانی، لاہور، سلسلۂ نشریات کلیۂ پنجاب، ۱۹۳۳ع، حصہ دوم، ص ۳۶۷

2 عمدۂ منتخبہ، مرتبہ خواجہ احمد فاروقی، دھلی، شعبۂ اردو، دھلی یونی‌ورسٹی، ۱۹۶۱ع، ص ۸۲۸

3 امام بخش صہبائی، قول فیصل، ص ۱۳۹

4 میرزا علی لطف، گلشن ھند، حیدرآباد، ناشر عبدالله خان، ۱۹۰۶ع، ص ۲۷۱

5 احمد علی خان یکتا لکھنوی، دستورالفصاحت مرتبہ مولانا امتیاز علی خان عرشی، رام پور، سلسلۂ مطبوعات کتاب‌خانہ رام پور، ۱۹۴۳ع، دیباچہ مصحح، ص ۳۶

اس میں بھی یکرنگ کے لئے زمانۂ ماضی استعمال ہوا ہے۔ اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے ۱۱۶۱ھ سے پہلے انتقال کیا۔ تمام تذکرہ نگاروں نے انہیں محمد شاہی عہد کا شاعر لکھا ہے۔ محمد سرور نے واضح طور پر لکھا ہے کہ «در عہد فردوس آرام گاہ علم استادی بر افراشتہ بود۔» [1] محمد شاہ کے عہد کا اختتام ۱۱۶۱ھ میں ہوتا ہے۔ اس طرح یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے ۱۱۶۱ھ سے پہلے وفات پائی۔

اخلاق وخصائل:

اکثر تذکرہ نگاروں نے یکرنگ کی خوش اخلاقی، زندہ دلی اور اخلاص و مروت کی تعریف کی ہے۔ مثلاً، میر لکھتے ہیں کہ «می گویند کہ بسیار چسپان اختلاط و آشنای درست بود» [2]۔ حمید اورنگ آبادی کا بیان ہے کہ «از جملہ خلائق ادنا و اعلا بکرنگ و یکرو بودہ ـ طبع رنگیں داشت۔» [3] لچھمی نرائن شفیق اس شاعرانہ رنگ میں ان کے اخلاص و اخلاق کی مدح کرتے ہیں: «با ہر کسی طریق حسن سلوک مرعی گداست، یکرنگی اخلاصش از محلیص او پیدا وخلق محمدی از نامش ہویدا است۔» [4] قدرت اللہ قاسم کہتے ہیں کہ «وی از شعرای قدیمی و دوستان صمیمی... است... در عالم آشنائی وحید عصر و فرید دہر بود۔» [5]

کلام اور اسلوب بیان:

یکرنگ کا شمار اُردو کے ایہام گو شعرا میں ہوتا ہے۔ اس لئے میر صاحب نے انہیں «شاعر ریختہ، معاصر میاں آبرو» [6] کے الفاظ سے یاد کیا ہے گردیزی کہتے ہیں کہ «با آبرو یک طرح بودہ» [7] یعنی ایہام گو تھے۔ بعد کے تذکرہ نگاروں نے بھی میر اور گردیزی کے بیانات کو دہرایا ہے۔ لیکن ان کا کلام صرف صنعت ایہام پر مشتمل نہیں ہے۔ بلکہ اس میں سنجیدہ اور لطافت تخیل کے حامل اشعار بھی ملتے ہیں۔

---

1 عمدۂ منتخبہ، ص ۸۲۸
2 نکات الشعرا، مرتبہ مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن ترقی اردو، ہند، طبع ثانی ۱۹۳۵ع، ص ۱۸
3 گلشن گفتار، ص ۲۳
4 چمنستان شعرا، مرتبہ مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن ترقی اردو، ہند، ۱۹۲۸ع، ص ۲۲۲
5 مجموعۂ نغز، حصہ دوم، ص ۳۶۷
6 نکات الشعرا، ص ۱۸
7 تذکرۂ ریختہ گویان، مرتبہ مولوی عبدالحق، اورنگ آباد، انجمن ترقی اُردو، ہند، ۱۹۳۳ع، ص ۱۶۴

یکرنگ کا دیوان مرتب ہوچکا تھا لیکن اب ناپید ہے۔ قائم چاند پوری کا بیان ہے کہ «ابیات دیوانش ہمگی و تمامی پانصد شعر خواہد بود۔»[1] مبتلا لکھنوی نے بھی اپنے تذکرے میں لکھا ہے کہ «دیوانش ہزار بیت دیدہ شد۔»[2] ان کے مقابلے میں قدرت اللہ شوق کہتے ہیں کہ «دیوان ضخیم دارد»۔[3] قائم کے بیان کو شوق کے بیان پر ترجیح دی جائے گی۔ اولاً تو اس لئے کہ قائم کے تذکرے کو شوق کے تذکرے پر تقدم زمانی حاصل ہے۔ دوسرے یہ کہ قائم نے واضح اور پرزور طریقے پر لکھا ہے کہ ان کے دیوان میں «ہمگی و تمامی» پانسو کے قریب اشعار ہوں گے۔ پانسو (یا بقول مبتلا ایک ہزار سہی) اشعار کے دیوان کو ضخیم کہنا صحیح نہیں ہوسکتا۔ پھر یہ کہ یہ دیوان قائم کی نظر سے گذرا تھا کیونکہ انہوں نے یکرنگ کے اشعار نقل کرنے سے پہلے یہ جملہ لکھا ہے: «ابیاتیکہ از دیوانش فراہم آوردہ ام، اینست۔»[4]

یکرنگ کو استادی کی سند خان آرزو جیسے مستند استاد، ماہر فن اور زباں داں نے دی ہے جس کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ ان کے ہم عصر تذکرہ نگاروں نے ان کا ذکر خوبی سے کیا ہے۔ ان کے ایک معاصر اور اپنے عہد کے استاد نواب صدرالدین محمد خان فائز دہلوی نے اپنی ایک غزل کے مقطع میں ان کے ایک مصرع کو تضمین کیا ہے جو حسب ذیل ہے:

فائز کو بھایا مصرع یکرنگ اے سخن
گر تم ملو گے غیر سے دیکھو گے ہم نہیں

نکات الشعرا اور بعض دوسرے تذکروں میں مذکورہ بالا مصرع اس طرح ملتا ہے:

گر غیر سے ملو گے تو دیکھو گے ہم نہیں

تقریباً تمام تذکرہ نگاروں نے یکرنگ کی شاعری کی تعریف کی ہے اور ان کے کلام کو سراہا ہے۔ مثلاً، گردیزی کہتے ہیں کہ «تلاش معنیٔ تازہ نمودہ۔ رتبۂ سخنش بلند است و پایۂ شعرش ارجمند۔»[5] میر حسن ان کو اس شاعرانہ انداز سے

---

1 مخزن نکات، ص ۱۷
2 گلشن سخن، مرتبہ سید مسعود حسن رضوی، علی گڑھ، انجمن ترقی اردو، ہند، ۱۹۶۵ع، ص ۲۶۲
3 طبقات الشعرا، ص ۵۹
4 مخزن نکات، ص ۱۷
5 تذکرۂ ریختہ گویان، ص ۱۶۳

داد دیتے ہیں۔ «در گلشن بہار سخن آب و رنگ و در چمن گلزار معانی بلبل خوش آہنگ۔[1] شفیق ان کی طبع عالی اور ذہن رسا کی اس طرح تعریف کرتے ہیں۔ «شعرش خوش قماش بیکران می دارد و طبعش عالی تلاش فراوان می نماید۔ گویند کہ ذہن رسا داشت۔[2] قدرت اللہ قاسم لکھتے ہیں کہ «گویند کہ بسیار سیر مشق و خوش فکر... بود۔»[3] خوب چند ذکا نے انہیں «شاعری زبردست و صاحب تلاش»[4] کہا ہے۔ عشقی کا بیان ہے کہ «شیوۂ ریختہ را بالفاظ شستہ وروان ادا می ساخت»۔[5]

مندرجہ بالا بیانات کے مقابلے میں قدرت اللہ شوق کی یکرنگ کے بارے میں یہ رائے ہے کہ «ہر چند پرگو فاما بسیار پوچ گو است۔»[6] اسی طرح لطف انہیں شاہجہان آباد کے مشہور سخن وروں اور معروف زبان آوروں میں شمار کرنے کے باوجود لکھتے ہیں کہ «طور ان کی گویائی کا پیرو قدما کی گفتگو کے ہے اور طرز ان کے کلام کی روبہ پر مضمون و آبرو کی ہے لیکن از بسکہ سیوۂ سابق یاران حال کے غیر مرغوب ہے تو آہنگ قدیم سمع حراش و دماغ کوب ہے۔[7]

شوق و لطف کے علاوہ تمام تذکرہ نگاروں نے ان کے کلام کی توصیف کی ہے۔ کسی نے انہیں پوچ گو نہیں کہا۔ میر صاحب نے صنعت ایہام سے ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ بعض ایہام گو شعرا کی سخت مذمت کی ہے لیکن یکرنگ کے متعلق اس کے سوا اور کچھ نہ لکھا کہ «معاصر میاں آبرو» تھے۔ شوق اور میر حسن کا زمانہ ایک ہے۔ حسن نے ان کی تعریف کی ہے۔ یہ بھی ذہن میں رہے کہ حسن کے تذکرے کو نقد سخن اور انتخاب اشعار کے لحاظ سے نہ صرف شوق کے بلکہ دوسرے تمام تذکروں پر فوقیت حاصل ہے۔ اس لئے شوق کی رائے صحیح نہیں ہوسکتی۔ یہ بیان کسی غلط فہمی کی بنا پر ہو گا۔ اسی طرح لطف کا بیان بھی مندرجہ بالا شواہد کی روشنی میں غلط ثابت ہوتا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ مختلف تذکروں کے ذریعے یکرنگ کا جو کلام ہم تک

---

1 تذکرہ شعرائے اردو، مرتبہ مولانا حبیب الرحمان خاں شروانی، دہلی، انجمن ترقی اردو، ہند، طبع جدید ۱۹۴۰ء، ص ۱۹۸

2 چمنستان شعرا، ص ۳۲۲

3 مجموعۂ نغز، حصہ دوم، ص ۳۶۷

4 عیارالشعرا، ورق ۹۰۹ ب، اوٹوگراف نسخۂ انڈیا آفس، لندن، مملوکہ جناب مالک رام صاحب

5 کلیم الدین احمد، مرتبہ، دو تذکرے، تذکرۂ عشقی، ص ۳۳۳

6 طبقات الشعرا، مرتبہ نثار احمد فاروقی، لاہور، مجلس ترقی ادب، ۱۹۶۸ء ص ۳۶

7 گلشن ہند، ص ۲۷۱

پہنچا ہے اس کی شہادت نہیں دیتا کہ وہ پوچ گو تھے۔ خود شوق نے جن اشعار کا انتخاب کیا ہے ان میں سے ایک کو بھی پوچ نہیں کہا جا سکتا۔

نیچے یکرنگ کے چند اشعار دئے جاتے ہیں جن میں صنعت ایہام برتی گئی ہے:

مجھے مت بوجھ پیارے اپنا دشمن
کوئی دشمن بھی ہو ہے اپنی جان کا

اگر آوے مرے گھر میں وہ پیارا
کروں اس ماہ کو پتلی کا تارا

اس پری پیکر کو مت انسان بوجھ
شک میں کیوں پڑتا ہے اے دل جان بوجھ

یکرنگ پاس کیا ہے سخن اور کچھ بساط
رکھتا ہے دو نین کھو تو نظر کرے

جب ستی گلرخوں سے یار ہوا
سب کی نظر میں وہ خوار ہوا

مجھ کو معلوم یہ ہوا گُل سے
پھول جاتے ہیں اس سے دولتمند

یکرنگ کے کلام میں مجموعی حیثیت سے واردات قلبی کی اچھی عکاسی ملتی ہے۔ انداز بیان میں سلاست و سادگی کے ساتھ ساتھ دلکشی ہے۔ ذیل میں چند اشعار مثالاً نقل کئے جاتے ہیں:

تم کہو یہ کہ یار جاتا ہے
میرا صبر و قرار جاتا ہے

کیا جانئے وصال ترا ہو کسے نصیب
ہم تو ترے فراق میں اے یار مر گئے

یاد آتی ہے تازگی کی بہار
دیکھ ہر خشک خار کی صورت

خیال چشم و ابرو کر کے تیرا
کوئی مسجد پڑا، کوئی خرابات

ترک عاشقی میں نام کیا
کام اپنا جو تھا تمام کیا

وصل اور ہجر اس صنم کا مجھ پہ یکساں ہو گیا
درد میرا ہی مجھے آخر کو درماں ہو گیا

برگ حنا اوپر لکھو احوال دل مرا
شاید کبھو تو جا لگے اس دلربا کے ہاتھ

عشق تو بےکسی پر اپنی کیوں ہر وقت روتا ہے
نہ کر غم اے دوانے عشق میں ایسا ہی ہوتا ہے

کم نہیں کچھ بوئے گل سیتی فغان عندلیب
برگ گل سے ہے گی نازک تر زبان عندلیب

محب کا عجب یکرنگ ہے رنگ
کبھو عاشق کبھو معشوق ہیں ہم

میرے ان کے ایک مرثیے کے مندرجۂ ذیل تین شعر اپنے تذکرے میں نقل کئے ہیں-

رحمی برنگ گل ہیں شہیدان کربلا
گلزار کے نمط ہے بیابان کربلا

کہاں ہے چلا ہے رحم ستم ظالموں کے ہاتھ
دھو ہاتھ زندگی ستی مہمان کربلا

اندھیر ہے جہان میں کم اب شامیوں کے ہاتھ
ہے سر بریدہ شمع شبستان کربلا

کتب خانۂ ادارۂ ادبیات اُردو، حیدرآباد، کے ذخیرے میں «داستان
تازہ امام» نام کی ایک مثنوی ہے جسے مرتب فہرست مخطوطات یکرنگ سے منسوب
کرتے ہیں- وہ لکھتے ہیں کہ «اُردو کے اکثر تذکروں میں ان کے ایک دیوان
ذکر ملتا ہے جس میں تقریباً ۵۰۰ شعر تھے- لیکن کسی تذکرے میں اس مثنوی
ذکر نہیں ہے- یہ مثنوی ۱۱۹۹ھ سے قبل لکھی گئی ہے اور خود مصنف ہی کا نسخہ

ہے- اس کے آخر میں مصنف کی ایک مستطیل مہرثبت ہے جس پر «محب یکرنگ ۱۱۹۹ھ» کندہ ہے»[1]۔

مرتب فہرست کو تسامح ہوا- جیسا کہ اوپر لکھا جا چکا ہے، یکرنگ کا اِنتقال ۱۱۶۵ھ سے پہلے ہوچکا تھا- اس لئے یہ مثنوی ان کی نہیں ہوسکتی- بہت ممکن ہے کہ یہ شیخ ولی اللہ محب کی ہو جو سودا کے شاگرد اور مرزا سلیمان شکوہ بہادر کے دربار سے توسل رکھتے تھے[2]- مہر میں جو لفظ یکرنگ کندہ ہے وہ مخلص کے معنی میں اِستعمال ہوا ہے-

تلامذہ :

یکرنگ استادی کا درجہ رکھتے تھے، اس لئے ان کے چند شاگردوں کے نام بھی مختلف تذکروں میں ملتے ہیں- مثلاً دلاور خان بیرنگ، محمد اسماعیل بیتاب، میر مکھن پاکباز وغیرہ- قدرت اللہ شوق اول الذکر کو یکرنگ کا بھائی بتاتے ہیں[3] لیکن میر اور گردیزی جو ان کے ہم عصر تھے انہیں شاگرد بتاتے ہیں- ان کی اخوت کی طرف اشارہ بھی نہیں کرتے- اس لئے انہیں صرف شاگرد ماننا ہوگا-

---

1 ڈاکٹر محی الدین قادری زور، تذکرۂ مخطوطات ادارۂ ادبیات اردو، حیدرآباد، سب رس کتاب گھر، ۱۹۵۱ء، جلد دوم، ص ۶۸

2 قدرت اللہ قاسم، مجموعۂ نغز، جلد دوم، ص ۱۶۴

3 طبقات الشعرا، ص ۵۹

تبصرے

تبصرے کے لئے کتاب کی دو کاپیاں ضروری ہیں

کتاب : مخدوم علی مہائمی (حیات، آثار و افکار)

مصنف : عبدالرحمان پرواز اصلاحی
ناشر : مش کوکن پبلی کیشن ٹرسٹ بمبئی - ۹

آٹھویں صدی ہجری میں ہندوستان کی خاک سے جو بے نظیر ہستیاں اٹھیں اور انہیں عالمگیر شہرت حاصل ہوئی ان میں حضرت مخدوم علی مہائمی کو بہت ممتاز مقام حاصل ہے۔ مخدوم صاحب قبلہ نوائط کے ایک شریف خانوادہ کے چشم و چراغ تھے جس کے متعلق مورخین کا بیان ہے کہ قریش کی ایک شاخ ہے اور حجاج بن یوسف کے خوف سے اس قبیلہ کے کچھ لوگوں نے ہندوستان کا رخ کیا تھا۔ مخدوم صاحب کو علوم عقلیہ و نقلیہ پر کامل عبور تھا۔ آپ بیک وقت ایک بلند پایہ مفسر قرآن، صاحب بصیرت فقیہ، نامور صوفی اور عظیم فلسفی تھے۔ آپ کی تصنیفات کا جو حصہ دستبرد زمانہ سے محفوظ دستیاب ہوا ہے وہ آپ کی عبقریت اور علمی تحریر کا شاہد ہے۔ اس دور کے صوفیہ اور مشائخ میں کم ایسے لوگ ملیں گے جنہیں علم باطن کے ساتھ علم ظاہر میں بھی اس درجہ کا دخل رہا ہو۔

مخدوم علی مہائمی کا سب سے بڑا تصنیفی شاہکار ان کی تفسیر ہے جس کا اصل نام تبصیر الرحمن و تیسیر المنان ہے۔ یہ تفسیر دو ضخیم جلدوں میں ہے۔ اسکی نمایاں ترین خصوصیت ربط آیات ہے جس کے متعلق مخدوم صاحب کا دعوی ہے کہ ربط کے ایسے ایسے نکتے انہوں نے اس کتاب میں بیان کئے ہیں جن تک اس سے پہلے کسی جن و انس کی رسائی نہیں ہوئی۔

فن نحو میں مخدوم صاحب کی غیر معمولی مہارت اور دقت نظر کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ آپ نے ایک رسالہ میں سورہ بقر کی پہلی آیت میں «الم» سے «یومنون بالغیب» تک بارہ کروڑ تراسی لاکھ چوالیس ہزار پانچ سو چوبیس وجوہ اعراب کی تخریج کی ہے۔ اس حیرت انگیز رسالہ کا نام رسالۂ عجیبہ ہے۔ غلام علی آزاد بلگرامی نے سبحۃ المرجان میں اس رسالہ کا ابتدائی حصہ نقل کیا ہے۔

علم فقہ پر اتنی گہری نظر تھی کہ لفظ فقیہ آپ کے نام کا جز بن گیا۔ «اسرار شریعت» میں آپ کی ایک تصنیف کا ذکر تذکروں میں ملتا ہے جس کا نام «انعام الملک العلام با حکام حکم الاحکام» ہے۔ اس کتاب میں احکام شریعت کے اندر پوشیدہ حکمتوں کو بیان کیا گیا ہے۔ اور یہ اس فن پر سب سے پہلی کتاب ہے۔ صاحب نزہتہ الخواطر مولانا سید عبدالحئی رائے بریلوی کی نظر سے اس کا کوئی نسخہ گزرا تھا چنانچہ «یاد ایام» میں تحریر فرماتے ہیں:

«یہ کتاب اسرار شریعت میں ہے اور گمان غالب ہے کہ اس فن میں سب سے پہلی تصنیف ہے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اس فن میں حجتہ اللہ البالغہ نام کی ایک کتاب لکھی ہے جس میں دعوی کیا ہے کہ اب تک اس فن میں کوئی مستقل کتاب نہیں لکھی گئی۔ یہ میرے دعوی کی دلیل ہے کہ سب سے اول مہائمی نے اس فن میں کتاب لکھی ہے جو شاہ ولی اللہ صاحب کی نظر سے نہیں گزری»۔

اگرچہ آپ کی عبقریت نے علم و فضل کے مختلف میدانوں میں جولانیاں دکھائیں لیکن آپ کی فکر و نظر کی اصل جولانگاہ تصوف اور فلسفہ یا دوسرے لفظوں میں تصوف کا فلسفہ تھا۔ چنانچہ بیشتر تصنیفات اسی موضوع پر ہیں۔ مخدوم علی مہائمی شیخ محی الدین ابن عربی کے زبردست حامی اور وحدت الوجود کے بڑے پرجوش علمبردار اور مبلغ تھے۔ ابن عربی کی شخصیت سے ان کی بے پناہ عقیدت اور فلسفۂ وحدت الوجود سے وابستگی کا یہ عالم تھا کہ جب انہیں معلوم ہوا کہ یمن میں کوئی عالم شیخ ابن عربی کی تکفیر کرتا ہے تو وہ اپنے گوشۂ تنہائی سے نکل پڑے اور اپنے مسلک کی حمایت کیلئے یمن تشریف لے گئے ابن عربی کی مشہور تصنیف فصوص الحکم کی دو شرحیں لکھیں۔ شیخ کے فضائل و مناقب اور ان پر اعتراضات کے جواب میں متعدد کتابیں تصنیف کیں۔ وحدت الوجود کی تشریح میں مستقل ایک رسالہ «ادلتہ التوحید» کے نام سے لکھا اور پھر خود ہی اسکی ایک شرح بھی لکھی۔ شیخ شہاب الدین سہروردی کی عوارف المعارف، فخرالدین عراقی کی لمعات اور صدرالدین قونوی شاگرد ابن عربی کی شرح الفصوص کی شرحیں لکھیں۔ عزالدین مغربی کی جام جہاں نما کا فارسی سے عربی میں ترجمہ کیا اور اسکی شرح لکھی۔ ایک کتاب میں ابن عربی کے نظریۂ قضا و قدر کی وضاحت کی۔ غرضیکہ شیخ نے اپنی تمام تر صلاحیتیں ابن عربی کے افکار و نظریات کی تعبیر و تشریح کی نذر کردیں اور شائد وہ تنہا شخص تھے جنہیں ابن عربی کا سب سے بڑا ترجمان کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔ اور حق تو یہ ہے کہ مولانا عبدالحی کے الفاظ میں انہیں «ابن عربی ثانی» کہنا چاہئے۔

لیکن افسوس ہے کہ ہندوستان کا یہ عظیم صوفی اب تک صرف ایک «کرامتی پیر» کی حیثیت سے مشہور ہے اور اس کی عملی خدمات اور کارنامے دنیا کی نگاہوں سے اوجھل رہے ـ سب سے پہلے جس شخص نے اُردو دنیا سے مخدوم مہائمی کا حقیقی تعارف کرانے اور ان کی عظمت کو اجاگر کرنے کی کوشش کی، وہ مولانا سید عبدالحی رائے بریلوی ناظم ندوۃ العلماء تھے ـ مولانا نے لکھا:

«میرے نزدیک ہندوستان کے ہزار سالہ دور میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے سوا حقائق نگاری میں ان کا کوئی نظیر نہیں جو تصنیفات ان کی پیش نظر ہیں ان کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ایسا شخص جس کو اس عربی ثانی کہنا زیبا ہے وہ کس مپرسی کی حالت میں ہے، کہیں اور ان کا وجود ہوتا تو ان کی سیرت پر کتنی کتابیں لکھی جا چکی ہوتیں اور کس پرسحر لہجے میں مورخین ان کی داستانوں کو دہراتے»ـ

مولانا عبدالحی کی روح مسرور ہوگی کہ ان کی آواز صدا بہ صحرا نہیں ثابت ہوئی اور ان کی حسرت ثانی مدرسہ الاصلاح مولانا محمد سمیع کے فرزند ارجمند، مدرسہ الاصلاح کے ایک نامور فاضل اور اُردو زبان کے صاحب ذوق ادیب و شاعر مولانا عبدالرحمان پرواز اصلاحی نے پوری کی اور مخدوم مہائمی کے اِنتقال کے تقریباً ساڑھے پانچ سو سال بعد پہلی بار آج ہمارے سامنے ایک ایسی دستاویز آئی ہے جس میں حضرت مہائمی کے حالات زندگی اور ان کے آثار و افکار پر پوری تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے ـ اور جس سے مہائمی کے ہزاروں لاکھوں عقیدتمندوں کو جو ماہم کی درگاہ میں حاضری دیتے ہیں مہائمی کی حقیقی شخصیت سے روشناس ہونے کا موقع ملا ـ

۳۱۲ صفحات پر مشتمل یہ دستاویز جس کا نام «مخدوم علی مہائمی حیات، آثار و افکار» ہے، چار سال کی محنت شاقہ کے بعد بڑی تحقیق اور دیدہ ریزی سے مرتب کی گئی ہے ـ یہ کتاب نقش کوکن ٹرسٹ بمبئی کی جانب سے شائع ہوئی ہے ـ ابتدا میں گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر کے ڈائرکٹر اور موقر سہ ماہی مجلہ «ہندوستانی زبان» کے مدیر ڈاکٹر عبدالستار دلوی کا پیش لفظ ہے جن کی تحریک، تشویق، توجہ اور اصرار سے یہ مہتم بالشان کام تکمیل کو پہونچا ـ

اصل کتاب دس ابواب پر مشتمل ہے ـ پہلے باب میں ماہم کا تاریخی پس منظر بیان کیا گیا ہے ـ دوسرے باب میں مہائمی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے ـ تیسرے باب میں مخدوم صاحب کے صوفیانہ مسلک سے بحث کی گئی ہے ـ چوتھا، پانچواں اور چھٹا باب بالترتیب کشف و کرامات، معمولات اور وفات سے متعلق ہے ـ

ساتویں باب میں مخدوم مہائمی کی اٹھارہ مطبوعہ اور قلمی تصنیفات کا تفصیلی تعارف کرایا گیا ہے۔ آٹھویں باب میں تفسیر مہائمی کی امتیازی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ نواں باب فلسفہ وحدۃالوجود کی تعبیر و تشریح سے متعلق ہے۔ دسویں باب میں افکار مہائمی کے عنوان سے ان کی کتاب «اجلۃ التائیدفی شرح ادلۃ التوحید» کا اُردو ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ آخری تینوں ابواب کو کتاب کا مغز کہا جاسکتا ہے۔ جن میں مصنف نے مہائمی کی حقیقی شخصیت کو روشنی میں لانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔

علمی دنیا کو ممنون ہونا چاہئے مصنف کا جنہوں نے اس ہفتخواں کو طے کرنے کی ہمت کی جس کی دشواریوں ہی کی بنا پر غالباً اب تک اس موضوع سے گریز کیا گیا اور ڈاکٹر عبدالکریم نائیک اور ڈاکٹر عبدالستار دلوی کا جن کی مخلصانہ ہمدردیوں سے یہ قیمتی کتاب منظر عام پر آئی۔ ہماری خواہش ہے کہ کتاب کا دوسرا ایڈیشن آفسیٹ پر شائع کیا جائے اور کتابت و طباعت دونوں معیاری ہوں۔

— محمد اجمل اصلاحی

सम्प्रति "इलस्ट्रेटेड वीकली ऑफ इंडिया" में प्रकाशित एक रचना से ज्ञात होता है कि शरत्‌चद्र ने "पथेर दाबी" के रामदास तलवलकर का नाम शिवाजी के समय के विख्यात स्वदेशभक्त कवि स्वामी रामदास का नाम और रंगून के मराठी मित्र गणेश गोविन्द तलवलकर की पदवी लेकर बनाया।

बगाल के घनिष्ठ मित्र सखाराम गणेश देउस्कर, विप्लवी चापेकर भातृद्वय, वासुदेव बलवत फडके, महादेव गोविन्द रानाडे, लोकमान्य तिलक, वीर सावरकर आदि यहाँ के असख्य देशपूज्य और सर्वोपरि मराठा वीर छत्रपति शिवाजी के प्रति मेरी सश्रद्ध प्रणति जता कर और उसके साथ यहाँ समागत भारत के विभिन्न प्रदेशों के अधिवासियों के प्रति भी मेरी गभीर श्रद्धा निवेदन कर, यही मैं अपना वक्तव्य समाप्त करता हूँ। नमस्कार।

रगभवन,
बम्बई,
२९-१२-७६

रामदास ने कहा—गलतियाँ मेरी भी होती हैं। हमारी किसी की यह मातृभाषा नहीं है।

अपूर्व ने कहा—अगर गैरो की ही भाषा में बोलना पडे तो अंग्रेजी ने कौन सा दोष किया ?

रामदास ने थोडा हँसकर कहा, तो आप चाहें तो अंग्रेजी में ही कहें, लेकिन मेरे हिन्दी में जवाब देने पर मुझे माफ करना होगा।

अंग्रेजी बातचीत अति शुद्ध होते हुए भी यह जो रामदास विदेशी भाषा अंग्रेजी न बोलकर एक भारतीय के संग केवल हिन्दी ही में बातें कर रहे है, यह उनके देशात्मबोध का ही एक परिचय है।

उनकी देशप्रीति का और परिचय पाते है, जब वे उस समय ब्रिटिश के एक ही शासन के अन्तर्मुक्त भारत और बर्मा, इन दोनो देशो में बर्मा के प्राकृतिक सम्पद के बारे में कहते वक्त बोलते है— "इसके वन और अरण्य अपरिमेय, मिट्टी के अन्दर अशेष तेल का प्रस्रवण, इसके महामूल्य रत्न खानो का मूल्य निरूपित नही हो सकता, और वो जो आकाशचुम्बी महाद्रुमों की कतार है, दुनिया में इसकी तुलना कहाँ है ? वह अधिक दिनो की बात नही, खबर पाकर एक दिन अंग्रेज वणिक की लुब्ध दृष्टि इसी के प्रति एकमेव हो उठी। उसका अनिवार्य परिणाम अत्यन्त संक्षिप्त और सीधा है।"

स्वदेशभक्त विप्लवी रामदा का सबसे बडा परिचय मिलता है, जब वे देश की भलाई के लिए आफिस में उनके उच्चाधिकारी अपूर्व हालदार के विरोध में 'पथेर दाबी' के सदस्यो की गुप्त जरूरी बैठ में कहते है—सव्यसाची ही डाक्टर है इसकी उन्हें खबर है। होटल के कमरे में ही वे पकडे जा सकते है अपूर्व बाबू ने यह कहने में भी कोई कसर नही छोड़ी। यहाँ तक कि, मै इसके पूर्व जिस पॉलिटिकल अपराध में दो साल जेल भुगत चुका हूँ—वह भी।

शरत्चद्र के इस "पथेर दाबी" उपन्यास का महाराष्ट्र के विख्यात साहित्यिक मामा बरेरकर ने "सव्यसाची" नाम से और पी बी कुलकर्णी ने "भारती" नाम से मराठी भाषा में अनुवाद किया है। भारत की अन्य भाषाओ के समान शरत्चद्र की प्राय सभी किताबें मराठी भाषा में अनूदित हुई हैं। सबसे अधिक अनुवाद वरेरकर के ही हैं। उनसे सुना हूँ कि वे शरत्चद्र के अत्यत स्नेहपात्र थे।

भारत के अन्यान्य भाषाभाषियो की तरह मराठी लोग भी शरत्चद्र के प्रति विशेष श्रद्धाशील है। महाराष्ट्र के नागपुर शहर में गत १३ अगस्त से सात दिन तक जो शरत्–शताब्दी उत्सव हुआ उसके बगला अधिवेशन में सभापतित्व करने के लिए आकर मै ने देखा कि नागपुर के बगालियो के साथ वहाँ के मराठियो ने भी उस उत्सव में प्रबल उत्साह के साथ भाग लिया। प्रथम दिन की उद्बोधन सभा में महाराष्ट्र के मुख्यमत्री उपस्थित न हो सके इस कारण उन्होने अपनी लिखित वाणी भेज दी थी। लेकिन सभा में सभापति के रूप में महाराष्ट्र के वाणिज्य और परिषदीय मत्री श्री एस. एम तिडके उपस्थित थे और महाराष्ट्र के शिक्षा मत्री श्रीमती प्रभा राव ने सभा का उद्बोधन किया था। इन दोनो ने अपने अपने दीर्घ भाषणों में शरत्–साहित्य की विस्तृत आलोचना कर शरत्चद्र के प्रति अपनी गभीर श्रद्धा व्यक्त की थी।

शरत्चद्र ने कई बार अनेक जगहो में कहा है—मेरे गल्प उपन्यासों के अधिकाश चरित्र और घटनाएं मेरी अपनी आँखों की देखी हुई हैं।

शरत्चन्द्र की इन चिट्ठीपत्रियो की तरह उनके कतिपय उपन्यासो में भी बम्बई का उल्लेख मिलता है। उनके प्रथम जीवन की रचना "देवदास" में उन्होंने लिखा है—,"देवदास फिर इलाहाबाद में आकर उपस्थित हुआ—तबियत कुछ अच्छी है। कुछ दिन रहने के बाद एक दिन धर्मदास से उसने कहा—धर्म, किसी नई जगह में नही जा सकते ? कभी बम्बई नही देखा, जाओगे ?

आग्रह देखकर अनिच्छा होते हुए भी धर्मदास ने मत दिया। समय ज्येष्ठ मास, बम्बई शहर उतना गरम नहो है। यहाँ आकर देवदास काफी स्वस्थ हो गये।

एक वर्ष बीत गया है। भाद्र मास की सुबह, एकदिन देवदास धर्मदास के कधे पर भार देकर बम्बई अस्पताल से निकलकर गाडी में आ बैठा।"

शरत्चन्द्र ने उनका यह "देवदास" उपन्यास सेप्टेम्बर, सन् १९०० में लिखा। इसके पूर्व सन् १८९६ में परीक्षा की फीस मात्र बीस रुपये सग्रह न कर सकने के कारण जो दरिद्र शरतचन्द्र एफ ए की परीक्षा न दे सके, उसी शरत्चद्र ने सन् १९०० के सेप्टेम्बर के पहले भागलपुर के मित्र राजेन मजुमदार अर्थात् 'श्रीकात" के इन्द्रनाथ के छोटेदादा शरत् मजुमदार के काठ के इमारती सामान की देखभाल का काम कर और बनेली एस्टेट में कुछ मास काम कर थोडा अर्थोपार्जन किया था।

शरत्चन्द्र ने उनके "देवदास" में देवदास के मुह से जो कहलवाया है—"कभी बम्बई नहीं देखा, जाओगे ?" मुझे लगता है, यह उनके मन की बात है और आवारा शरतचद्र शायद देवदास लिखने के पूर्व बम्बई आये भी होगे।

शरत्चद्र ने उनके असमाप्त "जागरण" उपन्यास में मिस्टर आर एस रे अर्थात राधा माधव राय की कुछ समय के लिए बम्बई में बैरिष्टरी करने की बात का उल्लेख करने पर भी, उन्होंने उनके "विप्रदास" उपन्यास की नायिका वन्दना और उनके पिता को बम्बई शहर के बाशिन्दा के रूप में वर्णन किया है और विप्रदास में कई बार उन्होंने बम्बई की बात कही है।

शरत्चद्र ने उनके "विप्रदास" उपन्यास में जैसे वन्दना और और उनके पिता को बम्बई का निवासी बनाया है, उसी तरह उन्होंने उनके प्रसिद्ध उपन्यास "पथेर दाबी' मे इसी महाराष्ट्र के ही एक निवासी को एक आदर्श देश—सेवक के चरित्र में चित्रित किया है।

अपूर्व ने जब रगून जाकर बोथा कम्पनी के मैनेजर का पद सभाला उस समय के बारे में शरतचद्र ने लिखा है—— "एक व्यक्ति ने उसे (अपूर्व को) विशेष कर आकर्षित किया , वह उस आफिस का एकाउटेन्ट था। मराठी ब्राह्मण, नाम रामदास तलवलकर। दीर्घाकृति, बलिष्ठ, गौरवर्ण—–– सुपुरुष कहें तो अतिशयोक्ति नही होगी। देह पर पैजामा और लम्बा कोट, सिर पर पगडी, माथे पर रक्तचन्दन का टीका—— अग्रेजी में बातचीत अत्यन्त शुद्ध। किन्तु अपूर्व के साथ उसने पहले से ही हिन्दी में बातचीत शुरु कर दी। अपूर्व को अच्छी हिन्दी नही आती थी, लेकिन जब उसने देखा कि वह हिन्दी के सिवा और अन्य किसी में जवाब नहीं देता तब उसने भी हिन्दी में बोलना शुरु कर दिया, अपूर्व ने कहा, यह भाषा मैं अच्छी तरह नहीं जानता अनेक गलतियाँ होगी।

शरतचन्द्र की चिट्ठी में उल्लेखित इस गया काग्रेस का थोडा इतिहास है । वह ये है—सन् १९२२ के दिसबर के आखरी दिनों में देशबन्धु के सभापतित्व में गया में निखिल भारत काग्रेस कमिटि का अधिवेशन हुआ। उसमें योगदान के लिए शरतचन्द्र देशबन्धु के साथ गया गये थे। सन १९२१ के असहयोग आन्दोलन के आरभ में ही शरत्चन्द्र देशबन्धु के आहवान पर काग्रेस में आ गये थे और उनके अनुगामी थे। गया काग्रेस कौंसिल में प्रवेश के सबध में अधिकाश नेताओं के साथ देशबन्धु के मत विरोध होने पर, उन्होने काग्रेस के बीच ही पहली जनवरी, सन् १९२३ में "स्वराज्य दल" नामक एक पृथक दल का गठन किया।

देशबन्धु के स्वराज्य दल गठन करने पर जब बगाल की अधिकाश जनता उनके विरुद्ध थी, उस वक्त सर्वदा उनके पास में थे सुभाषचन्द्र और शरत्चन्द्र। इसके बारे में शरत्चन्द्र ने अपने "स्मृतिकथा" नामक प्रबन्ध में लिखा है—"गया काग्रेस से लौटकर जब आभ्यन्तरीन मतभेद और मनोमालिन्य हमारे चारो ओर मेघाच्छन्न हो उठा, इस बगला देश में अग्रेजी, बगला जितने भी सवादपत्र हैं, प्राय सभी ने कठ मिलाकर समस्वर में उनका स्तवगान शुरु कर दिया, उस वक्त उन्हें एकाकी भारत के एक छोर से दूसरे छोर पर्यन्त किस तरह युद्ध करते हुए घूमते मैंने देखा है, जगत के इतिहास में मेरे ख्याल से उसकी कोई तुलना नही हो सकती। . . कोई लोग नही, अर्थ नही, हाथ में एक कागज का टुकडा नही, जो अति छोटे हैं वे भी गाली-गलौज बगैर बाते नही करते, देशबन्धु की वह क्या अवस्था! अर्थाभाव से हम अत्यन्त अस्थिर हो उठते थे, केवल वे स्वय अस्थिर नही होते थे। एक दिन की बात याद आती है, रात्रि उस वक्त नौ या दस होगी बाहर पानी बरस रहा है, और मै, सुभाष और वे शियालदह के समीप एक धनी व्यक्ति के बैठक-खाने में कुछ रुपयो की आशा में बैठे है।"

शरत्चन्द्र की इसी लेखनी में है कि वे उस दिन उसे धनी व्यक्ति के बैठकखाने में व्यर्थ ही बैठे रहे। रुपये उन्हे नही मिले। इस तरह शरत्चन्द्र केवल स्वराज्य दल के लिए अर्थ सग्रह करने ही देशबन्धु और सुभाषचन्द्र के साथ नही घूमते थे, दल के प्रचार और सगठन के लिए भी वे इनके सग जाते थे।

सन् १९२३ के मई महीने के प्रारभ में बरिशाल में जो काग्रेस का प्रादेशिक सम्मेलन हुआ, शरत्चन्द्र उसमें भी देशबन्धु, सुभाषचन्द्र, किरणशकर आदि के सग बरिशाल गये थे। उनके इस बरिशाल कान्फरेन्स में जाने का उल्लेख और अन्य कई स्थानों में जाने की बात के बारे में पूर्वोक्त लीलारानी गगोपाध्याय को लिखी हुई चिट्ठी से जान सका। उन्होने लिखा था—"कुछ समय तक यहाँ नही था। तीन घटे हुए बरिशाल से घर पहुँचकर तुम्हारा पोस्टकार्ड मिला। इक्कीस तारीख की रात की गाडी से बम्बई जाना ही होगा और वही से पहली जून को मद्रास जाऊगा। नागपुर के पथ से लौट आऊगा १६-१७ दिन बाद। तीन दिन के बाद ढाका और मयमनसिंह जाना होगा। यही अबतक स्थिर हुआ है।

शरत्चद्र इन दिनो उनकी साहित्य-साधना बद कर इस तरह देशबन्धु और सुभाषचन्द्र के सग भारत के एक छोर से दूसरे छोर तक गये थे। उसी वक्त वे सन् १९२३ के मई के महीने में कुछ दिनो के लिए बम्बई आये थे और आज के इस महाराष्ट्र के नागपुर शहर में भी गये थे।

पर भी विदेशी भाषा में यही था शरत्चन्द्र की किताब का पहला अनुवाद। दिलीपकुमार राय ने इसका अनुवाद किया था। अनुवाद को पढ लिया था श्री अरविन्द ने और रवीन्द्रनाथ ने उसकी भूमिका लिख दी थी। इसके बाद भी बम्बई ही से शरत्चद्र की ओर किताबों का भी अंग्रेजी में अनुवाद हुआ है। जैसा कि—यहाँ के जयको पब्लिशिंग ने "चरित्रहीन" का अनुवाद प्रकाशित किया है।

के सी सेन ने "श्रीकात" के प्रथम पर्व का जो अंग्रेजी में अनुवाद किया था उसकी भूमिका लिखते वक्त अध्यापक टामसन ने उनकी भूमिका में शरतचन्द्र की एक सक्षिप्त आत्मकहानी उद्धृत की है। टामसन साहब के निर्देशानुसार क्षितिश बाबू ने शरतचद्र द्वारा उनकी आत्मजीवी का यह अश लिखा लिया था। सक्षिप्त होने पर भी यह शरतचन्द्र की एकमात्र आत्मजीवनी है। आज जो शरतचन्द्र विषय सबधी लेखक और गवेषक बात बात मे शरत्चद्र की आत्मकहानी की उद्धृति करते है, उसके भी मूल में परोक्ष भाव से इसी बम्बई का दान है।

अंग्रेजी "श्रीकात" प्रकाशित होने के चार साल बाद यह अनुवाद ग्रथ मनीषी रोमाँ रोलाँ के हाथ में आया। उस वक्त वे स्विट्ज़रलैंड में रहते थे। रोलाँ अंग्रेजी नही जानते थे। उनकी बहन मादलिन् अंग्रेजी जानती थी। उन्होंने ही श्रीकान्त पढकर मुह ज़बानी अंग्रेजी से इटालियन भाषा में अनुवाद कर अपने भाई को सुनाया। वही अनुवाद सुनकर रोलाँ मुग्ध हुए थे और शरत्चद्र को विश्व के प्रथम श्रेणी के औपन्यासिक कहकर उन्होंने घोषणा की थी।

बात यह है कि रोलाँ ने शरत्चद्र को प्रथम श्रेणी के उपन्यासकार कहकर घोषणा की थी, फिर भी वे बगाली "श्रीकात" के अंग्रेजी अनुवाद का, वो भी मौखिक इतालीय अनुवाद सुनकर कितना रस ग्रहण करने मे सफल हुए थे?

इन्ही रोलाँ ने "कल्लोल" के सम्पादक दीनेशरजन दास के एक पत्र के उत्तर में उन्हें लिखा था—हम लोग यदि शरत्चद्र की अच्छी अच्छी रचनाओ का फरासी (फ्रेंच) भाषा में तर्जुमा करके छापें, तो फरासी और बगला चिन्ताधाराओ की आत्मीयता स्थापित होने की सभावना हो।

रोलाँ के इस पत्र को लेकर दीनेश बाबू एक दिन शरत्चन्द्र के पास गये और उनसे ये बातें कहने पर शरत्चन्द्र ने कहा था—किसी भी भाषा का अन्य भाषा में अनुवाद होने पर वह ठीक नहीं रहता। "पिठे" का अंग्रेजी तुम लोग "केक" लिखोगे, उसमें क्या "रसपुलि" का रस रहता है?

इस तरह शरत् साहित्य के प्रकृत रस से वचित होकर भी मनीषी जिस अल्प परिमाण में रस ग्रहण कर सके, उसीसे प्रभावित होकर उन्होंने शरत्चन्द्र की उतनी प्रशसा की थी।

सन् १९२३ की पहली जनवरी की तारीख में शरत्चन्द्र ने हावडा के बाजे शिवपुर से उनकी साहित्य-शिष्या लीला रानी गगोपाध्याय को एक पत्र में लिखा था—गया से लौट आया हूँ। कांग्रेस खत्म होने के पहले ही चला आया था।

साहित्यसेवी प्रवासी बंगालियो के साथ शरत्चन्द्र का जैसा एक निविड योग था, उसी तरह इस प्रतिष्ठान के साथ भी उनका एक प्रीति का सम्पर्क था।

निखिल भारत वग साहित्य सम्मेलन द्वारा भागलपुर और बम्बई, शहर में क्रम से ये जो शरत्-शताब्दी-अधिवेशन हुए, यह एक ओर से अत्यत तात्पर्यपूर्ण है और सम्मेलन के कतृपक्ष की सद्बुद्धि का भी परिचायक है। कारण, शरत्चन्द्र के जीवन में कमोबेशी इन दो शहरो का ही अपरिसीम दान है।

गत वर्ष भागलपुर अधिवेशन में "भागलपुर और शरत्चन्द्र" शाखा के सभापति स्वरूप मैंने अपने भाषण में शरत्चन्द्र के जीवन और साहित्य में भागलपुर के प्रभाव के बारे में विस्तृत रूप से कहा है। इस बार बम्बई के प्रसग में कुछ कह रहा हूँ। पहले ही कह देता हूँ कि बगाली कथाशिल्पी शरत्चन्द्र को बगाल के बाहर शिक्षित और अशिक्षित अगणित भारतवासियो से इसी बम्बई के सिनेमा जगत् ने परिचित कराया है। यहाँ के सुदामा पिक्चर्स के शरतचन्द्र के "पडित मशाई" पर आधारित "चिंगारी", लक्ष्मी प्रोडक्शन का "अरक्षणीया" पर आधारित "इन्कार," नैशनल स्क्रीन सर्व्हिस का "स्वामी" पर आधारित "सौदामिनी," अशोककुमार प्रोडक्शन का "परिणीता," हितेन चौधुरी प्रोडक्शन का "विराज बहू," विमल राय प्रोडक्शन का "देवदास," तिरुपति पिक्चर्स कम्बाइन का "खुशबू", के जी पिक्चर्स का "मझली दीदी," डी लुक्स प्रोडक्शन का "छोटी बहू" आदि सफल छायाचित्र भारत के प्राय सर्वत्र ही प्रदर्शित होने के कारण अनायास ही सर्वत्र शरत्चन्द परिचित हो गये है।

इसके सिवा शरतचन्द्र को सर्व प्रथम बहिर्विश्व से भी इसी बम्बई ने परिचित कराया। यहाँ के हाइकोर्ट के जज के सी सेन अर्थात क्षितिशचन्द्र सेन ने सन १९२२ में शरतचन्द्र के "श्रीकात" के प्रथम पर्व ग्रथ का अग्रेजी में अनुवाद किया। परवर्ती काल में क्षितिश बाबू ने इस प्रसग में उनके शान्तिनिकेतन के घर में बैठे एकदिन मुझसे कहा था--श्रीकात अनुवाद करके एकदिन शरतचद्र के शिवपुर के वासस्थान पर जाकर उन्हे थोड़ा सा सुनाया था। सुनकर उन्होंने कहा था कि बाँकुडा कालेज के अध्यापक टामसन साहब से एक भूमिका लिखा लेना। उन्होंने रवीन्द्रनाथ पर एक किताब लिखी है। और टामसन साहब के घर के स्त्री-पुरुष सभी बगला भी जानते है। उनमें से किसी को एकबार दिखा देना और सभव हो तो अनुवादक के तौर पर तुम्हारे साथ उनमें से किसी का नाम भी दे सकते हो।

मैंने शरत्चन्द्र के निर्देशानुसार वैसा ही किया। टामसन साहब ने एक भूमिका लिख दी और उनके घर की थियोडोसिया नामक एक महिला, सम्भवत उनकी पत्नि ने ही मेरी लेखनी पर थोड़ी बहुत कलम चलाई और उनका नाम भी अनुवादिका के तौर पर रहा। ऑक्सफोर्ड युनिवर्सिटी प्रेस ने उसे प्रकाशित किया।

क्षितिश सेन के इस "श्रीकान्त" के अनुवाद के पूर्व सन् १९१४ में "दी डेलिव्हरेस" नाम से शरत्चन्द्र के "निष्कृति" ग्रथ का जो अनुवाद हुआ, उसका प्रकाशन भी इसी बम्बई से हुआ। परवर्तीकाल में फ्रेंच, इटालियन, रशियन, चेक आदि भाषाओं में शरत्साहित्य का अनुवाद होने

शरत्चन्द्र :

निखिल भारत वंग साहित्य सम्मेलन और बम्बई तथा महाराष्ट्र

–गोपालचन्द्र राय
(अनुवादिका–डॉ० रमा सेनगुप्त)

माननीय सभापति महाशय और समवेत भद्रमंडली। निखिल भारत वंग साहित्य सम्मेलन के परिचालक वर्ग ने आरंभ और समाप्ति के हिसाब से लगातार दो वर्षों तक शरत् शताब्दी उत्सव पालन किया। इन्होंने ही पहले शरत्चन्द्र के जीवित काल में तत्कालीन प्रवासी वंग साहित्य सम्मेलन में भी कभी उन्हें सम्मेलन में सादर लाया, कभी लाने की चेष्टा की। जैसे–सन् १९२४ में लखनऊ में अनुष्ठित प्रवासी वंग साहित्य सम्मेलन में इन्होंने शरत्चन्द्र को सभापति बनाकर लाने की चेष्टा की थी। यह जानकर रवीन्द्रनाथ ने तब शरत्चन्द्र को जो कहा था उसके बारे में शरत्चन्द्र ने प्रसगत उनके "साहित्ये आर्ट ओ दुर्नीति" प्रबन्ध में लिखा है–'पूज्यपाद रवीन्द्रनाथ ने मुझसे कहा था कि इस बार यदि लखनऊ साहित्य सम्मेलन में जाओ तो अभिभाषण के बदले तुम एक गल्प लिखकर ले जाओ! अभिभाषण के बदले गल्प। मैंने जब विस्मित होकर उसका कारण उनसे पूछा तो उन्होंने केवल उत्तर में कहा, वह बहुत अच्छा होगा।'

शरत्चन्द्र एक उच्चकोटि के कहानी लेखक हैं, यह जानकर ही रवीन्द्रनाथ ने शरत्चन्द्र से वो बातें कही थी। इसी कारण शायद रवीन्द्रनाथ ने उसकी कविता "साधारण मेये" में कविता की नायिका मालती द्वारा उसके बारे में एक कहानी लिखने के लिए उसकी मुंह जबानी से शरत्चन्द्र को अनुरोध कराया था।

जो भी हो, लखनऊ में अनुष्ठित उस बार के प्रवासी वंग साहित्य सम्मेलन में शरत्चन्द्र नहीं आ सके थे। वादा किया था कि अगले साल आयेंगे। अगले साल याने सन् १९२५ में कानपुर में सम्मेलन हुआ। उस बार भी आखरी मुहुर्त में अचानक अस्वस्थ हो जाने के कारण वे नहीं आ सके। कानपुर सम्मेलन में शरत्चन्द्र को लाने के लिए वहाँ के पत्रकार सत्येन्द्रप्रसाद वसु शरत्चन्द्र के घर गये थे। उस समय की "कल्लोल" पत्रिका में सत्येन बाबू ने उनके एक प्रबन्ध में इस संबंध में विस्तार पूर्वक लिखा है।

शरत्चन्द्र ने लखनऊ और कानपुर सम्मेलन में नहीं आ सकने पर भी सन् १९३४ में कलकत्ता के टाउन हॉल में अनुष्ठित प्रवासी वंग साहित्य सम्मेलन में सभापति न होते हुए भी योगदान किया था। उस वक्त एक दिन साहित्य सभा में उन्होंने भाषण दिया था और एक दिन प्रवासी वंग साहित्य सम्मेलन के अन्यतम प्रतिष्ठाता कवि अतुलप्रसाद सेन की उस वर्ष मृत्यु होने के कारण सम्मेलन द्वारा आयोजित अतुलप्रसाद की शोकसभा में उन्होंने पौरोहित्य किया था।

शायरे इन्कलाब-इश्कः आफताब-चांद

वस्तुतः उर्वशी काव्य की मुख्य सवेदना आज के मानव की काम-समस्या है, जो न इसे पूरी तरह स्वीकार पाता है, न त्याग पाता है और न इसे सर्जना की ओर ही उन्मुख कर पाता है। इसके साथ ही इसका स्वरूप इन्द्रधनुषी है, सश्लिष्ट है। अन्य सवेदनाओं के योग से इसका मनोमय स्वरूप हो गया है। पुरूरवा के स्वप्न देखने, सन्यास ग्रहण करने, औशीनरी के विलाप आदि दिनकर की नवीन उद्‌भावनाओ ने इसे नयी हृदयग्राही शक्ति दी है। कहते है कि जोश जब पहले-पहल दिनकर से मिले, उन्होने बेसाख्ता एक रुबाई कही —

हिन्द में लाजवाब हैं दोनो,
शायरे—इन्कलाब है दोनो,
देखने में अगर्चे ज़र्रे है,
वाकई आफताब है दोनो।[1]

मैं समझता हू कि 'उर्वशी' प्रकाशित होने तथा पढने के बाद यदि जोश साहब इनसे मिलते तो वे ज़रूर लिखते—दिनकर समान दर्जे के शायर इन्कलाब-इश्क भी है। देखने मे ये अगर्चे ज़र्रा है, लेकिन आफताब और चाद दोनो है ये।

---

१. दिनकर—स सावित्री सिन्हा, पृ १३

होती है।"[1] "भूमि पर उतरो. कमल, कर्पूर, कुकुम से, कुटज से.. ..इस अतुल सौंदर्य का शृगार कर लो।"[2] "कितना सुख। कितना प्रमोद ? कितनी आनद-लहर है।. . कितना कम स्वर्गीय स्वय सुरपुर है इस वसुधा से।"[3]

क्या इन पक्तियो में धरती के महत्व की सवेदना नही है ?

शाह आलम यात्रा में भी शायरी किया करते थे । एक बार माधवराव पटेल के साथ आगरे से दिल्ली की यात्रा कर रहे थे । उसी समय मार्ग में पटेल-सबधी कुछ कवित्त और दोहे लिख कर उनको भेंट किए -

मुल्क माल सब खोये कर पडे तुम्हारे बस
माधव ऐसी कीजियो आवे तुम को जस[1]

बक्सर की पराजय के उपरान्त जब वे अग्रेजो के सरक्षण में इलाहाबाद रहे तो वहाँ भी नृत्य-सगीत के साथ दिन-रात शायरो का भी जमघट लगा रहता था । वे अपनी उर्दू, फारसी और हिंदी रचनाओ में अपनी दयनीय परवशता का उल्लेख किया करते थे ।

वास्तव में शाह आलम प्रतिभा सम्पन्न कवि थे । उनकी शायरी में अभिव्यक्ति की सादगी के साथ विचारो की स्पष्टता भी है । उनकी रचनाएँ उस समय की निखरी हुई भाषा का उत्कृष्ट नमूना हैं । अर्शी इम्तियाज़ अली ने उनकी काव्यगत विशेषताओ को रेखाकित करते हुए लिखा है 'मेरे नज़दीक इनके शेरो की खास खूबी यह है कि उन में पेंचदार ख्यालात, मुश्किल फिकरे या लफ्ज और दूर अज़कार तशबीह नही मिलती । इनकी शायरी जज्बात की शायरी है। जो कुछ दिल पर गुज़रती है, खुशी हो या रज, आराम हो या तकलीफ, इसे सादह तरीके से बयान कर देते हैं । यही वजह है कि उनके कलाम में शानो-शौकत कम मगर असर ज़्यादह है । मुमकिन नही कि आप इनके शेर पढ कर उनकी खुशी या रज के साथी न बन जाएँ ।'[2]

---

१ नादिरात-ए-शाही पृ० ३८
२ वही, पृ० ४२

✶✶
✶✶

शाहआलम ने नायिका भेद सबधी लगभग २७८ कवित्त और दोहे लिखे है जो पृष्ठ सख्या १७२ से २९६ तक सकलित है। रागरागनियो से बधे हुए इन छन्दों में प्रेम–विरह के,[1] रूप माधुर्य के[2], आध्यात्मिक मिलन की आशा–निराशा के[3] प्रकृति वर्णन[4] के बडे सुन्दर और सरस चित्र मिल जाते है। शाह आलम भगवान कृष्ण के परम भक्त थे उनके अधिकाश छद श्रीकृष्ण लीला से सम्बधित है। इन छदो में गुम्फित कृष्ण भक्ति की गहरी भावानुभूति का माधुर्य बड़े कौशल से उभरा है। तन्मयता इतनी घनी और अभिव्यक्ति इतनी सशक्त है कि यह छद रीतिकालीन कवियो की रचनाओ से स्पर्धा करते प्रतीत होते है।

अत में पृष्ठ ३०० से ३०८ तक १६ तराने सग्रहीत है[1] भारतीय सगीतशास्त्र के अनुसार राग–रागनिया भारतीय है। भाषा फारसी है[5]। कही कही हिन्दी की पक्तिया भी है[1]। इन्ही के द्वारा नादिरात–ए–शाही के समापन एव उद्देश्य की सूचना मिलती है।

---

१. सीस कहे, पडे पाय रहू और बाह कहे, उन्हें छाड न दीजे
जीब कहे, बतिया ही करू और कान कहे, धुन वा की सुनीजे
अङ्ग कहे, लिपटाय रहू और जीव कहे, मुझ माह रहीजे
पाय कहें, घर वाही के जाइये, नैन कहे मुख देखा ही कीजे

नादिरात–ए–शाही—पृ० १९५

२ सावरो रग सुहावनो लागत, गावत आवत राग नवो है
बन्सी बजाए, कछु–मुस्काए, लला मन मेरो लुभाए लियो है
नीकी भली चली जात हती, सुध जात रही, यह कैसो भयो है?
देखत ही मन मोहन को, सखी, मो तन को सब चैन गयो है।

नादिरात–ए–शाही— पृ० १९०

३ हर दिन उसकी याद रख, जा में सब कछु होय
आये न दुनिया काम कुछ, गफलत में मत सोय

नादिरात–ए–शाही—पृ० २३३

४ बरसें बरसें घनघोर घटा, तरसें पी देखन को अब नैन हमारे
चपला चमके, जीयरा लरजे, सखी, कैसे पडे सुख चैन तुम्हारे?
या बदरी की बहार में, री सखी, पिया मिलनु कू जी तरसे
नेह हिये सरसे बिन देखे पी को नैना बूदन बरसे झरसे
सावन की सब्जी की बहार में परदेस की बात न कीजे
गरजत है घनघोर घटा और बूदन ते सब अबर भीजे

नादिरात–ए–शाही— पृ० २८१

५. आह जानि मन तदीम तना आहे आहे दिरदिर दीमदीम तारा दानी दीम दीम तदीम तना
चशमि मन बहरि सनम गिरयानस्त
दिलि मन अज़ ग़मि ओ बिरयानस्त

नादिरात–ए–शाही, पृष्ठ ३०७

६. मोद उपावे चित को, सबे रसन को धाम
'नादिरात–शाही' धरयो या पोथी को नाम

नादिरात–ए–शाही, पृ० ३०८

होली की तैयारी[1] से लेकर, स्त्रियो का मिलकर होली खेलना[2] और प्रिय के साथ एकान्त[3] में होली खेलने के मधुर और हृदयहारी दृश्य उपस्थित किये हैं। विविध रागरागनियों से आपूर्ण बादशाह द्वारा रचित ये गीत इस अवसर पर गाये जाते थे। दिल्ली के लाल किले में होली की महफिल कितनी आकर्षक होती होगी—

खेलत फाग को आई सबे बन, गावत है मिल सावरी गोरी
लाई अबीर, गुलाल को खेलत केसर रग सू अङ्ग से बोरी
खेल सकू नही, लाज लगे, पिया पाय परू, कहू बाँह मरोरी ?
रग सुरग भरी 'शाहे–आलम' के मन्दिर नीकी मची आज होली[4]

इसके उपरान्त मिहदी–ए–गौस–उल–अऽजम सबधी २० हृद पृ० १६२ से १७० तक सकलित है, जिसमें रगरगीली मेहदी[5] चिरागा[6] और आतिश बाजी[7] का उल्लेख है जो उस युग के अटूट विश्वासो की महत्वपूर्ण शृङ्खला है।

---

१ या होरी के दिन में सब गुनी मिल अच्छो नीको रङ्ग सजायो
दफ, मिरदङ्ग, ढोलकी, माल, बीन, रबाब और दायरा चङ्ग मुहचङ्ग बजायो
अबीर, गुलाल, कुमकुमा, फूलन गेंदन सू अपने सब ही अङ्ग बचायो
फेंट गह फगवा मागत, शाहे –आलम' सङ्ग' यह ढङ्ग मचायो
नादिरात–ए–शाही, पृ० १३३

२ अबीर, गुलाल अव फूल लिये कर बाजत तार सुहावन लागी
भूषण अङ्ग सिंगार सजे सब खेलत खेल मिली अनुरागी
कुन्जन में अली गुन्जन लागी सबे वन कोयल कूकन लागी
आनन्द हुलास भये सब के मन, आई बसन्त भली रस पागी
नादिरात–ए–शाही, पृ० १४२

(३) आज लो बोली नही हू कछू, कोई एक कहै मै चार कहूँगी
हो आप करूँगी रङ्ग से, पर औरन को नही खेल सहूँगी
गाय रिझाय के पीतम को चित चोर सदा फिर बाँह गहूँगी
आई बसन्त बहार, सखी, अब कन्त को ले के इकन्त रहूँगी
नादिरात–ए–शाही पृ० १५२

४ नादिरात–ए–शाही, पृ० १४८

५ रग सुरग बनी मिहदी और चाव सूं रोश्नी नीकी सवारी
कवल पे दीपन के गन सोहत बाजत बाजे सबे सुखकारी
नेक निगाह करो नित ही तुम पीर बधाओगे धीर हमारी
दीजे मुराद कहे मन की, 'शाहे–आलम' लीनी पनाह तुम्हारी
नादिरात–ए–शाही, पृ० १६८

६. क्या नीकी आज यह रोश्नी मिहदी की हज़रत पीर दस्तगीर की बन आई
चिरागन की जोत जगर जगर ऐसी लागत जैसी रंगारग के जवाहिर से छाई
कैसी धूम की बाजत नौबत और छूटत आतिशबाजी, गुनियन मिल के गाई
कीनी नज़र मिहर की अपने मुरीद पर 'शाहे–आलम' ते मन की मुराद भर पाई
नादिरात–ए–शाही, पृ० १६९

७. हज़रत पीर की नीकी बनी मिहदी यह देखत ही मन भाई
रोश्नी दीपन की अत दीपत अब महताबन की छब छाई
छूटत हैं चरखें चहू ओरन फूलजरी, हतफूल, हवाई
आनन्द सूं 'शाहे–आलम' अपने जी की मुराद सबे भर पाई
नादिरात–ए–शाही, पृ० १६३

चारशवा[1], ईद[2], हज[3], बकरीद[4], सालगिरह[5] के जशनो का रंगीन और सरस उल्लेख इनकी रचनाओ में उपलब्ध होता है। यह समस्त छन्द संगीत–सिद्धातो के आधार पर रागबद्ध है। इनके द्वारा तत्कालीन वेशभूषा, आभूषण, रीतिरिवाज के साथ वाद्ययन्त्रो की भी सूचना मिल जाती है। जशनो का गूजता हुआ वातावरण इस प्रकार चित्रित है —

बीन, रबाब तबूरा, सितार, कानून, दमामे, सारंगी, मुहचग
झाझ, मजीरा और ढोलकी, दाइरा, बासरी, करह और ही चग
खटजरी और कटतार लिए सुरनाई भली करनाई अब पग
गाय गुनी 'शाहे आलम' को सब देत मुबार की बजाये मिरदग[6]

शाहआलम कृत सबधी ६० कवित्त और दोहरे पृष्ठ १३२ से १६० तक उपलब्ध होते है। इसमे शाही हरमो में खेली जाने वाली होली का रगा रग वर्णन है। होली की धूमधाम नौरोज और ईद के जशनो से कम नही होती थी। बादशाह स्वय अपनी पत्नी मे ही होली खेलने का शुभारभ करते थे (७) तथा रनिवास की अन्य स्त्रियो के माथ होली खेली जाती थी।

---

१ आज के रोज मुहम्मद ने करी बाग की सैर बडी खुशहाली
देन मुबारकबाद, चलो, 'शाहे–आलम' को चार शम्बे की आली
नादिरात–ए–शाही पृ० ८९

२. आज हमीद जदीद यह रब ने 'शाह आलम' को मानो दिम का राज दियो है बधाई
दीजे मुबारकबाद सुभ साअत है, रमजान का ईदमईद नवीद ले आई
नादिरात–ए–शाही पृ०८८

३ शत्रु की कुरबानी करे, 'शाहे आलम' हज्ज सवाब लियो है
लाखो तुम्हें बकरीद नसीब हो, ये ही मुबारकबाद दियो है।
नादिरात–ए–शाही पृ० ९३

४ ऐ री आली, आई बकरीद, पाई मनकी मुरादें खुशी से शाहे आलम के घर
सोभा सू सवारे सब नर नारी, नजर ले ले आगे आई अपने अपने कर धर
नादिरात–ए–शाही पृ० ८६

५. गावत मङ्गल चार सबे तिय आपस में मिल रात जगाई
वाजत ताल मुहचङ्ग परवावज, गाय गुनी नौछावर पाई
लाखो साल हुलास बिलास सू, राज करो सुख सू सुखदाई
अकबर शाह की साल गिरह, 'शाहे आलम' को सब देत बधाई
नादिरात–ए–शाही– पृ० १०८

६ नादिरात–ए–शाही पृ० ८७

७ हो बरजोरी तो को तो बरजोरी लाय 'शाहे आलम' सू खेलन के होरी
ले गुलाल अंग या भर दीनी, मुख ऊपर लाय गह अन्चर झकझोरी
तोरी तनी कन्चुकी छोरी बाँह मरोरी, कुच को रिहो कर सू आप धोरी
मेरो कहो न मानो तब सू, अब कैसे कहे री, राज करो ऐसी होरी।
नादिरात ए–शाही, पृष्ठ १३२

साहिब महल जब बन ठन आई साज सकल सिंगार
पकड हाथ समधी ने डाला गल फूलन को हार (१)

सीठनों के उपरान्त 'इस्तुतिपीरा' के अन्तर्गत २१ दोहरे, २ कवित्त और ४ गजल पृष्ठ ६० से ७३ तक सग्रहीत है। इनमें हिन्दी छन्दों में ढला हुआ तत्युगीन भाषा का सुन्दर स्वरूप सुरक्षित है। दोहरे की बानगी प्रस्तुत है —

आसरो राखत है तुम्हरो, अब हज़रत पीर रसूल सुनीजे
जी के मनोरत पूरे करो, 'शाहे–आलम' को भूमण्डल दीजे (२)

शाह आलम के कवित्तो में रसखान की कवित्त माधुरी के दर्शन होते है —

हो तुम पीर मुरीद मैं तेरो हूँ रैन दिना तुम्हरे गुन गाऊ
ताज अब तख़्त दियो सब राज तै, तो 'शाहे आलम' शाह कहाऊ
चाहत हूँ जग में इतनी अब सो मुख सू कह तोहि सुनाऊँ
नेक निगाह रहे नित ही और जी की मुराद सबै भर पाऊ (३)

'मुबारक बादे–जशने' के अन्तर्गत नौरोज़ वगैरह के १२५ छद पृ० ७५ से १२४ तक सकलित है, जिनके द्वारा उस युग के पर्व–त्यौहारो की उमग और रगीनी की बानगी मिल जाती है जिसमें हिन्दू और मुसलमान परस्पर जुड कर सुख शाति से विविध पर्वों को उल्लासपूर्वक मनाते थे। नौरोज़[४], मुबारक दीवाली[५], शबेबरात[६], रमजान[७],

(१) नादिरात–ए–शाही, पृष्ठ ५६
(२) वही, पृष्ठ ६४
(३) वही, पृष्ठ ७२

४ साल नयो अब आयो भलो 'शाहे–आलम' के घर होगी बधाई
मुबारक हों नौरोज़ तुम्हें अब जी की मुराद सबे भर पाई
भूषण अङ्ग सिंगार सजें, अब धाय के लक्ष्मी गेह में आई
दुर्जन नास भये तुम्हरे, अब देत यही चहु ओर सुनाई
नादिरात–ए–शाही– पृ० १०१

५. आज पहरे जरी बसन निकसी सब नार पूजने को सरसुती नीकी सुहाली
सोलह सिंगार किये बेस की नारी सबे रूप की उजारी आई सङ्ग लिये आली
भाल पर तिलक लगाय हातन पायन मेहदी महावर सजे सिंगार कर–कर ले घर आई थाली
जबे आनन्द भयो नाचत गावत मिदङ्ग बजावत दे कर ताली रात दिवाली
नादिरात–ए–शाही पृ १२०

६ पूरन करें मन की मुरादें तुम्हारी हजरत रसूल
छूटल अनार, सितारे महताबी, फुलजरी, हाथ हतफूल
आई शबरात की रात सुहाई माई और रात नही कोउ इसकी तूल
चलो सखी देखें तमाशे शबरात को 'शाहे–आलम' के घर रब ने कीनी क़बूल
नादिरात–ए–शाही— पृ० १०९

७. कीनी नमाज और राखे रोज़े कबूल करे हैं अल्लाह नबी ने
होय मुबारक ईद तुम्हें 'शाहे आलम' दीनी मुबारकबाद सबी ने
नादिरात–ए–शाही पृ० ७७

मोद उपावे चित को, सबै रसन को धाम
'नादिरात–शाही' धरयो या पोथी को नाम (१)

इसके उपरान्त फारसी में जो रुबाई लिखी गई है उसके द्वारा इसके रचना काल, ग्रन्थ के नाम एव बादशाह के आदेश की सूचना मिलती है —

ई नुसख कि हस्त जामिये जुमल उल्म गर्दीद बहुक्मि शाहि–आलम मरकूम
इस्ना अश्र अज अहादू हम बूद मिआत की गश्त व नादिरातिशाही मासूम (२)

नादिरात–ए–शाही में उस युग की हिन्दी का साहित्यिक रूप सुरक्षित है। इस आधार पर हिन्दी साहित्य में इसका विशिष्ट स्थान निर्धारित्त किया जाना चाहिए । इसके अतिरिक्त इसमें तत्युगीन राजनीति, धर्म, जन–जीवन, समाज के वे तथ्य समाहित है जिनके द्वारा उस युग का सजीव जीवन्त चित्र प्रत्यक्ष हो उठता है।

आरभ में गज़ल –ए–रेख्ता के अन्तर्गत ४७ गजल पृष्ठ १ से ४७ तक सकलित हैं । प्रत्येक गजल की राग का निर्देश किया गया है। ईश्वर वन्दना, नामस्मरण, आत्मनिवेदन एव सासारिक नश्वरता का उल्लेख सूफी तत्वो के आधार पर वर्णित है। शाहआलम बुजुर्गो का बडा सम्मान किया करते थे । ख्वाजा मुईन–उद्–दीन चिश्ती और शेख अब्द–उल्–कादिर जीलानी पर उनका अटूट विश्वास था । वे फारसी और उर्दू में 'आफताब' और हिन्दी मे 'शाहआलम' उपनाम (तखल्लुस) का प्रयोग करते थे—

क्या ही दमक चिरागो की रखती बहार है ।
मेहदी हमारे पीर की ज़र्री–निगार है

रोशन कवल के तख्त हज़ारो है इक तरफ
इक स् छुटे मुचपे, हवाई अनार है

मुतिरब सदायें–खुश से बयकस् गज़ल–सरा
और इक तरफ को रक्स में हर गुल ऽ ज़ार है

उरसे–शरीफे–हज़रते पीराने पीर है
आरास्ता यह बज़में करामत–निमार है

जिस पीर का मुरीद बदिल है यह 'आफताब
इसका मुमिद, वह मुफ्तखरे–रोज़गार है (३)

गजल–ए–रेख्ता के उपरान्त २६ सीठने पृष्ठ ५० से ५८ तक सकलित है, जो समधी और समधिन के सबधो पर आधारित है। यह काव्य रूप लोकगीतो में प्रचलित गालियो का रूप जान पडता है—

---

(१) नादिरात–ए–शाही पृ० ३०९
(२) वही, पृ० ३०९
(३) वही पृष्ठ ३०

था । बादशाह होने पर अब्–उल्–मुज़फ्फर जलाल–उद्–दीन मुहम्मद शाह आलम सानी कहलाए। आप अज़ीज़–उद्–दीन आलम गीर–ए–सानी के पुत्र थे । आप की माँ का नाम लालकुवर था । आपने अपने जीवन काल में दो विसंगतियो का सचालन बडी कुशलता पूर्वक किया। एक ओर अंग्रेजो से बगाल, बिहार और उड़ीसा की दीवानी सनद के नाम पर उनसे ६ लाख वार्षिक पेन्शन प्राप्त कर योरोपीय सस्कृति और सभ्यता का स्वागत किया । दूसरी ओर देशी भाषा और साहित्य को सरक्षण प्रदान कर उसके गद्य और पद्य को विकासोन्मुख बनाया।

शाहआलम को अग्रेजो और मराठो के दाँव–पेंच, अपनी अदूरदर्शिता और बेबसी के कारण राजनीति के क्षेत्र में सफलता न मिल सकी। आरभिक जीवन नज़रबद शाहजादा के रूप में व्यतीत हुआ । भारत का उत्तराधिकारी बन जाने के उपरान्त खोई हुई शक्ति प्राप्त करने के लिए बड़े हाथ–पाव मारे, कभी मराठो की सहायता की, कभी अग्रेजो की और अत में रुहेलो के हाथ अपनी आखें खोनी पड़ी । शाहआलम को अपनी राजनीतीक पराजय का गहरा अहसास था । यह दुख समय–समय पर उनकी फ़ारसी रचनाओ में अभिव्यक्त हुआ है।

शाहआलम हिन्दी–फारसी और उर्दू के कवि और विद्वान थे । उनका साहित्य 'किला–ए–मुअल्ला' की साफ सुथरी प्रामाणिक भाषा में उपलब्ध होता है। आपने एक कहानी भी लिखी थी जो अब अप्राप्य है। यदि यह कहानी मिल जाए तो इशाअल्ला खा की 'रानी केतकी की कहानी' के आगे या पीछे उसके महत्व का मूल्याकन किया जा सकता है।

शाहआलम को आरभ से ही शेर–ओ–शायरी से बडा लगाव था । वे प्रतिभा सम्पन्न कवि थे । वे राजनीतिक उलझनो के बीच में भी कुछ–न–कुछ अवश्य लिख लेते थे । अधे होने के बाद भी वे कविता से जुडे रहे । उनके मनोरजन के लिए कान और जिह्वा ही पर्याप्त थे । इसमें सदेह नही है कि यदि आपका जीवन विशुद्ध साहित्यिक जीवन हुआ होता तो वे जौक और ग़ालिब की श्रेणी में स्थान पाते। उनकी फारसी और उर्दू की नज्मे काफी उच्च कोटि की हैं और यह आपका ही प्रश्रय था जिसके कारण उर्दू ने सुसस्कृत समाज में फारसी का स्थान ग्रहण किया । इस युग में सल्तनत गिरावट पर थी और उर्दू शायरी सवर रही थी । मौलाना अबुलकलाम आज़ाद के शब्दो में— " आलमगीर के अहद वली ने इस नज्म का चिराग रौशन किया, जो मुहम्मद शाह के अहद में आसमान पर सितार . होकर चमका और शाह आलम के अहद में आफ़ताब होकर आज पर आया।"[२]

शाह आलम की उर्दू–फारसी रचनाओ के कई सग्रह उपलब्ध होते है किन्तु हिन्दी कविताओ के एक ही सग्रह की पाडुलिपि रामपुर पुस्तकालय में नादिरात–ए–शाही के नाम से मिली जो स्वय बादशाह की आज्ञा से सन् १२१२ हि० (सन् १७९७ ई०) में देवनागरी और नस्त-अलीक़ दोनों लिपियो में लिखी गई । इसका प्रथम सस्करण अर्शी इम्तियाज़ अली खा द्वारा सम्पादित और बशीर हुसैन ज़ैदी की भूमिका के साथ सन् १९४४ ई० में हिन्दुस्तानी प्रेस, रामपुर से प्रकाशित हुआ ।

संग्रह के अन्त में एक दोहा है जिससे ज्ञात होता है कि इस रचना का नाम नादिरात–ए–शाही है—

---

(२) मौलाना अबुल कलाम आज़ाद—आब–ए–हयात–पृ. ८०.

शाह आलम-ए-सानी की हिन्दी कविता

डॉ. जमीला आली जाफ़री

भारत के प्रति मुगल शासको की नीति अन्य विदेशी शासको की अपेक्षा अत्यधिक उदार रही है। यहाँ उनकी राज्य सीमाएँ निरतर बढती गई और वे भारतभूमि से जुडते गए। इन्ही के शासन काल में दो विपरीत सस्कृतियो का आदान-प्रदान हर क्षेत्र मे उच्चतर पैमाने पर हुआ। धर्म, दर्शन, राजनीति और समाज प्रत्येक क्षेत्र में मुगल शासको ने अपनी गहरी सूझ-बूझ और दूरदर्शिता का परिचय दिया। हिन्दू परिवारो से विवाह सबध स्थापित होने के कारण सास्कृतिक एकता की बुनियाद और भी अधिक दृढ होती गई। परिणाम यह हुआ कि मुगल धमनियो में प्रवाहित होने वाले हिन्दू माताओ के रक्त ने प्राय सभी के हृदय में यहा की भाषा और सस्कृति के प्रति गहरा अनुराग उत्पन्न कर दिया और वे भारतीयता के समर्थ सरक्षक और उपासक बने रहे।

भारत के मुसलमान बादशाह देशी ज्ञान और कला के बडे कद्रदान और मर्मज्ञ थे। यही कारण था कि मुसलमानो ने यहा की विविध भाषाओ का अध्ययन किया और भाषा ज्ञान पर अनेकानेक रचनाएँ लिखी। बाबर जो विशुद्ध मुगल था, भारत आते ही वह यहाँ की देशी भाषा से इतना प्रभावित हुआ कि उसने अपने तुर्की शेर में भी हिन्दी शब्दो का प्रयोग किया –

मुज को न हो कुच हवस–ए–मानक–ओ–मोती
फुकरा हलीग बस बू लगू समदूर पानी–ओ–रोती[1]

अकबर महान के आदेशानुसार एक स्थायी अनुवाद विभाग स्थापित किया गया था जिसके अन्तर्गत सभी प्रसिद्ध सस्कृत ग्रथो के फारसी अनुवादो को शाही लिपिकारो ने सुन्दर लिपि में लिपिबद्ध किया और चित्रकारो ने अपनी कला द्वारा उन्हें अलकृत किया। जहाँगीर अपने आप हिन्दीयत का प्रेमी बना। शाहजहाँ स्वय कवि था। दारा शिकोह ने उपनिषद् का अनुवाद 'सिर्र–ए–अकबर' के नाम से किया और औरंगज़ेब हिन्दी का जानकार कवि और सरक्षक प्रमाणित हुआ। यह मध्ययुगीन मुग़ल शासको और मुसलमान कवियो के हिन्दी प्रेम का प्रमाण है।

इसी सिलसिले में दिल्ली के मुगल शासक शाहआलम द्वितीय (सन् १७६९–१८०६ ई०) का स्थान अत्यन्त महत्वपूर्ण है। आपका नाम मीरज़ा अब्द–उल्–लाह और खानदानी नाम गौहर

(१) नादिरात–ए–शाही (भूमिका) पृ० २

इन्डस्ट्रीज़ एसोसिएशन की मेम्बर, बाम्बे प्राविनसिअल विलेज इन्डस्ट्रीज़ बोर्ड की चेयरमेन, कमला-नेहरू मेमोरिअल हास्पिटल, इलाहाबाद की मैनेजिंग ट्रस्टी और कस्तूरबा गाँधी नैशनल मेमोरियल ट्रस्ट की ट्रस्टी भी रही हैं।

जैसा कि ऊपर ज़िक्र हो चुका है गोसी बेन शुरु ही से हिन्दुस्तानी प्रचार सभा से सम्बन्धित रही हैं। लेकिन जब सन् १९५८ ई में उनकी छोटी बहन पेरिन बहन का देहान्त हुआ तो हिन्दुस्तानी प्रचार सभा की बागडोर भी गोसी बेन ने सम्भाली और अनथक मेहनत लगन और खुलूस से हिन्दुस्तानी प्रचार सभा के काम में मसरूफ हो गई। महात्मा गाधी मेमोरियल बिल्डिंग उनकी इसी मेहनत और खुलूस की यादगार है। उन्होंने हिन्दुस्तानी प्रचार सभा ट्रस्ट की इस इमारत के बनने के बाद नये सिरे से हिन्दुस्तानी प्रचार सभा के काम को फैलाना शुरू किया और सन् १९६७ में हिन्दुस्तानी, उर्दू, हिन्दी, रेख्ता, दकनी गुजरी, अवधी और वृज वगैरह पर शोध काम के लिए महात्मा गाधी मेमोरियल रिसर्च सेटर की बुनियाद रखी।

गोसी बेहन रिसर्च सेटर में अक्सर आती थी और हिन्दुस्तानी उर्दू हिन्दी के ताल्लुक से मशविरे देती थी। वे अक्सर कहती थी कि हिन्दुस्तानी के नाते उर्दू और हिन्दी दोनो से बराबर का इन्साफ होना चाहिए। एक मरतबा उन्होंने हिन्दुस्तानी के बारे में गाधीजी के विचारों को, जो उर्दू और हिन्दी लिखावट में खूबसूरती के साथ लिखकर दीवारोपर लटकाए गये है, देखकर कहा "मुमकिन है देवनागरी लिखावट सायटिफिक हो मगर उर्दू लिखावट बहुत खूबसूरत है और उसे ज़िंदा रहना चाहिए। वे अक्सर ताकीद करती कि उर्दू को नज़रअन्दाज़ न किया जाए।

गोसी बहन को सन् १९७२ में भारत सरकार की तरफ से "पद्मभूषण" का खिताब भी दिया गया। अफसोस कि आज़ादी की जग में बराबर की शरीफ, गाधीजी के आदर्शों का पालन करनेवाली और हिंदुस्तानी ज़बान की आशिक और प्रेमी गोसी बहन ने १९ अक्तूबर सन् १९७६ ई को ज़िन्दगी की ९३ बहारे देखने के बाद वफात पाई। खुदा उनकी रूह को चैन और आराम नसीब करे और हिन्दुस्तानी प्रचार सभा और महात्मा गाधी मेमोरियल रिसर्च सेटर के चिराग की रोशनी को दूर दूर तक फैलाने में हमारी मदद करे। हिन्दुस्तानी के ताल्लुक से सच्चाई, लगन और ईमानदारी के साथ काम करके ही हम गोसी बहन को श्रद्धांजलि पेश कर सकते है।

अपनी बात

बम्बई की पारसी बिरादरीने हिंदुस्तानी की तिजारती और औद्योगिक जिन्दगी में बहुत बडा रोल अदा किया है। डॉक्टर दादाभाई नौरोजी हमारे बहुत बडे कौमी लीडर है, जिन्होंने हिंदुस्तान की आजादी में भी बढकर हिस्सा लिया है। हिंदुस्तानी जबान और अदबकी तरक्की में पारसियो की खिदमत खास तौरसे अहमियत रखती है। उर्दू ड्रामा और थियेटर को उन्ही के हाथों बढावा मिला और मुख्तलिफ पारसी नाटक मडलियोनें हिन्दुस्तान के दौरे किए और ड्रामे को सारे हिन्दुस्तान में फैला दिया। हिन्दुस्तानी प्रचार सभा बम्बई में पारसियो की हिदुस्तानी से मुहब्बत और प्रेम की एक मुस्तकिल और अहम यादगार है जिसे गाधीजी के मार्गदर्शन में डाक्टर दादाभाई नौरोजी की पोतियो, श्रीमती पेरिन केप्टन और श्रीमती गोसीबेन केप्टन ने कार्य किया।

श्रीमती गोशीबेन केप्टन जो गोसीबेन के नाम से मशहूर है, अर्दशीर नौरोजी केप्टन की लडकी है, वे एक जून सन् १८८४ ई मे बम्बई में पैदा हुई। उनकी इबतीदाई तालीम कैथिड्रल गर्ल्स हाई-स्कूल बम्बई में और छैलन हैम (इग्लैड) में हुई। और सन १९०८ से १९११ तक आक्सफोर्ड मे तालीम हासिल की। इस जमाने में दस्तूर के मुताबिक औरतो को युनिवर्सिटी मे दाखिला नही दिया जाता था। बल्कि महमान की हैसियत से उन्हे तालिम दी जाती थी। उन्हें अगरचे इम्तिहान देना लाजमी रहता, उन्हें डिग्री नही दी जाती थी। चुनॉची ऑक्सफोर्ड में गोसी बेन की तालीम भी इसी राईज कानून के मुताबिक हुई।

सन् १९१७ में गोसीबेन की शादी बम्बई के मशहूर सालिसिटर श्री मानिकजी बहरामजी केप्टन से हुई। उन्होंने ९३ साल की लम्बी जिन्दगी पाई और अपने देश और वतन के लिए अनेक क्षेत्रो में काम किए। वे राष्ट्रीय स्त्री सभा और देशसेविका सघ की नायब सद्र थी। सन् १९३१ मे मिसेस सरोजिनी नायडू के इस्तीफे के बाद उन्हें इन दोनो अजुमनो का सद्र चुन लिया गया और जब सन् १९३२ में अग्रेजी सरकार ने इन सस्थाओ को गैरकानूनी ठहराया तो उसके मेम्बरो ने गाधी सेवा सेना की बुनियाद रक्खी जो अब भी गाधीजी के आदर्शों को आम करने की कोशिशो में लगी हुई है। गोसीबेन कैप्टन आखिरी दम तक इस की सद्र रही।

गोसीबेन सबसे पहली बार सन् १९०६ में गान्धीजी से मिली और सन१९१९ में गान्धीजी के हिन्दुस्तान वापस आने के बाद उनसे ज्यादा करीब हुई। इन्ही सस्थाओ मे गोसी बेन के साथ उनकी छोटी बहन श्रीमती पेरिनबेन कैप्टन भी काम करती थी। गाधीजी डॉक्टर दादा भाई नौरोजी की इन पोतियोंके उन कौमी कामो और खास तौरसे बिदेसी चीजोके बायकौट और शराबबन्दी मे जो उस जमाने में उन की जिन्दगी का अजीज तरीन मक़सद था, बहुत खुश थे। गोसीबेन शुरु ही से हिन्दुस्तानी प्रचार सभा की मैनेजिंग कमिटी की मेम्बर रही है। वे गाधीजी की स्वय की हुई आलइन्डिया विलेज

हिन्दुस्तानी ज़बान

साल ९ | जनवरी–अप्रैल १९७७ | नम्बर १–२

ہندوستانی زبان

سال ۹ جولائی - اکتوبر سنہ ۱۹۷۷ع نمبر ۳ - ۴

فارم ۴

[قاعدہ ۸ دیکھئے]

۱	مقام اشاعت	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم بلڈنگ ، نیتاجی سبھاش روڈ ، بمبئی — ۲
۲	وقفہ	:	تماھی
۳	پرنٹر کا نام	:	ڈاکٹر عبدالستار دلوی
	قومیت	:	ہندوستانی
	پتہ	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم . بلڈنگ ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی — ۲
۴	پبلشر کا نام	:	ڈاکٹر عبدالستار دلوی
	قومیت	:	ہندوستانی
	پتہ	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم . بلڈنگ ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی — ۲
۵	ایڈیٹر کا نام	:	ڈاکٹر عبدالستار دلوی
	قومیت	:	ہندوستانی
	پتہ	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم . بلڈنگ ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی — ۲
۶	اُن اشخاص کے نام اور پتے جو اِس رسالے کے حقدار ہو یا جو اِس دولت کے ایک فی صدی سے زیادہ حصے دار ہو		مینجنگ کمیٹی ، ہندوستانی پرچار سبھا ایم . جی . ایم . بلڈنگ ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی — ۲

میں ڈاکٹر عبدالستار دلوی اِس بات کا اعلان کرتا ہوں کے میری زیادہ سے زیادہ جانکاری و یقین کے ساتھ اُوپر دی گئی ہوئی معلومات بالکل صحیح ہے —

تاریخ : ۷۷ — ۱۰ — ۲۰   پبلشر

اپنی بات

ھندوستان اپنے ذھن کی بلندی اور علمی مزاج کے لحاظ سے یونان، مصر اور روما کے نہ صرف برابر بلکہ دوسری سنسکرتیوں کے مقابلہ میں جب کہ وہ دم توڑ چکی ھیں آج بھی زندہ ھے - علمی لحاظ سے یہاں ایک سورج کے بعد دوسرا سورج ابھرتا رھا اور ھر رات آنے والے روشن دن کا پیغام لیکر آتی رھی - ادب اور شاعری میں کالی داس اور خسرو، حساب میں آریہ بھٹ، بھاسکر اچاریہ اور راجنیتی میں چانکیہ، فلسفہ میں شنکر اچاریہ اور ولبھ اچاریہ بھاشا اور بھاشا وگیان یا زبان اور علم زبان میں یاسک، پانینی، پتن جلی اور کمارل بھٹ ایسے نام ھیں کہ جن کے بغیر دنیا کا سانسکرتک اتہاس یا تہذیبی تاریخ کبھی مکمل نہیں ھوسکتی -

ڈاکٹر سنیتی کمار چٹرجی نئے ھندوستان میں اسی سانسکرتک اور وگیانک یا علمی سلسلہ کا ایک روشن مینار تھے - ڈاکٹر چٹرجی ۲۶ نومبر سنہ ۱۸۹۰ء میں بنگال کے ھاورہ ضلع کے شبپور گاؤں میں پیدا ھوئے - انھوں نے کلکتہ یونیورسٹی سے انگریزی ادب میں ایم-اے پاس کیا اور وھیں انگریزی کے اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ھوئے - سنہ ۱۹۱۹ء میں بھارت سرکار کے وظیفہ پر بھاشا وگیان کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے وہ یورپ گئے اور فرانس کی سوبورن یونیورسٹی اور اسکول آف اورینٹیل اسٹڈیز (لندن) سے بھاشا وگیان میں ڈاکٹریٹ حاصل کی - ڈاکٹر چٹرجی ھندوستان کی تقریباً سبھی زبانوں سے واقف تھے، اسی طرح فارسی، عربی، ترکی، چینی روسی، فرانسیسی، جرمن وغیرہ زبانوں کے بھی ماھر تھے - وہ انڈولوجی کے بہت بڑے ودوان تھے - اور ان کے شودھ پربندھ تہذیب اور سنسکرتی کے سارے وبھاگوں کو اپنے اندر سمیٹے ھوئے تھے - وہ انسانی ایکتا کے قائل تھے اور ان کے لئے انسانیت سے تعلق رکھنے والی ساری دلچسپ باتیں توجہ اور غور کرنے کے لائق تھیں - رابندرناتھ ٹیگور ڈاکٹر چٹرجی سے بہت پربھاوت تھے اور انیک بار انھوں نے ان کی وگیانک سیواؤں کی تعریف بھی کی ھے - ٹیگور نے اپنی کتاب «بنگلہ بھاشا پریچے» کو ڈاکٹر چٹرجی کے ھی نام ڈیڈیکیٹ بھی کیا - وہ انھیں «بھاشا چاریہ» کے لقب سے یاد کرتے تھے -

بنگالی کے نئے ساہتیہ کاروں کی فہرست میں جو اپنی شیلی کے لئے مشہور ہیں، ڈاکٹر چٹرجی کا بھی نام آتا ہے وہ عام بول چال کی بنگالی اور ساہتیک بنگالی دونوں کے ماہر تھے۔ انگریزی اور بنگالی کے علاوہ انہوں نے کئی کتابیں ہندی میں بھی لکھی ہیں۔ ان کی انہیں ہندی سیواؤں کے صلہ میں ساہتیہ سمیلن، الہ آباد نے انہیں سنہ ۱۹۴۸ء میں «ساہتیہ واچپتی» کا خطاب دیا۔ انہیں اُردو زبان اور ادب سے بھی دلچسپی تھی، عام بول چال کی اُردو کے لحاظ سے «کلکتہ کی ہندوستانی» کا بھاشا ویگیانک ادھین انہوں نے پیش کیا۔ ہندی کے ساتھ اُردو کے لئے بھی وہ ہمیشہ اچھے جذبات رکھتے تھے، یہی وجہ ہے کہ جب بنگال میں اُردو اکیڈمی بنی تو اس کا صدر ڈاکٹر چٹرجی کو بنایا گیا۔ انہوں نے دنیا بھر کی کئی یونیورسٹیوں میں لکچر دئے۔ اُردو اور ہندی کے تعلق سے ان کے دو اہم لکچر وہ ہیں جو انہوں نے سنہ ۱۹۴۲ء میں گجرات ورناکیولر سوسائٹی کی دعوت پر «ہند آریائی اور ہندی» اور سنہ ۱۹۷۳ء میں مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر بمبئی کی دعوت پر «ہندوستان کثیر زبانوں کا ملک اور اس کی بھاشک سمسیا» پر دئے۔

مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر سے انہیں بڑی دلچسپی تھی۔ وہ اس سنستھا کے مقصدوں کو بہت عزیز رکھتے تھے اور ادارہ کے کام سے بہت خوش تھے اور اور ہمیشہ اپنے مشوروں سے ہمارا مارگ درشن کرتے تھے۔ وہ انگریزی کے ساتھ راشٹر بھاشا کی حیثیت سے گاندھی جی کی ہندوستانی کے حق میں تھے۔ ہمارے بھوت پُرو راشٹرپتی ڈاکٹر رادھا کرشنن نے جو کلکتہ یونیورسٹی میں ڈاکٹر سنیتی کمار چٹرجی کے دوست اور ساتھی تھے، ڈاکٹر چٹرجی کے بارے میں کہا تھا کہ «ان کا ذہن ہمارے زمانے کا سب سے زرخیز ذہن ہے۔» ڈاکٹر چٹرجی کی بھاشا وگیان پر مہارت اور ہند آریائی لنگوسٹکس پر گہری نظر ہونے کی وجہ سے فرانس کے مشہور لنگوسٹ پروفیسر بول بلاک نے ان کے بارے میں لکھا تھا کہ «یاسک اور پانینی کی سرزمین نے ایک سچے لنگوسٹ کو جنم دیا ہے۔» افسوس کہ علم اور ادب کا یہ سورج ۲۹ مئی سنہ ۱۹۷۷ء کو عمر کی ۸۸ بہاریں دیکھنے کے بعد غروب ہوگیا۔ خدا مرحوم کی روح کو شانتی اور آرام نصیب کرے۔

اُردو کے آغاز کے نظریے

ڈاکٹر گیان چند

کسی زبان کے آغاز کا مسئلہ طے کرنا ماہرین لسانیات کا کام ہونا چاہیے لیکن آزادی سے قبل جن زعما نے اُردو کے آغاز کے مسئلے پر بڑے اعتماد سے قول فیصل جاری کیا وہ لسانیات سے نابلد تھے — انہیں یہ معلوم نہ تھا کہ ۱۰۰۰ء یا ۵۰۰ء میں ہندوستان کا لسانی نقشہ کیا تھا — وہ زبان اور بولی کے فرق کو بھی نہ جانتے تھے — آج بھی ایسے معصوم نظر آجاتے ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ کسی بولی میں تحریری ادب وجود میں آجاتا ہے تو اسے زبان کہتے ہیں اور جس زبان میں تحریریں نہ ہوں انہیں بولی (dialect) ہی کہا جائے گا — حالانکہ تاریخی لسانیات سے ابتدائی واقفیت بھی یہ بتانے کے لئے کافی ہے کہ زبان کی حیثیت عطا کرنے میں تحریر اور ادب بالکل غیر متعلق ہیں — بولی ایک جزو ہے اور زبان اس کا کل — جس طرح ایک وفاق کئی اکائیوں پر مشتمل ہوتا ہے اسی طرح ایک زبان بولیوں کا وفاق ہوتی ہے — شاذ ایسی چھوٹی زبانیں ہوتی ہیں جو محض ایک بولی پر مشتمل ہوتی ہیں — بہر حال بولی کا تصور زبان کے بغیر نہیں کیا جاسکتا ہے — ہر بولی کسی نہ کسی زبان کے تابع ہوتی ہے —

اور آگے بڑھنے سے پہلے میں یہ واضح کردوں کہ کسی زبان کا نام کرن (تسمیہ) اس کی عمر کا نشان گر نہیں ہوتا — زبان کا وجود قدیمی ہوسکتا ہے اور اس کا نام بہت بعد کا مثلاً پالی زبان کا نام پالی اُس زبان کے دور کا نہیں بلکہ بہت بعد کا ہے — ہندی کے ناول نگار یش پال نے ایک بار ایک تقریر میں کہا [1]

«اُردو کو پہلے ہندی ہی کہتے تھے — اُردو نام انیسویں صدی میں دیا گیا جس سے ثابت ہے کہ اُردو ہندی کا وہ روپ ہے جو انیسویں صدی میں پیدا ہوا»

اگر نام سے زبان کی عمر طے کی جائے تو ہند یورپی کی ابتدا انیسویں یا اٹھارویں صدی سے ماننی ہوگی کیونکہ اسے یہ نام ڈیڑھ دو صدی قبل ہی دیا گیا —

جہاں تک لشکر، بازار یا لال قلعے سے ہٹ کر اُردو کو زبان کے معنی میں استعمال کرنے کا تعلق ہے اس کی قدیم ترین مثال میر محمدی مائل دہلوی شاگرد

1 حمیدیہ کالج بھوپال میں ۵۶ء کے قریب

قائم کے دیوان میں ملتی ہے۔ اس کا دیوان ۱۱۷۶ھ میں مرتب ہوا۔ تاریخ کا مصرع ہے —

کہا تاریخ ہاتف نے «کھلا ہے باغ مائل ۱۱۷۶ھ کا»

اس دیوان میں ایک قطعہ ہے جس کا ذکر محمد اکرام[1] چغتائی نے کیا۔ اس قطعے میں کوئی سائل شاعر سے لفظ اُردو کے بارے میں پوچھتا ہے۔ شاعر یعنی مائل جواب دیتا ہے —

مشہور خلق اُردو کا تھا ہندوی لقب
اگلے سفینوں بیچ یہ لکھے گئے ہیں سب ملا

شاہ جہاں کے عہد سے خلقت کے بیچ میں
ہندوی تو نام مٹ گیا اُردو لقب چلا

اس طرح زبان کے معنی میں لفظ اُردو ۱۱۷۶ھ (۶۳-۱۷۶۲ء) سے قبل استعمال کیا گیا ہے لیکن نام کا استعمال ایک ضمنی بات تھی۔ ہمارے سامنے مسئلہ ہے اُردو کے آغاز کا۔ ہمیں اس مسئلے کو اہل ادب اور اہل سیاست کے نظروں سے نہیں، خالص لسانیات کے سائنسی نقطۂ نظر سے دیکھنا ہے۔

اُردو سے کیا مراد ہے۔ اُردو، ہندی اور کھڑی بولی میں کیا تعلق ہے؟ ہند آریائی زبانوں کے دو سب سے بڑے ماہرین گریرسن اور سنتی کمار چٹرجی ہیں۔ دونوں نے ایک زبان مغربی ہندی کو بنیاد قرار دے کر اس کی پانچ ذیلی بولیاں مانی ہیں، (۱) بانگرو یا ہریانی (۲) کھڑی بولی (۳) برج (۴) قنوجی (۵) بندیلی — یہ لوگ اُردو اور ہندی کو کھڑی بولی یا ہندوستانی کے روپ قرار دیتے ہیں۔ اُردو کے آغاز کی تلاش کھڑی بولی کے آغاز کی تلاش ہے یا کھڑی بولی کے اُردو روپ کی؟

اُردو کے مسئلے پر غور کرنے والوں کو دو زمروں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ایک تو وہ بزرگ ہیں جو لسانیات کا درک نہیں رکھتے مثلاً میر امن، محمد حسین آزاد، نصیرالدین ہاشمی، سلیمان ندوی اور محمود شیرانی، یہ حضرات جدید ہند آریائی زبانوں کے آغاز و ارتقا سے اس قدر نابلد ہیں کہ کھڑی بولی، اُردو اور ہندی کے اشتراک و اختلاف کا احساس و عرفان نہیں رکھتے۔ وہ اُردو سے واقف

---

1 اُردو بمعنی زبان کے متعلق نئی تحقیق، از محمد اکرام چغتائی — رسالہ اُردو نامہ کراچی شمارہ ۲۶ بابت دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۳۳

ہیں اور بس - دوسرے وہ اہل نظر ہیں جو تاریخی لسانیات پر نظر رکھتے ہیں مثلاً ڈاکٹر زور، ڈاکٹر مسعود حسین خاں، ڈاکٹر شوکت سبزواری اور ڈاکٹر سہیل بخاری - ان میں ڈاکٹر زور اور ڈاکٹر مسعود حسین خاں اُردو کو کھڑی بولی سے الگ مان کر چلتے ہیں لیکن ڈاکٹر شوکت سبزواری اور ڈاکٹر سہیل بخاری خالص لسانیاتی نقطۂ نظر سے اُردو کے آغاز کے مسئلے کو کھڑی بولی کے آغاز کا مسئلہ مانتے ہیں -

ایک معیاری سطح زبان کی کئی سطحیں ہوتی ہیں جن میں تحریری اور تقریری دو خاص سطحیں ہیں - تحریری کی بھی دو سطحیں (۱) ادبی (۲) کاروباری یا علمی تحریر، ہوتی ہیں - تقریر کی کم ازکم تین سطحیں ہوتی ہیں (۱) معیاری بولی یعنی پڑھے لکھوں کی بول چال کی زبان (۲) پست معیاری (low standard) شہر کے کم پڑھے لکھوں کی بول چال کی زبان (۳) دیہاتی (patois) یعنی معیاری زبان کے علاقے میں دیہات کی مسخ شدہ بولی -

یہ قسمیں طبقاتی اور عمودی ہیں اور سماجی لسانیات (socio-linguistics) سے تعلق رکھتی ہیں - واضح رہے کہ زبان کی تعئین میں تقریری روپ ہی معتبر ہوتا ہے تحریری یا ادبی روپ نہیں - تحریری روپ میں کئی اسلوب ہوسکتے ہیں جن میں لفظیات کی حد تک ایک دوسرے سے کافی فرق ہوسکتا ہے - کسی ملک کا لسانی جائزہ لیا جاتا ہے یا بولی ایٹلس تیار کیا جاتا ہے تو مختلف علاقوں کی بول چال کی زبان اور بولی کا تجزیہ کیا جاتا ہے اہل ادب کی انشا کا نہیں - اُردو کے آغاز کے مسئلے کو بھی بول چال میں مستعمل زبان یا بولی تک محدود رکھنا ہوگا -

بول چال کی حد تک کھڑی بولی، اُردو اور ہندی میں کوئی فرق نظر نہیں آتا - اگر قدرے فرق ہے تو وہ بنیادی نہیں فروعی اور ضمنی ہے - اُردو کا آغاز کھڑی بولی یا ہندوستانی کے آغاز کے سوا کچھ نہیں -

میر امن کے نزدیک اکبر کے عہد میں بیرونی مسلمانوں اور مقامی ہندوؤں کی زبان کے میل جول سے اُردو بنی - ظاہر ہے مسلمانوں میں سے بیشتر کی زبان فارسی اور کچھ کی ترکی تھی لیکن دھلی کے آس پاس ہندوؤں کی زبان کیا تھی میر امن نے واضح نہیں کیا - ان کی تقلید میں انشا نے بھی اُردو کو عربی فارسی ترکی اور برج پر مشتمل قرار دیا -

میر امن کا اختلاط کا نظریہ غیر معمولی حد تک مقبول ہوا اور بعد کے بیشتر لکھنے والے اس کوجوں کا تسوں یا قدرے ترمیم سے پیش کرتے رہے - امام بخش

صہبائی نے رسالہ قواعد اردو میں[1] لکھا کہ شاہجہاں آباد میں فارسی اور ہندی کے خلا ملا سے جو بولی مروج ہوئی اس کا نام اردو ٹھہرا -

میر امن سے متاثر ہونے والے صرف اہل اردو نہ تھے بلکہ بعض اہل مغرب بھی اس میں شامل ہیں - واضح ہو کہ انیسویں صدی کے مستشرق اردو کے لئے ہندوستانی کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں - ڈاکٹر ہورنلے نے لکھا[2] کہ اردو بارھویں صدی عیسوی میں دہلی کے نواح میں پیدا ہوئی - یہ صرفی نحوی اصول کی حدتک برج ہے اگرچہ اس میں پنجابی اور مارواڑی کی آمیزش بھی ہے - اس کے کچھ الفاظ دیسی ہندی ہیں اور کچھ بدیسی یعنی فارسی و عربی -

محمد حسین آزاد ہورنلے اور میر امن دونوں سے متاثر ہوئے - ہورنلے کے اثر سے انہوں نے آبحیات کی بسم اللہ ہی اس قول فیصل سے کی -

«اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے»

اور میر امن کی تقلید میں کہا کہ بیرونی مسلمانوں اور ہندوؤں کی زبان کے میل جول سے اردو پیدا ہوئی - اس کی تکمیل شاہجہاں کے عہد میں ہوئی لیکن ارتقا اس سے پیشتر ہوا - مولانا آزاد کے نزدیک مسلمانوں کی زبان فارسی ترکی تھی اور ہندوؤں کی برج بھاشا -

میر امن اور آزاد نے اردو کا مولد دہلی قرار دیا - بعض دوسروں نے سوچا کہ بیرونی مسلمانوں اور مقامی ہندوؤں کی زبان کے میل ہی سے اردو بنی ہے تو یہ میل کچھ دوسرے علاقوں میں اور بھی پہلے ہوا - اہل عرب بہت پہلے ملابار میں آکر بسے تھے اس لئے نصیرالدین ہاشمی نے اردو کی ابتدا دکن سے کی ، مولانا سلیمان ندوی نے سندھ سے اور محمد شیرانی نے پنجاب سے - اردو ہند آریائی زبان ہے اس لئے دراوڑی زبانوں کے علاقے میں اس کے وضع ہونے کا سوال ہی نہیں - سندھ میں عربوں کے آنے سے قدیم سندھی متاثر ہوئی ہوگی - عربی اور سندھی کے میل سے اردو نہیں پیدا ہوسکتی -

محمود شیرانی کا نظریہ زیادہ قابل غور ہے - انہوں نے پنجاب میں اردو کے 'عرض حال' میں لکھ دیا ہے کہ ان سے پہلے شیر علی خاں سرخوش نے اپنے تذکرہ

1 بحوالہ پنجاب میں اردو ص ۳۵ مکتبہ کلیاں لکھنؤ دسمبر ۱۹۶۰ء

2 گوڑی زبانوں کی گرامر - مقدمہ ص ۶ ، ۷ بحوالہ داستان زبان اردو از ڈاکٹر شوکت سبزواری ص۸۴ اردو مرکز، اردو بازار دہلی -

اعجاز سخن میں اُردو کے آغاز کو سر زمین پنجاب سے منسوب کیا – کسی نے اس تذکرے کو دیکھنے کی زحمت نہ کی بجز ڈاکٹر عبدالغفار شکیل کے – انھوں نے خبر دی[1] کہ جو نظریہ شیرانی سے منسوب ہے دراصل ان سے پہلے اعجاز علی سرخوش بیان کر چکے تھے – وہ سرخوش کی دوسری تصانیف سے نا واقف ہیں – سرخوش نے تین جلدوں میں دیوان غالب کی شرح عنقائے معانی کے نام سے لکھی – میرے پاس اس کی دو جلدیں ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے تذکرہ اعجاز سخن کی تالیف کے علاوہ وکلائے مرافعہ و رباعیات بابا طاہر کا ترجمہ بھی کیا –

شیرانی نے اس نظریے کو مفصل اور مدلل پیش کر کے پایۂ اعتبار عطا کیا – ان کی بیش بہا تصنیف پنجاب میں اُردو کے دیباچے میں ان کے نظریے کا خلاصہ ملتا ہے لیکن اس میں کسی قدر تضاد پایا جاتا ہے – ان کے ذیل کے اقوال ملاحظہ کیجئے –

« جس زبان سے اُردو ارتقا پائی ہے وہ نہ برج ہے نہ ہریانی اور نہ قنوجی ہے بلکہ وہ زبان ہے جو صرف دہلی اور میرٹھ کے علاقوں میں بولی جاتی تھی »– (ص ۱۸)

« اُردو دہلی کی قدیم زبان نہیں ہے بلکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ دہلی جاتی ہے اور چونکہ مسلمان پنجاب سے ہجرت کر کے جاتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ وہ پنجاب سے کوئی زبان اپنے ساتھ لے کر گئے ہوں » – (ص ۱۹)

پہلے قول کے مطابق اُردو دہلی اور میرٹھ میں بستی ہے اور دوسرے قول سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان اسے پنجاب سے دہلی لائے – آگے چل کر وہ لکھتے ہیں –

« مسلمان پنجاب میں کوئی نہ کوئی زبان سرکاری ، تجارتی و معاشرتی اغراض سے اختیار کر لیتے ہیں ...... دہلی میں یہ زبان برج اور دوسری زبانوں کے دن رات کے باہمی تعلقات کی بنا پر وقتاً فوقتاً ترمیم قبول کرتی رہتی ہے اور رفتہ رفتہ اُردو کی شکل میں تبدیل ہوتی جاتی ہے » – (ص ۲۱ – ۲۲)

شیرانی کے بیانات کے تضادات کو نظر انداز کر کے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان کے مطابق پنجابی مسلمان جس پنجابی کو دہلی لائے وہ اُردو سے بہت کچھ مماثل تھی – دہلی میں اس نے برج کے اثر سے ترمیم قبول کی اور اُردو کہلائی – گویا یہ بنیادی طور پر پنجابی ہے –

---

1 ' اُردو پنجابی سے نکلی نظریۂ شیرانی نہیں ، مشمولہ لسانی و تحقیقی مطالعے ص ۲۲ ۱۹۷۵ء

اس نظریے پر ڈاکٹر مسعود حسین خاں نے اپنی کتاب 'مقدمہ تاریخ زبان اُردو' میں تنقید کی لیکن اس کی شافی تردید ڈاکٹر شوکت سبزواری نے داستان زبان اُردو میں کی ہے۔ دونوں نے اردو اور پنجابی کے وسیع اختلافات کو نمایاں کیا۔ ڈاکٹر سبزواری نے یہ بھی دکھایا کہ اُردو کے بعض روپ متعلقہ پنجابی روپوں سے قدیم تر اور سنسکرت سے نزدیک تر ہیں۔ سبزواری کے تجزیے کے بعد مجھے اس نظریے کے بارے میں مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

ہماری زبان کے بنیادی اور امتیازی عناصر یہ ہیں۔

۱ بنیادی افعال : آنا، جانا، کھانا، پینا، چلنا، بیٹھنا، سونا، مرنا، کرنا وغیرہ
۲ بنیادی تصریفی قواعد یعنی فعل، اسم اور ضمیر کی تصریف کے لاحقے جن سے زمانہ تذکیر و تانیث اور واحد جمع کا اظہار ہوتا ہے۔ ان کے علاوہ بنیادی الفاظ کے کچھ اور گروہ یہ ہیں۔
۳ بنیادی ضمائر : میں، ہم، تو، تم، آپ، وہ، کس، جس وغیرہ
۴ بنیادی اعداد : ایک دو تین چار ... دس گیارہ بارہ ... بیس تیس سو وغیرہ
۵ بنیادی رشتے : ماں، باپ، بھائی، بہن، بیٹا، بیٹی، چاچا، ماموں وغیرہ
۶ بنیادی اعضائے جسم : آنکھ، ناک، کان، منہ، ہاتھ، پاؤں وغیرہ

پڑوس کی بولیوں اور زبانوں میں انھیں بنیادی عناصر کا تقابلی مطالعہ کرکے ان کے رشتے طے کیے جاتے ہیں۔ انھیں کی بناپر کھڑی بولی کا دوسری بولیوں سے اختلاف و اشتراک متعین کیا جاتا ہے۔ یہ بنیادی عناصر کھڑی بولی، اُردو اور هندی کو ایک قرار دیتے ہیں اور دوسری تمام بولیوں اور زبانوں سے مختلف گردانتے ہیں۔

زبان کے تعین میں غیر بنیادی ذخیرۂ الفاظ کی کوئی اہمیت نہیں۔ وہ کہیں سے بھی مستعار لیا جاسکتا ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ بنیای اور اصل ذخیرے سے کہیں زیادہ بڑھ جائے۔ اس کے باوجود بنیادی الفاظ اور بنیادی اصول تعریف کی بنا هی پر زبان کا شجرۂ نسب طے کیا جاتا ہے۔ دخیل الفاظ کو لے کر کسی زبان کو کئی زبانوں کا ملغوبہ نہیں کہہ سکتے مثلاً انگریزی، لیوٹانک یا جرمن خاندان کی زبان ہے لیکن اس میں ۵۰٪ سے زیادہ الفظ لاطینی الاصل ہیں یا ملیالم میں کم از کم دو تہائی الفاظ سنسکرت کے ہیں۔ اب اگر کوئی یہ کہنے لگے کہ انگریزی لاطینی اور جرمن سے مل کر بنی ہے یا ملیالم سنسکرت اور تامل کے اختلاط کا نتیجہ ہے تو ان بیانات پر ماہر لسانیات تو کیا عطائی بھی ہنسے گا۔ اسی طرح اُردو کو یہ کہنا کہ

وہ فارسی اور هندی سے مل کر بنی ہے غیر لسانیاتی بیان ہے۔ اُردو کی اصل کھڑی بولی اور صرف کھڑی بولی ہے۔ کھڑی بولی دهلی اور مغربی یوپی کی بولی ہے۔ کسی کی مجال نہیں کہ یہ کہہ سکے کہ یہ پنجاب کی زبان پنجابی کی اولاد ہے۔ اگر کھڑی بولی پنجابی سے نہیں نکلی تو اُردو بھی پنجابی سے نہیں نکلی -

گریرسن نے ١٨٨٠ء میں اُردو کو ملی جلی زبان بتایا تھا - لکھتے هیں [1]

«اُردو قواعد اور فرهنگ الفاظ کے لحاظ سے مخلوط، عام اور مشترک زبان ہے- اس میں شمالی هندوستان کی مقامی بولیوں کے علاوہ عربی فارسی ترکی تیلگو زبان کے الفاظ شامل هیں - اس کے صرفی نحوی قواعد نے شمالی هند کی عام بولیوں سے خوشہ چینی کی ہے اس لئے یہ کہنا ممکن نہیں کہ وہ کسی ایک مخصوص اور معین زبان سے ترقی پاکر بنی ہے»- لیکن لسانی جائزے میں انھوں نے اپنی رائے میں اصلاح کرکے کہا [2] -

« هندوستانی کے آغاز کے بارے میں آج تک اهل علم نے [جن میں میں خود بھی شامل هوں] جو کچھ لکھا ہے میر امن کے دیباچۂ باغ و بہار سے متاثر هوکر لکھا ہے- میر امن کے بیان کے مطابق اُردو ان مختلف لوگوں کی بولیوں کی معجون مرکب ہے جو دهلی کے بازاروں میں جمع هوگئے تھے ... اس غلط فہمی کو اول اول سر چارلس لایل نے ١٨٨٠ء میں دور کیا - هندوسانی زبانوں کے تفصیلی جائزے نے اب اس کو ثابت کردیا ہے کہ هندوستانی بالائی دوآبے اور مغربی روهیل کھنڈ کی بول چال کی زبان ہے اُن گھڑ اور گنوارو الفاظ و محاورات نکال کر جسے ادبی نکھار اور سنگھار دے دیا گیا ہے» -

اب لیجیے اُردو کے ان چار علما کے بیانات کو جنھوں نے جدید لسانیات کا مطالعہ کیا ہے- ڈاکٹر ازور نے سب سے پہلے اپنا نظریہ اپنی انگریزی کتاب هندوستانی فونیٹکس ١٩٣٠ء میں پیش کیا - اس کا خلاصہ یہ ہے-

جدید هندآریائی دور کی ابتدا یعنی گیارهویں اور بارهویں صدی عیسوی میں موجودہ شمال مغربی سرحدی صوبے سے الہ آباد تک کی زبان یکساں تھی - اس میں کوئی قابل امتیاز اختلاف نہ تھا - بارهویں صدی کے بعد کسی وقت میں پنجاب کی زبان پنجابی بن گئی اور دهلی کے نواح کی زبان کھڑی بولی - اُردو نہ پنجابی سے

1　کلکتہ ریویو جلد ٧١ ص ١٥٦ بحوالۂ داستان زبان اُردو ص ٣٨
2　هندوستان کا لسانی جائزہ جلد ٩ حصہ اول حاشیہ ص ٢٣ بحوالۂ داستان زبان اُردو ص ٣٨

ماخوذ ہے نہ کھڑی بولی سے بلکہ دونوں کے مشترک ماخذ سے جو ڈاکٹر زور کے بقول گیارھویں بارھویں صدی میں پشاور سے الہ آباد تک بولی جاتی تھی۔ (ص ۲۰)

گریرسن نے جس مغربی ہندی کا تصور کیا تھا وہ موجودہ ہریانہ اور جنوب مغربی یوپی تک محدود تھی۔ ڈاکٹر زور نے اسے ایک طرف پنجابی اور پشتو کے علاقے پر تو دوسری طرف الہ آباد کے اودھی علاقے تک پھیلا دیا۔ اہل اُردو کی کمزوری ہے کہ جدید زبانوں سے قبل کے لسانی نقشے کے بارے میں انہیں کوئی براہ راست معلومات نہیں ہوتیں۔ وہ یورپی مستشرقین یا ہندی کے ماہرین لسانیات کی آرا پر تکیہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر زور نے بڑی جسارت کی کہ گیارھویں بارھویں صدی کی زبان کے بارے میں ایسا دعویٰ کیا جسے گریرسن یا چٹرجی یا دھریندر ورما نے بھی نہیں کیا۔ انھوں نے اپنے مفروضے یا قیاس کی کوئی دلیل نہیں دی کہ پشاور تا الہ آباد ایک زبان بولی جاتی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ وسطی ہند آریائی دور میں اس علاقے میں مختلف اپ بھرنشیں اور اس سے قبل مختلف پراکرتیں رائج تھیں اور بہت پیچھے جائیے تو سنسکرت دور میں بھی شمالی مغربی ہندوستان کی سنسکرت بولی کو اُدیچیہ اور مغربی ہند کے علاقے کی سنسکرت بولی کو مدھیہ دیشیہ کہا جاتا تھا۔ جب سنسکرت دور میں بھی صوبۂ سرحد اور دہلی کی بولی مختلف تھی تو ڈاکٹر زور کا یہ کہنا کہ گیارھویں بارھویں صدی میں پشاور تا الہ آباد ایک زبان رائج تھی قیاس آرائی کو تحقیق کے نام سے گزارنے کی کوشش ہے۔

اب لیجئے ڈاکٹر مسعود حسین خاں کے نظریے کو جو انھوں نے اپنے پی۔ایچ ڈی کے مقالے مقدمۂ تاریخ زبان اُردو میں پیش کیا ہے۔ ان کا یہ کام آزادی سے قبل اس دور کا ہے جب ان کا لسانیات سے محض تعارف ہوا تھا۔ معلوم نہیں وہ اس میں پیش کئے ہوئے نظریے پر اب بھی قائم ہیں کہ نہیں۔ اُردو لسانیات میں مسعود صاحب کی ذات لائق صد احترام ہے لیکن اس کے باوجود مجھے ان کے نظریے سے علمی اختلاف ہے۔

وہ اُردو اور کھڑی بولی کے تعلق کے بارے میں زیادہ واضح نہیں۔ کتاب کے تیسرے باب «اُردو کے ارتقا کا تحقیقی مواد» کا دوسرا[1] عنوان ہے۔

اُردو [کھڑی بولی] کی جنم بھومی۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اُردو اور کھڑی بولی کو یکساں سمجھتے ہیں لیکن بعد میں وہ دونوں میں امتیاز کرنے لگتے ہیں مثلاً ان کا بیان دیکھیے۔

---

1 مقدمۂ تاریخ زبان اُردو ص ۹۹ بار پنجم

«قدیم اُردو کی تشکیل براہ راست ہریانی کے زیر اثر ہوئی ہے – اس پر رفتہ رفتہ کھڑی بولی کے اثرات پڑتے ہیں» – (ص ۲۷۷)

گویا قدیم اُردو کھڑی سے جدا کوئی چیز تھی – وہ شیخ عبداللہ انصاری، شیخ محبوب عالم، اکرم رھتکی وغیرہ کو ہریانی کے قدیم مصنف مانتے ہیں حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ان کی تصانیف اُردو میں ہیں بانگرو یعنی ہریانی میں نہیں – مثلاً محبوب عالم شیخ جیون کی زبان دیکھیے [1]

ہوئے پھر مقابل قریشوں کے تب
نبی اور اصحاب ایک بار سب
عکاسہ طرف داھنی کوں کھڑا
ابو سلمہ بانویں طرف پر پڑا
سکھ چین کے گھر سووتی لاگا کلیجے تیر اب
دکھ نین بھر بھر رووتی بھاری پڑی ہے پیر اب

یہ قدیم اُردو ہے ہریانی نہیں – ہریانہ علاقے میں لکھے جانے کی وجہ سے ان میں کہیں کہیں ہریانی کا اثر آگیا ہے یعنی یہ صوبائی اُردو ہے – ہریانی کیا ہے یہ جاننے کے لئے ہریانہ علاقے کے بے پڑھے لکھوں کا روزمرہ سنیے – اُردو سے اس کا اختلاف دیکھ کر شاید یہ نہ کہا جاسکے کہ قدیم اُردو براہ راست ہریانی سے تشکیل پاتی ہے – وہ لکھتے ہیں –

«دکن کے تمام عریب الفاظ کی توجہ نواح دھلی کی چار بولیوں [ہریانی، کھڑی، میواتی اور برج] سے کی جاسکتی ہے» (ص ۳۰۴)

لفطیات کی توجہ کی حدتک یہ بیان درست ہے لیکن کسی زبان یا بولی میں کئی زبانوں کے الفاظ دخل پا جاتے ہیں تو ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اول الذکر زبان یا بولی فلاں فلاں زبانوں کے اختلاط کا نتیجہ ہے – جیسا کہ پیچھے کہا گیا اہمیت صرف بنیادی الفاظ اور تصریف کے اصولوں کی ہے – متفرق الفاظ کسی زبان کا شجرہ متعین نہیں کرتے – انگریزی میں متعدد زبانوں مثلاً لاطینی، یونانی، اسپینی، فرنچ، جرمن حتی کہ ہندوستانی کے بھی الفاظ ہیں – ان کی بنا پر یہ نہیں کہہ سکتے کہ انگریزی ان سب زبانوں سے مل کر بنی ہے – ڈاکٹر مسعود حسین کا نظریہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُردو کا آغاز ہریانی کھڑی بولی، میواتی اور برج کے اختلاط کا نتیجہ

1 بحوالہ پنجاب میں اُردو ص ۲۲۰–۲۲۱

ہے ۔ کیا اُردو کے افعال کے کچھ روپ ہریانی سے کچھ میواتی سے اور کچھ برج سے لئے گئے ہیں؟ وہ کھڑی سے کیا مراد لیتے ہیں؟ ۔ ایک جگہ لکھتے ہیں۔

«بجنور، مرادآباد اور رام پور کی کھڑی معیاری اُردو سے قریب تر ہے»۔ (ص ۲۹۶)

مہاتما گاندھی نے ایک بار کچھ ایسا کہہ دیا تھا کہ ہندی وہ زبان ہے جو لکھی جاتی ہے اور بولی نہیں جاتی ہندوستانی وہ زبان ہے جو بولی جاتی ہے لکھی نہیں جاتی ۔ مولوی عبدالحق نے اس کا مذاق اڑا کر کہا تھا کہ اُردو وہ زبان ہے جو بولی بھی جاتی ہے اور لکھی بھی جاتی ہے۔ کیا ڈاکٹر مسعود حسین خاں مہاتما گاندھی کی طرح یہ سمجھتے ہیں کہ کھڑی بولی وہ زبان ہے جو بولی جاتی ہے لکھی نہیں جاتی اور معیاری اُردو وہ زبان ہے جو لکھی جاتی ہے بولی نہیں جاتی ۔ مجھے ایسا شبہ ہوتا ہے کہ ہندی کے بعض مصنفوں کی طرح ڈاکٹر مسعود حسین سمجھتے ہیں کہ کھڑی بولی اسی بولی کا نام ہے جو معیاری بولی کے مقابلے میں مسخ ہو مثلاً لوٹا، جاڈا، اس نے [ن مفتوح] ، کے ربا وغیرہ کھڑی بولی ہیں جاڑا، لوٹا، اس نے [ن مکسور] ، کہہ رہا اُردو یا ہندی ہیں کھڑی بولی نہیں ۔ یہ شدید غلط فہمی ہے۔ کھڑی بولی کے علاقے میں جاڈا اور لوٹا بولا جاتا ہے تو جاڑا، لوٹا بھی ۔ مرادآباد اور رام پور میں کوئی بھی جاڈا، لوٹا نہیں بولتا ۔ بول چال کی انگریزی کے یہ جملے دیکھئے ۔

I wonna go
we aint going

کیا کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ تلفظ میں تبدیلی کی وجہ سے یہ زبان انگریزی نہیں کوئی دوسری زبان ہے ۔ تحریری معیار اور تقریری معیار میں فرق ہوتا ہے لیکن اس کی وجہ سے وہ مختلف زبانیں نہیں ہو جاتیں۔

ڈاکٹر شوکت سبزواری کا نظریہ جاننے کے لئے ان کی پہلی تصنیف 'اُردو زبان کا ارتقا' اتنی معتبر نہیں جتنی دوسری تصنیف 'داستان زبان اُردو'۔ اس میں انھوں نے دو معرکے کے اصولوں کی طرف توجہ دلائی ۔

۱ پروفسر میکس مولر کہتے ہیں کہ زبانوں کی تقسیم اور قرابتوں کی تعیین ان کی صرفی نحوی ساخت کے مطابق کی جاتی ہے فرہنگ الفاظ کی اس سلسلے میں کوئی اہمیت نہیں[1] ۔

---

1 سائنس آف لینگویج دوسرا لیکچر ص ۸۶ اور ۹۰ طبع ششم بحوالہ داستان زبان اُردو ص ۲۷

۲ یہ غلط فہمی ہے کہ دو یا دو سے زیادہ زبانوں کو جوڑ کر کوئی تیسری نئی زبان وضع کی جاسکتی ہے ـ زبان پاس پڑوس کی زبانوں سے غذا حاصل کر کے ان کی فضامیں سانس لے کر فربہ اور توانا تو ہوسکتی ہے لیکن اس کے ساتھ مل کر کسی تیسری زبان کو جنم دینا اس کے بس کی بات نہیں ـ (ص ۱۴)

ڈاکٹر شوکت اُردو اور ہندوستانی کو ایک مان کر کہتے ہیں ـ

«اُردو یا ہندی اپ بھرش کے اس روپ سے ماخوذ ہے جو گیارھویں صدی عیسوی کے آغاز میں مدھیہ دیش میں رائج تھا ـ مغربی اپ بھرنش اس کی ادبی شکل ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا وہ بول چال کی اپ بھرنش سے مختلف ہے» (ص ۱۰۴)

وہ اُردو یا ہندوستانی اور شورسینی اپ بھرنش اور شورسینی پراکرت کے اختلافات دکھا کر طے کرتے ہیں کہ ہندوستانی ان دونوں سے ماخوذ نہیں ـ ان کا سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ شورسینی اپ بھرنش کے اسما اُو یا او پر ختم ہوتے ہیں جب کہ اُردو کے آ پر اس لئے اُردو شورسینی سے ماخود نہیں ـ ان کی اس دلیل میں وزن ہے لیکن جب وہ یہ کہتے ہیں کہ شورسینی کے موجودہ نمونے ادبی زبان کے ہیں بول چال کا روپ مختلف رہا ہوگا اور اُردو بول چال کی زبان سے ماخوذ ہے تو ان کی بات محل نظر ہو جاتی ہے کیونکہ ادبی زبان اور تقریری زبان میں فعل و اسم کی تصریف اور اصوات زیادہ مختلف نہیں ہوتیں ـ انہوں نے دھلی اور میرٹھ کی بول چال کی زبان کا ذکر کیا ہے ـ بہتر ہو تاکہ وہ یہ موقف لیتے کہ شورسینی اپ بھرنش دھلی اور میرٹھ کی بولی سے مختلف تھی ـ

ڈاکٹر سہیل بخاری پاکستان کے دوسرے ماہر لسانیات ہیں ـ ان کے بہت سے مفروضات ایجاد بندہ قسم کے ہوتے ہیں لیکن اُردو ھندی کے بارے میں ان کا نقطۂ نظر متوازن ہے ـ وہ لکھتے ہیں [1] ـ

«دراصل اُردو اور ہندی ایک ھی زبان کے دو روپ ہیں جسے ماہرین علم زبان نے کھڑی بولی کا نام دیا ہے ـ ان کے موجودہ روپوں میں دو فرق واضح ہیں ایک لپی اور دوسرا دخیل الفاظ ... علم زبان کے لحاظ سے دونوں کے یہ اختلاف قابل التفات نہیں کیونکہ ان سے زبان کی بنیادی خصوصیات پر کوئی اثر نہیں پڑتا ... کھڑی بولی کی قدیم تاریخ اُردو زبان کا بھی ایسا ھی اہم حصہ ہے جیسا ہندی زبان کا»

---

1 اُردو کا قدیم ترین ادب از سہیل بخاری ـ نقوش شمارہ ۱۰۲ بابت مئی ۱۹۶۵ ص ۸۳

ان کا یہ کہنا ہے کہ اُردو اور ہندی دونوں کو ملا جلا کر دیکھا جائے تو بارھویں صدی سے شمالی ہند میں کھڑی بولی کی ایک مسلسل روایت مل جاتی ہے ـ

میں شوکت سبزواری اور سہیل بخاری سے اتفاق کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ لسانیاتی نقطۂ نظر سے اُردو ہندی کھڑی بولی ایک ہیں ـ اُردو کھڑی بولی کا وہ روپ ہے جس میں عربی فارسی الفاظ کسی قدر زیادہ اور تت سم سنسکرت الفاظ تقریباً نہیں کے برابر ہوتے ہیں لیکن اس خصوصیت کے باعث اُردو کھڑی بولی سے علاحدہ زبان نہیں ہوجاتی ـ

کھڑی بولی مغربی ہندی کی ایک شاخ ہے ـ پہلے زمانے میں مغربی ہندی کی بولیوں میں برج بھاشا معیاری زبان کی حیثیت رکھتی تھی اسی لئے اس کے نام میں بھاشا کا لفظ لگا ہے ـ اس کے ساتھ کھڑی بولی کو محض ایک بولی سمجھا جاتا تھا جیسا کہ اس کے نام میں مضمر ہے ـ اب کھڑی بولی معیاری زبان ہے اور برج بھاشا ایک بولی دونوں کے ناموں میں بھاشا اور بولی اپنے معنی کھو چکے ہیں ـ

گریرسن اور سنتی کمار چٹرجی نے مغربی ہندی کو شورسینی سے ماخوذ کہا جس کے معنی یہ ہیں کہ آ اور اُو دونوں پر ختم ہونے والی بولیاں شورسینی اپ بھرنش سے نکلی ہیں ـ اب جو شورسینی کی تشکیل کی گئی ہے وہ اُو والی اپ بھرنش ہے جس کی وجہ سے اب بعض علما مانتے ہیں کہ کھڑی بولی شورسینی اپ بھرنش سے نہیں نکلی ـ پھر وہ کس اپ بھرنش سے نکلی ہے ـ

حقیقت یہ ہے کہ اپ بھرنشوں کے ناموں، قسموں اور علاقوں کے بارے میں قدیم قواعد نویسوں میں اتنا اختلاف پایا جاتا ہے کہ ان کے بیچ حقیقت کیا ہے یہ معلوم نہیں ہوپاتا ـ کوئی ۲۷ اپ بھرنش قرار دیتا ہے تو کوئی تین ـ ان میں سے کئی نام محض نام ہیں ان کا کوئی نمونہ نہیں ـ یہ تک طے نہیں کہ شورسینی اپ بھرنش پشچمی [معربی] اپ بھرنش اور ناگر اپ بھرنش ایک ہی ہیں یا ان میں کچھ فرق ہے ـ ان کے علاقے کے بارے میں بھی اتفاق نہیں ـ شورسینی کا مرکز متھرا اور ناگر کا گجرات کہا جاتا ہے اس کے باوجود دونوں کو یکساں کہہ دیا جاتا ہے ـ قدما کے بیانات میں جو اختلافات ملتے تھے کم ازکم اتنے ہی ہندی کے موجودہ علمائے لسانیات کی تحریروں میں ہیں ـ انہیں پڑھ کر «شد پریشان خواب من از کثرت تعبیرہا» والا معاملہ ہوجاتا ہے ـ اگر سنسکرت اور ہندی لسانیات کے عالم بھی فیصلہ نہیں کر پاتے کہ کس علاقے میں کون سی اپ بھرنش بولی جاتی تھی تو کوئی اُردو والا اس میدان میں کیونکر لب کشائی کرسکتا ہے ـ

حال میں مجھے الہ آباد یونیورسٹی کے شعبۂ هندی کے ریڈر ڈاکٹر ماتا بدل جیسوال کا غیر مطبوعہ تحقیقی مقالہ معیاری هندی کی تاریخی قواعد پڑھنے کا موقع ملا۔ ڈی لٹ کا یہ فاضلانہ مقالہ دو ضخیم جلدوں میں هے۔ میں نے اس کی پہلی جلد هی پڑھی کیونکہ وهی میرے موضوع سے متعلق هے۔ اس جلد میں انهوں نے هندی اور کھڑی بولی کے ماخذ پر غور کیا هے۔ انهوں نے کھڑی بولی کی 'آ' کی خصوصیت کی وجہ سے اسے شورسینی کی اولاد ماننے سے انکار کیا هے۔ شوکت سبزواری نے بھی یہی فیصلہ کیا تھا۔ ڈاکٹر جیسوال نے مذکر صیغوں کے 'آ' کے ممکنہ ماخذوں پر غور کرکے طے کیا هے کہ کھڑی بولی ٹاکی یا ٹکی اپ بھرنش کی دین هے۔ ان کے نزدیک یہ مشرقی پنجاب اور دهلی اور میرٹھ تک کی اپ بھرنش تھی۔ ان کے مطابق دسویں صدی میں راج شیکھر نے کاویہ میمانسا میں لکھا هے کہ ٹکی ٹک اور بھادانک دیش کی بولی تھی۔ ڈاکٹر جیسوال کے مطابق بھادانک سے مراد دهلی اور میرٹھ کا علاقہ هے۔ ٹکی کا نمونہ نہ هونے کے برابر هے یعنی ایک مصنف راول کیلی [1] نے دس سطروں میں ایک حسینہ کا بیان کیا هے جس میں دو لفظ کبڑا اور بھوڑا پائے جاتے هیں۔

مجھے اس نظریے پر ذیل کے شبهات هیں۔

۱ عموماً مشرقی پنجابی کو ٹکی اپ بھرنش سے ماخوذ کہا جاتا هے۔ اگر هریانی اور کھڑی بولی بھی ٹکی سے ماخوذ سمجھی جائیں تو اس کے معنی یہ هوں گے کہ مغربی هندی کا گروہ هی ختم هو جائے گا یعنی کھڑی بولی کو برج کے گروہ کا فرد ماننے کی بجائے کھڑی بولی، هریانی اور لاهور تک کی پنجابی کو ایک گروہ ماننا هوگا حالانکہ یہ یقینی هے کہ کھڑی بولی پنجابی کی بہ نسبت برج سے زیادہ مماثل هے۔

۲ ٹکی کے اتنے قلیل نمونوں کی بنا پر کوئی فیصلہ کرنا احتیاط کا متقاضی هے۔

۳ اتفاق سے کھڑی بولی صرف دهلی اور میرٹھ کی بولی نہیں بلکہ بجنور مرادآباد اور رام پور کی بولی بھی هے اور بریلی میں بھی برج کی بہ نسبت کھڑی بولی کا زیادہ اثر هے۔ میں اس علاقے کا رهنے والا هوں جس کی بنا پر کہہ سکتا هوں کہ آج کھڑی بولی کی بہترین اور خالص شکل ضلع مرادآباد میں ملتی هے میرٹھ میں نہیں۔ قدیم صوبائی تقسیم کے مطابق دهلی میرٹھ کے علاقے کو کروجن پد اور بریلی کے علاقے کو پانچال جن پد کہتے تھے۔ یعنی کھڑی بولی کا تعلق صرف کروجن پد سے نہیں اس کے باهر بھی هے۔ راهول سانکر تاین نے کھڑی بولی کے لئے کوروی نام

1 مانک هندی کا ویاکرن از ڈاکٹر ماتا بدل جیسوال جلد اول (ص ۲۲۵)

تجویز کیا لیکن یہ نام ایک طرف موجودہ مرادآباد کمشنری کو چھوڑ دیتا ہے اور دوسری طرف شاید ہریانے تک کو شامل کرلیتا ہے۔

آحر میں صرف ایک بات یقینی دکھائی دیتی ہے کہ کھڑی بولی نے اپ بھرنش عہد کے دھلی، میرٹھ اور غالباً بجنور، مرادآباد کے علاقے کی بولی سے ارتقا پایا۔ وہ بولی شورسینی اپ بھرنش ھی کا ایک واضح روپ تھی یا علئحدہ سے کوئی اپ بھرنش یہ نہیں کہا جاسکتا۔

اُردو کے آغاز کو دو منزلوں میں ڈھونڈھنا چاہیے۔ اول کھڑی بولی کا آغاز دوسرے کھڑی بولی میں عربی فارسی لفظوں کا مشمول جس کا نام اُردو ہو جاتا ہے۔ میر امن سے لے کر ڈاکٹر مسعود حسین خاں تک نے دوسری منزل کے بارے میں بات کی ہے جب کہ ڈاکٹر شوکت سبزواری اور ڈاکٹر سہیل بخاری نے پہلی منزل پر زور دیا ہے۔

ادبی مطالعہ و تنقید اور لسانیات

ڈاکٹر مرزا خلیل بیگ

[۱]

ادب کے مطالعہ و تنقید اور اس کی افہام و تفہیم کے لئے تا حال زبان کی جانب توجہ دینا ضروری خیال نہیں کیا جاتا تھا ۔ ادب کے عالم اور ناقد اب تک یہی کہتے آئے تھے کہ ادب کا اطمینان بخش مطالعہ زبان کے حوالے کے بغیر یا اس کی جانب خاطر خواہ توجہ مرکوز کئے بغیر بھی کیا جا سکتا ہے ۔ یہ ایک انتہا پسندانہ نظریہ تھا ۔ دوسری جانب ماہرین لسانیات یہ بات تسلیم کرنے کو ہرگز تیار نہیں تھے کہ ادبی زبان کی چھان بین، تحقیق و تفتیش اور مطالعہ و تجزیہ علم لسانیات کی مدد کے بغیر بھی ممکن ہے ۔ یہ امر ان کے نزدیک دشوار گزار ھی نہیں بلکہ ناممکن بھی تھا ۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ نظریہ بھی انتہا پسندانہ تھا ۔ انہی انتہا پسندانہ نظریات نے دونوں علوم کو نقصان پہنچایا جس کے باعث ادبی مطالعہ و تنقید اور لسانیات کے درمیان اب تک خلیج قائم ہے ۔

زبان ایک پیچیدہ عمل ہے ۔ اس کے پیچ در پیچ ڈھانچے کی توضیح میں ایک ماہر لسانیات جو معروضی (objective) نقطۂ نظر اور صریحی (explicit) انداز فکر اختیار کرتا ہے اور اس کے تجزیہ و تحلیل میں وہ جس طرح اپنا سر کھپاتا ہے اسے ایک خالص ادبی اسکالر کبھی سراہ نہیں سکتا ۔ وہ ان چیزوں کو ادب کے مطالعہ و تنقید کے لئے بیجا تصور کرتا ہے، انہیں بھدے اور بھونڈے پن سے تعبیر کرتا ہے اور مطالعۂ ادب کے تمام پہلوؤں کے لئے انہیں غیر ضروری اور نا مناسب قرار دیتا ہے ۔ لسانیات کا عالم بھی اس معاملے میں کچھ کم نہیں ۔ وہ کسی فن پارے سے متعلق ادبی اسکالر کے داخلی و تاثراتی ردعمل کا مذاق اُڑاتا ہے، اس کی وجدانی کیفیات اور حسیات کو معروضی طرز فکر کے منافی قرار دیتا ہے اور اس کی تمام تر ادبی کاوشوں کو محض خیالی (Speculative) اور قیاسی کہہ کر ٹال دیتا ہے ۔

ادبی تواریخ کے مطالعے اور لسانیات کے ارتقا پر نظر ڈالنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ادبی مطالعہ و تنقید اور لسانیات کے درمیان کشیدگی کی جو صورت حال اب ہے وہ پہلے کبھی نہیں تھی ۔ ادب و لسانیات کے درمیان نہ تو اس طرح کے

اختلافات موجود تھے اور نہ ہی ان کے مطالعے میں دورنگی (dichotomy) پائی جاتی تھی۔ دونوں علوم کے ماہرین مل جل کر کام کرتے تھے۔ علمی میدان میں اس ہم آہنگی کی ایک خاص وجہ یہ تھی کہ زبان و ادب کے مطالعے میں بہت سی چیزیں مشترک تھیں اور ان کے بیشتر مسائل ایک دوسرے کے ساتھ overlap کرتے تھے۔ انگریزی مطالعہ و تنقید کے میدان میں اس باہمی اشتراک اور ہم کاری کی توثیق آر۔ ڈبلیو۔ چیمبرز (R. W. Chambers) اور سی۔ ایس۔ لیوس (C S. Lewis) جیسے عظیم اسکالروں کے کارناموں سے ہوتی ہے جو ادبی مطالعہ و تنقید اور علم السنہ (Philology) دونوں میں دسترس رکھتے تھے[1]۔

بیسویں صدی سے قبل زبان و ادب کے باہم مطالعے کی بیشمار مثالیں ملتی ہیں۔ جس علم کو ہم 'لسانیات' یا 'جدید لسانیات' کہتے ہیں وہ بیسویں صدی کی اختراع ہے۔ اس صدی سے قبل زبان کے مطالعے کی نوعیت بالکل مختلف تھی۔ زبانوں میں رونما ہونے والی تبدیلیوں اور ان کے تاریخی و تقابلی مطالعے کے ساتھ ساتھ تدوین اور متن کی تشریح و تجزیے کا کام بھی بڑی جانفشانی سے کیا جاتا تھا۔ تدوین کے دوران نہ صرف الفاظ کے ماخذ و مشتقات اور زبان کے دیگر پہلوؤں سے بحث کی جاتی تھی بلکہ مصنف کے اسلوب سے متعلق جو مسائل سامنے آتے تھے انھیں بھی حل کرنے کی کوشش کی جاتی تھی، اور متنی (textual) مطالعے کے ادبی پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی جاتی تھی۔ علم کے اس شعبے کا نام فائلالوجی (Philology) یا علم السنہ تھا علم السنہ کا ماہر زبان اور ادب دونوں کا ماہر سمجھا جاتا تھا۔ اس کی نظریں دونوں علوم پر برابر جمی رہتی تھیں۔ کسی بھی صورت میں وہ ایک علم سے صرف نظر کرکے دوسرے علم کی جانب اپنی تمام تر توجہ مرکوز نہیں کرسکتا تھا۔

موجودہ صدی کے آغاز سے مطالعۂ زبان کی نئی راہیں کھلیں اور زبان کا علم نئی حدود میں داخل ہوا۔ اب ماہرین لسانیات کی توجہ کا مرکز زندہ زبانیں بننے لگیں اور مردہ زبانوں یا ماضی میں بولی جانے والی زبانوں کے مطالعے کو یکسر قلم نظرانداز کردیا گیا۔ اب زبان کی توصیح سے بحث کی جانے لگی نہ کہ اس میں واقع ہونے والی تبدیلیوں سے۔ اب زبان کے ڈھانچے اور اس کی ساخت کو اہم تصور کیا جانے لگا۔ اور اس کی تاریخ کو پس پشت ڈال دیا گیا۔ زبان سے متعلق روایتی مفروضات اور تسلیم شدہ مسلّمات کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا اور زبان کے مطالعے کے مروّجہ اصولوں اور طریق ہائے کار کو دور از کار سمجھ کر نئے نظریات اور نئے

---

1 جان اسپنسر، «تعارف» Linguistcs and Style (لندن، ۱۹۶۴ء) از نلس ایرک انکوسٹ، جان اسپنسر اور مائیکل جے گریگری۔

طرز استدلال کی تلاش و جستجو کا کام شروع ہوا۔ حرف کے تصور کو باطل قرار دے کر آواز یا صوت کے تصور سے زبان کے مطالعے کی ابتدا کی گئی اور تحریری زبان کے مقابلے میں تکلمی زبان (Speech) کو اہم خیال کیا گیا۔ زبان کے توضیحی (descriptive) مطالعے میں مشاہداتی اور تجرباتی (emperical) طرز عمل اختیار کیا گیا اور مواد کے تجزیہ کی بنیاد پر نتائج اخذ کئے گئے۔ اس طرح لسانیات کا علم مکمل طور پر معروضی اور سائنسی رحجانات کا حامل بن گیا۔ جلد ہی اس کے مختلف شعبے بھی قائم ہوگئے۔ زبانوں کے توضیحی مطالعے میں صوتیات کے شعبے سے بڑی مدد ملی اور دراصل اسی نے علم لسانیات کو صحیح معنوں میں سائنسی نقطۂ نظر دیا لسانیات کے کسی شعبے کو اگر ہم علم قطعیہ (exact scienee) کہہ سکتے ہیں تو وہ صوتیات ہی ہے۔

جیسے جیسے لسانیات کا علم سائنسی و معروضی انداز فکر اختیار کرتا گیا اور جیسے جیسے اس میں تجزیاتی و تجرباتی قطعیت آتی گئی، ادب سے اس کا رشتہ ٹوٹتا اور بکھرتا گیا اور ماہرین لسانیات یہ محسوس کرنے لگے کہ موجودہ صدی میں وہ ادب و جمالیات کے مقابلے میں بشریات، عمرانیات، نفسیات، فلسفہ اور دیگر سماجی علوم سے زیادہ قریب ہوگئے ہیں۔ اس دوران میں مغرب کے ادبی علوم میں بھی تبدیلی آئی۔ ادبی علوم کے مختلف شعبے ایک دوسرے سے آزاد ہوکر ترقی کرنے لگے۔ تنقید و تحقیق کی نئی راہیں کھلیں اور تخصیص و تخصّص کا رجحان عام ہوگیا۔ لیکن تبدیلی کے دوسرے رجحانات بھی سامنے آئے۔ کلاسکیت کا قلع قمع ہونے لگا، کلاسیکی ادب و مطالعے کی بالادستی سے انگریزی کی ادبی روایت کو نجات حاصل ہونے لگی، علمی و تعلمی میدان میں کلاسیکی ادب کے سہارے کو ختم کیا جانے لگا اور ادبی مطالعات اور تعلیم و تعلّم کی از سر نو تنظیم کی کوشش شروع کی گئی۔ ادبی علوم کی تحصیل و تدریس میں اخلاقی اور سماجی قدروں کو ملحوظ رکھا گیا۔ ان تبدیلیوں کے پیش نظر اب ہر جگہ انگریزی ادبیات کا مطالعہ زبان اور اس کی تاریخ کے مطالعے اور حوالے کے بغیر کیا جانے لگا۔ آخری دور میں ایف. آر. لیوس (F. R Leavis) اور ان کے ہم نواؤں نے انگریزی ادب و تنقید کو لسانیات اور علم السنہ کے قدیم بدھنوں سے بالکل ہی آزاد کردیا [1]۔

سماجی زندگی، درس و تدریس اور علوم کے مختلف شعبوں میں زبان کی اہمیت کے پیش نظر موجودہ دور میں لسانیات کی مانگ پہلے سے بہت زیادہ بڑھ گئی۔ ملکی

---

1 آئی. اے. رچرڈز، Practical Criticism (۱۹۲۹ء)

و غیر ملکی زبانوں کی تدریس و تحصیل، مشینی ترجموں اور کمیونی کیشن انجینرنگ وغیرہ میں لسانیات سے مدد لی جانے لگی۔ چونکہ ادب کا براہ راست تعلق زبان سے ہے اور زبان ہی ادب کا ذریعۂ اظہار ہے اس لئے اہل ادب کا لسانیات سے زیادہ دنوں تک صرف نظر کرنا ممکن نہ ہوسکا انہیں ادبی زبان کے مطالعہ و تجزئے کے لئے لسانیات کی مدد لینا ہی پڑی۔ اس طرح لسانیات نئے انداز فکر، نئے نظریات' نئی بصیرت، نئے طریق کار اور نئے علمی ذخیرۂ الفاظ و اصطلاحات کے ساتھ ادب کے شانہ بہ شانہ پھر آ گئی اور لسانیاتی نقطۂ نظر سے ادب کے مطالعے کا کام ازسرنو شروع ہوا۔ اس میں سب سے پہلے انہیں لوگوں نے تعاون پیش کیا جو ادیب و ناقد تھے اور ادب اور ادبی موضوعات سے براہ راست واقفیت رکھتے ہوئے زبان اور علم زبان سے بھی تھوڑی بہت دلچسپی رکھتے تھے۔ ادب و شاعری یا ادبی و شعری اسلوب کے لسانیاتی نقطۂ نظر سے مطالعے کا نام اسلوبیات (stylistics) رکھا گیا۔

[۲]

اس صدی کی تیسری دھائی کے آس پاس اسلوبیات کے میدان میں آئی۔اے رچرڈز (I. A. Richards) اور ولیم امپسن (William Empson) کے کارنامے بڑی اہمیت رکھتے ہیں[1]۔ رچرڈز اور امپسن کی کوششوں سے مطالعۂ شعر کے نئے گوشے سامنے آئے اور ادبی زبان کی تلاش و تجزیہ کی نئی راہیں متعین ہوئیں۔ شاعری کو تخئیل کاری، معنی آفرینی اور جذبات یا شخصیت کے اظہار کے برخلاف زبان کی مخصوص تنظیم سے تعبیر کیا گیا اور شاعری کے مطالعے میں فنی کاریگری اور زبان کی ساخت کو اہمیت دی گئی۔ ادبی فن پارے کو بذات خود ایک خودمختار وجود تسلیم کیا گیا اور اس کے مطالعے کے لئے تمام خارجی معلومات کو ازبس غیر ضروری قرار دیا گیا۔ شاعری کے مطالعے میں زبان کے (emotive) اور (evocative) پہلوؤں پر بھی زور دیا گیا اور جہاں تک زبان کا تعلق ہے شاعری اور دیگر ادبی اور لسانی اظہار میں فرق کو ملحوظ رکھا گیا۔ رچرڈز نے اپنی کتاب Principles of Literary Criticism (لندن، ۲۵–۱۹۲۴ء) میں شاعری کی تعریف اس کی زبان کے حوالے سے کی ہے۔

رچرڈز اور امپسن کے بعد اس ضمن میں لیو اسپٹزر (Leo Spitzer) کا نام لیا جاسکتا ہے۔

---

1 ولیم امپسن، Seven Types of Ambiguity (۱۹۳۰ء)

Linguistics and Literary History اس کی ایک گرانقدر تصنیف ہے جو ۱۹۴۸ء میں پرنسٹن سے شائع ہوئی[1]۔ اسپٹزر کو اسلوبیاتی چھان بین اور انفرادی اسلوب کے تجزیہ سے بڑی دلچسپی تھی اس لئے اسے Style analyst کہا گیا ہے۔ اسپٹزر نے ادبی فن پاروں کو ان کی لسانی ساخت اور معنوی رشتوں کے حوالوں سے پرکھنے کی کوشش کی ہے۔ وہ ایک مخصوص طرز فکر کا ادبی نقاد ہونے کے علاوہ لسانیات کا بھی ماہر تھا۔ اس نے لسانیاتی تجزیے اور ادبی مطالعے کو ہم آہنگ کیا۔ وہ ادبی مطالعے پر لسانیات کے اطلاق کا زبردست علم بردار تھا۔ ادب کے لسانیاتی ہیئتی نقطۂ نظر سے مطالعے کی جو بنیاد اسپٹزر نے قائم کی تھی اسے امریکہ میں بہت سراہا گیا اور وہاں کی یونیورسیٹوں کے ادبی نصاب کو اس سے بہت فائدہ پہنچا۔ اس نئے موضوع کو 'اسلوبیات' کے علاوہ 'نئی تنقید' کے اور 'تجرباتی تنقید' کے نام سے بھی یاد کیا گیا۔ اسپٹزر کا یہ دعویٰ ہے کہ ادبی فن پارے میں پائی جانے والی لسانی خصوصیات کا باریک تجزیہ اس فن پارے کو صحیح طور پر سمجھنے اور اس کی تہہ تک پہنچنے میں معاون ثابت ہوتا ہے[2]۔

ادبی موضوعات و مسائل پر لسانیاتی نقطۂ نظر سے غور کرنے والوں میں چارلز بیلی (Charles Bally)، کارل وسلر (Karl Vossler) اور جین مکاروو سکی (Jan Mukarvosky) کے نام خصوصیت کے ساتھ لیے جا سکتے ہیں۔ ان سے آخرالذکر کا تعلق پراگ لنگوسٹک سرکل (Prague Linguistic Circle) سے تھا۔ پراگ اسکول کا قیام اکتوبر ۱۹۲۶ء میں عمل میں آیا تھا۔ اس کی سرگرمیوں میں حصہ لینے والوں میں مکاروو سکی کے علاوہ رومن جیکوبسن، تروبتزکوائے، ایم وانن گارت، کے بوھلر اور اے مارتی نے کے نام بھی خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ یہ تمام ماہرین لسانیات کے کسی نہ کسی شعبے سے اپنی دلچسپی رکھتے تھے۔ مثلاً رومن جیکوبسن اور تروتنزکوائے کی توجہ کا خاص مرکز علم الاصوات (Phonolgy) کا شعبہ تھا۔ اسی طرح مکاروو سکی نے اسلوبیات کو اپنا موضوع بنایا تھا۔ اس نے اپنے بیشتر مضامین میں شعریات سے بحث کی ہے۔ اسلوبیات سے متعلق اس کے نظریات Poetics (دی ہیگ، ۱۹۶۱ء) میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ جو شعریات کے مسائل سے متعلق اگست ۱۹۶۰ء میں وارسا میں منعقدہ پہلی بین الاقوامی کانفرنس میں پیش کیے گئے مقالات کا مجموعہ ہے۔

---

1 اس کے ایک سال بعد ۱۹۴۹ء میں اسپٹزر نے A Method of Interpreting Literature کے نام سے ایک اور کتاب شائع کی۔

2 کارل ڈی یونٹی، Linguistics and Literary Theory (نیوجرسی، ۱۹۶۹ء) ص ۱۳۰

زبان اور ادب کے رشتوں پر اب تک جن عالموں نے غور و فکر کا ثبوت دیا ہے ان میں زیادہ تر ایسے ہیں جن کا شمار ادبی شخصیتوں میں ہوتا ہے اور جو باقاعدہ ادبی نقاد کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن اس موضوع پر چند ایسے لوگوں نے بھی خامہ فرسائی کی ہے جن کا ادب سے براہ راست تعلق نہیں تھا۔ اڈورڈ سپیر (Edward Sapir) ایک ایسا ہی اِسکالر تھا جسے ادب و تنقید سے دور کا بھی واسطہ نہیں تھا[1] — وہ بنیادی طور پر علم بشریات (Anthroplogy) کا ماہر تھا اور اس کی تربیت فرینز بواز (Franz Boaz) جیسے ماہرین کی نگرانی میں ہوئی تھی۔ اس مضمون میں اس کی دلچسپی اس قدر بڑھی کہ لسانیات کا علم بھی اس نے بہت جلد حاصل کرلیا — متعدد مقالات اور مضامین کے علاوہ اس نے Language کے نام سے ایک کتاب بھی یادگار چھوڑی ہے جو پہلی مرتبہ ۱۹۲۱ء میں امریکہ سے شائع ہوئی۔ اس کتاب کے آخری باب Language and Literature میں سپیر نے زبان اور ادب کے رشتے کو بحث کا موضوع بنایا ہے۔ اس کے نزدیک زبان ادب کا وسیلہ اور ذریعہ (medium) ہے۔ کوئی بھی ادب اس وقت تک معرض اِظہار میں نہیں آسکتا جب تک کہ زبان کا سہارا نہ لیا جائے۔ زبان کو سپیر اِظہار کا اجتماعی فن تصور کرتا ہے۔ ادبی زبان سے بحث کرتے ہوئے اس نے اس کا رشتہ تہذیبی اجتماعیت (Cultural Collectivity) سے ملایا ہے۔ ماہر بشریات ہونے کی وجہ سے سپیر کو زبانوں کے تہذیبی پہلو سے بیحد دلچسپی تھی۔ اس کے خیال میں اگر کسی زبان میں ادب کا فقدان ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ زبان کمزور ہے یا ادبی اِظہار کے لئے ناموزوں ہے۔ اس کی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اس زبان کے بولنے والوں کا تہذیبی شعور ادب کی نشو و نما کے لئے سازگار نہ رہا ہو۔ سپیر کے نزدیک زبان محض اِنتقال خیالات یا فکری ترسیل (thought-transference) کے نظام کا نام نہیں بلکہ ہمارے لئے اس کی اور بھی کئی حیثیتیں ہیں۔

اس موقع پر رینے ویلک (Rene Wellek) اور آسٹن ویرن (Austin Warren) کا ذکر بھی بیجا نہ ہوگا جن کی تصنیف Theory of Literature (نیویارک، ۱۹۴۹ء) کو پچھلے پچیس تیس سال کے دوران زبردست مقبولیت حاصل رہی ہے۔ ادبی اصول و نظریات پر آج بھی یہ سب سے مکمل اور مستند کتاب سمجھی جاتی ہے۔ علمی اور

1 اگرچہ سپیر نے کناڈا میں اپنے قیام کے دوران (۱۹۱۰ء تا ۱۹۲۵ء) شاعری اور موسیقی سے گہری دلچسپی لی اور نظمیں بھی لکھیں لیکن ادیب و شاعر کے درجے تک نہ پہنچ سکا۔ وہ بنیادی طور پر اور پیشے کے لحاظ سے ماہر لسانیات ہی رہا۔

ادبی حلقوں پر اس نے بڑا گہرا اثر ڈالا ہے۔ ۱۹۴۹ء سے اب تک اسکے متعدد اڈیشن نکل چکے ہیں۔ ادب کا شایدھی کوئی معلم یا متعلم ہو جس نے اس کتاب سے استفادہ نہ کیا ہو۔ یہ کتاب چار بڑے حصوں پر مشتمل ہے جن میں کل ملاکر ۱۹ ابواب ہیں۔ یوں تو پوری کتاب علمی و ادبی مباحث کے لئے وقف ہے لیکن اس کے آخری چند ابواب میں ادب میں زبان کے رول اور اس کے تجزیے سے بھی بحث کی گئی ہے۔ ویلک اور ویرن نے اگرچہ زبان کے مطالعے کی افادیت اور اس کی قدر و قیمت پر کافی زور دیا ہے تاہم وہ پیشہ ور ماہرین لسانیات کے کارناموں سے زیادہ خوش نہیں تھے اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ ان میں لسانی شعور کی کمی تھی یا لسانیاتی سوجھ بوجھ سے ان کا ذہن عاری تھا۔ بلکہ وہ اس (behaviouristic) طریق کار کو ادبی مطالعے کے منافی سمجھتے تھے جو اس دور کے امریکی ماہرین لسانیات نے اختیار کر رکھا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی مذکورہ تصنیف میں نہ تو کہیں بلوم فیلڈ (Bloom field) کا ذکر آیا ہے اور نہ ہی سپیر کا جو کہیں زیادہ سنجیدہ ذہن رکھتا تھا۔ ان سب باتوں کے باوصف ویلک اور ویرن نے لسانیاتی امور و مسائل پر جس عمق کے ساتھ غور کیا ہے اس سے اس دور کے امریکی ماہرین ادبیات مستثنی نظر آتے ہیں۔ ادب میں کارفرما لسانی عوامل پر ویلک اور ویرن نے بار بار زور دیا ہے۔ ادب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ ایک لسانیاتی فن (Linguistic art) ہے۔ ادب زبان کو اپنے وسیلۂ اظہار کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ زبان کی حیثیت ایک خام مواد کی سی ہے جسے ادیب جس طرح چاہتا ہے اپنے تصرف میں لاتا ہے۔ زبان آواز کی سطح سے لے کر پیچدہ سے پیچدہ سیاق (Context) تک، غرض ادبی مفہوم کی ہر سطح پر کام کرتی رہی ہے۔ ویلک اور ویرن نے سائنسی زبان، ادبی زبان اور بول چال کی زبان کے فرق کو بھی واضح کیا ہے۔ سائنس کی زبان ریاضی کے اصولوں یا علامتی منطق (Symbolic logic) سے قریب تر ہوتی ہے۔ یہ اظہار کا ایک انتہائی مخصوص طرز (mode) ہے۔ بول چال کی زبان کے مقابلے میں ادبی زبان، زبان کے تمام تر وسائل کو بڑے منظم اور سوچے سمجھے ڈھنگ سے کام میں لاتی ہے۔ اس میں جمالیاتی عنصر کی فراوانی ہوتی ہے۔ اس کے بیانات ایک مخصوص قسم کی افسانویتی سچائی (fictionalized truth) کے حامل ہوتے ہیں۔

ویلک اور ویرن نے (Theory of Literature) کے آخری چند ابواب میں حسن صوت (euphony)، وزن و آہنگ، عروض، اسلوب اور اسلوبیات، پیکر، استعارہ، علامت اور اسطور سے بحث کی ہے۔ ان کی نزدیک اسلوبیات کا پہلے سے ٹھوس علم ہونا بہت ضروری ہے۔ اس پس منظر کے بغیر اسلوبیاتی مطالعے کے 'تاثراتی' بن جانے کا خطرہ برابر لاحق رہتا ہے۔

ادبی فن پارے کی خصوصیات کو زیر بحث لانے میں لسانیات کا علم معروضی طرز استدلال بہم پہنچاتا ہے۔ ویلک نے یہ بھی بتانے کی کوشش کی ہے کہ لسانیاتی مطالعہ کس طرح ادبی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ مختصراً کہا جا سکتا ہے کہ جب وہ اسلوبیات میں تبدیل ہو جاتا ہے تو ادبی بن جاتا ہے۔ یعنی جب اس سے ادب کے مطالعے کا کام لیا جاتا ہے یا جب یہ زبان کے جمالیاتی تاثرات کا پتا لگاتا ہے تو اسکی حیثیت ادبی ہو جاتی ہے۔

۱۹۵۰ء تک امریکہ میں اس میدان میں عالموں کے دو مختلف طبقے ابھر کر سامنے آچکے تھے۔ ایک طبقہ خالص ماہرین لسانیات کا تھا جنھیں Structuralist کہتے ہیں۔ بلوم فیلڈ Bloomfield اور اس کے متبعین مثلاً زیلگ ہیرس (Zellig Harris)، جارج ٹریگر (George Trager)، ہنری لی اسمتھ (Henry Lee Smith) چارلز فریز (Charles Fries) وغیرہ [جنھیں Post-Bloom fieldian بھی کہتے ہیں] کا شمار اسی طبقے میں ہوتا ہے، لسانیات کے میدان میں بلوم فیلڈ کی شخصیت بڑی دیوقامت شخصیت تھی۔ وہ ہیئتی لسانیات (Structural Linguistics) کا بانی اور لسانیات میں Behaviourist Approach کا مبلغ تھا۔ اس نے علم لسانیات کو ایک نئی سمت عطا کی، اسے ایک نئے موڑ کی طرف لگایا اور اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کی ایک پوری نسل کو متاثر کیا۔ بلوم فیلڈ کے نظریات کی تبلیغ ۱۹۳۳ء سے ۱۹۵۷ء تک برابر ہوتی رہی۔ اس کی کتاب Language جو ۱۹۳۳ء میں نیویارک سے شایع ہوئی لسانیات کا ایک کرشمہ تھی۔ بلوم فیلڈ اور اس کے ساتھ ہی ہئیتی لسانیات کا طلسم اس وقت ٹوٹا جب ۱۹۵۷ء میں نوام چامسکی (Noam Chomsky) کی کتاب Syntactic Structures شایع ہوئی۔ بلوم فیلڈ اور اس کے متبعین نے 'معنی' سے صرف نظر کرتے ہوئے زبان کی ہئیت یا ساخت (Struc ture) کو جس میں صوتی، تشکیلیاتی اور نحوی سبھی ساختیں شامل ہیں اپنی توجہ کا مرکز بنایا۔ اور ان کے باہمی رشتوں کی توضیح پیش کی۔ بلوم فیلڈ نے نحوی ساختوں کے تجزیے کا ایک مخصوص طریقہ ایجاد کیا جسے تجزیہ اجزائے متصل (Immediate Constituent Analysis) کہتے ہیں۔ بلوم فیلڈ اور اس کے متبعین نے لسانیات کو معروضی انداز فکر دیا، اسے سائنسی قطعیت بخشی، اس کے اصولوں کو منظم بنایا اور اسے مشاہداتی (Observational)، تجزیاتی (Analytical) اور تجرباتی (experimental) علم کا درجہ دے کر سائنس کے دوش بدوش لا کھڑا کیا۔ ان ماہرین میں سے کسی نے بھی زبان اور ادب کے باہمی رشتوں پر غور نہیں کیا۔ اور نہ ہی ادب پر لسانیات کے اطلاق کو ضروری قرار دیا۔

دوسرے طبقے میں وہ لوگ شامل تھے جن کا تعلق اگرچہ براہ راست ادب و تنقید کے میدان سے تھا لیکن جنھیں زبان اور علم زبان سے بھی شغف پیدا ہوگیا تھا۔ ان کے کارناموں کا ذکر اوپر گذرچکا ہے۔ جدید دور میں زبان اور ادب کے رشتوں پر غور و فکر کے آغاز کا سہرا صحیح معنوں میں انھیں عالموں کے سر ہے۔ ان میں سے بعض نے لسانیات کا براہ راست مطالعہ کیا تھا اور ادب پر اس کے اطلاق کو ضروری سمجھتے تھے تا ہم ۱۹۵۰ء تک اسلوبیات [جو ادب پر لسانیات کے اطلاق کا دوسرا نام ہے] کے میدان میں کوئی ٹھوس کام نہیں ہوا تھا۔ ادبی اصول و نظریات یا تنقید کی کتابوں میں کہیں کہیں یا علاحیدہ باب کی شکل میں زبان و ادب، اسلوب اور اسلوبیات یا لسانیاتی مطالعہ شعر کی بحثیں تو مل جاتی ہیں لیکن ۱۹۵۰ء سے قبل اسلوبیات کے موضوع پر لسانیاتی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ایک بھی باقاعدہ تصنیف دیکھنے کو نہیں ملتی۔

اسلوبیات کے میدان میں قابل ذکر کارنامے دراصل ۱۹۵۰ء کے بعد سامنے آنا شروع ہوئے اور اسی وقت سے اسلوبیات کو اطلاقی لسانیات (Applied Lingustics) کے ایک اہم شعبے کی حیثیت سے فروغ دینے کی منظم کوششوں کا آغاز بھی ہوا۔ چونکہ اس وقت تک لسانیات کا علم کافی آگے بڑھ چکا تھا اس لئے اس نے اسلوبیات کا نیا باب کھول دیا۔ اس میدان میں اب ایسے ماہرین نے قدم رکھنا شروع کیا جو لسانیات کی مکمل تربیت حاصل کئے ہوئے تھے اور زبانوں کی ہئیت و ساخت، ان کے مزاج و منہاج اور ان کی توضیح و تجزیے سے پوری طرح واقف تھے، لسانیات میں درک رکھنے کے ساتھ ساتھ انھیں ادبی موضوعات سے بھی گہری دلچسپی تھی۔ اب اسلوبیات پر ایک علیحدہ مضمون (discipline) کی حیثیت سے غور کیا جانے لگا۔ اس مقصد کے لئے ۱۹۵۳ء میں انڈیانا یونیورسٹی میں ایک سیمنار منعقد ہوا جس میں زبان و ادب اور اسلوبیات کے مسائل پر مقالے پڑھے گئے اور بحثیں ہوئیں۔ اس سیمنار کی رپورٹ انڈیانا یونیورسٹی کے شعبۂ انگریزی کے پروفیسر ہیرلڈ وائٹ ہال (Herald Whitehll) اور ٹکساس یونیورسٹی کے پروفیسر آرکی بالڈ اے۔ ہل (Archibald A. Hill) نے مشترکہ طور پر شائع کردی ہے[1] اسی طرح کی ایک اور کانفرنس ۱۹۵۸ء میں انڈیانا یونیورسٹی کے سوشل سائنس ریسرچ کونسل کے زیر اہتمام منعقد ہوئی جس میں ادبی و شعری اسلوب کے صوتی، صرفی و نحوی اور معنوی پہلوؤں اور بحور و اوزان سے متعلق مسائل

---

1 مشمولہ ہیرلڈ بی ایلن (مرتب) Readings in Applied Linguistics (نیویارک، ۱۹۵۸ء)

پر لسانیاتی نقطۂ نظر سے روشنی ڈالی گئی - اس کانفرنس میں دوسرے بہت سے عالموں کے علاوہ آئی۔اے۔ رچرڈز، جارج اے۔ ملر، رومن جیکوبسن، آرکی بالڈ اے۔ ھل، جان ہولینڈر، ٹامس اے۔ سیبوک، ڈیل ھائمز، اور سال سپورٹا نے بھی مقالے پیش کئے - ان مقالات کو ٹامس اے۔ سیبوک نے مرتب کرکے Style in Language [نیویارک، ۱۹۶۰ء] کے نام سے شائع کردیا ہے -

ادبی اسلوب پر ایک اور اہم بین الاقوامی سمپوزیم اگست ۱۹۶۹ء میں اٹلی میں منعقد ہوا - جس میں امریکہ، انگلستان اور دیگر یورپی ممالک کے ماہرین نے شرکت کی اور مقالات پیش کئے - اس سمپوزیم میں لسانیات اور ادبی اصول و نظریات کے رشتوں پر بحثیں ہوئیں، اور اسلوبیاتی مطالعات (Stylistic Studies) کے مستقبل پر غور کیا گیا - اس کے علاوہ اسلوب کیا ہے؟ اسلوبی خصوصیات (Style Features) کس طرح ظہور پذیر ہوتی ہیں؟ کیا لسانیات ادبی اسلوب کی توضیح کے لئے کافی ہے یا کیا اسلوبیات محض لسانیات کا ایک شعبہ ہے وغیرہ سوالات بھی اٹھائے گئے اور مسائل کو جدید نقطۂ نظر سے حل کرنے کی کوشش کی گئی - اس سمپوزیم کے چند قابل ذکر مضامین اور ان کے مصنفین کے نام یہ ہیں: رولینڈ بارتھیز (Style and its Image)، زویلتی تو دوروو (The Place of Style in the Structure of Text)، نلس ایرک انکوسٹ (On the Place of Style in Linguistic Theories)، رینے ویلک (Stylistics, Poetics & Criticism)، اسٹیفن المن (Stylistics and Semanctics) رچرڈ اوھمن (Speech, Action and Style)، رقیہ حسن (Rime and Reason in Literature)، ایم اے کے ھیلیڈے (Linguistic Function and Literary Style) اور رچرڈ اے سلبیس (The Style of Montaigue) -

یہ اور اس سمپوزیم کے دوسرے مضامین اور ان مضامین پر ہونے والی بحثیں پروفیسر سیمور چٹمن نے کتابی شکل میں یکجا کرکے Literary Style A Symposinm کے نام سے ۱۹۷۱ء میں امریکہ سے شائع کردی ہیں -

۱۹۵۰ء سے ۱۹۷۵ء تک پچھلے پچیس سال کے دوران اسلوبیات پر انگریزی اور دیگر یورپی زبانوں میں کافی مواد اکٹھا ہوگیا ہے اور آج بھی اس کے مسائل سے متعلق ہر نئے مضمون اور ہر نئی کتاب کے ساتھ ایک نئے نقطۂ نظر کا اضافہ ہورہا ہے - لسانیات کے ہر نئے نظریے (Theory) کا اطلاق ادب کے مطالعے پر بھی کیا جاتا ہے - چنانچہ نوام چامسکی کی تبادلی تخلیقی قواعد

(Transformational Generative Grammar) کے جدید نظریے کی روشنی میں ماہرین نے ادب کے مطالعے اور تجزیے کا کام بھی شروع کردیا ہے ۔ یہی نہیں بلکہ ریاضی لسانیات (Mathemetical Linguistics) اور شماریات (Statistics) کی روشنی میں بھی ادب کے مطالعے کا کام جاری ہے ۔

موجودہ دور میں اسلوبیات اور اس کے مختلف پہلوؤں پر جن امریکی و یوروپی عالموں نے سنجیدہ غور و فکر سے کام لیا ہے ان میں ٹامس اے سیبیوک، روجر فاؤلر، اسٹیفن اُلمن، آرکی بالڈ اے ہل، ہیرلڈ وائٹ ہال، سیموئل آرلیون، نلس ایرک انکوسٹ، ڈیل ہائمز، ایم اے کے ہلیڈے، اے مکنٹوش، سیمور چٹمن، رچرڈ سیمس، رچرڈ اوہمن، ڈیوڈ کرسٹل، جیوفری لیچ اور ایم ریفیٹر کے نام خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں ۔

سیبیوک نے اسلوبیات کے موضوع پر کئی مضامین قلم بند کئے ہیں اور Style in Language (نیویارک، ۱۹۶۰ء) مرتب کرکے اس علم کی گرانقدر خدمت انجام دی ہے ۔ روجر فاؤلر نے اپنے ایک مضمون میں لسانیاتی نظریے اور مطالعۂ ادب سے متعلق بڑے عالمانہ اور فکرانگیز خیالات پیش کئے ہیں ۔ ایک اور مضمون میں اس نے نثری آہنگ اور بحر کو اپنی بحث کا موضوع بنایا ہے ۔ یہ دونوں مضامین اس کی مرتب کردہ کتاب Essays on Style & Language (لندن، ۱۹۶۶ء) میں شامل ہیں ۔ اسلوبیات کے میدان میں Languages and Literature (لندن، ۱۹۷۱ء) اس کا ایک اور اہم کارنامہ ہے ۔ یہ کتاب دراصل ادبی مطالعے کی لسانیاتی خدمات کا ایک مبسوط جائزہ ہے ۔ لیون نے اپنی کتاب Linguistic Structure in Poetry (دی ہیگ ۱۹۶۲ء) میں لسانیات کے ہیئتی (Structure) نقطۂ نظر سے شاعری کو پرکھا ہے ۔ شاعری کی زبان کے تجزیے کے سلسلے میں کہیں کہیں چامسکی کے تحقیقی قواعد کے نظریے سے بھی بحث کی گئی ہے ۔ اسٹیفن المن لسانیات کے ایک اور شعبے معنیات (Semantics) کا ماہر سمجھا جاتا ہے ۔ ادب اور زبان کے معنوی رشتوں کو اس نے اپنے مطالعہ کا موضوع بنایا ہے ۔ اسلوبیاتی مطالعہ و تجزیہ کے معنوی پہلوؤں پر اس نے برسوں کام کیا ہے ۔ اس کی کتاب Language and Style (آکسفورڈ، ۱۹۶۴ء) اس موضوع پر ایک اہم اضافہ ہے ۔ فرانسیسی ادبیات سے بھی اسے شغف رہا ہے ۔ چنانچہ فرانسیسی ناولوں کا اسلوبیاتی مطالعہ اس نے اپنی تصنیف Style in French Novel (کیمبرج، ۱۹۵۷ء) میں پیش کیا ہے ۔ انکوسٹ کا شمار موجودہ دور کے اہم ترین ماہرین اسلوبیات میں ہوتا ہے ۔

On Defining Style[1] اس کا ایک اہم مضمون ہے جس میں اس نے ل
«اسلوب» کی ادبی، لسانیاتی یا غیر لسانیاتی جتنی بھی تعریفیں ہوسکتی ہیں سب
اپنی بحث کا موضوع بنایا ہے نیز مصنف، قاری اور متن (Text) کے نقطۂ نظر سے ا
اسے پرکھنے کی کوشش کی ہے۔ اس سے ہر نقطۂ نظر کا حسن و قبح سامنے آگیا ہے
اپنے اس طویل مضمون میں انکوسٹ نے اسلوب کے تمام پہلوؤں کا بڑا عالمانہ جا
پیش کیا ہے اور اسلوب کی تعریف و توضیح کے پیچیدہ مسئلے کو لسانیات کی مدد
بڑی حد تک حل کر دیا ہے۔ ڈیل ہائمز کا خاص میدان شعری اسلوب کا صوتی
مطالعہ ہے۔ اس نے اپنے مضمون Phonological Aspect of Style[2] میں ورڈز ور
(Words worth) اور کیٹس (Keats) کی بیس سانٹوں (Sonnets) کا صوتیاتی ت
پیش کیا ہے۔ اس تجزیے کا خاص مقصد کسی شعری فن پارے کی اثریت میں اس ز
کی مختلف آوازوں کے رول کو واضح کرنا ہے۔ صوتیاتی تجزیے سے مرتب ش
نتائج کو ڈیل ہائمز نے نظم کے مجموعی تاثر یا theme سے جوڑنے کی کوشش کی ہے
اس کے خیال میں جو لفظ نظم کے مجموعی تاثر کو ظاہر کرتا ہے وہ صوتی اعتبار
اس نظم کی ممتاز آوازوں کا مجموعہ ہوتا ہے جسے تجمعی (Summative) لفظ ک
ہیں۔ رچرڈ اوہمن کا خاص موضوع ادب پر تبادلی تخلیقی قواعد کا اطلاق ہ
اس نقطۂ نظر سے اس نے کئی مضامین لکھے ہیں اس سلسلے کا سب سے اہم مضم
Generative Grammar and the conceptof literary Style[3] ہے جس
اسلوبیات کے مطالعے کی ایک نئی جہت کا پتا چلتا ہے۔

ڈیوڈ کرسٹل اور ڈیرک ڈیوی نے عام قاری کے لئے اسلوبیات کے موض
پر Investingating English Style (لندن، ۱۹۶۹ء) کے نام سے بڑی اچھی کت
لکھی ہے اس کے پہلے حصے میں اسلوب اور اسلوبیاتی تجزیے کے طریق کار سے
کی گئی ہے۔ ھلیڈے کی لسانیاتی دلچسپیاں مختلف النوع ہیں۔ اس نے لسانیا
نہ صرف سماجی اور تعلیمی بلکہ ادبی نقطۂ نظر سے بھی مطالعہ کیا ہے۔ اسلوبیات
میدان میں ان ماہرین کے مسلاوہ وائٹ ھال، رابرٹ ھل، مکنتوش، سیمور
اور جیوری لیچ کی خدمات بھی قابل قدر ہیں۔ ان کے کارناموں کو خواہ وہ
مضامین ہی کی شکل میں کیوں نہ ہوں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

---

1 مشمولہ Linguistics and Style (لندن، ۱۹۶۴ء) از نلس ایرک انکوسٹ اور
2 مشمولہ Style in Language (نیویارک، ۱۹۶۰ء) مرتبہ ٹامس اے سیبوک
3 مشمولہ رسالہ Word (دسمبر، ۱۹۶۴ء)

[۳]

انگریزی میں اسلوبیات کے آغاز و ارتقا، اس کی سمت و رفتار، اور ادبی مطالعہ و تنقید کے میدان میں اس کے کارناموں اور خدمات کا جو جائزہ اوپر پیش کیا گیا ہے اس میں مڈلٹن مرے کی The Problem of Style (آکسفورڈ، ۱۹۲۲ء)، لوکاس کی Style (لندن، ۱۹۰۰ء) ہربرٹ ریڈ کی English Prose Style (لندن، ۱۹۲۸ء)، بٹیسن کی English Poetry and the English Language (آکسفورڈ، ۱۹۳۴ء) اور رینی کی The Elements of Style (لندن، ۱۹۱۰ء) اور اس قبیل کی دوسری بہت سی تصانیف کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے کہ یہ تمام کتابیں خالص ادبی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہیں۔ اور ان میں جدید ہیئتی اور تجزیاتی طریق کار اور لسانیاتی یا اسلوبیاتی طرز استدلال تلاش کرنا کار عبث ہے۔ اس لئے یہ ہمارے معیار پر پوری نہیں اترتیں تاہم مطالعۂ اسلوب کے ادبی موقف کو سمجھنے میں ان کتابوں سے بڑی مدد مل سکتی ہے۔

اُردو میں بھی 'اسلوب' کے موضوع پر کثرت سے لکھا گیا ہے لیکن یہاں بھی انداز فکر زیادہ تر ادبی ہی ہے۔ خالص لسانیاتی نقطۂ نظر سے اُردو میں اسلوب اور اسلوبیات کے مسائل پر ابھی بہت کم کام ہوا ہے۔ اور تنقید کو جدید لسانیات کی روشنی میں پرکھنے کے کام میں ابھی ہم بہت پیچھے ہیں۔

اُردو لسانیات کی تاریخ کا آغاز یوں تو خان آرزو (۱۶۸۹–۱۷۵۶ء) اور انشاء اللہ خاں انشاء سے ہوتا ہے۔ لیکن اس کی ترقی کی رفتار بہت سست رہی ہے — انشاء کی دریائے لطافت کے بعد سرسید کی قواعد صرف و نحو زبان اُردو کا نام لیا جاتا ہے جو انھوں نے بقول پروفیسر مسعود حسین خان تئیس برس کی عمر میں لکھی تھی[1] اس کے بعد زبان اور علم زبان کے دیگر پہلوؤں پر وحید الدین سلیم، مولوی عبدالحق حافظ محمود شیرانی، ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور، پنڈت دتاتریہ کیفی، ڈاکٹر عبدالستار صدیقی، پروفیسر عبدالقادر سروری، پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب پروفیسر احتشام حسین اور ڈاکٹر شوکت سبزواری وغیرہ نے خامہ فرسائی کی لیکن ان کی دلچسپیوں کا میدان بہت محدود تھا۔ ان میں زیادہ تر اہل علم نے تحریری زبان کو اپنی بحث کا موضوع بنایا تھا اور تاریخی لسانیات کے دائرے میں محصور تھے۔

---

1 «پیش نقطہ» اُردو میں لسانیاتی تحقیق (بمبئی، ۱۹۷۱ء) مرتبہ ڈاکٹر عبدالستار دلوی۔

جدید ہئیتی اور توضیحی نقطۂ نظر سے اُردو زبان کے مطالعے کی ابتدا ۱۹۵۴ء میں پونا میں لسانیات کے سمر اسکولوں کے آغاز سے ہوتی ہے۔ اُردو والوں کو جدید لسانیات اور لسانی تجربے کے توضیحی طریق کار سے روشناس کرانے میں پونا کے سمر اسکولوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ موجودہ دور میں پروفیسر مسعود حسین خاں پروفیسر گیان چند جین، پروفیسر گوپی چند نارنگ، ڈاکٹر عبدالستار دلوی، ڈاکٹر عبدالغفار شکیل، ڈاکٹر عتیق احمد صدیقی، ڈاکٹر میمونہ دلوی، ڈاکٹر حامد اللہ ندوی، ڈاکٹر عصمت جاوید اور ڈاکٹر مرزا خلیل بیگ وغیرہ تاریخی و توضیحی لسانیات کے مختلف پہلوؤں پر لکھتے رہے ہیں۔

اُردو کے توضیحی مطالعے سے دلچسپی کے ساتھ ہی اسلوبیاتی مطالعے کا آغاز ہوتا ہے، اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں میں پروفیسر مسعود حسین خاں، پروفیسر گوپی چند نارنگ، ڈاکٹر مغنی تبسم، شمس الرحمان فاروقی، ڈاکٹر عقیق احمد صدیقی ڈاکٹر شمیم احمد اور ڈاکٹر مرزا خلیل بیگ کے نام خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ ادب کا لسانیاتی یا دوسرے لفظوں میں زبان کے حوالے سے مطالعہ کرتے وقت سائنسی اور معروضی انداز فکر اختیار کیا جاتا ہے اور صرف ادبی فن پارے ہی کو بنیاد مان کر اور اس کی مخصوص صوتی، تشکیلیاتی اور نحوی ترتیب و تنظیم کے حوالے اور تجربے سے اس کے تاثر کی توجیہہ کی جاتی ہے اور نتائج مرتب کئے جاتے ہیں۔ فن پارے کے بارے میں تاثراتی یا اقداری فیصلوں سے قطعاً گریز کیا جاتا ہے اور فن کار کے داخلی و خارجی ماحول اور اس کی ذات کو غیر اہم تصور کرتے ہوئے صرف فن پارے ہی پر ساری توجہ صرف کی جاتی ہے۔ لسانیاتی مطالعۂ شعر کے بارے میں پروفیسر مسعود حسین خاں لکھتے ہیں:

> «لسانیاتی مطالعۂ شعر دراصل شعریات کا جدید ہئیتی نقطۂ نظر ہے لیکن یہ اس سے کہیں زیادہ جامع ہے۔ اس لئے کہ یہ شعری حقیقت کا کلی تصور پیش کرتا ہے۔ ہئیت و موضوع کی قدیم بحث اس نقطۂ نظر سے بے معنی ہو جاتی ہے۔ یہ کلاسیکی نقد ادب کے اصولوں کی تجدید کرتا ہے اور قدماء کے مشاہدات اور اصطلاحات ادب کو سائنسی بنیاد عطا کرتا ہے۔ لسانیاتی مطالعۂ شعر صوتیات کی سطح سے ابھرتا ہے اور ارتقائی صوتیات، تشکیلیات، صرف و نحو، اور معنیات کی پر پیچ وادی سے گزرتا ہوا اسلوبیات پر ختم ہو جاتا ہے» [1]

1 شعر و زبان (حیدرآباد، ۱۹۶۶ء)، ص ۱۶

اس قسم کے مطالعے میں لسانیاتی مواد اور فن پارے کی اہمیت کو کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا - موجودہ ادبی تنقید کی ایک خامی یہ بھی ہے کہ وہ فن پارے پر بہت کم توجہ صرف کرتی ہے- اس کا زیادہ تر وقت فن کار کی ذات اور اس کے ماحول کو سمجھنے کی نذر ہوجاتا ہے- جو ایک طرح سے خارجی چیزیں ہیں اور جن کا اس فن پارے سے کوئی تعلق نہیں جو لسانیاتی مواد کی شکل میں ہمیں حاصل ہوتا ہے -

اسی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پروفیسر مسعود حسین خان لکھتے ہیں:

«شعر انفرادی ذہن کے طلسم کا گنجینۂ معنی ہوتا ہے اور اس نوعیت کے لئے ضروری ہے کہ نقاد شعر اسے خود اسی کے معیار پر پرکھے - یہ معیار جمالیاتی عمل کے ان دائروں سے بنتا ہے جو ذہن شاعر اور لسانیاتی مواد کے عمل اور ردعمل کا نتیجہ ہوتے ہیں- اس میں شک نہیں کہ عمرانی تنقید سے اس کو ایک فلسفیانہ پس منظر ملتا ہے، لیکن اس پس منظر میں فن پارہ اکثر غائب ہوجاتا ہے، لسانیاتی مطالعۂ شعر میں نہ تو فن کار کا ماحول اہم ہوتا ہے اور نہ خود اس کی ذات، اہمیت دراصل ہوتی ہے اس فن پارے کی جس کی راہ سے ہم اس کے خالق کی ذات اور ماحول دونوں میں داخل ہونا چاہتے ہیں» [1]

لسانیاتی مطالعہ نظم کا بھی ہوسکتا ہے اور نثر کا بھی، لیکن اُردو میں لسانیاتی نقطۂ نظر سے شاعری کا مطالعہ سب سے زیادہ کیا گیا ہے - اور اس میں صوتیاتی مطالعے کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے- اس ضمن میں حسب ذیل مقالات خصوصی اہمیت رکھتے ہیں- «مطالعہ شعر: صوتیاتی نقطہ نظر سے» (مسعود حسین خان)،[2] «کلام غالب کے قوافی و ردیف کا صوتی آہنگ» (مسعود حسین خان)[3] «غالب کی شاعری: بازیچۂ اصوات» (مغنی تبسم)[4] «اصوات اور شاعری» (مغنی تبسم)[5]،

---

1 شعر و زبان (حیدرآباد، ۱۹۶۶ء)، ص ۱۸
2 ایضاً، ص ص ۱۶ تا ۳۲
3 «شعر و حکمت» ۲ (حیدرآباد)، ص ص ۱۳ تا ۲۰
4 «غالب: فکر و فن» (شعبہ اُردو گھورکھپور یونیورسٹی، ۱۹۷۰ء) ص ص ۱۳۸ تا ۱۵۱
5 اُردو میں لسانیاتی تحقیق، مرتبہ ڈاکٹر عبدالستار دلوی (بمبئی ۱۹۷۱ء) ص ص ۳۲۸ تا ۳۵۳

«مطالعۂ اسلوب کا ایک سبق» (شمس الرحمان فاروقی)[1] اور «شعری اسلوب کا صوتیاتی مطالعہ: دو اُردو نظمیں» (مرزا خلیل بیگ)[2]

شعری اسلوب کے مقابلے میں نثری اسلوب پر لسانیاتی نقطۂ نظر سے بہت کم کام ہوا ہے، اس موضوع سے متعلق اب تک صرف چار مضامین میری نظر سے گذرے ہیں جو یہ ہیں: «غالب کے خطوط کی لسانی اہمیت» (مسعود حسین خان)[3] «ذاکر صاحب کی نثر» (گوپی چند نارنگ)[4] «سرسید کا لسانی اسلوب» (عتیق احمد صدیقی)[5] اور «مرکبات عطفی کا اسلوبیاتی تجزیہ» (مرزا خلیل بیگ)[6]

پروفیسر مسعود حسین خان کا شمار ملک کے بڑے ماہرین لسانیات میں ہوتا ہے۔ انہوں نے لسانیات پڑھی بھی ہے اور پڑھائی بھی ہے اور اس علم سے دلچسپی رکھنے والوں کی پوری نسل کو متاثر کیا ہے — وہ موجودہ دور کے پہلے شخص ہیں جنھوں نے لسانیات کے جدید اصولوں سے اُردو والوں کو روشناس کرایا۔ اُردو میں لسانیاتی نقطۂ نظر سے ادب کو پرکھنے کا سہرا بھی انہیں کے سر ہے — پروفیسر مسعود حسین خاں نے اپنے مضمون «مطالعۂ شعر: صوتیاتی نقطۂ نظر سے» میں اُردو کے صوتی نظام کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے شعر میں مختلف آوازوں کے استعمال، ان کی کثرت و قلت اور توازن و تناسب کی توجیہہ بیان کی ہے نیز ان کی صوت جمالیاتی (Phonoa esthetic) کیفیات، ان کی اثریت اور معنوی رشتوں کی نشاندھی کی ہے — انھوں نے تنقید شعر کی بعض اصطلاحوں مثلاً تنافر لفظی اور نقص روانی کے صوتیاتی اصول بھی مرتب کئے ہیں —

صوتیاتی مطالعہ شعر کی اہمیت، معروضیت اور اس کی علمی بنیادوں کے بارے میں وہ لکھتے ہیں:

«لسانیات کی پہلی سطح صوتیات ہے جس پر ناقد شعر کا عمل شروع ہونا چاہئے، اس کا احساس قدیم زمانے میں ناقدین شعر کو رہا ہے۔ سنسکرت

---

1 سہ ماہی «اُردو ادب» شمارہ ۲ (انجمن ترقی اُردو علی گڑھ، ۱۹۷۲ء) ص ص ۵ تا ۳۶

2 «شعر و حکمت» ۷ (حیدرآباد)، ص ص ۲۱۷ تا ۲۳۶

3 «غالب: فکر و فن» (شعبۂ اُردو گورکھپور یونیورسٹی، ۱۹۷۰ء) ص ص ۳۸ تا ۵۳

4 ماہنامہ «شب خون» (الہ آباد)

5 ماہنامہ «نوائے ادب» (بمبئی، جولائی ۱۹۷۱ء) ص ص ۶۵ تا ۷۶

6 ماہنامہ «جامعہ» (جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دھلی، مارچ و اپریل ۱۹۷۷ء) ص ص

«بوطیقا» میں آوازوں کے خوش آہنگ یا بد آہنگ ہونے کا تذکرہ بارہا ملتا ہے۔ صوت و معنی میں جو باہمی رشتہ ہوتا ہے اس کا ذکر بھی مغربی تنقید اور اس کی پیروی میں کبھی کبھی اُردو تنقید میں بھی مل جاتا ہے لیکن یہ تمام تنقیدی کاوشیں کسی مربوط لسانیاتی نقطۂ نظر کے تحت نہیں ملتیں، ان کی نوعیت عام طور پر تاثراتی یا ذوقی ہے، اس لئے کہ ناقدین کو اپنے مشاہدات کی علمی بنیاد کا علم نہیں۔

«اس علمی بنیاد کے لئے آوازوں کے مخرج، ان کی ادائگی اور باہمی ربط پر نظر رکھنی پڑے گی۔ ہر زبان کی بنیادی آوازوں کے باہمی آہنگ ہی سے شعر و نغمہ کے تار و پود تیار ہوتے ہیں، اس لئے موسیقی کی طرح کسی زبان کی غنائی شاعری کا بھی ایک قومی مزاج ہوتا ہے۔ یہ قومی مزاج ہم آہنگ یا متضاد یا متوازی آوازوں اور اس زبان کے مخصوص نظام صوت سے بنا ہے۔ اس لئے جب ہم ایک غیر زبان کی شاعری سنتے ہیں تو اپنی صوتیاتی عادتیں یا پسند اور ناپسند کو اس زبان کے نظام صوت میں منتقل کردیتے ہیں اور اس کے اسی حصے کو لائق تحسین سمجھتے ہیں جس کا آہنگ ہمارے کانوں میں پہلے سے رچا ہوتا ہے» [1]

پروفیسر مسعود حسین خان نے اپنے ایک اور مضمون [2] میں اُردو کلام غالب کے قافیوں اور ردیفوں کے صوتی آہنگ کا بڑا اچھا مطالعہ اور تجزیہ پیش کیا ہے۔ ان کے خیال میں صنف غزل میں صوتی نقطۂ نظر سے سب سے اہم مقام قافیہ اور ردیف کا نقطۂ اتصال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قافیے اور ردیف کی «چولیں بٹھانے» میں اچھے اچھوں سے بعض اوقات فرو گذاشت ہو جاتی ہے۔ چوں کہ ہر ردیف ہر قافیہ سے تال میل نہیں رکھتی اس لئے شاعر کا ذہن رد و قبول کی ایک سخت آزمایش سے گذرتا ہے۔ پروفیسر مسعود حسین خان کے اس مطالعہ کا طریقۂ کار قیاسی نہیں بلکہ خالص مشاہداتی ہے۔ انہوں نے متداول دیوان غالب کی منتخب غزلوں کے تمام قافیوں اور ردیفوں کے اعداد و شمار تیار کرنے کے بعد نتائج مرتب کئے ہیں جو بہت دلچسپ ہیں۔ ان سے غالب کے صوتی آہنگ کے طریق کار پر روشنی پڑتی ہے، بقول پروفیسر مسعود حسین خان غالب ردیف کی موسیقیت سے بخوبی واقف ہیں۔ ردیف کی تکرار اور پابندی سے غزل میں جو شدت تاثر اور موسیقیت پیدا ہوتی ہے

---

1 شعر و زبان (حیدرآباد، ۱۹۶۶ء)، ص ص ۱۸، ۱۹

2 «کلام غالب کے قوافی و ردیف کا صوتی آہنگ» شعر و حکمت ۲ (حیدرآباد) ص ۱۳ تا ۲۰

اس سے انھوں نے بھرپور کام لیا ہے اور قافیے اور ردیف کے درمیان عام طور پر صوتی گرہ کامیابی کے ساتھ لگائی ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

(۱) مصوتوں کا ردیف کے پہلے جزو کے مقابلے میں قافیوں کے اختتام پر آنا، مثلاً:

ابن مریم ہوا کرے کوئی (ا/ک)
دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے (ا/ک)

(۲) قوافی و ردیف کے صوتی اتصال میں غنے کا استعمال، مثلاً:

شوق ہر رنگ رقیب سروساماں نکلا
قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا (اں/ن)

ہر قدم دوری منزل ہے نمایاں مجھ سے
میری رفتار سے بھاگے ہے بیاباں مجھ سے (اں/م)

(۳) ارتعاشی مصمتہ /ر/ کا دیگر مصمتوں کے ساتھ اتصال، مثلاً:

حیراں ہوں دل کو پیٹوں کہ روؤں جگر کو میں (ر/ک)

پروفیسر گوپی چند نارنگ کی دلچسپی کا موضوع ادب بھی ہے اور لسانیات بھی۔ لسانیات بالخصوص توضیحی لسانیات کے میدان میں انھوں نے بڑے قابل قدر کارنامے پیش کئے ہیں۔ ڈاکٹر ذاکرحسین کی نثر کا مطالعہ و تجزیہ تبادلی تخلیقی قواعد (Transformational Generative Grammar) کی رو سے کیا ہے[1] اس سلسلے کی اُردو میں یہ پہلی کامیاب کوشش ہے۔ اس کے علاوہ پروفیسر نارنگ نے اِقبال کے کلام کا صوتیاتی تجزیہ بھی بڑی کامیابی کے ساتھ کیا ہے جس میں «مسجد قرطبہ» کے تجرباتی مطالعے کو خاص اہمیت حاصل ہے۔[2] پروفیسر نارنگ نے یہ ثابت کیا ہے کہ اِقبال کی شاعری میں ایک مخصوص انداز کی غنائی کیفیت اور موسیقیت پائی جاتی ہے جو اُردو کے دوسرے شعرا کے یہاں ناپید ہے۔ یہ بیک وقت قاری کو مسحور بھی کرتی ہے اور چونکاتی بھی ہے۔ اِقبال کے مداحوں نے ان کے کلام کی اس خصوصیت کو تسلیم تو کیا ہے لیکن اس کے تفصیلی مطالعہ و تجزیہ کی زحمت کسی نے بھی نہیں کی۔

---

1 ملاحظہ ہو «ذاکرصاحب کی نثر»، ماہنامہ «شب خون» (الہ آباد)

2 بحوالہ گوپی چند نارنگ، Sounds Packed with Power «مطبوعہ ہندوستان ٹائمز» سنڈے میگزین (نئی دہلی، ۶ نومبر ۱۹۷۷ء)

ڈاکٹر مغنی تبسم کی اگرچہ ابتدائی دلچسپی ادب سے تھی لیکن بعد میں انھوں نے خود کو اسلوبیات کے لئے وقف کردیا۔ اپنی تصنیف فانی بدایونی: حیات شخصیت اور شاعری (حیدرآباد ۱۹۶۹ء) کے آخری ابواب میں انھوں نے لسانیات کی مدد سے فانی کے شعری اسلوب اور صوتی حسن کی انفرادی خصوصیات کا سائنسی تجزیہ پیش کیا ہے۔ یہ بالکل بجا ہے کہ اُردو میں کسی شاعر کے کلام کا اس زاویے سے تفصیلی مطالعہ نہیں کیا گیا۔ صوتیاتی تجزیے کے سلسلے میں ڈاکٹر مغنی تبسم کے مضامین «اصوات اور شاعری» اور «غالب کی شاعری: بازیچۂ اصوات» کا ذکر بھی بے جا نہ ہوگا۔ آخرالذکر مضمون میں انھوں نے غالب کی شاعری کے لہجے اور نغمے کی تعمیر میں اصوات کی تنظیم اور ان کے تکرر (Frequency) کی اہمیت کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کے خیال میں غالب کے شعر کی تاثیر میں اس کے صوتی آہنگ کا جو حصہ ہے اسے نظر انداز کردیں تو ہماری تحسین اور تنقید ادھوری رہ جائے گی۔

نئی شاعری اور نئے ادب کے نقاد کی حیثیت سے شمس الرحمان فاروقی نے پچھلے دس سال کے عرصے میں کافی شہرت حاصل کی ہے لیکن یہ شہرت انھیں اس وجہ سے اور بھی حاصل ہوئی کہ تنقید کے میدان میں ان کا اپنا ایک مخصوص لب و لہجہ اور ایک جداگانہ طرز فکر ہے جس نے انھیں ادبی نقاد سے زیادہ اسلوبیاتی نقاد کی صف میں کھڑا کردیا ہے اگرچہ انھوں نے لسانیات کا علم شعوری طور پر حاصل نہیں کیا لیکن ادب کو پہچاننے اور پرکھنے میں انھوں نے وہی مشاہداتی، تجزیاتی، معروضی اور سائنسی طریقۂ کار اختیار کیا ہے جو ایک ماہر لسانیات یا ماہر اسلوبیات اختیار کرتا ہے۔ انھوں نے فن کار کے بجائے فن پارے کو اہمیت دی اور کسی شاعر کی انفرادیت کے بارے میں رائے قائم کرنے کے لئے اس کے اسلوب کے مطالعے اور تجزیے کو ضروری قرار دیا۔ فاروقی صاحب کا مضمون «مطالعہ اسلوب کا ایک سبق» داخلی، تاثراتی اور اقداری تنقید کے منہ پر ایک زبردست طمانچہ ہے۔

لسانیاتی موضوعات پر خامہ فرسائی کرنے والوں میں ڈاکٹر عتیق احمد صدیقی بھی کافی اہمیت رکھتے ہیں۔ انھوں نے لسانیات پر بہت کچھ لکھا ہے لیکن اسلوبیات کے میدان میں اب تک کوئی قابل قدر کارنامہ نہیں پیش کرسکے۔ ان کا ایک ہی قابل ذکر مضمون «سرسید کا لسانی اسلوب»[1] میری نظر سے گذرا ہے جس میں انھوں نے سرسید کی نثر کا لسانی تجزیہ پیش کیا ہے۔

---

[1] مطبوعہ ماہنامہ «نوائے ادب» (بمبئی، جولائی ۱۹۷۱ء)

ڈاکٹر مرزا خلیل بیگ نے ادب کے ساتھ ساتھ لسانیات سے بھی براہ راست استفادہ کیا ہے ۔ اسلوبیات ان کا مخصوص موضوع ہے۔ صوتیاتی نقطۂ نظر سے اقبال کی دو نظموں «ایک شام» اور «تنہائی» کا انھوں نے تفصیلی مطالعہ و تجزیہ پیش کیا ہے۔ اسی طرح کا صوتیاتی تجزیہ فیض کی نظم «تنہائی» کا بھی کیا ہے ۔ اور ایک ہی عنوان کی دونوں شاعروں کی نظموں کا صوتی اور معنوی سطح پر تقابلی مطالعہ پیش کیا ہے۔[1] اقبال اور فیض کی ان نظموں کے تجزیے سے یہ بات ثابت ہوجاتی ہے کہ آواز کا معنی سے گہرا رشتہ ہے ۔ کسی نظم کے موڈ کا تعین کرتے وقت یا اس کے مجموعی تاثر کی نشاندھی کرتے وقت نظم کی کثیرالاستعمال (High ranking) آوازوں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ ان آوازوں کی صوتی کلت ھی سے معنوی کلیت تشکیل پاتی ہے۔ نظم میں کوئی نہ کوئی ایسا لفظ یا فقرہ ضرور ہوتا ہے جو نظم کے بنیادی یا مرکزی خیال کی نشاندھی یا اس کی طرف رھنمائی کرتا ہے ۔ جیمز لنچ (James Lynch)، ڈیل ھائمز (Dell Hymes) اور مرزا خلیل بیگ کے تجزیوں سے یہ بات ثابت ہوجاتی ہے کہ ایسا لفظ یا فقرہ اس نظم کی کثیرالاستعمال آوازوں سے مرکب ہوتا ہے جسے تجمعی لفظ (Summative word) کہتے ھیں۔

اپنے ایک اور مضمون میں مرزا خلیل بیگ نے رشید احمد صدیقی کے کے عطفی مرکبات کا اسلوبیاتی تجزیہ پیش کیا ہے۔ عطفی مرکبات کا استعمال ان کی تحریروں کی نمایاں خصوصیت ہے۔ یہ تجزیہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ صوتیاتی، تشکیلیاتی و نحوی اور معنوی ۔ رشید احمد صدیقی کے اس اسلوب کو مرزا خلیل بیگ نے ان کا مخصوص و منفرد لسانی اسلوب قرار دیا ہے۔

---

1 ملاحظہ ہو «شعری اسلوب کا صوتیاتی مطالعہ : دو اُردو نظمیں» شعر و حکومت ۷ (حیدرآباد)

2 «مرکبات عطفی کا اسلوبیاتی تجزیہ»، ماھنامہ «جامعہ» (نئی دھلی، مارچ و اپریل، ۱۹۷۷ء)

بارہ ماسہ "دستور ہند"

[دوسری قسط]

ڈاکٹر تنویراحمد علوی

——— یہاں اس نے حانہ باع کی سیر کی

(خانہ باع —)

نطر آیا وہ حانہ باغ ایسا
نہ دیکھا گلشن دوراں میں ویسا

چمن یکسر بھے گل مہندی کے پھولے
پڑے اشجار میں ہرسو تھے جھولے

روش پٹی مرتب جا بہ حا تھی
صفائی بیلچوں کی خوشنما تھی

نہر چوپڑ کی تھی جاری خوش اسلوب
نطر آتی تھیں لہریں موج زن خوب

ہزاروں اس میں فوارے چھٹیں تھے
ہوا میں انگنت موتی لٹیں تھے

ہر اک سو آبشار ایسی تھی جاری
کہ جسّے تھا خجل ابر بہاری

اور اس حانہ باغ میں جو خوبصورت محل تھا وہاں دنیا جہان کی اچھی اچھی چیزیں مہیا تھیں یوں کہیے یہ محل کیا تھا مرقع کا سا اک عالم تھا —

شراب و ساقی و مطرب ہر اک سو
نطر آتے تھے با آئین نیکو

تماقی کا بچھا تھا فرش ہر جا
مرقع کا سا عالم تھا سراپا

مصنف اپنے میزبان دلنواز سے رخصت ہوا تو فراقیہ اشعار لکھنے کے بجائے اُسے اپنے ممدوح کی فرمایش یاد آئی ـــ

بیاں کرتا ہے جو کچھ صاحب کا ارشاد
فراموشی نہیں ہے خوب کر یاد

اس موقع پر «سلونو» اور «تیج» کا ذکر کیا گیا ہے جو بارس رتو کے تہوار ہیں۔

سلونوں کا بھی ہے تہوار مشہور
ہر اک ہندو کا جس میں ہے یہ دستور

کہ راکھی ہاتھ میں وہ باندھ اپنے
بجا لاتا ہے یہ آئین خوشی سے

سوّیاں بانٹتے کھاتے ہیں اس میں
برہمن دان سب پاتے ہیں اس میں

«تیج» کے تہوار کا بیان بھی اسی اختصار کے ساتھ دیا ہے ـــ

اور اس میں تیج کا ہیگا وہ تہوار
کہ ہندو جس میں خوش ہو ہو کے اکبار

مٹھائی بانٹتے آپس میں ہینگے
اور اپنے لڑکوںکو رنگیں کپڑے

پہناتے ہیں بچندیں زیب و زینت
کرے ہیگی ساؤ ایک ایک عورت

اسی ماہ میں نیا ہلالی مہینہ یعنی ماہ رجب شروع ہوگیا۔

رجب کا چاند اس میں آگیا ہے

سہ ماہی روزے جو رکھتے ہیں وے تو
کرے ہیں اِبتدا غرے سے سن لو

ہزاری روزہ اس میں ہے جو مشہور
رکھے ہے بست و ہفتم اسکو جمہور

چونکہ اس روزے کا بہت بڑا ثواب ہے اس لئے بہت لوگ یہ روزہ رکھتے ہیں ۔ اسی ماہ میں جمعہ کو «کونڈے» ہوتے ہیں یہ کونڈے کوئی زردے پلاؤ سے بھرتا ہے اور کوئی دھی خشکہ سے ــــ

کوئی کھیر اور متنجن اس میں بھرکر
کھلاتا ہے کہ و مہ کو سراسر

یہ کونڈے سید جلال بخاری کے نام کے ہوتے ہیں ۔

اس کے بعد پاوس رت کا دوسرا مہینہ یعنی بھادوں شروع ہوجاتا ہے یہ مہینہ صاحب دستور کے بیان کے مطابق ۳۱ (इकतीस) دن کا ہوتا ہے اس کے برج کا نام اسد ہے اسکی شکل شیر جیسی ہے اسی لیے ہندی میں «سنگھہ» کہتے ہیں اس کا رنگ سرخ ہے اور سوریہ اس گھر کا مالک ہے ۔ یہ بطی السیر ثابت اور شرق ہے یہ ترہے اس کا مزاج آتشی ہے اور اسکی تاثیر گرم اور خشک ہے اس کے ستارے ستائیس ہیں اس میں آٹھہ خارج اور باقی سب داخل ہیں ۔ مصنف کا بیان ہے :۔

نجوم اور ہے رمل سے ٹھیک یہ بات
مہیں کی میں نے بے جا صرف اوقات

یہ رت جھڑ بوند ، تیز ہوا اور اندھیری راتوں کی رت ہے اس رت میں گھٹائیں گھر گھر آتی ہیں بجلیاں چمکتی ہیں بادل گرجتے ہیں اور کبھی کبھی تو دن میں بھی اندھیرا چھا جاتا ہے ۔

پڑے ہے موسلادھار اس طرح سے
کہ بھرجاتے ہیں جل تھل پل میں سارے

ہوا کے ہیں ہراک دم یہ جھکورے
کہ ہر شاخ شجر لیے ہے ہلورے

نظر آتی ہیں یوں بگلوں کی ڈاریں
چمکتی دمبدم کالی گھٹا میں

فلک پر جس طرح ہو جلوہ پیرا
شب یلدا میں عالم کہکشاں کا

یہ فضائے رنگین مے و معشوق کا تقاضا کرتی ہے مگر ایک غریب شاعر کے پاس دیدۂ نم اور دل پرخون کے سوا اورکیا ہوسکتا ہے اس موقع پر شاعر «بیڑے کی رسم» کا ذکر چھیڑ دیتا ہے :۔

چڑھاؤں میں بھی بیڑا خضر کا یار
جو ہو اس بیڑے سے بیڑا مرا پار
مرادیں جنکی بر آئیں ہیں وے سب
کرے ہیں «ناؤ» کی تیاریاں سب
ہراک کا اس مہینے میں ہے دستور
کہ نذر خضر کرتا ہے بہ مقدور

اس عجیب رسم اور نذر و نیاز کے بارے میں مصنف نے لکھا ہے کہ جمعہ کا دن اس کے لئے مقرر ہوتا ہے جسکی آمد سے پہلے بیڑے کی تیاری کی جاتی ہے ہر شام دریا کے کنارے ملاح جمع ہوتے ہیں شمع و چراغ سے کشتیوں کو سجایا جاتا ہے اور رات ہوتے اُسے سمندر میں بہایا جاتا ہے اندھیری رات میں چراغوں کا یہ سفر بہت ہی بھلا لگتا ہے ۔ کچھ لوگ اس سے مختلف طریقے پر یہ رسم مناتے ہیں اور دودھ اور دلیا چڑھاتے ہیں ۔ یہ رسم اُردو شاعر کے لیے نئی ہے ۔

اس ماہ کی پانچویں تاریخ کو ناگ پنچمی کا تہوار منایا جاتا ہے اس میں اس موقع پر دھان کی کھیلیں اور گائے کا دودھ چڑھا کر بانبی پوجن ہوتا ہے ۔

سانپ کا تصور قدیم زمانہ سے fertility cult سے وابستہ ہے سری کرشن جی کو ناگ کے سر پر ناچتا ہوا دکھاتے ہیں جس کے یہ معنی ہیں کہ یہ سرشٹی کے جنم داتا کا «کریڑا استھل» ہے ۔

جنم اشٹمی کا تیوہار بھی «دستور ہند» میں اسی بھادوں ماس سے وابستہ کیا گیا ہے ۔

دن اس میں ہے کنھیا کے جنم کا
کریں ہیں جشن اس میں عید کا سا
ہنود آپس میں یکسر شاد و خرم
کریں ہیں بخشش و خیرات باہم
کسی جا راگ ہوتا ہے کہیں رنگ
نظر آتا ہے ہر اک سال یہ ڈھنگ

اس تہوار کے ساتھ ایک اور تہوار کا ذکر بھی مصنف نے کیا ہے اسے «چوک چند» کا نام دیا گیا ہے ۔ اس میں سرسوتی کی پوجا ہوتی ہے اس میں جو گرو، پنڈت بچوں کو پڑھاتے ہیں وہ ان بچوں کو جو [طرح طرح کے رنگین اور خوبصورت کپڑے

پہنے ہوتے ہیں] اپنے ساتھ لیکر ان کے گھروں پر جاتے ہیں اور دان و دکشنا پاتے ہیں -

اسی کے ساتھ مصنف نے «اننت چودس» کا بھی تعارف کرایا ہے -

ہے چودس کا جو دن اس میں مقرر
اننت اس روز ہندو باندھ یکسر

رہے ہیں برت تا دوپہر سن لو
نہیں کھاتے ہیں پر اس دن نمک کو

بھادوں ماس کے تیج تہواروں میں گوگا پیر کی چھڑیوں کا بھی بیان آیا ہے -

بیان چھڑیوں کا گوگا کی کروں ہوں
خبر ہر ایک کو اس کی بھی دوں ہوں

کہیں ہیں انکو ظاہر پیر سب مل
حل اُن سے حاجت رویونکی ہے مشکل

یہ ان پر جان اور دل سے فدا ہیں
عرض ہردم انھوں کے حاجت پا ہیں

کھڑی کرتے ہیں یہ چھڑیاں انھونکی
بجا ڈور و اپج لے لیے انوکھی

وہ اُنکی چھڑیاں اُٹھا کر دور لے جاتے ہیں جہاں یہ چھڑیاں کھڑی کی جاتی ہیں وہاں ایک میلا سا لگتا ہے ان کا مزار تو دوآبے میں ہے لیکن انکی چھڑیاں جگہ جگہ اُٹھائی جاتی ہیں -

اسی موسم میں لال بھی لڑائے جاتے ہیں اُنکی پالیاں کہیں دوشنبے اور کہیں جمعہ کے دن ہوتی ہیں - اس لال بازی کے سلسلے میں مصنف نے لڑائی کے طریقہ پر بھی روشنی ڈالی ہے -

لڑانے کا بھی ان کے طور سن لو
کہ جب مستی پہ آتے خوب ہیں وو

رکھ ان کے درمیاں چمٹی کا پنجرا
اور ان کے پنجروں کی کر کھڑکیاں وا

زمیں پر چھوڑ دیتے ہیں انہوں کو
کہ گتھ گتھ دونوں یوں لڑتے ہیں وے تو
پر و بال ان کے اُڑے ہیں ہوا پر
نہیں ہوتے درہ وہ تو برابر

جو لوگ ان ننھی ننھی جانوں کا یہ تماشا دیکھتے ہیں وہ عش عش کر اٹھتے ہیں اور «عشق ہے» کہکر انکی داد دیتے ہیں ان پر باریاں بدی جاتی ہیں اور ہار جیت ہوتی ہے —

اسی ماہ میں اس وقت اسلامی کیلنڈر کی رو سے شعبان کا مہینہ شروع ہوگیا جسے «شب رات» کا مہینہ کہا جاتا ہے — اس میں ہے

پکا کر نان اور حلوا اچھوتا
گھڑا یا بھر کے اک پانی کا کوزا

مردوں کی فاتحہ دی جاتی ہے اور مرے والوں کو ثواب پہنچایا جاتا ہے شب رات کے موقعہ پر مولف کتاب نے ایک اور عجیب رسم کا بھی ذکر کیا ہے جسے وہ ہاتھی روشن کرنا کہتا ہے اور اس دلچسپ رسم کی تفصیلات اس انداز سے پیش کرتا ہے —

سنو عورات کی ہے رسم یہ بھی
گلی روشن کرے ہیں وے تو ہاتھی
سگا ترکاری اور کھیلیں بتاسے
دھریں ہیں اس گلی ہاتھی کے آگے
ہر ایک بیٹے کی اپنے ماں مست
سحر تک رہتی ہے مصروف عشرت

اس رات کو روشنی کرنے اور آتش بازی چھوڑنے کا ذکر بھی بڑی دلچسپی کے ساتھ کیا گیا ہے —

ہے آتش بازی کا بھی اس میں معمول
بھچنپا چھوڑتا ہے کوئی ہتھ پھول
انار اک سو کوئی چھوڑے ہے خوش ہو
کوئی مہتاب کوئی پھلجھڑی کو
کہیں چھوڑے ہے کوئی جاھی جوھی
پٹاخے اور کہیں چھوڑے ہے چرخی

یہ تو معمولی آتش بازی یا بچوں کا کھیل تھا اس روز آتش بازی کا بڑا معرکہ ہوتا ہے ایک بڑے میدان میں دو غول اِدھر اور اُدھر اکٹھے ہوجاتے ہیں پہلے بچے چھچھندریں چھوڑتے ہیں اس کے بعد بڑوں کی باری آتی ہے اور اِدھر اور اُدھر سے خوب خوب آتش باری کی جاتی ہے جس میں توپ تفنگ نہ ہونے کے باوجود بقول مصنف ایسا بھی ہوا کہ لوگ جل جل اور مر مر گئے ہیں۔

چھٹیں ہیں سینگھ شورش میں قلم ہے
صدا کیا بان سے چپکے کی کم ہے[1]

پاوس رت کے خاتمہ کے ساتھ، سرب (شرد) رت آگئی اور کوار کا مہینہ شروع ہوگیا ۔ اس ماہ میں آفتاب برج سنبلہ میں جلوہ افروز ہوتا ہے اس کے دن اکتیس ہوتے ہیں اس مہینہ کا ہندوی نام کوار ہے اور اس برج کو (ہندی بھاشا میں) کنیا کہتے ہیں کہ وہ شکل میں ایک کنواری لڑکی جیسا ہے اس کا رنگ سیاہ ہے یہ مساوی السیر ہے، مادہ ہے، اس کی خاصیت سرد و خشک ہے اسی کے ساتھ وہ ممتزج اور ذوجسد ہے اس کے ستارے چھتیس ہیں اس میں سے تین خارج اور باقی سب داخل ہیں ۔

شرد رتو کے آتے ہی موسم کا اندازؔ بدل گیا اور جاڑے کا سا ڈھنگ نظر آنے لگا ۔ آسمان صاف ہوگیا جھیلوں اور تالابوں میں بھرا ہوا پانی اب شفّاف نظر آنے لگا ۔ چاندنی راتیں زیادہ اُجلی ہوگئیں اور آب و ہوا کے اعتدال کے ساتھ اس موسم کی دلآویزیاں بڑھ گئیں ۔

شرد رتو کے اس تعارف میں "رتو سنہار" کی ایک ہلکی سی جھلک بھی موجود ہے ۔ یہ خوشیوں اور شادمانیوں کے دن ہیں لیکن شاعر اپنے دل میں آتش فراق کے شعلہ کی لپک بھی محسوس کرتا ہے ۔

زبس دل اس بلا میں مبتلا ہے
نہیں مجھکو خبر موسم یہ کیا ہے

مگر داستان غم جدائی بیان کرنے کے بجائے وہ کناگتوں کا ذکر چھیڑنے پر مجبور ہو جاتا ہے ۔

---

1 اس نوع کا مقابلہ بعض مقامات پر اب سے ایک ثلث صدی پہلے تک دیکھنے میں آتا تھا ۔

کناگت چودہ اور نو نیورتے بھی
هنود اس میں ہی کرتے ہیں تمامی
کھلاتے ہیں ہر ایک دن بامنهوں کو
بجا لاتے ہیں پھر رسمیں ہیں جو جو

کناگتوں کے اس مختصر بیان کے بعد دسہرے کا ذکر آتا ہے جو اہل ہند کے معروف تہواروں میں سے ہے۔ یہ بیان : «دسہرا آٹھویں کو ہے مقرر» سے شروع ہوتا ہے اس رنگا رنگ تقریب کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے لکھا ہے۔

رنگیے جاتے ہیں گھوڑے اور ہاتھی
کریں ہیں زیب و زینت بلکہ ایسی
صغری پا کھریں اور جھولیں یکسر
انهوں پر ڈال کر اور باندھ زیور
پھرے ہیں ساتھ لے سج بجنیوں کو
ہر اک دربار میں خوش وقت ہو ہو
ہیں جتنے صاحبان جاہ و حشمت
کرے ہیں وہ ہزاروں زیب و زینت

اُمرا کے متوسلین اور رعایا براہا کے لوگ ندریں پیش کرتے ہیں غرض کہ سارا دن خوشی اور نشاط و انبساط میں گزرتا ہے مصنف نے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ تہوار اگرچہ اهل اسلام کا تہوار نہیں ہے لیکن وہ بھی اس دن کی خوشی مناتے ہیں۔

نہیں یہ اہل دیں کا گرچہ تہوار
خوشی کرتے ہیں پر اس دن کی دیندار

هندو اس روز «بجے دسمی» کی پوجا کرتے ہیں مصنف نے لکھا ہے کہ اسی روز رام چندرجی نے لنکا پر فتح پائی تھی۔ مراٹھے اس روز سے وہ اپنی مہم جوئیوں کا آغاز کرتے ہیں۔ اهل دول ہاتھی گھوڑوں پر سوار ہوکر نکلتے ہیں۔ بنگال میں یہ تہوار «دیبی پوجا» کے نام سے منایا جاتا ہے اور اس میں بڑی دھوم دھام ہوتی ہے اس کو صاحب تصنیف نے بڑی دلچسپی کے ساتھ پیش کیا ہے۔

بیان دیبی کی پوجا کا :

دسہرے کا یہ مذهبی جشن جو «دیبی پوجا» کے نام سے ہوتا ہے میں نے کلکتہ میں آکر دیکھا ہے کہ بڑی خلقت اس موقعہ پر جمع ہوتی ہے عورتیں رنگ برنگ

کے قیمتی اور خوشنما ملبوس پھن پھن کر نکلتی ھیں بڑے ناز و انداز سے اپنی پھبن اور زیب و زینت، دکھلاتی ھوئی مٹک مٹک کر چلتی ھیں ساریاں اس طرح زیب تن کرتی ھیں کہ جس سے ان کے حسن اور خوبصورت بدن کی زیادہ سے زیادہ نمایش ھو سکے شمع اور فانوس کا سا عالم ھوتا ھے انھیں دیکھ دیکھ کر عاشقوں کے دل حسرت سے جلتے ھیں - اس ٹھاٹ باٹ کا میلا کھیں اور نہیں ھوتا مصنف نے اسے بڑے بازار میں جاکر دیکھا تھا

دو طرفہ حسن سربازار کا یہ عالم تھا کہ تمام بازار ایک حسین و رنگین مرقع معلوم ھوتا تھا - یہاں خانگیوں اور کوٹھے والیوں کی رھایش تھی اس لئے حسن کے جلوے عام تھے اور جہانتک نظر جاتی تھی ستارے مسکراتے اور پھول کھلکھلاتے نظر آرھے تھے ایسا معلوم ھوتا تھا گویا دیواروں کو حسین تصویروں سے آراستہ کردیا گیا ھے اُوپر سے اُوپر تک کہیں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی -

اس موقعہ پر ٹھاکروں اور دیوی دیوتاؤں کی مٹی کی مورتیاں بناتے اور رات دن اُنکا پوجن کرتے ھیں یہ سب مورتیاں جن کو ایک ھی حلقے میں رکھا جاتا ھے طرح طرح کے زیوروں سے آراستہ کی جاتی ھیں اور اُنکو جانوروں کی بلی چڑھائی جاتی ھے -

رکھے ھیں ایک ھی حلقے میں سب کو
پرستش دن کو اور کرتے ھیں شبکو

بجے ھیں باجے اُسکے آگے دن رات
بسر کرتے ھیں اپنے یونہی اوقات

چڑھاتا ھے کوئی بھیڑ اور بکرا
کوئی بھینسے ھی کا کرتا ھے جھٹکا

کوئی دھر چاولوں کا تھال اس جا
کھڑے ھے کر کے ڈنڈوت اور پوجا

یہ میں بھوجن کو ٹھاکر کے ھوں لایا
کسی نے اور ھی کچھ لا چڑھایا

کرے ھیں روشنی شبکو بکثرت
کہ جسکی تا فلک پہنچے ھے طلعت

اس کے بعد جب ان مٹی کے اصنام کو گنگا میں ڈبونے کے لئے لے جاتے ھیں تو ایک طرفہ سیر اور عجیب سماں ھوتا ھے دھوم دھام سے لوگ ناچتے کودتے، کھیل تماشے

دکھلاتے اور باجے تاشے بجاتے دریا کی طرف جاتے ہیں اور قریب شام آنکو دریا کی لہروں کے سپرد کرکے واپس لوٹتے ہیں ۔

اسی موسم میں بنگال میں خریف کی فصل کاٹی جاتی ہے اور سچ پوچھیے تو تیج تہوار کا یہ سلسلہ زمین اور زراعت سے وابستہ معاشرے ہی کے آداب و رسوم ہیں ۔ یہاں جانوروںکی بلی ٹھاکروں کو چڑھائی جاتی ہے اور خود ٹھاکروں کی مٹی کی « پرتمائیں » دریا کی لہروں کو سونپ دی جاتی ہیں بہت سے مقامات پر دیوی دیوتاؤں یا جھیلوں، اور دریاؤںکو زندہ انسانوںکی بھینٹ بھی دی جاتی تھی « عروس النیل » کو اس کے حجلۂ عروسی کے ساتھ دریائے نیل میں ڈبو دینے کی رسم اسکی ایک بہت نمایاں مثال ہے ۔

اس موقع پر کھیتوں کی کٹائی سے پہلے سرکاری عمال اور اہل کار کھیتوں پر پہنچتے ہیں انکی پیداوار کو آنکتے ہیں اور زر محصول طلب کرتے ہیں ۔ اسپر زمیندار سے جھگڑا بھی ہوجاتا ہے اور صف‌آرائی کی نوبت آجاتی ہے زمیندار اپنی اپنی گڑھیوں میں پناہ گزیں ہوکر مقابلہ کرتے ہیں جسکی تفصیل صاحب کتاب نے اس انداز سے پیش کی ہے جس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ اس نوع کے تصادم اس دور کی سماجی زندگی کا ایک (usual fealture) بن گئے تھے ۔

کہیں کھیتوں کو کر کنکوت عامل
زمینداروں سے زر کرتے ہیں حاصل
کہیں ماپے ہیں بیگھا اور بسوا
اور ان میں شورشیں ہوتی ہیں کیا کیا
بگڑتے ہیں گنوار اور سج گڑھیکو
کرے ہیں لڑنے کی تیاری پھر تو
اُدھر سے فوجدار آتے ہیں لیے فوج
گہار اودھر ابھوں کی موج در موج
اُدھر سے گولیاں برسے ہیں یکسر
اِدھر سے پڑتے ہیں گولے گڑھی پر

اس مقابلہ اور مجادلہ کے بعد جب صلح ہو جاتی ہے اور بات طے پا جاتی ہے تو سرکاری لگان کی ادائیگی کے بعد بالآخر کھیت کاٹے جاتے ہیں ــــ اسی ضمن میں صاحب تصنیف نے « بیان فصل ربیع کے تردد کا » بھی شامل حال کیا ہے ۔

تردد پھر ربیعی فصل کا وو
کریں ہیں جا بہ جا خورسند ہو ہو

پڑے ہے مونٹھ کھیتوں میں تبھی سے
کرے ہے کاشتکار ایک ایک جی سے

گیہوں بوتے ہیں پھر جو اور چنے بھی
یونہی دیکھی ہے ہم نے کرتے کھیتی

کھیت کیار اور زراعت پیشہ لوگونکی زندگی سے متعلق باتیں شاید اُردو کی کسی شعری تخلیق میں یہاں پہلی بار سامنے آئی ہیں۔

یہاں سے رمضان المبارک کی مذہبی اور تہذیبی دلچسپیوں کا بیان شروع ہوجاتا ہے اس ماہ مقدس میں عرہ سے لیکر چاند رات تک مسلمان روزے رکھتے ہیں اور اپنی وسعت و مقدرت کے مطابق افطار و سحر کا سامان کرتے ہیں۔

نبات و قند کا شربت بنا کر
گلاب اور بید مشک اس میں ملا کر

کتر بادام اور سوکھے چھوارے
پیالے کر مرتب ان سے سارے

مربے اور یاقوتی مُعطر
جمی جو خوانچوں میں ہے سراسر

اس طرح کے اخوان نعمت سے وہ پہلے روزہ افطار کرتے ہیں اور پھر کھانا کھاتے ہیں اسی ماہ مقدس کی اکیسویں تاریخ حضرت علی کرم اللہ وجہ کا یوم شہادت ہے اس دن اہل عزا مجلسیں کرتے ہیں کتاب سنتے اور مرثیے پڑھتے ہیں۔

کتاب اور مرثیے کا ہے یہ معمول
پڑھیں لوگ اور ہوں ماتم میں مشغول

ماہ رمضان المبارک کے خاتمہ سے پہلے مصنف نے « کاتک کے نہان » کا بھی ذکر کیا اور لکھا۔

نہان اس میں جو ہیگا کاتکی کا
وہ پورنماشی کو ہوتا ہے ہر جا

ہنود اس روز دریا میں نہا دھو
لگا صندل کے ٹیکے اور خوشبو

ماہ شوال کا پہلا روز یوم عید ہے جب مسلمان اور مؤمنین دوگانہ ادا کرتے ہیں اور عید کے حشن مسرت کا اہتمام کرتے ہیں – آپس میں ایک دوسرے کے گلے ملتے ہیں – شیرخرما اور سویاں تیار کرتے ہیں

ہے گرچہ خاتم کو شیر و خرما
سنؤنکا بھی لیکن طور ھیگا،

امیروں کے داس دولت سے متعلقہ افراد اور ان کے مزارع اُن کو نذریں پیش کرتے ہیں اور انعام و اکرام سے سرفراز ہوتے ہیں –

سرت رت (شرد رتو) کے یہ دو مہینے گذر گئے تو اگھن کا مہینہ شروع ہوا جو ھیمنت (हेमन्त) رت کا پہلا مہینہ ہے اس ماہ میں آفتاب برج عقرب میں جلوہ گر ہوتا ہے اس کا ھندی نام برچھیک ہے اس کی شکل بچھو جیسی ہوتی ہے اس کی رنگت سرخ ہے اور مربع اس گھر کا ستارہ ہے یہ برج آبی ہے اور اپنی تاثیر کے اعتبار سے نحس ہے یہ سمت شمال میں ہے سرد و تر اور سست رو ہے اور اس کی جنس مادہ ہے اس کے ستارے اکیس ہیں ان میں سے نو حارج اور باقی سب داخل مانے جاتے ہیں – — یہ موسم خوبصورت کپڑوں کا موسم ہے چنانچہ لوگ طرح طرح کے ملبوسات زیب بدن کر کے نکلتے ہیں –

سرت رت (شرد رتو) کا دوسرا ماس کاتک ہے – کاتک کے مہینے میں سورج میزان نامی برج میں رھتا ہے جسے ھندی میں تلا کہتے ہیں یہ ترازو کی شکل کا ہوتا ہے – اس برج کا رنگ سفید ہے اور زھرہ اس کا ستارہ ہے یہ مادی، خشک، سعد اور منقلب صفات والا ہے، سریع السیر ہے اور مغرب اس کی جہت ہے یہ نر ہے اور اس سے متعلق ستارے سترہ ہیں ان میں آٹھ داخل اور نو خارج ہیں – اس برج میں آفتاب کا قیام پورے تیس دن ہوتا ہے –

کارتک خوشیوں اور مسرتوں کا مہینہ ہے اس ماس میں فضا خوش گوار اور ہوا پرخمار ہوتی ہے راتوں میں سیر مہتاب کا لطف ہوتا ہے اور دن میں ھلکی ھلکی سنہری دھوپ بھلی لگتی ہے یہاں بھی «رتو سہار» کا ایک ھلکا سا عکس موجود ہے – اس موقعہ پر ایک بار پھر صاحب کتاب نے کچھ فراقیہ اشعار لکھے ہیں –

بھرے ہے آنکھوں میں نت اس کی تصویر
کسی صورت نہیں بن آتی تدبیر
کہ ھووے ھم نشیں اکر وہ کا ہے
یہی ہیں رات دن دل میں آجا ہے

سوانتی اس طرف برسے ہے گھر کر
صدف ہوتے ہیں ہر در جس سے یکسر
ادھر ہے سلک گوھر چشم گریاں
لگاتی ہے گھڑی جوں ابرنیساں

مگر وہ «صاحبان دانش و ہوش» سے یہ درخواست کرتا ہے کہ وہ اس ماس کے جگمگاتے تہوار دیوالی کی داستان سنیں، روشنیوں کے اس تہوار اور چراغوں کے اس جشن کے موقع پر کمہار مٹی کے چراغ اور بہت چابکدست کاریگر رام لچھمن کی مٹی کی مورتیاں بناتے ہیں جنہیں لوگ بڑی عقیدت سے خریدتے ہیں ان کے علاوہ اور دیوی دیوتاؤں کی مٹی کی مورتیاں بھی بنا بنا کر بازاروں میں لائی جاتی ہیں یہ سانچوں میں ڈھلی ہوئی، مٹی کی مورتیں، خوشنما رنگ و روغن سے سجائی جاتی ہیں اور بھی ہزار طرح کے کھلونے ان کے ساتھ اس کثرت سے بکتے ہیں کہ بنانے والے کمہاروں کے پاس بس ان کے سانچے ہی باقی رہ جاتے ہیں - مٹھائی کے کھلونے اور ھاتھی گھوڑے الگ ہیں ۔

مصنف کا بیان ہے دوالی بھرنے کی رسم اگرچہ ہندوؤں کی ہے لیکن بعض مسلمان بھی اس میں شریک ہوتے ہیں

دوالی گرچہ ہندو ہی بھرے ہیں
مسلماں رسم یہ بعضے کریں ہیں

دیوالی کی رات کی دلچسپیوں میں جادو ٹونوں کی باتیں بطور خاص مصنف کی زبان قلم پر آئی ہیں ۔

فسوں ساز اور جادوگر سحر تک
ہے جس کا جو عمل کرتا ہے ہر یک

جگاتا ہے کوئی منتر کو اپنے
کوئی سادھے ہے لکھ جنتر کو اپنے

کوئی پوجا میں شب کرتا بسر ہے
جوئے ہی میں کوئی کرتا سحر ہے

بھریں پہنے ہیں پوشاکیں یہ مردم
سمور و اطلس و سنجاب و قاقم

قلم کار ایسی چھینٹوں کی قبائیں
ہیں خوش قد اور دکھاتے ہیں ادائیں

کوئی اوڑھے ہوئے رومال شالی
پھرے ہے ہر طرف جوں لا اُبالی
کسی کے سر پہ شال ارغوانی
دشالا کوئی اوڑھے زعفرانی
بندھا سر پر کسی کے سال پٹکا
ہر اک سج دھج میں جوں سرگرم ہیگا

اس فصل میں گل ہزارا کے تختے بہار دکھاتے ہیں۔

ہزارا اور نافرماں کے تختے
کھلے اس رنگ سے اس رت میں دیکھے
کہ بلبل کے بھی یکسر اُڑ گئے ہوش
ہوئی صد فصل گل یکسر فراموش

اس موسم گل میں نرگس کے پھولوں کے درمیاں روشوں پر گل اندام حسینوں کو خرام ناز کے ساتھ گذرتے دیکھ کر شاعر کو پھر اپنا محبوب یاد آتا ہے اور وہ اس بےوفا کے خیال میں کھو جاتا ہے جو اُسے بھول کر بھی یاد نہیں کرتا۔

یہاں پہنچ کر وہ صاحب والا نسان، جسکی فرمایش پر میر کاظم علی نے یہ منظوم دستور ہند لکھا ہے، پھر ایک بار بتاکید یہ کہتے ہیں کہ اب تم کچھ مکتب کا احوال لکھو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گل کرسٹ نے اس کا ایک ایک جز دیکھا ہے اور فرمایش کر کر کے اس کے مختلف حصے لکھوائے ہیں۔ جب دوسری رسومات سے اہل درس کو اس شعری دستور نامہ کے ذریعہ آگاہ کیا جارہا ہے تو مکتب کے چلن اور اُسکی عام روایت سے وہ کیوں ناواقف رہیں مکتب حصول علم و ادب کا خاص ادارہ ہے اور ایک بچے کو اسکی چار برس کی عمر ہونے پر مکتب بھیجا جاتا ہے اور اس کی بسم اللہ ہوتی ہے۔

سپرد اخوند کے کرتے ہیں اسکو
مہارت تا نوشت و خواند کی ہو

لیکن بچے کا دل پڑھنے میں کب لگتا ہے اس کا دیدہ تو کھیل میں ہوتا ہے مکتب اُسے ایک قیدخانہ نظر آتا ہے وہ بےطرح روتا جھجھاتا ہوا مکتب لے جایا جاتا ہے اور کبھی کبھی تو اسے جھلڈے کی طرح کندھے پر اُٹھا کر لے جاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جو بچہ اس مصیبت سے مکتب جائیگا اُسے سبق کا ہے کو یاد ہوگا وہ تو جب اس کو

موقعہ ملتا ہے قاعدہ پھاڑ کر مکتب سے بھاگ جاتا ہے اور گھر پہنچ چھتوں اور منڈیروں پر ٹنگ جاتا ہے اور کنکوے اُڑاتا ہے۔

بندھی گر دیکھتا ہے وہ ہوا خوب
بچا ملا کی نظریں پھاڑ مکتوب
کرے ہے ڈول کنکویکا اس جا
آڑاوے پاکے چھٹی گھر پہ تاحا
جو ہم جولی ہیں اس کے اور لڑکے
بروز جمعہ وہ اٹھتے ہیں تڑکے
کوئی گولا ہی سرباری کرے ہے
کوئی منجھے کی تیاری کرے ہے
کوئی تکل کی دریائی ہی لے ہے
کوئی دے ٹھمکیاں پھر ڈھیل دے ہے

ڈھیل دینا۔ پتنگ بڑھانا اور پیچ لڑانا بچوں ہی کو نہیں جوانوں اور بوڑھوں کو بھی اسی طرح اچھا لگتا ہے اور اس طرح پتنگ بازی سے دلچسپی عام ہے۔

بات کہاں سے کہاں پہنچ گئی جب مصنف کو اس کا احساس ہوا تو اسکی زبان قلم پر علم کی فضیلت کا ذکر آگیا۔

لگاؤ پڑھنے اور لکھنے میں تم دل
اسی سے دین اور دنیا ہے حاصل
کوئی دولت نہیں لگتی ہے اسکو
شرف اس کا ہے حاصل ہو یہ سبکو
نہیں بے علم کی عزت کسی جا
اگر ہو علم تو ادنےا ہو اعلےا
کرو کوشش ہو تا فضل و بلاغت
بزرگیکی یہی ہیگی علامت
کہ ہے نکتہ کتاب اہل خرد کو
کہا جو میں نے اسکو یاد رکھو

بالکل مکتبی انداز سے صاحب تالیف نے یہ بات اپنے پڑھنے والوں کے سامنے رکھی ہے۔ چونکہ پتنگ بازی کا ذکر مکتب سے بھاگنے والے بد شوق بچوں کی نسبت سے آچکا تھا

اس لیے اس موقعہ پر بعض دوسری بازیوں کا بھی ذکر چھیڑ دیا گیا خاص طور پر اس لیے کہ اس موسم میں گلدم اور بٹیر جنگل سے پکڑے جاتے ہیں اور انھیں لڑانے کیلئے پالا اور سدھایا جاتا ہے گلدموں کے لیے لکھا گیا ہے

کھنچے ہیں خوب ہی جب بھوک پر وو
لڑاتے بازیاں بد کر ہیں اُنکو

بٹیروں کا جن کو شوق ہے وہ ان دنوں میں جال لیکر شہر سے باہر جنگل میں نکل جاتے اور بٹیریں پکڑ کے لاتے ہیں اور نر و مادہ کو الگ الگ رکھتے ہیں۔

کناب مادہ کر کے سب نرونکو
کرے ہے موٹھ ہر اک دم خوشی ہو

لگیں ہیں جونہیں وہ دانے کے اوپر
بلاتے ہیں وہیں اُنکو سقرر

وہ جب بولے ہیں خوب اس وقت ان کو
دکھا کنگی چتھیلیے دیتے ہیں وو

کساتے ہیں پھر اک دن اُن کو مل کر
نکل جاتے ہیں اور رہتے ہیں اکثر

جو رہ جاتے ہیں اُن کو کر کے تیار
لڑاتے ہیں بروز جمعہ یکبار

مرغوں کی پالی اور اُن کی لڑائی دیکھنے کے لئے تماشائیوں کا ہجوم بھی اس وقت کی شہری زندگی کا وہ پہلو ہے جس پر حاتم فرسائی کی گنجایش نکل سکتی تھی لیکن مرغوں کی پالیاں اس قدر عام تھیں کہ اس کی تفصیل میں جانے کی اس نے شاید ضرورت محسوس نہ کی اور یہ کہہ کر آگے بڑھ گیا۔

وہ لڑتے لڑتے اکثر جاتے ہیں مر
لکھا میں نے یہ خوب اب امتحان کر

کبوتر بازی کے بیان میں بھی اختصار سے کام لیا گیا ہے مگر بعض دلچسپ پہلو سامنے آگئے ہیں۔ اور اس نے دکھلایا ہے کہ لڑانے کا ہے آن کو طور کیا کیا، کبوتروں کا اُڑاتے وقت ہزاروں گھمریاں کھانا اس کی آنکھوں میں پھر رہا ہے آگے آنے والے کچھ شعر ملاحظہ ہوں۔

لڑائی کے بھی ساتھ ایسے بنے ہیں
بیاں کرتا ہوں کچھ کچھ جن کا اب میں
کہ چھتری سے وہ اُٹھ اک چوٹیا ھی
لڑیں ہیں ساتھ سے صیدی کے جا ھی
پھڑکتے دیکھ کر کٹی کو پھر وو
گھسیٹے ساتھ کو آتے ہیں گھر کو
پھر اس میں حلقے اور تاوے دکھا کر
اُچھلتا دیکھ دانا تھے کے اوپر
یو نہیں آبیٹھے ہے جلدی سے ہر ایک
صدا ہو «آو» کی آوے ہے لب تک

بعض لوگ چھوٹی چھوٹی چڑیوں کے شوقین ہیں ـ

کوئی پالے ہے شاما کوئی پدا
اگن چنڈول طوطی اور کیا کیا
سنا بلبل کو وہ اور گشت دیگر
سبے ہیں بولیاں اُن کی سراسر

آگے آنے والا قمری مہینہ خالی کہلاتا ہے اس لئے کہ اس میں کوئی تہوار نہیں ہوتا ـ وقت آگے بڑھا تو مصنف کی زبان قلم پر «بیان پوس مہینے ھیمنت رت» آگیا ـ اس ماہ میں آفتاب برج قوس میں ہوتا ہے اس کے دن صرف انتیس (उन्तीस) ہوتے ہیں اُسے دھن یا دھنش کی صورت دی جاتی ہے اُس کی رنگت زرد ہے اس کا خاص ستارہ مشتری ہے اس کا مزاج آتشی ہے اور تاثیر کے اعتبار سے سعد ہے ـ اسی کے ساتھ وہ شرق دوجسد اور مساوی السیر ہے

اکتیس اس کے بالکل ہیں جو تارے
نہیں خارج کوئی داخل ہیں سارے

جاڑے کا یہ موسم بھی خوب ہے خاص طور پر اسکی صبحیں کسی قدر حسین و دلآویز ہوتی ہیں اور شفق کا گھونگھٹ منہ پر ڈالے نمودار ہوتی ہیں تو اھل نظر اور عاشق مزاج لوگ اس کے جلوۂ عروسانہ کو دیکھ کر بے اختیار ہوجاتے ہیں

نسیم صبح کی نکہت فشانی
چمن میں آب جوؤں کی روانی

اس موسم میں گرم کپڑے پہننے کا مزا ہے ۔ اس کے چھوٹے چھوٹے دن اور لمبی لمبی راتیں اس کے لطف کو دوسرے موسموں کے مقابلہ میں صد چند بناتی محسوس ہوتی ہیں ۔ مکانوں میں قالینی فرش بچھے ہیں اور نہالیاں الگ لطف دیتی ہیں درون پر سقرلاطی پردے اس موسم کی اپنی دل آسائیوں میں بڑا حسن پیدا کردیتے ہیں ۔ یہ بزم آرائیوں کا موسم ہے باہر ٹھنڈ ہوتی ہے مگر جذبات میں نئی گرمی اس ٹھنڈے موسم میں پیدا ہوتی ہے ۔

جو سلگائے ہیں ہر مجمر میں اخگر
وہ یوں دہکے ہیں جوں یاقوت احمر

بخور ایسا کہیں عود و اگر کا
کہ خوشبو مغزجاں ہو ہر بشر کا

کسی محفل میں روشن لخلخا ہے
مکاں سارا ہی خوشبو میں بسا ہے

کہیں ساقی ہے اور ہے بادہ و جام
کہیں مطرب ہے با ساز و سر انجام

غرض جو چاہیے ہر جا ہے موجود
مرا داغ جگر پر ہے نمکسود

اسی موسم اور انہی زمہریری دنوں میں بڑا دن ہوتا ہے جو عیسائیوں کا بہت بڑا تہوار ہے ۔ یہ ہماری قدیم شاعری میں بھی شاید ہی کبھی موضوع سخن بنا ہو لیکن یہاں اس کا ذکر آیا اور بہت موقعہ سے آیا ہے بڑے دن کے موقعہ پر اس ماہ کی تیرھویں تاریخ تھی — یہ عیسائی مذہب کے ماننے والوں کے لئے خوشی کا دن ہوتا ہے ۔

خصوصاً صاحبان قوم انگریز
مئے عشرت سے کروے جام لبریز

بیٹھیں ہیں بزم آرا ہو کے سب مل
نظر آتے ہیں سرخوش اور خوش دل

ہر ایک گذران نذر اُن کو ادب سے
مبارک باد دے ہے سو طرب سے

بنا بنگالیوں نے یہ ہے ڈالی
کہ گذرانیں ہیں مچھلی اور ڈالی

ولادت حضرت عیسا کی اس روز
ہوئی، ہیں اس لئے سب عشرت اندوز

مرتب بزم شادی جا بہ جا کر
عبادت گرجوں میں کرتے ہیں جا کر

اسی کے ساتھ صاحب کتاب نے ماہ ذی الحجہ کا بھی ذکر چھیڑا ہے اور یہ کہا ہے کہ اس ماہ میں مسلمان احرام باندھتے ہیں اور طواف کعبہ کرتے ہیں۔ اس ماہ مقدس کی دسویں تاریخ اہل اسلام کے لئے عید کا دن ہے جسے وہ «عید قربان» کہتے ہیں جو لوگ صاحب استطاعت ہیں وہ حج کرنے جاتے ہیں

وگر نہ پڑھ دگانہ با جماعت
کرے قربانی از روے نقادت

جو رسم تہنیت ہے سب بجا لاے
عوض اس کا جناب حق سے وہ پاے

اس مہینے کی ۱۸ تاریخ کو عید غدیر منائی جاتی ہے میر کاظم علی چونکہ خود شیعی عقائد رکھتے ہیں اس لئے اس عید کے ذکر میں خصوصیت سے اُن کا مذہبی رجحان جھلک اٹھتا ہے اور اُن کی زبان قلم پر اس کی فضیلت اس انداز سے آتی ہے۔

ہے وہ عید غدیر اس کی فضیلت
کرے گر ہم زباں ہو ساری خلقت

بیاں اک شمہ تو بھی ہو نہ اس کا
جو پوچھے وجہ کوئی اس کی ہے کیا

کہوں میں اس کو با چندیں مسرت
امیر المومنیں شاہ ولایت

ہوے ہیں امر خالق سے اُسی دن
وصی مصطفے اے نیک باطن

غدیر خم جو وہ منزل تھی مشہور
ہوئی اس نام سے وہ عید مذکور

خوشی جو کوئی اس دن کی کریگا
قدم وہ خلد کے اندر دھریگا

اب یہ موسم اور مہینہ ختم ہونے کو آیا تو یہ کہتے ہوئے مصنف نے بعض دوسری دلچسپ باتوں کا ذکر چھیڑا۔

بھرا ہے میں نے لکھ لکھ کر سفینہ
تمامی پر اب آیا ہے مہینہ

اس «ہیمنت رت» میں جو لڑکے بالے کھیل کا ذوق رکھتے ہیں وہ ٹولیاں بنا بنا کر جنگل بیابان کی طرف نکل جاتے ہیں۔

کہیں طوطے کے اور مینا کے بچے
نکالے ہینگے مل کر گھونسلوں سے
کہیں طاؤس کے بچوں پہ مائل
انہوں میں سے کسی کا ہووے ہے دل
گلہری کے ہی کوئی ڈھونڈتا ہے
بئے کا جھونجھ کوئی تک رہا ہے
کوئی تیتر ہی کی ہے جستجو میں
کوئی کبکونکی ہیگا آرزو میں
تلوں پر دھر کوئی لاسے کے کانپے
ہے درپے اس طرح ہر جانور کے
کہ اک دم میں ہزاروں پر لگا کر
بھرے ہے پھکتیاں ایسی سراسر

غرض یہ سیر بھی لطف سے خالی نہیں۔

یہاں پہنچنے کے بعد «بیان ماگھ مہینے سرد رت کا» شروع ہوتا ہے یہ مہینہ انتیس (उनतीस) دن کا ہوتا ہے ہندی میں اس برج کا نام مکر ہے مگر اسکی شکل «بز غالۂ کوھی» کی سی ہے اس کا رنگ سیاہ ہے اور زحل اس گھر کا مالک ہے یہ اپنے مزاح اور اپنی تاثرات کے اعتبار سے خاکی ہے خشک و تر ہے اس کی سمت جنوبی ہے یہ سریع السیر ہے اور اس کو نحس مانا گیا ہے اس کے ستارے اٹھائیس ہیں ان میں سے ایک بھی خارج نہیں ہے سب داخل ہیں۔

یہ پھر جاڑے کا موسم ہے اس میں شوقین لوگ یاقوتیاں اور معجونیں کھاتے ہیں اور دل کھول کر گرم جوشیاں کرتے ہیں کسی کے ہاتھ میں قدح شراب ہے

کسی کے پہلو میں بطئے ہے ، مزے مزے کے کھانے اس موسم میں پکائے جاتے ہیں ان میں سے بعض کے نام اس موقع پر آئے ہیں ـ

هریسہ اور حلیم اور کلے پائے
هر اک باورچی نے جو ہیں پکائے
مزا اُن کا کہ خوشبوئی انھونکی
کہوں میں کیا کہ اس کو جانے ہے جی

ہے دم پخت اور شبدیگ و نہاری
مزا اُن کا بھی لینا ساری ساری
یہ کھا کر نعمتیں کہتی ہے خلقت
نمش کے ساتھ ہے تنکی کی لذت

انھیں نعمتوں کے ساتھ کچھ خاص خاص مٹھائیوں کا بھی ذکر آ گیا ہے یخ بستہ کوزے، کولونکی قفلیاں جن کو کھائیے تو مغز جانتک معطر ہوجائے، حلوا سوھن اور پیڑا ـ

یہ تو اس موسم کی خورش کی بات ہوئی اس یخ بستہ فضا اور زمہریری ہوا میں جو خاص خاص کپڑے پہنے جاتے ہیں ان کا بھی ذکر کیا گیا ہے ـ

قبا کمخواب و اطلس کی وہ خوش رنگ
نظر آئی کہ جس سے عقل ہے دنگ
ہزاروں رنگ کے شال اور دوشالے
هر ایک اوڑھے ہوئے سورنج نکالے

مصنف کا بیان ہے کہ اسی ماہ میں «بسنت» بھی ہوتی ہے جس کی یہ رسم خاص ہے ـ

گویے پھولوں کے گڑوے بنا کر
خوش و خرم هراک محفل میں جا کر
مبارک باد دیں ہیں ہے یہ دستور
بجاتے گاتے ہیں ہو ہو کے مسرور
ملے ہے اُن کو هراک جا سے انعام
نہیں پھرتا کہیں سے کوئی ناکام

اسی مہینہ میں حساب نجوم سے «تل سنکرات» بھی شامل ہے اور اسے تل سنکرات اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے بعد سے دن تل تل بڑھنا شروع ہوجاتا ہے ـ

اس سلسلۂ بیان کے خاتمہ سے پہلے غرّہ ماہ محرم کا بھی ذکر آیا ہے جو بقول مصنف اس میں اتفاقاً آ گیا ہے یہ جگر گوشۂ بتول اور فرزند دلبند رسول مقبول حضرت امام حسین کی شہادت کا مہینہ ہے جنکا شیون و ماتم حشر تک رہیگا۔ اس کے بعد مصنف اس واقعہ جانکاہ کے بارے میں بعض تفصیلات پیش کرتا ہے۔ جس میں کوفیوں کی دغا، اور حضرت امام حسین کا ستر دو بہتر احباب و اصحاب اور خویش و فرزند کے ساتھ تین دن رات تک بے آب و دانہ رہکر شہید ہونا عابد بیمار کا پیچھے رہنا اہل حرم کا بےچادر ہونا اور خیمہ ہائے اہل بیت کا نذر آتش کیا جانا سبھی باتیں آ گئی ہیں۔ جب اہل بیت رسول پر یہ ستم روا رکھا جائے تو ان کا ماتم حشر تک کیوں نہ کیا جائے خود اس غم میں رونے کی حقیقت صاحب کتاب نے اس طور پر بیان کی ہے۔

جو اُن کے غم میں روے یا رلاوے
عوض اس کے وہ گھر جنت میں پاوے

اس کے بعد آداب تعزیہ داری کا ذکر آتا ہے اور کہتا ہے جسے تعزیہ لینے کا مقدور ہے وہ جیسے ہی ہلال ماہ محرم نظر آتا ہے تعزیہ داری اور ماتم گذاری کا سامان کرتا ہے با چشم پر آب و دل بیتاب سبیل رکھتا ہے اور شربت کے گھڑے تیار کرتا ہے تاکہ عزا داران حسین آئیں اور اس سے سیراب ہوں وے نذر شاہ تشنہ لب پئیں سب۔ علم کھڑے کئے جاتے ہیں اور۔

سیہ کپڑے پہن زاری کریں ہیں
سیہ خانے کی تیاری کریں ہیں

سر مجلس رکھے ہیں اک جو منبر
کتاب اسپر ہر اک تب آ پڑھکر

کرے ہے نوحہ خواں یوں نوحہ آغاز
نکلتا جس سے ہے ماتم کا انداز

پھر اس کے بعد ماتم کرتے ہیں سب
فراغت اس سے بھی ہوجاتی ہے جب

سلام و مرثیہ پڑھکر بصد سوز
کہ جس میں ہوں روایات غم اندوز

رلاتے اہل مجلس کو ہیں یکسر
ہراک شب یوں دھم تک ہے مقرر

چونکہ محرم کی دس تاریخ تک ماتم و شیون کا یہ سلسلہ جاری رہتا ہے اس لئے اسے دہے کا مہینہ بھی کہتے ہیں، اس میں قاسم بنے کی مہندی کا بھی صاحب تصنیف نے خصوصیت سے ذکر کیا ہے اور اس کی حقیقت سمجھائی ہے۔

بیان پھاگن مہینے سررت کا:

اس بارہ ماسہ کا آخری مہینہ ہے۔ اس ماہ میں خورشید دلو (दलव) نامی برج میں آتا ہے اس کی شکل ڈول جیسی ہوتی ہے اسے ہندی میں کنبھ کہتے ہیں اس مہینے میں تیس دن ہوتے ہیں۔ یہ اپنی جنس کے اعتبار سے تر ہے اور بطی السیر سمجھا جاتا ہے اس کی سمت عربی ہے اس گھر کا مالک بھی زحل ہے جو نحس خیال کیا جاتا ہے اس کے کواکب کی تعداد بیالیس ہے اس میں صرف تین خارج ہیں اور باقی سب داخل قرار دیے جاتے ہیں۔

اس میں ہولی کا رنگوں اور امنگوں سے بھرا تہوار منایا جاتا ہے۔ اب ہر طرف دھوم دھام ہے شور غل ہے دف بجا بجا کر لوگ ہولی گا رہے ہیں، اس جشن رنگین کی حسین تصویروں کو پیش کرنے میں مصنف نے سب سے زیادہ دلچسپی دکھائی ہے اور شاعری کا حق ادا کیا ہے یہ چند شعر ملاحظہ ہوں ـــــ

گلال از بس کہ ہرسو اُڑ رہا ہے
فلک پر لال بادل چھا گیا ہے

اُڑایا ہے عبیر ابرک جو باہم
نمایاں ہے عجب یہ اس سے عالم

ہوا خوشبو دماغ اس کی مہک سے
پریشاں ہوگئیں نظریں چمک سے

ہوا میں ہووے نیرنگی نہ کیونکر
ہزاروں رنگ اڑیں جب یوں ہوا پر

اور اس میں قمقموں میں بھر ہر ایک رنگ
لگاتا ایک کو ہے ایک اس رنگ

حباب آسا وہ جسدم پھوٹتے ہیں
بہاریں لوگ سب مل لوٹتے ہیں

لوگوں کے ہاتوں میں رنگوں کی انوکھی پچکاریاں ہیں جن سے وہ ایک دوسرے پر رنگوں کی بارش کرتے ہیں کوئی کسی کو پھولوں کی گیند مارتا ہے کوئی پھکڑپن کے ساتھ

ایک دوسرے کو بلاتا ہے ۔ کوئی سبزی بھنگ کے نشہ میں چور ہے کوئی معجون کھائے ہوئے ہے اور مدھوش ہو رہا ہے ۔ ادھر راگ رنگ والوں کی ٹولیاں ہیں کہیں لونڈے ناچ رہے ہیں کہیں کشمیری غزلیں گا رہے ہیں اور بھاؤ بتا رہے ہیں۔

کہ کر کے چھانولی انداز کے ساتھ
بڑھاتے پاؤں کو ہیں وے اُٹھا ہاتھ

اُدھر ان کا ناچ ہے ادھر بھگتیے اپنی بھگت کا اظہار کر رہے ہیں بھانڈوں کی نقلیں عجیب و غریب ہیں جن کو دیکھ کر بے اختیار ہنسی آتی ہے۔

رنڈیوں کے طائفے الگ ہیں اور اُن کی دلربائی کے انداز بھی ۔

کہ بدلا بھیس مردانہ کسی نے
ادا دکھلائی جانانہ کسی نے

کوئی جوگن کا سکر سوانگ آئی
کوئی کچھ اور ہی واں رنگ لائی

الاپ اُٹھی کوئی یوں سار کے ساتھ
گئی بہتوں کی جان آوار کے ساتھ

اس موقعہ پر صاحب تالیف نے لکھنؤ کی روشنی اور ہولی کا بڑی ہی دلچسپی کے ساتھ ذکر کیا ہے جہاں نواب آصف الدولہ کے زمانہ میں شاہی ٹھاٹ باٹ کے ساتھ ہولی کا تہوار منایا جاتا تھا ۔ شاہی محل ترپولئے اور بارہ دریاں سبھی سجائے جاتے تھے اور ان پر چراغان ہوتا تھا ۔ سبھی چراغ اور قمقموں سے جلوہ گر ہوتے تھے۔

بندھا تھا ٹھاٹ جو کوسوں تلک یہ
تماشا دیکھتے پھرتے کہ ومہ

اسی عالم سے ناویں روشنی کی
اور ان میں جھاڑ آتش بازی جھٹتی

اِدھر سے اور اُدھر سے آتیں جاتیں
جھلک سے جن کی لہریں جگمگاتیں

صبح کے قریب جو ساعت مقرر ہوتی تھی اس میں ہولی جلائی جاتی تھی اس موقعہ پر دھول بہت اڑتی ہے دوپہر تک سانگ بھرنے اور گانے بجانے کا سلسلہ رہتا ہے ۔

شاعر نے اس کے آٹھوں کے میلے کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ اس ٹھاٹ باٹ کا میلہ میں نے کہیں نہیں دیکھا – اس میلے میں ایسے کھیل تماشے نظر آتے ہیں کہ جو اُن کو دیکھتا ہے عش عش کر اُٹھتا ہے – جہاں یہ میلہ لگتا ہے وہاں جو صاحبان مقدرت ہیں ہزاروں کی تعداد میں ڈیرے خیمے کھڑے کرتے ہیں – اس میلے میں جدھر نکل جاؤ نظارہ باری کا لطف دیکھنے کو ملتا ہے –

ہزاروں خانگی اور کسبیوں کی
رتھیں گانگرے منجھولی اور گاڑی

نظر آتی تھی با ساز و سر انجام
ہر اک بیٹھی ہوئی اس میں دل آرام

میانے کا کوئی پردہ اٹھائے
تماشے دیکھتی ہے دل لگائے

ہر اک کے گرد عاشق یوں پھریں ہیں
پتنگے شمع پر جیسے گریں ہیں

کوئی کسی کو میوہ مٹھائی اور پھول پان لاکے دیتا ہے کوئی ان کو نقد دل بھینٹ کر رہا ہے، کوئی جگت بول رہا ہے – کوئی عاشق مزاج دل کو سنبھالے پھر رہا ہے –

کسی سے کوئی اس جا اڑ رہا ہے
کسی سے کوئی پھکڑ لڑ رہا ہے

اسی میں دوسری دلچسپیاں بھی ہیں ہزاروں وعدے ہو رہے ہیں – انھیں میں وہ لوگ بھی ہیں جو شعر و غزل پڑھ رہے ہیں اور وہ بھی جو داد بے داد میں مشغول ہیں –

کوئی شعر و غزل پڑھتا ہے خوش ہو
سنے ہے کر ھجوم اک خلق اسکو

اسی بیان کے سلسلہ کو آگے چل کر مصنف نے شوراتری اور ربیع کی فصل کاٹنے کے ذکر سے جوڑ دیا ہے اور بالاخر صفر کے مہینے کے بیان پر یہ سلسلۂ گفتگو ختم ہوتا ہے –

اس مہینے کو تیرہ تیزی کہتے ہیں – اور اچھا نہیں سمجھتے خاص طور پر تیرھویں تاریخ تک – اس لیے کہ یہ مشہور ہے کہ حضور اکرم اسی ماہ میں بیمار

ہوئے تھے اور تیرہ تاریخ تک مرض کی شدت رہی تھی ـ اس کی تیرھویں کو فاتحہ کی رسم ادا کی جاتی ہے اور چنے اور گیہوں کی گھنگیوں پر پیمبر کی نیاز دیتے ہیں ـ

آخری چہارشنبہ کے بارہ میں مصنف نے لکھا ہے کہ شیعہ حضرات اس کو نحس مستمر تصور کرتے ہیں مگر سنیوں کے لئے خوشی کا دن ہے اہل تشیع اس دن کہیں آتے جاتے نہیں مگر اہل سنن باغوں میں جا جا کر سیر کرتے ہیں ـ

اس بیان کے ساتھ ہی سال پورا ہوگیا ـ

مصنف نے ان بارہ مہینوں کے ساتھ تین فصلوں کا بھی ذکر ضمنی طور پر کیا ہے فصل تابستان، فصل برسات اور فصل زمستان :

آغاز سے اختتام تک اس کی تکمیل میں چھ ماہ صرف ہوئے « یہی تو ہند کا دستور ہیگا » (۱۲۱۷) مادۂ تاریخ اختتام ہے جو خود مصنف کا طبع زاد ہے ـ

یہ بارہ ماسہ جیسا کہ مصنف نے جگہ جگہ لکھا ہے گلکرسٹ کی فرمایش پر ترتیب دیا گیا ہے اور ان کے مشورے سے اس کام میں للولال جی نے میر کاظم علی کی مدد کی ہو یہ بات قرین قیاس ہے اور اس اعتبار سے اس کا بھی امکان ہے کہ ہندو تیج تہواروں کے بارہ میں بعض معلومات انہوں نے ہی فراہم کی ہوں ـ مگر زیادہ تر یہ مصنف کے اپنے مشاہدات پر ہی مبنی نظر آتا ہے ـ اُردو کی کسی دوسری کتاب میں اس انداز اور اس اہتمام سے بارہ مہینوں کے دوران رسوم و تقریبات کا جو سلسلہ ہندوؤں اور مسلمانوں میں جاری رہتا ہے اس پر اس جامعیت کے ساتھ روشنی نہیں ڈالی گئی ـ اٹھارھویں اور انیسویں صدی کے ہندوستان بالخصوص شمالی ہند کی تہذیبی سطح پر ایک جیتی جاگتی تصویر اس مرقع میں سامنے آگئی ہے ـ

یہ ایک شعری تصنیف ہے لیکن شاعر کے ذہن پر روایتی انداز شعر گوئی سے زیادہ اس دور کی تہذیبی فضا اور معاشرتی ماحول کی عکاسی کا تصور چھایا ہوا ہے میر کاظم علی میں شعر گوئی اور واقعہ نگاری کی اچھی خاصی صلاحیت ہے ان کے یہاں ایسے بہت سے اشعار نظم پارے اور مصرعے موجود ہیں جن کو بیانیہ شاعری کا عمدہ نمونہ قرار دیا جاسکتا ہے ـ لیکن تدریسی مقاصد کے ساتھ اس کی وابستگی نے اس میں لطف زبان اور حسن بیان کے عناصر کو زیادہ اُبھرنے نہیں دیا ـ جگہ جگہ مصنف کی زبان پر سنو، سنو اب، غور کرو اور سمجھو جیسے خطابیہ کلمات آئے ہیں جس نے اُن کی شاعری کی تخلیقی فضا کو ایک طرح کے مدرسی ماحول میں بدل دیا ہے ـ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس بارۂ خاص میں وہ اپنے ممدوح کی فرمایش کے نکتہ نکتہ کا حق ادا کرنے کی سعی مشکور میں لگے ہوئے ہیں ـ

ابتدا سے اتمام تک اس کے تمام شعر اور مصرعے سانچے میں ڈھلے ہوئے نظر نہیں آتے بلکہ کہیں کہیں معمولی بول چال ھی کو مجرد وزن کے وسیلے سے ایک موزوں قالب عطا کردینے کی کوشش کی گئی ہے بہت سے مصرعے اور شعر بالکل سپاٹ ھیں۔ تعقید کی ناروا صورتیں بھی اس میں موجود ھیں جن کے باعث کہیں انداز بیان میں جھول آگیا ہے اور کہیں زبان میں گرھیں پڑی ھوئی محسوس ھوتی ھیں یہ عیب اس دور کے دوسرے شعرا کے یہاں بھی موجود ہے اور اس کے کافی زمانے بعد تک اُردو شاعری کی زبان اس سے متاثر نظر آتی ہے۔

شعری محاسن کے اعتبار سے اسے اُردو کی بہترین مثنویوں کے مقابلہ میں شاید نہیں رکھا جاسکتا لیکن اپنے تہذیبی مطالعہ، موضوعات ذکر و فکر اور اپنی لسانی ساخت کے لحاظ سے یہ اُردو کی بے حد اھم مثنوی اور قابل قدر شعری تخلیق ہے اور اسے فورٹ ولیم کالج کی بہترین ادبی فتوحات میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ بارہ ماسہ کی روایت کی جو تہذیبی توسیع اس شعری تخلیق میں سامنے آئی ہے اس کی کوئی دوسری مثال نہ صرف اُردو بلکہ شمالی ہند کی دوسری بولیوں اور زبانوں کے بارہ ماسہ میں شاید ھی مل سکے۔

یہ اُردو اور ھندوی شاعری کی بعض ادبی اور تہذیبی روایتوں کا ایک خوبصورت سنگم ہے رتو سنہار اور شٹ رتوورنن کی پرچھائیاں اس میں کہیں واضح اور کہیں نیم واضح طور پر ملتی ھیں بارہ ماہ اور موسمی تغیرات کی نسبت سے فراقیہ شاعری کی روایت کو بھی قایم رکھا گیا ہے مقامی تیج تہواروں کا بھی ذکر ہے اور ایک موقع پر سراپا بھی پیش کیا گیا ہے جسے ھند ایرانی ادبیات کی ایک مشترک روایت کہنا چاھیے اور واسوخت کا بھی ایک نمونہ پیش کیا گیا ہے جو اس عہد کی شاعری کی فی الجملہ ایک مقبول صنف بنتی جارھی تھی غزل اور قصیدہ جیسی اصناف محتاج تعارف نہ تھیں مگر غزلیہ شاعری کے بعض عناصر عشق کا تصور محبوب کی بےوفائی زار حالی جیسے پہلو اس میں آگئے ھیں فطرت کے حسن کی عکاسی اور گرد و پیش کے ماحول کی مصوری کی روایت اس میں اپنی توسیعی حدود کے ساتھ موجود ہے۔ اور شاعرانہ مرقع نگاری کے بہت سے اچھے نمونے اس میں ملتے ھیں۔

فکری ماحول اور شعری معیار کے علاوہ جیسا کہ سطور بالا میں اشارہ کیا گیا ہے اسکی لسانی ساخت بھی کئی اعتبار سے قابل توجہ ہے اس میں زبان کا استعمال کئی سطحوں پر ھوا ہے۔ اس کا ادبی اسلوب فارسی شاعری سے قریب ہے اور اس نوع کی

بیانیہ شاعری کے بہت سے اچھے نمونے اس میں مل جاتے ہیں۔ اس کی کچھ مثالیں ان شعروں میں بھی مل سکتی ہیں۔

ہے یہ بیساکھ گرمی کا مہینہ
رخ گل پر ہے گرمی سے پسینہ

ہوے گل تابش خور سے عرق ریز
ہوا یکسر ہوئی ہے عطر آمیز

جنوں کا شور ہے غل ہے صدا ہے
جو ہے موج ہوا زنجیر پا ہے

اُڑے ہیں گونجتے بھونرے جو ہر آں
رہا ہے گونج سارا ہی گلستاں

چمن میں گل نے جو جھاڑا ہے داماں
خیاباں در خیاباں ہے زر افشاں

فلک سے آگ اب کیونکر نہ برسے
ہوا میں چمکے ہیں ذرے شرر سے

درختوں کے ہوے ہیں خشک تھالے
گئے ہیں سوکھ ندی اور نالے

ہوا آفاق میں ایسی بہی ہے
سحر سے شام تک لون چل رہی ہے

پرندوں سے چرندوں تک جہاں میں
پھرے ہیں ڈھونڈتے ارکھوں کی چھائیں

بہار اور ناشپاتی کے جو ہیں نحل
بہار اُن کی کسی سے کم ہو کیا دخل

زبس پھولا ہے کیفیت سے انگور
کھڑے ہینگے لگاے تاک مخمور

نہیں ہے سیب بھی بالکل شگفتہ
ہیں غنچہ غنچہ وے گل گل شگفتہ

درخت میوہ دار ایسے ہیں پھولے
کہ بلبل دیکھ کر گلبن کو بھولے

شگوفہ ہر طرف پھولا ہے اس رنگ
ہوا ہے نخل مرجاں دیکھ کر دنگ

ہے قمری نعرہ زن دل کی طپش سے
رواں ہے آب جو ہر ہر روش سے

لبالب آب سے ہر سو ہیں نہریں
ہوا کی جھوک سے لیتی ہیں لہریں

چھٹے ہیں ان میں فوارے جو کر زور
تو ہے کیا خوش صدا پانی کا یہ شور

بیانیہ شاعری کا ایک کمزور پہلو یہ بھی ہے کہ اس میں جزئیات نگاری اور بیان واقعہ کی تفصیل طلبی کلام کو شعری لطافتوں سے محروم کر دیتی ہے اور نظم و شعر کا قالب اختیار کرنے کے باوجود ان کے سانچہ میں شعری جز اور تخلیقی حسن مفقود ہوتا ہے یہ بات اس نظم میں بھی موجود ہے بلکہ تدریسی مطمح نظر اور فرمایشی اجزاے کلام نے اس پہلو کو اور زیادہ نمایاں کر دیا ہے مگر اس سے زبان شعر کے «اردو پن» کو ابھر کر سامنے آنے کا نسبتاً زیادہ موقع ملا ہے۔

ان کے یہاں ایسے اشعار بھی ہیں جنکی روح علمی اصطلاحات اور غیر شاعرانہ اسلوب گفتگو سے بوجھل نظر آتی ہے مثال کے طور پر اس نوع کے اشعار کو پیش کیا جاسکتا ہے۔

وہ مادہ سرد حاکی سرد بھی ہے
ہے ثابت خشک چلنے میں بطی ہے

مساوی سیر اور مادہ و آبی
ہے خشک و سرد خاصیت بھی اسکی

ہے حاکی ممتزج اور ذوجسد وو
ستارے اس کے ہیں چھبیس گن لو

ایسے اشعار بروج کے تعارف کے طور پر آتے ہیں جن میں مصنف نے علم نجوم کی بعض اصطلاحات کو جوں کا توں نظم کر دیا ہے۔

اس کے مقابلہ میں یہ انداز گفتگو اس میں بہت عام ہے جنکی زبان نثری طرز نگارش سے صرف اس معنی میں مختلف ہے کہ وہ نظم کے کچھ ضابطوں کی پابند ہے –

لڑاتا کوئی انڈے سر بسر ہے
کوئی چنتا قطاریں ہمدگر ہے

شعاع مہر میں دیکھے ہے کوئی
اور اپنے داب پر چکھ لے ہے کوئی

فقط ماتھے پہ کوئی دیکھتا ہے
کوئی کہتا ہے اس میں کچھ بھرا ہے

بہم لہو و لعب کا طور تھا جو
کیا ہے مطلع اس سے بھی سبکو

یہ ایک متحرک لفظی تصویر ہے لیکن اس میں شروع سے آخر تک نثری سادگی اور تقریری وضاحت ہے اسکی بڑی وجہ یہ ہے کہ فورٹ ولیم کالج اپنی تاسیس کے درسیاتی تقاضوں کے پیش نظر نثری طریق اعتبار کو ترجیح دیتا تھا –

دستور ہند کی زبان کا بغور مطالعہ کرنے پر اسکی زبان اور طریق اظہار کا یہ پہلو بھی سامنے آتا ہے کہ اس کالج کے طلبا اور اس سے متعلق غیر اہل زبان افراد زبان اور محاورہ کی نوک پلک کا اپنی گفتگو میں زیادہ خیال نہیں رکھ پاتے تھے یہ شاید ان کے لیے ممکن ھی نہ تھا زبان کو اظہار و ابلاغ کی نئی جہتوں سے آشنا کرنے کی کوشش کو بھی اس میں تھوڑا بہت دخل ہو یہ بالکل ممکن ہے – وہ لفظوں کے استعمال میں لغوی صحت کا زیادہ خیال رکھتے ہیں لیکن محاورے اور روزمرہ کی صحت کو نظر انداز کر جاتے ہیں اس میں اس نوع کے مرکب افعال بھی ہیں –

خطاب مرتب ہونا : خطاب اس کا جو ہے اس بحر میں کب
کس سے ہو سکے بالکل مرتب

اتمام کرنا : تو اپنے بیٹھ کر گھر میں کر اتمام

تطابق دینا : تطابق دے لکھا ہے میں نے باھم

ایام نظر آنا : جو یہ ایام اب ہیں پھر نظر آئیں

رسم کرنا : کریں ہیں اپنے اپنے دیں کی وو رسم

لازم کرنا : ہلالی اور شمسی کر کے لازم

قانون باندھنا : کہ باندھا اس نے اب جو جو ہے قانون
تعلیم کرنا : ادب اور علم کی کرنا ہے تعلیم
اتمام ھونا : کہ پورے تیس دن میں ھو یہ اتمام
شتابی کرنا : نہیں چلنے میں کرتا ہے شتابی
طرب ھونا : طرب از بسکہ ہر اک کو ھوئی ہے
نیرنگی بتانا : چمن کی کیا میں نیرنگی بتاؤں
کوک مچانا : مچائی کوک یہ کویل نے ہردم،
فریاد میں ھو : نہ بلبل نالہ و فریاد میں ہے
یاد میں ھونا : ہر اک جلوے کی تیرے یاد میں ہے
دعا میں ھونا : دعا میں ھیں تری دل کو لگائے
کیفیت دکھلانا : تو کیفیت بہار باغ دکھلائے

دو جگھوں پر الفاظ کی جمعیں نرح طریقہ سے بنائی گئی ھیں اور باجے کی جمع « باجن » لکھی گئی ہے جو اُردو کے لئے ایک نئی بات ہے۔ چونکہ اس نظم کا معاشرتی دائرہ بہت وسیع ہے اس لئے اس میں اہل پیشہ اہل حرفہ کے علاوہ مختلف کھیلوں اور بازیوں سے دلچسپی رکھنے والونکی اصطلاحیں آئی ھیں۔ اُسکی زبان اسکی ساخت، لفظیات، لفظی ھیئتیں اور نحوی ترکیبیں اپنے مطالعہ کے لحاظ سے خود ایک مستقل موضوع ھیں۔

اقبال اور بمبئی

ڈاکٹر عبدالستار دلوی

شہر بمبئی کو ہندوستان کے دیگر شہروں کے مقابلہ میں گذشتہ تقریباً دوسو سال سے ایک امتیاری حیثیت حاصل رہی ہے — ابتداء اس کی اس اہمیت کی وجہ اسکا جغرافیائی محل وقوع تھا جسے بعد میں اسکی صنعتی اور تجارتی حیثیت نے اور جلا دی — اسے ہندوستان کا دروازہ بھی کہا گیا کہ اسی کے راستہ سے ہندوستان نے اپنے تعلقات کو بیرونی ممالک کے ساتھ وسعت دی — امپریل گزٹیر کی صراحت کے مطابق « اپنے قدرتی حسن اور مناظر اور تجارتی فوائد اور اہمیت کی وجہ سے مشرق کا کوئی بھی شہر اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا — » اُنیسویں صدی کی ابتدا ہی سے اسے تعلیمی اور تہذیبی حیثیت بھی حاصل ہوگئی — ہندوستان میں انگریزی تعلیم کا سورج بھی یہیں طلوع ہوا اور اسی کی شعاعوں کی ضیا باریوں سے ہندوستان کا قریہ قریہ جگمگا اُٹھا ، انگریزی تعلیم کے ساتھ ایک نئے ذہن کی پرورش و پرداخت شروع ہوئی اور ایک نیا ہندوستانی ذہن بنا جس نے نئے علوم کی مدد سے اپنے اندر خوداعتمادی پیدا کی اور اپنے آپ کو جہانبانی کے لیے تیار کرلیا —

بمبئی کی علمی اور تہذیبی حیثیت سے اُردو کے دانشور ، ادیب اور شاعر ابتدا ہی سے متاثر رہے ہیں ، چنانچہ مولانا محمد حسین آزاد فارسی زبان کے علمی مطالعہ کے لئے ژند اور اوستا و پہلوی کے علمی خزانوں کی تلاش میں یہیں پارسیوں کے مذہبی پیشواؤں سے ملے اور سخندان فارس کی بلند علمی عمارت تعمیر کی — شیفتہ بھی یہاں کی تہذیبی زندگی اور رہن سہن سے متاثر ہوئے — شیفتہ سنہ ۱۸۳۸ ء میں حجاز جاتے ہوئے بمبئی تشریف لائے تھے — اپنے سفر بمبئی کے بارے میں وہ لکھتے ہیں :—

« ۱۳ ربیع الثانی سنہ ۱۲۵۴ھ (مطابق ۷ مئی سنہ ۱۸۳۸ء) کو گھر بندر (گھوڑ بندر) قیام کیا اور ۱۴ ربیع الثانی کی دوپہر کے وقت مہائم پہنچے — بمبئی ماہم سے تین کوس ہے — مہائم کو ، اب بمبئی کہتے ہیں — فقیہہ علی مصنف تفسیر رحمانی کا مزار یہاں پر ہے — یہ بزرگ مولانا عبدالرحمان جامی کے ہمعصر تھے —

میں تمام سامان مہائم چھوڑکر بمبئی چلا گیا اور ایک دن ایک رات کے بعد ۱۵ ربیع الثانی کو شام کے وقت واپس آیا — چونکہ قلعہ و شہر کے مکانات کا صحن

عنقا ہے اور میں وسعت صحن کا خوگر ہوں اسلئے کھیت باڑی میں جو کہ بیرون شہر اور متصل شہر بھی ایک دلکشا باغ اور مصفا و منقش مکان منتخب کر لیا گیا۔ تین روز ترتیب مکان کے انتظار میں مہائم میں ٹھہرنا ہوا۔ مہائم سے بمبئی تک اگرچہ دوکان اور بازار فروخندہ و خریدار نہیں، لیکن محلات دلپذیر اور باغات خوش انداز و خوشنما جلوہ گر ہیں۔

شہر بمبئی کے کیا کہنے۔ اس کے بازار کشادہ ہیں، ہر جنس کی فراوانی ہے، ہمہ اقسام کی اشیاء بکثرت دستیاب ہیں۔ اگر بمبئی کی تمام خصوصیات کا ذکر مفصل ہو تو کہنے والا بدحواس ہوجائے اور سننے والا تھک جائے۔ بہتر ہے کہ اس کا جامع و مانع وصف بیان کیا جائے اور یہ کہ سوائے اس کے کہ یہاں کی آب و ہوا اچھی نہیں ہے۔ باقی ہر خوبی موجود ہے :-

جز این قدر نتوان گفت در جمال تو عیب
کہ حال مہر و وفا نیست روی زیبا را

سر سید ۸ اپریل تا ۱۰ اپریل سنہ ۱۸۶۹ء میں بمبئی میں مقیم رہے۔ بمبئی میں اس زمانہ میں بائکلہ سٹیشن کو وہی اہمیت حاصل تھی جو اب بوری بندر کو حاصل ہے۔ بائکلہ پر قریب کے علاقہ میں پالن جی کے ہوٹل میں سرسید اپنے دونوں صاحبزادوں سید حامد اور سید محمود کے ساتھ ٹھہرے۔ وہ پالن جی ہوٹل کی آراستگی اور اس کے انتظامات اور سہولتوں سے بہت متاثر ہوئے اور یہاں کی ترقی یافتہ زندگی اور سامان آسائش دیکھ کر دم بخود رہ گئے۔ انہوں نے بھنڈی بازار کے علاقہ میں ایک کتب فروش کی دوکان پر [1] ایک صاحب مرزا اشرف علی سے بھی ملاقات کی اور اسی سے قریب «نواب کی مسجد» شافعی مصلّے پر مغرب کی نماز بھی ادا کی۔ یہاں کے سمندر کی سیر کی، یہاں کے گلی کوچے اور بازار دیکھے اور جامع مسجد کے فن تعمیر پر سر دھنتے رہے۔ سرسید نے میمن اور پارسی برادریوں کا بطور خاص ذکر کیا ہے جو اپنے تمول کی وجہ سے شہرت رکھتے تھے۔ یہاں کے رہن سہن، تجارتی عظمت و بڑائی اور طرح طرح کی سواریاں مثلاً پالکی گاڑی (وکٹوریا گاڑی) اور منی بس گاڑیوں کا بہت حیرت اور استعجاب کے ساتھ تذکرہ کیا ہے۔ پارسیوں کی تعریف کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی لڑکیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرتے ہیں۔ انہوں نے البتہ پارسی لڑکیوں کے انگریزی تعلیم حاصل کرنے کو پسند نہیں کیا۔ سر سید کا خیال تھا کہ اپنی زبان کی تعلیم چھوڑ کر انگریزی کی تعلیم ضروری نہیں بقول سر سید «بمبئی نہایت عمدہ اور نفیس شہر ہے، نہایت بڑی تجارت گاہ

1 غالباً سلطان بک ڈپو

ہے ، کوئی بات بھی اس شہر میں ہندوستانی شہر کی نہیں ہے، بالکل ایک انگریزی شہر معلوم ہوتا ہے۔ تصویروں میں جو انگریزی شہروں اور بازاروں کے نقشے دیکھے ہیں ہو بہو اسی وضع اور اسی قطع کا شہر ہے ۔[1] سر سید جب سنہ ۱۸۶۹ ء میں عازم لندن ہوئے تو دو روز وہ بمبئی میں مقیم رہے ۔ وہ اس شہر سے اسقدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے اپنے سفر نامہ میں کئی صفحات بمبئی کی تعریف اور اس کی علمی اور مجلسی زندگی کے بارے میں تحریر کئے ہیں ۔ سنہ ۱۹۱۰ ء تک جن اُردو کے ادیبوں اور شاعروں نے بمبئی کے دوق علمی کی داد دی اور جنہوں نے یہاں کی تہذیبی زندگی کو پسندیدگی کی نظروں سے دیکھا ان میں ڈپٹی نذیر احمد، شبلی اور اقبال کے نام بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ شبلی اور اقبال کا تعلق بالواسطہ یا بلا واسطہ عروس البلاد سے ذہنی، علمی اور جذباتی بھی تھا ۔ شبلی اور اقبال کی شاعری کے ابتدائی عوامل بمبئی کی علم پروری اور دوست نوازی کے مرہون منت بھی ہیں۔ شبلی اور عطیہ بیگم کے دوستانہ مراسم نے ایک جذباتی حیثیت بھی اختیار کی تھی جسے ان کی حیات معاشقہ سے بھی تعبیر کیا گیا ۔ عطیہ بیگم کی وجہ سے جن کا تعلق بمبئی اور نواح بمبئی (جنجرہ) سے تھا اقبال کا بھی بمبئی سے جذباتی رشتہ پیدا ہوگیا تھا، اگرچہ اس رشتہ کی بنا لندن اور کیمبرج کی علم پرور فضاؤں میں پڑی ۔

اقبال اُردو کے ممتاز عالمی شاعر ہیں ۔ انہوں نے اپنی تعلیمی زندگی لاہور میں مکمل کرنے کے باوجود علمی تشنگی محسوس کی اور یورپ کی دانشگاہوں میں نئے ساقی اور نئے پیمانوں کی تلاش میں یورپ کا ارادہ کیا تو سر سید کی طرح انہیں بھی بمبئی میں چند دنوں کے قیام کا موقع ملا ۔ اقبال ۴ ستمبر سنہ ۱۹۰۵ ء کو بمبئی تشریف لائے ۔ انہوں نے اپنے قیام بمبئی کے حالات اور واقعات کو اپنے ایک خط میں بیان کیا ہے جو انہوں نے مولوی انشاءاللہ خان[2] کے نام تحریر کیا ہے ۔[3]

---

1 سر سید احمد خان ا مسافران لندن

2 مولوی انشاءاللہ خان اقبال کے قریبی دوستوں میں سے تھے ۔ وہ امرتسر کے وکیل نامی اخبار کے ایڈیٹر تھے، بعد میں انہوں نے لاہور سے ہفت روزہ « وطن » نکالا ۔ بقول فقیر وحیدالدین « اخبار وطن » کے ایڈیٹر مولوی انشاءاللہ خان ڈاکٹر صاحب کے ہاں اکثر آیا جایا کرتے تھے ۔ ان دنوں ڈاکٹر صاحب انارکلی میں رہتے تھے ۔ انارکلی میں کشمیری طوائفیں بھی رہتی تھیں۔ میونسپلٹی نے ان کے لئے دوسری جگہ تجویز کی۔ چنانچہ انہیں وہاں سے اُٹھوا دیا گیا ۔ اس زمانہ میں مولوی انشاءاللہ خان کئی مرتبہ ڈاکٹر صاحب سے ملنے گئے، لیکن ہر مرتبہ یہی معلوم ہوا کہ ڈاکٹر صاحب باہر گئے

[باقی صفحہ ۶۹ پر]

«۳ ستمبر کی صبح کو میر نیرنگ اور شیخ محمد اکرام اور باقی دوستوں سے دھلی میں رخصت ہو کر بمبئی کو روانہ ہوا اور ۶ کو خدا خدا کر کے اپنے سفر کی پہلی منزل میں پہنچا - ریلوے اسٹیشن پر تمام ہوٹلوں کے ٹکٹ ملتے ہیں- مگر میں نے ٹامس کک کی ھدایت سے انگلش ہوٹل میں قیام کیا اور تجربہ سے معلوم کیا کہ یہ ہوٹل ہندوستانی طلبا کے لئے جو ولایت جارہے ہوں نہایت موزوں ہے- ریلوے اسٹیشن یہاں سے قریب ہے، گھاٹ یہاں سے قریب ہیں، ٹامس کک کا دفتر یہاں سے قریب، غرض ھر قسم کا آرام ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ شہر کے باقی تمام ہوٹلوں کی نسبت ارزاں ہے- صرف تین روپیہ یومیہ اور ہر قسم کا آرام حاصل کرلو- یہاں کا منتظم ایک پارسی پیر مرد ہے- جس کی شکل سے اس قدر تقدس ظاھر ہوتا ہے کہ دیکھنے والے کو ایران کے پرانے خشور (نبی) یاد آجاتے ہیں- دکانداری نے اس کو ایسا عجز سکھا دیا ہے کہ ھمارے بعض علما میں باوجود عبادت اور مرشد کامل کی صحبت میں بیٹھنے کے بھی ویسا انکسار پیدا نہیں ہوتا- کارلائل نے کیا خوب کہا ہے کہ:

«محنت ھی بہت بڑی عبادت ہے-»

میرے دل پر اس پیر مرد کی صورت کچھ ایسا اثر کرتی تھی کہ بعض اوقات اسے دیکھ کر میری آنکھیں پرنم ہو جاتی تھیں- لیکن جب اس کی وقعت میرے دل میں اندازہ سے زیادہ ہوگئی تو ایک عجیب واقعہ پیش آیا جس کا بیان بعض وجوہ سے ضروری ہے- میں ایک شام نیچے کی منزل میں کرسی پر بیٹھا تھا کہ پارسی پیر مرد کمرے سے باھر نکلا- اس کی بغل میں شراب کی ایک بوتل تھی- جب اس نے مجھے بیٹھے ہوئے دیکھا تو اس کو چھپانے کی کوشش کی اور میں نے دور سے تاڑ کر آواز دی کہ سیٹھ صاحب ہم سے کیوں چھپاتے ہو، خوشی سے اس کا شوق کرو- ذرا مسکرایا اور کچھ پئے ہوئے بھی تھا بولا:

[صفحہ نمبر ۶۸ سے]
ہوئے ہیں- اتفاق سے جو ایک دن گئے تو ڈاکٹر صاحب گھر پر موجود تھے- مولوی صاحب نے کہا، ڈاکٹر صاحب طوائفیں انارکلی سے اٹھوا دی گئی ہیں، آپ کا دل بھی یہاں نہیں لگتا- ڈاکٹر صاحب نے جواب دیا «مولوی صاحب آخر وہ بھی تو «وطن کی بہنیں ہیں» (بحوالہ روزگار فقیر- جلد اول از فقیر وحیدالدین)

3 یہ خط خطوط اقبال از رفیع‌الدین ہاشمی میں شامل ہے- یہ خط بقول رفیع‌الدین ہاشمی شاید لوگوں کی دلچسپی کی خاطر اخبار میں شائع کرنے کی غرض سے لکھے گئے تھے، اور ہفت روزہ «وطن» میں شائع ہوئے (ملاحظہ ہو خطوط اقبال مرتبہ رفیع الدین ہاشمی ص ۷۶)

«سراب شوک پینے سے سبھی گم دور ہوجائے ۔»

میں نے اس کو کہا وارے نڈھے خدا تیری عمر دراز کرے اور تیری پرانی شاخ سے بہت سا میوۂ نورس پیدا ہوکر بمبئی کھیت باڑی میں نکتا پھرے ۔۔

اس ہوٹل میں ایک یونانی بھی آکر مقیم ہوا ۔ جو ٹوٹی پھوٹی سی انگریزی بولتا تھا ۔ میں نے ایک روز اس سے پوچھا تم کہاں سے آئے ہو؟ بولا چین سے آیا ہوں ، اب ٹرانسوال جاؤں گا ۔ میں نے پوچھا چین میں تم کیا کام کرتے تھے؟ کہنے لگا سوداگری کرتا تھا لیکن چینی لوگ ہماری چیزیں نہیں خریدتے ۔ میں نے سن کر دل میں کہا ہم ہندیوں سے تو یہ ایمی ہی عقلمند نکلے کہ اپنے ملک کی صنعت کا خیال رکھتے ہیں ۔ شاباش ایمیو ، شاباش ! نیند سے بیدار ہوجاؤ ۔ ابھی تم آنکھیں ہی مل رہے ہو کہ اس سے دیگر قوموں کو اپنی اپنی فکر پڑگئی ہے ۔ ہاں ہم ہندوستانیوں سے یہ توقع نہ رکھنا کہ ایشیا کی تجارتی عظمت کو از سر نو قائم کرنے میں تمہاری مدد کر سکیں گے ۔ ہم متفق ہوکر کام کرنا نہیں جانتے ۔ ہمارے ملک میں محبت اوز مروت کی بو باقی نہیں رہی ۔ ہم اس کو پکّا مسلمان سمجھتے ہیں جو ہندوؤں کے خون کا پیاسا ہو اور اس کو پکا ہندو خیال کرتے ہیں جو مسلمان کی جان کا دشمن ہو ۔ [1] ہم کتاب کے کیڑے ہیں اور مغربی دماغوں کے خیالات ہماری خوراک ہیں ۔ کاش خلیج بنگال کی موجیں ہمیں غرق کرڈالیں ! مولوی صاحب ، میں بے اختیار ہوں ۔ لکھنے تھے سفر کے حالات اور بیٹھ گیا ہوں وعظ کرنے ۔ کیا کروں ! اس سوال کے متعلق تاثرات کا ہجوم میرے دل میں اس قدر ہے کہ بسا اوقات مجھے مجنوں سا کر دیا اور کر رہا ہے ۔

اقبال آگے چل کر لکھتے ہیں :

«ایک شب میں کھانے کے کمرے میں تھا کہ دو جنٹلمین میرے سامنے آبیٹھے ۔ شکل سے معلوم ہوتا تھا کہ یوروپین ہیں ۔ فرانسیسی میں باتیں کرتے تھے ۔ آخر جب کھانا کھاکر اٹھے تو ایک نے کرسی کے نیچے سے اپنی ترکی ٹوپی نکال کر پہنی ۔ جس سے مجھے یہ معلوم ہوا کہ یہ کوئی ترک ہے ۔ میری طبیعت بہت خوش ہوئی ۔ اور مجھے یہ فکر پیدا ہوئی کہ کسی طرح ان سے ملاقات ہو ۔ دوسرے روز میں نے خواہ مخواہ باتیں شروع کیں ۔ یورپ کی اکثر زبانیں سوائے انگریزی کے جانتا تھا ۔ میں نے پوچھا فارسی جانتے ہو ۔ بولا بہت کم ۔ پھر میں نے اس سے فارسی میں

---

1 اقبال کو ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان اس افتراق کا بے حد غم تھا ، اس کے اشارے ان کے کلام میں بھی پائے جاتے ہیں ، اس سے ان کے قوم پرست ذہن کا بھی اندازہ ہوتا ہے ۔

گفتگو شروع کی ، لیکن وہ نہ سمجھتا تھا ۔ آخر بمجبوری ٹوٹی پھوٹی عربی میں اس سے باتیں کیں ۔ یہ نوجوان ترک ، ینگ ٹرک پارٹی سے تعلق رکھتا ہے اور سلطان عبدالحمید کا سخت مخالف ہے۔ باتوں باتوں میں معلوم ہوا کہ وہ شاعر بھی ہے۔ میں نے درخواست کی کہ اپنے شعر سناؤ۔ کہنے لگا میں کمال بے (ترکی کا سب سے بڑا مشہور زندہ شاعر) کا شاگرد ہوں اور اکثر پولیٹیکل معاملات پر لکھا کرتا ہوں۔ کمال بے کے جو اشعار اس نے سنائے سب کے سب نہایت عمدہ تھے ۔ لیکن جو شعر اپنے سنائے وہ سب کے سب سلطان کی ہجو میں تھے ان میں سے ایک شعر یہاں درج کرتا ہوں ـــ

ظلم و جورن تو سفوح پر ملتے محو ایلیور
آدمیت ملک و ملّت دشمن عبدالحمید

یعنی کبیر ظلم و جور نے تمام قوم کو مٹا دیا ہے۔ عبدالحمید آدمیت اور ملک و قوم سب کا دشمن ہے ۔

اس مضمون پر اس سے بہت گفتگو ہوئی اور میں نے اسے بتایا کہ ینگ پارٹی کو انگلستان کی تاریخ سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ کیوں کہ جس طریق سے رعایا انگلستان نے بتدریج اپنے بادشاہوں سے پولیٹیکل حقوق حاصل کئے ہیں وہ طریق سب سے عمدہ ہے ۔ بڑے بڑے عظیم الشان انقلابوں کا بغیر کشت و خون کے ہوجانا یہ کچھ انگلستان ہی کا حصہ ہے۔ ایک روز سرشام میں اور یہ ترک جنٹلمین بمبئی کا اسلامیہ مدرسہ دیکھنے چلے گئے۔ وہاں اسکول کی گراونڈ میں مسلمان طلبا کرکٹ کھیل رہے تھے ۔ ہم نے ان سے ایک کو بلایا اور اسکول کے متعلق بہت سی باتیں اس سے دریافت کیں۔ میں نے اس طالب علم سے پوچھا کہ انجمن اس اسکول کو کالج کیوں نہیں بنا دیتی، کیا فنڈ نہیں ہے یا اور کوئی وجہ ہے۔ اس نے جواب دیا کہ فنڈ تو موجود ہے اور اگر ضرورت ہو تو ایک آن میں موجود ہوسکتا ہے۔ کیونکہ خدا کے فضل سے یہاں بڑے بڑے متمول مسلمان سوداگر موجود ہیں ۔ مگر مشکل یہ ہے کہ مسلمان طلبا پڑھنے کے لئے نہیں آتے ہیں، اس کے علاوہ اور اچھے اچھے کالج بمبئی میں موجود ہیں [1] اور جیسی تعلیم ان میں ہوتی ہے ویسی سر دست ہم یہاں

1 الفنسٹن کالج بمبئی ہی نہیں بلکہ ہندوستان کا قدیم ترین کالج ہے (۱۸۵۸ء) اپنے تعلیمی معیار کے لئے اس کی شہرت دور دور تک پھیلی ہوئی ہے ۔ اسی طرح ولسن کالج اور سینٹ زیویرس کالج بھی بمبئی کے قدیم کالجوں میں سے ہیں اور اپنے تعلیمی معیار کے لئے شہرت رکھتے ہیں ۔ اسماعیل یوسف کالج جو بنیادی طور سے مسلمانوں کی تعلیمی ضروریات کے پیش نظر قائم کیا گیا سنہ ۱۹۳۰ء کی یادگار ہے ۔

دے بھی نہیں سکتے – یہ جواب سن کر میں بہت خوش ہوا – میرا خیال تھا کہ بمبئی جیسے شہر میں مسلمانوں کا کالج ضرور ہوگا کیوں کہ یہاں کے مسلمان تمول میں کسی اور قوم سے پیچھے نہیں ہیں لیکن یہاں آکر معلوم ہوا کہ تمول کے ساتھ ان میں عقل بھی ہے – ہم پنجابیوں کی طرح احمق نہیں ہیں – ہر چیز کو تجارتی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور نفع و نقصان پر ہر پہلو سے غور کرلیتے ہیں –

غرض کہ بمبئی (خدا اسے آباد رکھے) عجب شہر ہے – بازار کشادہ، ہر طرف پختہ سربفلک عمارتیں ہیں کہ دیکھنے والے کی نگاہ ان سے خیرہ ہوتی ہے – بازاروں میں گاڑیوں کی آمد و رفت اس قدر ہے کہ پیدل چلنا محال ہوجاتا ہے – یہاں ہر چیز مل سکتی ہے – یورپ، امریکہ کے کارخانوں کی کوئی چیز طلب کرو فوراً ملے گی – ہاں البتہ ایک چیز ایسی ہے جو اس شہر میں نہیں مل سکتی – یعنی فراغت –

